


رہنمائے اساتذہ

میری پہچان اُردو

ابتدائی ۲

چار سال کے بچوں کے لیے





ایکولائن

میری پہچان اُردو (ابتدائی 2)

سالانہ منصوبہ بندی

ٹرم	کُل تدریسی ایام	کُل ہفتے	ایام فی ہفتہ
3	150	30	5

نوٹ: یہ سالانہ منصوبہ بندی "میری پہچان اُردو (ابتدائی 2) کی تدریس کا احاطہ کرتی ہے۔ یہ منصوبہ بندی کرتے ہوئے امتحانات کے ایام کو تدریسی ایام میں شامل نہیں کیا گیا۔ 150 ایام صرف تدریس کے لیے مختص ہیں۔ اساتذہ کرام بوقتِ ضرورت اپنے اسکول کے اوقات کار کی مناسبت سے اس منصوبہ بندی ترامیم واضافہ کرنے کا حق رکھتے ہیں۔

پہلی ٹرم		کُل ہفتے: 10	
پہلا ہفتہ	تعارف (3 دن) ، لکھنے کی تیاری (2 دن)	چھٹا ہفتہ	"ٹ" (4 دن) ، "ث" (1 دن)
دوسرا ہفتہ	"ا" (4 دن) ، "آ" (1 دن)	ساتواں ہفتہ	"ث" (3 دن)، "ا" تا "ث" اعادہ (1 دن)، "ج" (1 دن)
تیسرا ہفتہ	"آ" (3 دن) ، "ب" (2 دن)	آٹھواں ہفتہ	"ج" (3 دن) ، "چ" (2 دن)
چوتھا ہفتہ	"ب" (2 دن) ، "پ" (3 دن)	نواں ہفتہ	"چ" (2 دن)، "ح" (3 دن)
پانچواں ہفتہ	"پ" (1 دن)، "ت" (4 دن)	دسواں ہفتہ	"خ" (4 دن) ، "ا" تا "خ" اعادہ (1 دن)

دوسری ٹرم		کُل ہفتے: 12	
پہلا ہفتہ	"د" (3دن)،"ڈ" (2دن)	ساتواں ہفتہ	"ط" (3دن)،"ظ" (2دن)
دوسرا ہفتہ	"ڈ"(1دن) ،"ذ"(3دن) ،"ا"تا"ذ"اعادہ(1دن)	آٹھواں ہفتہ	"ع"(2دن) ،"غ" (2دن)،"ف"(1دن)
تیسرا ہفتہ	"ر"(3دن) ،"ڑ" (2دن)	نواں ہفتہ	"ف" (1دن)،"ق"(2دن)،"ک"(2دن)
چوتھا ہفتہ	"ر" (2دن)،"ڑ"(1دن) ،"ا"تا"ڑ"اعادہ(2دن)	دسواں ہفتہ	"گ"(2دن)،"ل"(2دن)، "ا"تا"ل"اعادہ(1دن)
پانچواں ہفتہ	"س" (3دن) ،"ش" (2دن)	گیارھواں ہفتہ	"م" (2دن)،"ن"(2دن)،"و"(1دن)
چھٹا ہفتہ	"ص" (2دن)،"ض"(2دن) ،"ا"تا"ض"اعادہ(1دن)	بارھواں ہفتہ	"ہ" (2دن)،"ی ے"(2دن)"ا"تا"ی ے"اعادہ(1دن)

تیسری ٹرم		کُل ہفتے: 8	
پہلا ہفتہ	"بھ، پھ، تھ" (5 دن)	پانچواں ہفتہ	حروف کا "و" سے ملنا (ارکان سازی اور الفاظ سازی) (5 دن)
دوسرا ہفتہ	"ٹھ، جھ، چھ، دھ" (5 دن)	چھٹا ہفتہ	حروف کا "ی" سے ملنا (ارکان سازی اور الفاظ سازی) (5 دن)
تیسرا ہفتہ	"ڈھ، کھ، گھ" (4 دن)، "بھ" تا "گھ" اعادہ (1 دن)	ساتواں ہفتہ	حروف کا "ے" سے ملنا (ارکان سازی اور الفاظ سازی) (5 دن)
چوتھا ہفتہ	حروف کا "ا" سے ملنا (ارکان سازی اور الفاظ سازی) (5 دن)	آٹھواں ہفتہ	مکمل قاعدے کا اعادہ (5 دن)

اساتذہ کرام کے لیے چند عمومی ہدایات

ایکولین پبلشر کا "میری پہچان اُردُو سلسلہ" پاکستانی بچوں کو اُردُو سے محبت کرنے اور زبان بہترین انداز میں سیکھنے کی بنیاد فراہم کرتا ہے۔ یہ رہنمائے اساتذہ نرسری جماعت کے لیے مرتب کی گئی ہے۔ اس میں "میری پہچان اُردو ابتدائی 2 (درسی قاعدہ)" کے ساتھ "میری پہچان اُردو ابتدائی 2 (عملی قاعدہ)" کی تدریس شامل ہے۔ ایکولائن پبلشرز کی جانب سے دیے گئے فلیش کارڈز کو بھی منصوبہ بندی کا حصہ بنایا گیا ہے۔

کسی بھی زبان کو مؤثر انداز سے سِکھانے کے لیے اس کے بولنے میں زبان کی چار مہارتوں (سُننا، بولنا، پڑھنا، لکھنا) بہت اہمیت رکھتی ہیں۔ زیرِ نظر رہنمائے اساتذہ میں زبان کی چاروں مہارتوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔

سُننا، بولنا:

- اس عمر کے بچوں کے لیے سُننا، بولنا کی مہارت بہت اہمیت رکھتی ہیں۔ اس لیے تدریسی منصوبہ بندی میں گفت وشنید کے موضوعات اور سوالات شامل کیے گئے ہیں۔ کوشش کیجیے کہ تمام بچے گفتگو میں حصہ لیں۔
- ایسے بچے جو بات چیت کرنے میں جھجک محسوس کرتے ہوں، انھیں گفتگو کا زیادہ سے زیادہ موقع دیجیے۔
- جماعت میں ایک اسپیکر رکھ لیجیے کیونکہ سی ڈی کے ذریعے سے بچوں کو حروف کی نظمیں سُنوانے اور انھیں ساتھ ساتھ دُہرانے کی مشق بھی تدریسی منصوبہ بندی کا حصہ ہے۔

پڑھنا:

- بچوں کو حرف پر انگلی رکھ کر پڑھوایئے۔ پڑھواتے وقت حرف کا نام اور پھر آواز ادا کروایئے۔
- بچوں کو اس قابل بنایئے کہ وہ لکھا ہوا حرف پڑھ سکیں اور کسی لفظ میں اس کی چھوٹی شکل کی بھی شناخت کر سکیں۔ یاد رکھیے! ابھی بچے الفاظ نہیں پڑھ سکتے، اس لیے انھیں لفظ پڑھوانے کی بجائے، اس میں موجود حرف کی چھوٹی شکل کی شناخت کروایئے۔ چھوٹی شکل کی پہچان کے لیے الفاظ کے فلیش کارڈز تدریسی منصوبہ بندی کے ساتھ دیے گئے ہیں۔ ان کا پرنٹ لے کر کسی چارٹ پر چسپاں کر لیجیے اور کارڈز بنا کر تدریس کے لیے استعمال کیجیے۔

لکھنا:

- اس عمر کے بچوں کے لیے درست پنسل پکڑنے اور دباؤ سے لکھنے کی مشق بہت ضروری ہے۔ اکثر بچے اسی لیے حرف درست بناوٹ سے نہیں لکھ پاتے کیونکہ پنسل پر ان کی گرفت ٹھیک نہیں ہوتی۔ اس امر کو سامنے رکھتے ہوئے حرف لکھوانے سے پہلے، قبل از لکھائی کی متفرق سرگرمیوں کو اس رہنمائے اساتذہ کا حصہ بنایا گیا ہے۔ بچوں میں فائن موٹر کی مہارت (Fine Motor Skill) پروان چڑھانے کے لیے اس رہنمائے اساتذہ میں دی گئی تمام سرگرمیاں جماعت میں کروایئے۔
- پنسل پر گرفت مضبوط کروانے کے بعد بچوں کو حرف کی نقل (Tracing) اور پھر آزادانہ لکھائی کروایئے۔

نمونے کا صفحہ (درسی قاعدہ)

صفحے کا اچھی طرح جائزہ لیجیے۔ بغور پڑھیے اور حروف کی تدریس کا طریقہ سمجھیے۔




بچوں کے لیے

اساتذہ کے لیے

نمونے کا صفحہ (عملی قاعدہ)


ہر حرف کی مشق کے صفحات کا اچھی طرح جائزہ لیجیے۔ بغور پڑھیے اور ہر کام کی زبانی مشق کروانے کے بعد جوڑیوں یا گروپوں میں کام کروایئے۔

پہلا صفحہ



- رنگ بھرنا، دراصل لکھنے کی مہارت کا ہی حصہ ہے۔ بچوں کو خاکے کے اندر رہتے ہوئے خوب صورتی سے رنگ بھرنا سکھایئے۔
- بچوں سے چیزوں کے نام پوچھیے۔ پھر ان سے انگلی رکھ کر ان چیزوں کی نشان دہی کروایئے، جن کی شروع کی آواز /پ/ ہے۔ درست تصاویر کی شناخت کروانے کے بعد بچوں سے متعلقہ خاکوں میں رنگ بھروایئے۔


دوسرا صفحہ



- ایسی سرگرمیاں، جن میں پڑھنے اور لکھنے کا کام ایک ساتھ دیا گیا ہے، ان کے لیے پہلے حرف پڑھوائیے۔ پھر درست تصویر کا نام پوچھیے۔ زبانی مشق کروانے کے بعد تصویر کے نیچے نشان لگوائیے۔
- بورڈ پر نشان بنانا بھی سکھائیے۔

- راستا تلاش کرنے جیسی سرگرمیاں تختۂ تحریر، فرش یا کھیل کے میدان میں زمین پر بنا کر مشق کروائیے۔
- بعد ازاں عملی کتاب پر کام کروائیے۔

تیسرا صفحہ



- حرف پر تین سے چار بار کریون پھروائیے۔
- تختۂ تحریر پر بڑے سائز میں حرف لکھ کر دکھائیے۔
- چھوٹی شکل لکھنا سکھائیے۔
- حرف کے آغاز اور درست سمت کے لیے تیر کا نشان لگائیے اور بچوں کو اس نشان کے بارے میں سمجھائیے۔
- بورڈ پر مشق کروانے کے بعد قاعدے پر کام کروائیے۔

- نقل کے بعد بچوں کو خود حرف لکھنے دیجیے۔

- مؤثر تدریس کے لیے منصوبہ بندی پڑھ کر ایک ہفتے کے تدریسی معاونات پہلے سے تیار کر لیجیے۔
- چونکہ ہر جماعت کے ماحول اور طلبہ کی ذہنی استعداد میں فرق ہوتا ہے، اس لیے یہ منصوبہ بندی حتمی نہیں ہے۔ اساتذہ کرام اپنی سہولت اور وسائل کے مطابق منصوبہ بندی میں ترمیم و اضافہ کرنے کا حق رکھتے ہیں۔
- اس رہنمائے اساتذہ کو بہتر بنانے کے لیے اپنی تجاویز اور آرا ہمیں ارسال کیجیے۔

پہلی ٹرم (پہلا ہفتہ)

تعارف اور لکھنے کی تیاری

کُل دن: 5 پیریڈ: 40 منٹ	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ▪ دو سے تین جملوں میں اپنا تعارف کروا سکیں۔ ▪ اسکول کے بارے میں دو جملے بول سکیں۔ ▪ عمودی، اُفقی، آڑھی ترچھی، دائروی اور نیم دائروی لکیروں پر پنسل پھیر سکیں۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: چارٹ، تصویری فلیش کارڈ (چھٹکو میاں)، ڈسپوزیبل پلیٹیں اور مختلف رنگ، گم اسٹیک اور قینچی
- دوسرے دن کے لیے: جماعت کی مختلف تصویریں
- تیسرے دن کے لیے: بچوں کی پاسپورٹ سائز تصاویر، انٹرنیٹ، چارٹ، کریپ پیپر، گوند میری پہچان اردو قاعدہ، میری پہچان اردو عملی قاعدہ (ابتدائی 2)
- چوتھے دن کے لیے: اُونی گولے، کلپ (Clip)، رنگین بٹن، سادہ کاغذ، گوند، ورک شیٹ، میری پہچان اردو عملی قاعدہ (ابتدائی 2)
- پانچویں دن کے لیے: ریت کی ٹرے میری پہچان اُردو عملی قاعدہ (ابتدائی 2) ڈسپوزیبل ڈبے یا پلیٹیں، ٹوتھ پک، بیڈز (Beads)

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- مشاہدہ کرنا
- یاد میں لانا
- سُن کر سمجھنا
- ردِ عمل کا اظہار کرنا

کہانی:

چُھٹکو میاں کا اسکول میں پہلا دن

(تصویری فلیش کارڈ کا پرنٹ لے کر بچوں کو دکھایئے اور پھر کہانی سنایئے۔)

بچو! چھٹکو میاں ایک چھوٹا سا چوہا تھا۔ اس کا اسکول میں پہلا دن تھا۔ وہ تھوڑا ڈرا ہوا تھا۔ اس کے ابو جان نے اسے اسکول کے گیٹ پر اُتارا تو وہ رونے لگا۔ اسے گھر واپس جانا تھا۔ ابو جان نے اسے پیار سے گلے لگایا اور کہا، چھٹکو! ڈرو مت! اسکول میں تمھارے جیسے بہت سے بچے ہیں۔ اسکول میں سب اچھی اچھی باتیں سیکھتے ہیں اور نئے نئے دوست بناتے ہیں۔ پھر مجھے گھر آ کر بتانا کہ اسکول میں تمھارا پہلا دن کیسا رہا۔ چھٹکو میاں نے ہمت کی اور اسکول کے اندر چلے گئے۔ اندر جا کر دیکھا تو بہت سارے بچے وردی پہنے ہوئے تھے۔ ایک اُستانی آئیں اور چھٹکو کو اندر جماعت میں لے گئیں اور اسے دوسرے بچوں کے ساتھ بٹھا دیا۔ اُستانی جی نے بتایا کہ یہ ان کا کمرا ہے، جہاں وہ روز بیٹھیں گے۔ مزے مزے کی کہانیاں سُنیں گے اور اچھی اچھی باتیں سیکھنے میں ایک دوسرے کی مدد بھی کریں گے۔ چھٹکو یہ دیکھ کر بہت حیران ہوا کہ جماعت تو بالکل اس کے کمرے جیسی تھی۔ ایک میز پر بہت سے کھلونے اور بلاکس رکھے تھے۔ ایسے تو چھٹکو کے پاس بھی تھے۔ دیواریں رنگ رنگ کے کاغذوں سے سجی تھیں۔ ان پر کچھ لکھا بھی تھا لیکن چھٹکو کو پڑھنا نہیں آتا تھا۔ اُستانی جی نے انھیں بِسمِ اللہ سکھائی اور ان کے ساتھ ساتھ پڑھی۔ چھٹکو کی طرح ایک اور بچہ بہت اُداس تھا۔ اس کا نام منٹو تھا۔ اُستانی جی نے اسے پاس بُلایا اور پیار سے اپنے پاس بٹھا لیا۔ پھر پوچھا، کون منٹو کا دوست بنے گا؟ کوئی بھی ایسے اُداس اور روتے ہوئے بچے کا دوست نہیں بننا چاہتا تھا۔ اچانک چُھٹکو بولا، میں اس کا دوست بننا چاہتا ہوں۔ اُستانی جی نے دونوں کو ہاتھ ملانے کا کہا اور ایک ساتھ بٹھا دیا۔ چُھٹکو نیا دوست بنا کر بہت خوش تھا۔ منٹو کی اُداسی بھی غائب ہو گئی تھی۔ اس دن اُستانی جی نے انھیں بہت اچھی اچھی باتیں بتائیں۔ اسکول بھی دکھایا۔ چُھٹکو میاں کا خوف بالکل غائب ہو چُکا تھا۔ چھُٹی ہوتے ہی وہ خوشی خوشی باہر بھاگا۔ وہ اپنے امی اور ابو کو اسکول اور اپنے نئے دوست کے بارے میں بتانے کے لیے بہت پُرجوش تھا۔

پہلا دن: ذاتی تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- اسکول کا پہلا دن اکثر بچوں کو اُداس کرتا ہے۔ اس لیے ان سے اسکول آنے سے پہلے کی تیاری کے بارے میں چھوٹے چھوٹے سوالات پوچھیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے۔ انھیں بتائیے کہ آج آپ چھٹکو میاں کی کہانی سنیں گے، جسے اسکول جانے سے بہت ڈر لگتا تھا۔
- کہانی "چھٹکو میاں کا اسکول میں پہلا دن" آواز کے اُتار چڑھاؤ، چہرے کے تاثرات اور ہاتھوں کے اشاروں سے سُنائیے۔ درمیان میں بچوں سے چھوٹے چھوٹے سوالات بھی کیجیے تاکہ بچوں کی توجہ مرکوز رہنے کے ساتھ ساتھ کہانی میں تجسس کا عنصر برقرار رہے۔

سوالات: (i) آپ کے خیال میں چُھٹکو اسکول جانے سے کیوں ڈر رہا تھا؟ (ii) آپ کو اسکول آتے ہوئے کیسا محسوس ہوا؟

(iii) کیا آپ بھی نئے دوست بنانا چاہتے ہیں؟

- کہانی سُنانے کے بعد بچوں کو اپنا نام بتائیے۔ اپنے بارے میں معلومات دیجیے۔ دراصل یہ تعارف دینے کا ایک نمونہ ہے۔ نام کے ساتھ اپنی عمر، پسند ناپسند اور کام کے بارے میں بتائیے۔ پھر باری باری تمام بچوں کے نام، پسند ناپسند پوچھیے۔ کوشش کیجیے کہ تمام بچے اس گفتگو میں شریک ہوں۔
- ایک چارٹ کے چار حصے کیجیے اور بچوں کو گروپ میں بٹھا کر ہر بچے کو چارٹ دیجیے۔ بچوں کو نمونہ دکھائیے اور انھیں چارٹ پر اپنی تصویر بنا کر اس کی سجاوٹ کرنے کی ہدایت دیجیے۔ سجاوٹ کے لیے بچوں کو پلیٹوں میں رنگ ڈال کر دیجیے۔ جہاں مدد اور رہنمائی کی ضرورت ہو، فراہم کیجیے۔



نمونہ

- ایک اپنا چارٹ بھی تیار کیجیے اور بعد ازاں چارٹ دکھاتے ہوئے اپنا تعارف کروائیے۔
- بچے اپنی تصویر بنا کر جماعت میں پیش کریں اور اپنا تعارف کروائیں۔ جیسے نام، عمر، پسند، ناپسند، جماعت وغیرہ کے بارے میں بتا سکتے ہیں۔ ہر بچہ دو سے تین جملوں میں اپنا تعارف کروائے۔ بچوں کی تصویر پر ان کا نام لکھ دیجیے اور انھیں یہ تصویر گھر لے جانے کی اجازت دیجیے۔
- آخر میں بچوں سے مختصراً پوچھیے کہ انھیں اسکول کیسا لگا اور آج کی کون سی بات سب سے اچھی لگی۔

دوسرا دن: اسکول اور جماعت کا تعارف

- دوسرے دن بچوں کو اسکول اور جماعت کا تعارف کروائیے۔ اس کے لیے بچوں کی قطار بنوائیے۔
- اگر بچوں کی تعداد زیادہ ہو تو دو قطاریں بھی بنوائی جا سکتی ہیں۔ بچوں سے کہیں کہ آج ہم ٹرین کا سفر کرنے والے ہیں۔
- بچوں کو بتائیے کہ تصور کیجیے آپ ریل گاڑی کے ڈبے ہیں۔ ڈبے ہمیشہ ایک ساتھ جُڑے رہتے ہیں۔ اس لیے آپ نے ایک دوسرے کو مضبوطی سے تھامے رکھنا ہے اور احتیاط سے چلنا ہے۔ خود بچوں کے آگے آگے چلیے کیونکہ انجن ڈبوں سے آگے ہوتا ہے۔
- بچوں سے پوچھیے کہ ریل گاڑی کی سیٹی کی آواز کیسی ہوتی ہے؟ جواب دیجیے۔ پھر کہیے کہ جب میں سیٹی بجاؤں تو تمام بچے قطار میں میرے پیچھے پیچھے چلیں۔ ریل گاڑی بنوا کر بچوں کو اسکول کا دورہ کروائیے اور انھیں اسکول میں جماعتیں، اسمبلی ہال، کینٹین، لائبریری، کھیل کا میدان، پرنسپل اور اسٹاف روم وغیرہ دکھائیے۔

مختلف مقامات پر کھڑے ہو کر بچوں کو وہاں جانے کے اُصول بتائیے۔

- کھیل کے میدان میں کھیلنے کے اُصول بتائیے۔
- میدان میں گندگی نہ پھیلائیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

- ہمیشہ مل جُل کر کھیلیے۔
- ایک دوسرے کو دھکا نہ دیجیے۔
- کوڑا ہمیشہ کوڑے دان میں ڈالیے۔

- انھیں بتائیے کہ کینٹین میں قطار بنائیے۔ اپنی باری کا انتظار کیجیے۔ پرنسپل کے دفتر اور اسٹاف روم میں اجازت لے کر داخل ہوئیے۔ بالکل اسی طرح جماعت کے کچھ اصول بنائیے اور بچوں کو بتائیے۔ اسکول کے دورے کے بعد بچوں کو جماعت میں واپس لے جائیے۔
- جماعت کے تعارف کے لیے ایک دل چسپ سرگرمی دی جارہی ہے۔ اس کے لیے جماعت کے مختلف حصوں کی تصاویر لے کر رکھیے۔ اب بچوں کو باری باری ایک ایک تصویر دکھائیے اور ان سے پوچھیے کہ یہ کہاں کی تصویر ہے؟ انھیں ارد گرد دیکھ کر وہ جگہ ڈھونڈنے کی ہدایت کیجیے۔ جب بچے ایک تصویر والی جگہ ڈھونڈنے میں کامیاب ہو جائیں تو اگلی تصویر کی جانب بڑھیے۔
- اس سرگرمی کی بدولت بچے اپنی جماعت کے ہر حصے کو نہ صرف غور سے دیکھیں گے بلکہ انھیں اپنی جماعت میں دل چسپی بھی محسوس ہو گی۔

اس کے بعد جماعت کے طے کردہ اُصول بچوں کو بتائیے۔ جیسے کہ دوسروں سے نرمی سے بات کیجیے۔ دوست بنائیے۔ اپنی چیزیں دوسروں کو بھی دیجیے۔ اپنی کاپی اور کتابوں کو احتیاط سے رکھیے۔ بولنے سے پہلے ہاتھ کھڑا کیجیے اور اجازت ملنے پر ہی بولیے۔ کسی کی بات درمیان میں نہ کاٹیے۔ کسی کا مذاق نہ اُڑائیے۔ چُھٹی سے پہلے اپنا بستہ احتیاط سے بند کر لیجیے وغیرہ۔ اپنے اسکول اور جماعت کی مناسبت سے اُصول ترتیب دیجیے اور بچوں کو ان کی تربیت بھی دیجیے۔

- آخر میں بچوں سے پوچھیے کہ انھیں اسکول کا کون سا حصہ سب سے زیادہ پسند آیا؟ پسند کی وجہ بھی پوچھیے۔
- کچھ بچوں سے جماعت کے بارے میں سوالات کیجیے، جیسے کہ انھیں جماعت کا کون سا حصہ سب سے زیادہ اچھا لگا۔
- کچھ بچوں سے جماعت، کینٹین، پرنسپل کے دفتر وغیرہ کے اُصول پوچھیے۔ اگلے دن کے لیے بچوں کو پاسپورٹ سائز تصویر لانے کی ہدایت کیجیے۔

تیسرا دن: کتاب کا تعارف

- یہ دن بچوں کو کتاب کا تعارف دینے کے بارے میں ہے۔ لیکن اس سے پہلے دی گئی ابتدائی سرگرمی کروائیے۔
- جماعت کے ایک کونے میں درخت بنائیے۔ یہ درخت چارٹ پیپر اور کریپ پیپر کی مدد سے بنائیے۔ رہنمائی کے لیے یہ لنک دیا جارہا ہے۔
https://www.youtube.com/watch?v=wTq17c0KiAk
- درخت پہلے سے بنا لیجیے۔ اس کے بعد بچوں سے تصاویر لیجیے اور درخت پر چسپاں کیجیے۔ تصویر کے نیچے اس بچے کا نام بھی لکھیے۔
- یہ سرگرمی بچوں کو اپنی جماعت کو پسند کرنے اور ان کی دل چسپی برقرار رکھنے میں مدد دے گی۔ بچے اپنی جماعت سے اپنائیت اور انسیت محسوس کریں گے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور سب سے پہلے میری پہچان اردو قاعدہ دکھائیے۔ قاعدے کا سرورق دکھائیے۔
- سرورق پر نظر آنے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔ چھوٹے چھوٹے سوالات کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ انھیں قاعدے کا سرورق کیسا لگا۔
- پھر قاعدہ کھولیے۔ بچوں کو مختلف تصاویر کھول کر دکھائیے اور باری باری ان پر بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ انھیں تصویر میں کیا نظر آرہا ہے؟
- بچوں کی دل چسپی میں اضافے کے لیے بچوں کو کوئی سی 2 یا 3 نظمیں پڑھ کر سُنائیے۔ بچے نظم ساتھ ساتھ دُہرائیں۔
- نظر پڑھنے کے لیے ترنم اور لَے کا خاص خیال رکھیے تاکہ بچے بھی سُن کر ویسے ہی دُہرا سکیں۔
- بچوں کو بتائیے کہ اس کتاب میں مزے مزے کی نظمیں، تصویریں اور کہانیاں ہیں جو ہم روز سیکھیں گے۔
- اس کے بعد بچوں کو میری پہچان اُردو عملی قاعدہ (ابتدائی 2) دکھائیے۔ بچوں کو "راستا تلاش کرنے، رنگ بھرنے" جیسی دل چسپ سرگرمیاں دکھائیے۔
- ان سے پوچھیے کہ کسے رنگ بھرنا پسند ہے؟ کون راستا تلاش کرنا چاہے گا؟
- مختلف بچوں سے جوابات لیجیے۔ اس تعارف کا مقصد بچوں کو متجسس کرنا ہے تاکہ وہ شوق سے پڑھنے کے لیے ذہنی طور پر تیار ہو سکیں۔
- سب سے آخر میں بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے دونوں قاعدوں میں کیا کیا دیکھا اور انھیں سب سے زیادہ کیا چیز پسند آئی۔

چوتھا دن: لکھنے کی تیاری

- اس دن کروائی جانے والی سرگرمیوں کا مقصد بچوں کی عضلاتی پختگی (Fine motor skills) اور پنسل پر ان کی گرفت مضبوط کروانا ہے۔
- بچوں کو لکھنے کی جانب لے جانے سے پہلے لکھنے کی تیاری بہت اہمیت کی حامل ہوتی ہے۔ ذیل میں کچھ ایسی سرگرمیاں شامل کی جارہی ہیں، جو بچوں کے ہاتھ اور انگلیوں کے عضلات کو مضبوط کریں گی، نیز لکھنے کے لیے تیاری میں مدد دیں گی۔
- بچوں کو گروپوں کی صورت میں بٹھائیے۔ ہر گروپ میں اُونی گولے اور کِلپ (Clip) تقسیم کیجیے۔ بچوں کو دو سے تین بار کِلپ کھولنے کی مشق کروائیے۔ اس کے بعد بچوں کو ہدایت دیجیے کہ کِلپ کی مدد سے گولے اُٹھائیں اور کسی جار یا ڈبے میں ڈالیں۔ نمونہ ساتھ دیا جارہا ہے۔ ہر بچے سے یہ مشق کروائیے۔



نمونہ

- بچوں کو پنسل پکڑنے میں مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ چنانچہ درست طریقے سے پنسل پکڑنا بہت ضروری ہے۔ اس کے لیے ایک چھوٹا اُونی گولا بچوں کی دائیں ہتھیلی پر رکھیے اور انھیں ہاتھ کی آخری دو انگلیوں کی مدد سے گولا پکڑوائیے۔
- پنسل پکڑنے اور لکھنے کے لیے ذیل میں چار مراحل دیے جارہے ہیں۔ ہر بچے سے اس کی مشق کروائیے۔


1


2


3


4

- مشق کروانے کے بعد بچوں میں سادہ کاغذ تقسیم کیجیے۔ ہر بچے کو ایک ایک کاغذ اور رنگین پنسل دیجیے۔ بچے اپنی مرضی سے اس پر لکیریں لگائیں۔ لکیریں کسی بھی طرح کی لگائی جاسکتی ہیں۔ سیدھی، آڑھی ترچھی، دائروی، نیم دائروی۔۔۔ لکیریں لگانے میں بچوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- سادہ کاغذ پر ایک پیٹرن سے لکیریں بنائیے اور بچوں کو دیجیے۔ بچوں کو لکیر کے اوپر رنگین بٹن لگانے کی ہدایت دیجیے۔ نمونہ ساتھ دیا جارہا ہے۔



نمونہ

- بچوں کو ورک شیٹ دیجیے اور کریون کی مدد سے کام کروائیے۔ کام کروانے کے بعد جماعت میں پیش ضرور کروائیے۔ اس سے بچے خوش ہوتے ہیں اور انھیں بہتر سے بہتر کام کرنے کی حوصلہ افزائی بھی ملتی ہے۔

پانچواں دن: لکھنے کی تیاری

- یہ دن بھی لکھنے کی تیاری کے لیے مختص کیا گیا ہے۔ اگلے ہفتے سے حروف کی باقاعدہ تدریس کا آغاز کیا جائے گا۔
- ڈسپوزیبل ڈبے یا پلیٹیں لے کر مار کر سے نقطے لگائیے۔ یہ تیاری پہلے سے کرلیں۔ سرگرمی کو دل چسپ بنانے کے لیے پلیٹ پر کسی جانور یا پرندے کی تصویر بھی بنائی جاسکتی ہے۔ ایک نمونہ ساتھ دیا جارہا ہے۔
- بچوں کو گروپوں میں بٹھائیے۔ ہر بچے کو ایک ایک پلیٹ دیجیے۔ ٹوتھ پِک (Toothpick) اور بیڈز (Beads) بھی رکھ دیجیے۔
- انھیں نقطوں پر ٹوتھ پک لگانے اور اس میں ایک ایک بیڈ ڈالنے کی ہدایت دیجیے۔ بہترین اور جلدی کام پورا کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔



نمونہ

- بچوں کو گروپوں میں ہی ریت کی ٹرے دیں۔ انھیں ہدایت دیجیے کہ جیسے بورڈ پر لکیر لگائی جائے، ویسی لکیر ریت کی ٹرے میں لگائیے۔
- بورڈ پر پہلے آڑھی ترچھی لکیریں لگائیے، پھر سیدھی اور دائروی۔ اس کے بعد میری پہچان اردو عملی قاعدہ (ابتدائی 2) کا صفحہ نمبر 3 کھول کر بچوں کو دکھائیے اور ایسا صفحہ کھولنے کی ہدایت دیجیے۔ صفحہ نمبر 3 اور 4 کا کام کروائیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو گھر کے لیے کتاب کے صفحہ نمبر 5 کا کام دیجیے۔

We Publish Future... Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)

چُھٹکو میاں (پہلے دن کے لیے)

(اس تصویر کا پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر بچوں کو دکھایئے اور کہانی سُنایئے۔)



ورک شیٹ (چوتھے دن کے لیے)



نمونہ

کریون کی مدد سے تاروں کو آپس میں ملائیے۔



پہلی ٹرم (دوسرا ہفتہ)

'ا' اور 'آ' کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

مقاصد: اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔
- نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔
- 'ا' کا نام، آواز اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔
- /ا/ سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔
- 'ا' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔
- 'آ' کا نام، آواز اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ا' کی نظم)، مختلف پھلوں (آم، انگور، کیلا، امرود، انناس، مالٹا، انار وغیرہ) کی تصاویر، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 3 اور 2)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 6)
- دوسرے دن کے لیے: 'ا' کا حرفی فلیش کارڈ، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 3 اور 2)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 7)
- تیسرے دن کے لیے: ریت کی ٹرے، 'ا' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 3 اور 2)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 8)
- چوتھے دن کے لیے: سادہ کاغذ، پلے ڈو، قینچی، گم اسٹیک، ورک شیٹ
- پانچویں دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('آ' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 4 اور 5)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 9)، آم (اگر آم کا موسم نہ ہو تو آم کا تصویری کارڈ استعمال کیجیے۔)

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ا' کی کہانی:

(چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنائیے۔ کہانی سُناتے ہوئے "ا" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! صبح صبح کا وقت تھا۔ سب سو کر اُٹھ چکے تھے اور اب ناشتے کی تیاری تھی۔ مینا کی امی ناشتے میں انڈے بنا رہی تھیں۔ مینا کو ناشتے میں انڈا اور انار کا رس بہت پسند تھا۔ جینا کو انناس کا رس مزے دار لگتا تھا۔ امی جان نے مینا سے کہا کہ جلدی سے کپڑے استری کر کے ناشتے کے لیے آجاؤ۔ گرما گرم انڈے بن چکے تھے، انار اور انناس کا میٹھا میٹھا رس بھی تیار تھا۔ دادی جان ناشتے کی میز پر بیٹھیں اخبار پڑھ رہی تھیں۔

ہوا کچھ یوں کہ مینا قمیص استری کر کے الماری میں لٹکانے گئی اور گرم گرم استری کپڑے پر رکھ کر بھول گئی۔ اچانک جینا چیخی، ارے مینا! استری گرم ہے، کہیں شلوار جل نہ جائے۔ مینا فوراً بھاگی اور استری اُٹھائی۔ شُکر ہے! شلوار جلنے سے بچ گئی تھی۔ جینا کی چیخ نے شلوار کو جلنے سے بچا لیا تھا۔ سب ہنسنے لگے۔ پھر جینا، مینا، امی اور دادی جان نے مل کر مزے دار انڈوں کا ناشتا کیا۔ مینا نے انار اور جینا نے اپنا پسندیدہ انناس کا رس بھی پیا۔ ناشتا کرنے کے بعد مینا اور جینا اسکول کے لیے تیار ہونے لگیں۔ (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے۔)

پہلا دن: حرف 'ا' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- بچوں کو مختلف پھلوں (آم، انگور، کیلا، امرود، انناس، مالٹا، انار وغیرہ) کی تصاویر دکھائیے۔ بچوں سے پھلوں کے نام پوچھیے اور ان کے پسندیدہ پھلوں کے بارے میں بات چیت کیجیے۔
- نام اور آواز کا تصور: بچوں کو بتائیے کہ ہر چیز کا ایک نام ہوتا ہے اور ایک اس کی آواز۔ چڑیا کی تصویر دکھائیے اور اس کا نام پوچھیے۔ پھر پوچھیے کہ اس کی آواز کیسی ہوتی ہے؟ یا چڑیا کیسے بولتی ہے؟ اسی طرح گھڑی کی ٹک ٹک، کوے کی کائیں کائیں اور سیٹی کی آواز اس کی مثالیں ہیں۔
- نام اور آواز کا تصور دینے کے بعد امرود، انار، انگور، انناس کی تصاویر بورڈ پر چسپاں کر دیجیے۔ بچوں کو ان پھلوں کے ناموں کے ذریعے سے "الف" کی شروع کی آواز، یعنی /ا/ متعارف کروائیے۔ حرف کا نام بھی بتائیے۔ بچوں کو حرف 'ا' کا فلیش کارڈ دکھائیے اور حرف کا نام اور آواز ادا کرنے کی مشق کروائیے۔
- قاعدے کے صفحہ نمبر 2 اور 3 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ا' کی کہانی سُنائیے۔ کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے:

مینا کی امی جان کیا بنا رہی تھیں؟	جینا اور مینا کو کون سا رس پسند تھا؟	دادی جان کیا کر رہی تھیں؟
جینا کیوں چیخی؟	آپ کو اس کہانی میں سب سے زیادہ کون پسند آیا؟	آپ ناشتے میں کیا کھاتے ہیں؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ا' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر مل کر زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ا' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'ا' کی آواز یعنی /ا/ متعارف کروائیے۔

مثلاً: انار /ا/ انار، انڈا /ا/ انڈا، انگور /ا/ انگور، استری /ا/ استری، الماری /ا/ الماری، اخبار /ا/ اخبار، انناس /ا/ انناس۔

ساتھ ساتھ ان کی تصاویر اور کھلونے بھی دکھائیے۔

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ا' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 6 کا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر "ا" لکھیے اور اس کا نام اور آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے "ا" سے بننے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔
- درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ان کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 2 اور 3 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ا' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں کو 'ا' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- نظم میں آنے والے 'ا' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 2 اور 3 کھلوائیے اور بچوں کو انگلی رکھ کر 'ا' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ا' کہاں ہے؟	انگور اور انار کہاں رکھے ہیں؟	مینا قمیص کہاں لٹکا رہی ہے؟
شلوار پر کای رکھا ہے؟	اخبار کہاں ہے؟	انڈے کہاں رکھے ہیں؟

We Publish Future...
Publishers, Printers & Booksellers

- 'ا' کا حرفی فلیش کارڈ بچوں کو دکھایئے اور حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔ ذخیرہ الفاظ بتایئے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی /ا/ کے ساتھ پڑھایئے۔

مثلاً: /ا/ انار، /ا/ انڈا، /ا/ انگور، /ا/ استری، /ا/ الماری، /ا/ اخبار /ا/ انناس۔

- اگر وقت ہو تو 'ا' کی کہانی سُنایئے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز /ا/ ہو۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 7 کا کام کروایئے۔ جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کو "ا" سے شروع ہونے والی اور کچھ غیر متعلقہ تصویریں دکھایئے۔ پھر بچوں سے /ا/ سے شروع ہونے والی تصاویر الگ کروایئے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 2 اور 3 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'ا' کی بناوٹ اور لکھائی

- بورڈ پر 'ا' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔
- بورڈ پر 'ا' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'ا' کی شکل کی نشان دہی بچوں سے کروایئے۔ یاد رکھیے! ابھی بچے الفاظ نہیں پڑھ سکتے۔ اس لیے الفاظ پڑھوانے سے گریز کیجیے۔ صرف 'ا' کی نشان دہی کروایئے اور اس کی آواز ادا کروایئے۔ بورڈ پر مشق کروانے کے بعد بچوں کو 'ا' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے لفظوں میں موجود 'ا' کی شکل پوچھیے۔

نوٹ: (آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'ا' کی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے ایک دوسرے کی ہتھیلی پر 'ا' لکھیں۔ لکھتے ہوئے ساتھ ساتھ حرف کی آواز بھی ادا کرتے جائیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھایئے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف 'ا' لکھنے کی مشق کروایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 8 کا کام کروایئے۔ پھر درسی قاعدے کے صفحہ نمبر 3 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتایئے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 3 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو حرف 'ا' کی بناوٹ کی مشق کرنے کا کام دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'ا' کی مشق

- سی ڈی کے ذریعے 'ا' کی نظم کا اعادہ کروایئے۔ بعد ازاں بچے زبانی پڑھیں۔
- سادہ کاغذ لیجیے۔ ان میں سے کچھ کاغذوں پر "ا" لکھیے اور کچھ پر دوسرے حروف لکھ دیجیے۔ ان کاغذوں کے جہاز بنایئے اور ایک ٹوکری میں رکھ لیجیے۔ یہ کام سرگرمی کروانے سے پہلے مکمل کر لیا جائے۔ بعد ازاں بچوں کو کھیل کے میدان میں لے جایئے۔ ہر بچے کو ایک ایک جہاز دے کر ایک دوسرے کی جانب اُڑانے کے لیے کہیے۔ پھر نیچے گرنے والے جہاز کو بچے کھول کر دیکھیں اور جس کاغذ پر 'ا' لکھا ہو وہ کاغذ ٹوکری میں رکھتے جائیں۔ آخر میں بچوں سے اس سے متعلقہ سوالات پوچھیے کہ کاغذ پر کون سا حرف لکھا ہے؟ حرف کی آواز کیا ہے؟ اس سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتایئے وغیرہ۔
- بچوں میں ورک شیٹ، پلے ڈو، قینچی اور گم اسٹیک تقسیم کیجیے اور اپنی نگرانی میں کام کروایئے۔
- جانچ: ورک شیٹ پر موجود /ا/ سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔ ناموں کی شروع کی آواز بھی پوچھیے۔
- گھر کا کام: 'ا' کی نظم یاد کرنے کا کام دیجیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

پانچواں دن: حرف 'آ' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتایئے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَیْکُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰہ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'آ' متعارف کروانے کا ہے۔ تعارف کو دل چسپ بنانے کے لیے بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک مزے دار کھیل کھیلیں گے۔ آم کاٹ کر اس کے ٹکڑے کسی پیالے میں ڈال لیجیے۔ کسی بچے کو بُلا کر اس کی آنکھوں پر پٹی باندھیے یا آنکھوں پر ہاتھ رکھنے کی ہدایت دیجیے تاکہ بچہ دیکھ نہ سکے۔ بچے کو آم کا ایک ٹکڑا کھلایئے۔ بچے سے کہیے کہ وہ کھا کر ذائقہ محسوس کرے اور اس چیز کا نام بتایئے۔ اگر ایک بچہ درست نہ بوجھ پائے تو کسی دوسرے بچے کو موقع دیجیے۔ یہ سرگرمی بچوں میں شوق اور تجسس کو اُبھارے گی۔ درست جواب دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوایئے۔ بعد ازاں تمام بچوں کو آم کھانے کے لیے دیجیے۔ اگر آم کا موسم نہ ہو تو پھر آم کا تصویری فلیش کارڈ لے جایئے اور بچوں سے اس پھل کا نام پوچھیے۔ اس کے ذائقے کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ آم کے متعلق بچوں کی پسند ناپسند پوچھیے۔ بچوں کو بتایئے کہ آم کو پھلوں کا بادشاہ کہا جاتا ہے اور یہ پوری دُنیا میں سب سے زیادہ کھایا جانے والا پھل ہے۔
- 'آم' کہتے ہوئے / آ / پر زور دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز / آ / ہے۔ 'آم' کے نام میں شروع کی آواز / آ / ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھایئے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 4 اور 5 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'آ' کی کہانی سُنایئے۔

حرف 'آ' کی کہانی: (چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنایئے۔ کہانی سُناتے ہوئے "آ" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! احمد اور اس کے دوستوں کو آنکھ مچولی کھیلنا بہت پسند تھا۔ جب بھی انھیں وقت ملتا، وہ باغ میں جاتے اور آنکھ مچولی کھیلا کرتے تھے۔

ایک دن امی جان آم کے درخت کے نیچے بیٹھی آلو کاٹ رہی تھیں۔ پاس ہی ایک پلیٹ میں آڑو بھی رکھے تھے۔ درخت پر لگے پیلے پیلے مزے دار آم دیکھ کر سب کے منھ میں پانی آ گیا۔ احمد نے امی جان سے کہا کہ وہ درخت سے آم اُتار دیں۔ امی جان بولیں کہ کھیل میں جو جیتا اسے انعام میں آم ملے گا۔ سب دوست خوش ہو گئے۔ انھوں نے آنکھ مچولی کھیلنے کے لیے ٹاس کیا۔ اوہ نہیں! ٹاس تو احمد ہار گیا تھا۔ پھر کیا تھا، سب دوستوں نے احمد کی آنکھوں پر پٹی باندھ دی اور جلدی سے چُھپ گئے۔ آمنہ لکڑی کے ایک ڈبے میں چُھپ گئی تھی۔ ندا نے جلدی سے ایک درخت کے پیچھے جگہ لے لی۔ یاسر احمد کے آگے آگے بھاگ رہا تھا۔ احمد آگے بڑھتا اور یہ کہتا جاتا۔۔۔ "آیا آیا احمد آیا تمھیں پکڑنے احمد آیا" "آیا آیا احمد آیا تمھیں پکڑنے احمد آیا۔۔۔"

اچانک اس نے یاسر کو ڈھونڈ لیا۔ احمد جیت گیا تھا۔ وہ بولا، "آہا۔۔۔!!! میں جیت گیا!! اب مجھے مزے دار آم کھانے کو ملے گا۔" احمد کی بات پر امی جان ہنس پڑیں اور سب بچوں کے لیے ایک ایک آم توڑ دیا۔ بچوں نے آم دھوئے اور مزے مزے سے کھانے لگے۔ (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجایئے۔)

- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔

احمد اور اس کے دوستوں کو کون سا کھیل پسند تھا؟	امی جان کیا کاٹ رہی تھیں؟	پلیٹ میں کیا رکھا تھا؟
ٹاس کون ہارا؟	احمد کیا کہتا جاتا تھا؟	جیتنے کے بعد بچوں کو کھانے کے لیے کیا ملا؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'آ' کی نظم چلایئے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوایئے۔ پھر مل کر زبانی دُہرایئے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'آ' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'الف مدہ' کی آواز یعنی / آ / متعارف کروایئے۔

مثلاً: آم / آ / آم، آنکھ / آ / آنکھ، آلو / آ / آلو، آڑو / آ / آڑو۔

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'آ' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروایئے۔ عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 6 کا کام کروایئے
- **جانچ:** جانچ کے لیے بچوں سے 'الف مدہ' کی آواز پوچھیے۔ بورڈ پر 'آ' لکھیے اور اس کا نام پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- **گھر کا کام:** بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 4 اور 5 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

(پرنٹنگ کا مواد)

'ا' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (تیسرے دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)

امرود	کمرا
انڈا	الماری
اب	انگور
انار	انناس


ورک شیٹ (چوتھے دن کے لیے)


(پرنٹ لے کر بچوں میں تقسیم کیجیے۔ قینچی سے تصاویر کاٹنے میں بچوں کی مدد کیجیے۔)

پلے ڈو کی مدد سے حرف بنائیے۔ پھر /ا/ سے شروع ہونے والی تصاویر کاٹ کر چسپاں کیجیے۔



نمونہ





/ا/ /ا/ /ا/

'آ' اور 'ب' کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5 پیریڈ: 40 منٹ	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ■ کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ ■ نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔ ■ 'آ' کا نام، آواز اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔ ■ /آ/ سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔ ■ 'آ' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔ ■ 'ا' اور 'آ' میں فرق کر سکیں گے۔ ■ 'ب' کا نام، آواز اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('آ' کی نظم)، 'آ' کا حرفی فلیش کارڈ، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 4 اور 5)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 10)
- دوسرے دن کے لیے: ریت کی ٹرے، 'آ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 11)

تیسرے دن کے لیے: ورک شیٹ، پیلی اور ہری رنگین پنسلیں، 'ا' اور 'آ' کی حرف پر چیاں یا کارڈ، تصویری فلیش کارڈز (آم، آنکھ، آگ، آلو، انگور، انار، الماری، انڈا)، دوڑ بے

چوتھے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ب' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 6 اور 7)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 12)، 'ب' کا فلیش کارڈ

- پانچویں دن کے لیے: نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 6 اور 7)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 12)، تصویری فلیش کارڈز (انگور، آگ، بطخ، امرود، بلی، بندر، آم، بکری)

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ب' کی کہانی:

(چوتھے دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! ایک بار بلال کے گھر کے سامنے ایک کھیل تماشے والا آیا۔ اس کے پاس بہت سے جانور بھی تھے۔ ایک شرارتی بندر، ناچنے والی بکری، روئی جیسی سفید بلی اور قیں قیں کرتی، اُچھلتی کُودتی بطخ بھی تھی۔ آتے ہی کھیل تماشے والا ڈُگڈگی بجانے لگا۔ ڈُگ، ڈُگ، ڈُگ، ڈُگ۔ (ساتھ ساتھ ڈُگڈُگی بجائیے)۔ ڈُگڈگی کی آواز سُن کر بلال دوڑا، اس کی چھوٹی بہنیں بانو اور بیلا بھی باہر بھاگیں۔ ارد گرد کے گھروں سے باقی بچے بھی آ گئے۔ سب تماشے والے کے ارد گرد اکٹھے ہو گئے۔ تماشے والے نے تماشا دِکھانا شروع کیا۔ وہ ڈُگڈُگی بجاتا جاتا اور یہ کہتا جاتا۔۔۔

/ب/ /ب/ /ب/ /ب/ بکری ناچ　　/ب/ /ب/ /ب/ /ب/ بندر ناچ

/ب/ /ب/ /ب/ /ب/ بطخ ناچ　　/ب/ /ب/ /ب/ /ب/ بلی ناچ

سب جانور ناچنے لگے اور انھیں ناچتا دیکھ کے بچے خوشی سے تالیاں بجانے لگے۔" (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے) "

پہلا دن: حرف 'آ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں سے پوچھیے کہ ہم نے اب تک کون کون سے حروف پڑھے ہیں؟ بچوں سے نام اور آوازیں پوچھیے۔ ہوا میں 'ا' اور 'آ' لکھوائیے۔
- بچوں کو 'آ' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔ ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلاً: (i) آپ کہیے: "احمد بولا، آمنہ بولی" (ii) بچے کہیں: "آؤ کھیلیں آنکھ مچولی"

(iii) آپ کہیے: "جو بھی جیتا، انعام ملے گا" (iv) بچے کہیں: "میٹھا میٹھا آم ملے گا"

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور اعادہ بھی ہو جائے گا۔
- نظم میں آنے والے 'آ' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔ اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 4 اور 5 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'آ' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ پڑھواتے ہوئے پہلے نام (الف مدہ) اور پھر اس کی آواز (/ آ /) پڑھوائیے۔
- بچوں کو 'ا' اور 'آ' کا فرق سمجھائیے۔ بورڈ پر ایک جانب انار اور دوسری جانب آم بنائیے۔ دونوں کے نام پوچھیے اور شروع کی آوازیں زور دے کر ادا کیجیے تاکہ بچے سُن کر / ا / اور / آ / کا فرق محسوس کر سکیں۔ انھیں بتائیے کہ / آ / کی آواز / ا / سے تھوڑی لمبی ہوتی ہے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'آ' کہاں ہے؟	'الف مدہ' کی کیا آواز ہے؟	لکڑی کے ڈبے میں سے کس کی آنکھیں نظر آ رہی ہیں؟	
امی جان کیا کاٹ رہی ہیں؟	آم کہاں ہیں؟	بچے کیا کھیل رہے ہیں؟	آپ کو کون سا کھیل کھیلنا پسند ہے؟

- 'آ' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ ذخیرہ الفاظ بتائیے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی / آ / کے ساتھ پڑھائیے۔

مثلاً: / آ / آم، / آ / آڑو، / آ / آلو، / آ / آنکھ / آ / آگ، / آ / آنکھ مچولی

- اگر وقت ہو تو 'آ' کی کہانی سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز / آ / ہو۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 10 کا کام کروائیے۔ جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- **جانچ:** جانچ کے لیے بچوں سے 'ا' اور 'آ' کا فرق پوچھیے۔
- **گھر کا کام:** بچوں کو اپنے گھر میں موجود کسی ایسی چیز کا نام سوچ کر آنے کا کام دیجیے، جو / آ / سے شروع ہوتی ہے۔

دوسرا دن: حرف 'آ' کی بناوٹ اور لکھائی

- بچوں کو مل کر 'آ' کی نظم پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- بورڈ پر 'آ' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- بورڈ پر 'آ' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'آ' کی شکل کی نشان دہی بچوں سے کروائیے۔ یاد رکھیے! ابھی بچے الفاظ نہیں پڑھ سکتے۔ اس لیے الفاظ پڑھوانے سے گریز کیجیے۔ صرف 'آ' کی نشان دہی کروائیے اور اس کی آواز ادا کروائیے۔ بورڈ پر مشق کروانے کے بعد بچوں کو 'آ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے پوچھیے کہ 'آ' کہاں ہے؟

نوٹ: (آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'آ' کی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے بینچ پر 'ا' لکھیں۔ لکھتے ہوئے ساتھ ساتھ حرف کی آواز بھی ادا کرتے جائیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھائیے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف 'ا' لکھنے کی مشق کروائیے۔

We Publish Future...
Publishers, Printers & Booksellers

- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 11 کا کام کروائیے۔ آدھے صفحے کا کام جماعت میں کروائیے۔
- پھر درسی قاعدے کے صفحہ نمبر 5 پر 'تربیت' میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 5 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 11 کا باقی کا کام گھر سے کرنے کے لیے دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'آ' کی مشق

- دو ڈبے تیار کیجیے۔ ایک ڈبے پر 'ا' لکھیے اور دوسرے پر 'آ'۔ چارٹ کاٹ کر چھوٹے سائز کے 30 کارڈ بنا لیجیے۔ 15 کارڈوں پر 'ا' لکھیے اور باقی 15 پر 'آ' لکھیے۔ ایک میز پر تصویری فلیش کارڈز (آم، آنکھ، آگ، آلو، انگور، انار، الماری، انڈا)، اور حرفی فلیش کارڈز بے ترتیبی سے پھیلائیے۔ پھر بچوں کو اس سرگرمی کے بارے میں ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ 'ا' والے کارڈ 'ا' والے ڈبے میں اور 'آ' والے کارڈ 'آ' والے ڈبے میں ڈالیے۔ اس کے بعد / ا / سے شروع ہونے والی تصاویر متعلقہ ڈبے جبکہ / آ / سے شروع ہونے والی چیزیں اس سے متعلقہ ڈبے میں ڈالیے۔
- کوشش کیجیے کہ تمام طلبہ اس سرگرمی میں حصے لیں۔ کارڈ درست ڈبے میں ڈالنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ان کی خوب حوصلہ افزائی کیجیے۔
- اس کے بعد بچوں میں ورک شیٹ تقسیم کیجیے اور اس کا کام کروائیے۔
- جانچ: 'ا' اور 'آ' سے بننے والی دو، دو چیزوں کے نام پوچھیے۔
- گھر کا کام: 'آ' کی نظم یاد کرنے کا کام دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'ب' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- حروف 'ا' اور 'آ' کا اعادہ کروائیے۔ اگر بچوں کو دقت پیش آ رہی ہو تو پانچ سے سات بار حرف کا نام، آواز اور اس سے بننے والی چیزوں کے نام بتائیے۔
- قاعدے کے صفحہ نمبر 6 اور 7 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ب' کی کہانی سُنائیے۔ کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے:

بچے باہر کیوں بھاگے آئے؟	کھیل تماشے والا اپنے ساتھ کون کون سے جانور لے کر آیا تھا؟	جانور کیا کر رہے تھے؟
بچے تالیاں کیوں بجا رہے تھے؟	آپ نے کبھی ایسا کوئی تماشا دیکھا ہے؟ تماشا دیکھ کر آپ کو دیکھ کر کیسا لگا؟	یہ کہانی آپ کو کیسی لگی؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ب' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ب' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'ب' کی آواز یعنی / ب / متعارف کروائیے۔
مثلاً: بندر / ب / بندر، بکری / ب / بکری، بطخ / ب / بطخ، بچے / ب / بچے، بلی / ب / بلی۔ ساتھ ساتھ ان کی تصاویر اور کھلونے بھی دکھائیے۔
- بچوں کو حرف 'ب' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتائیے۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ب' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- تختہ تحریر پر 'ب' دو (2) بار لکھیے۔ ایک 'ب' مکمل رہنے دیجیے جبکہ دوسرے 'ب' کا آدھا حصہ مٹا کر چھوٹی شکل متعارف کروائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 12 کا کام کروائیے۔

- **جانچ:** جانچ کے لیے بچوں سے پڑھے گئے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے 'ب' بورڈ پر لکھوائیے۔
- درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ان کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- **گھر کا کام:** بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 6 اور 7 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

پانچواں دن: حرف 'ب' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں کو 'ب' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- نظم میں آنے والے 'ب' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 6 اور 7 کھلوائیے اور بچوں کو انگلی رکھ کر 'ب' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ب' کہاں ہے؟	'ب' کی چھوٹی شکل کہاں ہے؟	بندر کہاں ہے؟ کیا صفحے پر صرف ایک ہی بندر ہے؟
صفحے پر بکری کہاں کہاں نظر آ رہی ہے؟	بچے کہاں بیٹھے ہیں؟	بلی کیسے بولتی ہے؟ آواز نکالیے۔

- بورڈ پر 'ب' لکھ کر حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ ذخیرہ الفاظ بتائیے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی /ب/ کے ساتھ پڑھائیے۔
  مثلاً: /ب/ بندر، /ب/ بکری، /ب/ بطخ، /ب/ بچے، /ب/ بلی۔
- اگر وقت ہو تو 'ب' کی کہانی سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز /ب/ ہو۔
- **جانچ:** جانچ کے لیے بچوں کے سامنے انگور، آگ، بطخ، امرود، بلی، بندر، آم، بکری کے تصویری فلیش کارڈز رکھیے اور ان سے وہ تصاویر الگ کروائیے، جن کے نام کی پہلی آواز /ب/ ہے۔
- بچوں کو عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 13 کھول کر دکھائیے۔ بچوں سے پہلی سرگرمی میں موجود تصاویر کے نام پوچھیے۔ ان کی شروع کی آواز پوچھیے۔
- پہلے سرگرمی بورڈ پر کروائیے، اس کے بعد کتاب پر کروائیے۔
- **گھر کا کام:** بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 13 پر دوسری سرگرمی کر کے لانے کی ہدایت دیجیے۔


We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)	
'آ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (دوسرے دن کے لیے) (ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروائیے۔)	
آم	آڑو
آلو	آیا
آؤ	آدم
آرام	آری

ورک شیٹ (تیسرے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر بچوں میں تقسیم کیجیے۔)

'ا' والے سکوں میں پیلا  اور 'آ' والے سکوں میں ہرا  رنگ بھریے۔



'ب' اور 'پ' کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

مقاصد: اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔
- نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔
- 'ب' کا نام، آواز اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔
- /ب/ سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔
- 'ب' اور 'پ' کی مکمل اور چھوٹی لکھ سکیں گے۔
- 'پ' کا نام، آواز اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ب' کی نظم)، 'ب' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 14)
- دوسرے دن کے لیے: بلبلے بنانے کے لیے صابن اور پانی کا مکسچر، گتے کے کپ، پائپ، بطخ کے ماسک کا خاکہ، چارٹ، رنگین پنسلیں
- تیسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('پ' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 8 اور 9)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 15)، کچھ پتے، کپڑا (پتے ڈھانپنے کے لیے)
- چوتھے دن کے لیے: نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 8 اور 9)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 16)
- پانچویں دن کے لیے: نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 8 اور 9)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 17)، اسٹار بیج، ٹافیاں

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'پ' کی کہانی:

(تیسرے دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! پپو ایک شرارتی بچہ تھا۔ جیسے سبھی کو کچھ نہ کچھ کرنا اور کوئی کھیل کھیلنا بہت پسند ہوتا ہے بالکل اُسی طرح پپو کو پتنگ اُڑانا بہت پسند تھا۔ اس کے پاس ایک پیلی پتنگ تھی، جسے وہ بہت سنبھال کر رکھتا تھا۔ اسکول کے دنوں میں تو پپو کو پتنگ اُڑانے کا وقت نہیں ملتا تھا لیکن چھُٹی کے دن وہ اپنی پسندیدہ پیلی پتنگ کو ہوا میں اُڑاتا اور بہت خوش ہوتا تھا۔ اور پتا ہے؟ پپو کے ابا کو بھی ایک شوق تھا۔ انھیں پہلوانوں کی کُشتی دیکھنا بہت پسند تھا۔

ایک بار ایسا ہوا کہ اتوار کا دن تھا۔ پپو سو کر اُٹھا اور ناشتا کرنے کے بعد اپنی پیلی پتنگ نکال کر باہر نکل گیا اور اُڑانے لگا۔ اس کے ابا جان سر پر پگڑی پہنے ایک پلنگ پر بیٹھے تھے۔ پاس ہی ایک پنکھا بھی چل رہا تھا، جس کی ہوا سے درخت کے پتے سرسر ہل رہے تھے۔ سامنے دینو اور مینو، دو پہلوان کُشتی لڑ رہے تھے۔ دونوں پہلوانوں میں سے دینو پہلوان بہت طاقت ور تھا اور کُشتی ہمیشہ وہی جیت جاتا تھا۔ مینو اکثر ہار جاتا تھا۔ پھر پتا ہے کیا ہوا بچو؟ پاس ہی ایک نلکا لگا تھا۔ نلکے کا پانی زمین پر پڑا تھا۔ دینو پہلوان کا پاؤں جوں ہی پانی پر گیا، وہ پھسلا اور دھڑام۔۔۔۔۔۔۔!!!! مینو نے فوراً اس پر قابو پا لیا اور جیت گیا۔" (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے۔)

پہلا دن: حرف 'ب' کی بناوٹ اور لکھائی

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وعلیکم السلام' کہنا چاہیے۔
- بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ پڑھنی چاہیے۔
- بچوں سے پوچھیے کہ کل انھوں نے کون سا حرف پڑھا تھا؟ بچوں سے جوابات لیجیے اور درست جواب یعنی 'ب' بورڈ پر لکھیے۔
- مکمل شکل کے ساتھ اس کی چھوٹی شکل بھی لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- بچوں کو بتائیے کہ حرف 'ب' کی پوری اور چھوٹی شکل کی آواز ایک جیسی ہے، یعنی / ب /۔
- بورڈ پر 'ب' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'ب' کی پوری اور چھوٹی شکل کی نشان دہی کیجیے۔
- اچھی طرح سمجھانے کے بعد بچوں کو 'ب' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے لفظوں میں موجود 'ب' کی پوری اور چھوٹی شکل پوچھیے۔
(آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)
- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'ب' کی مکمل اور چھوٹی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے ایک دوسرے کی ہتھیلی پر 'ب' لکھیں۔ اس کے بعد دوسری ہتھیلی پر اس کی چھوٹی شکل لکھیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھائیے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف لکھنے کی مشق کروائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 14 پر 'ب' کی مکمل شکل لکھنے کا کام کروائیے۔ پھر صفحہ نمبر 7 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 7 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 14 پر 'ب' کی چھوٹی شکل لکھنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ب' کی مشق



- سی ڈی کے ذریعے 'ب' کی نظم کا اعادہ کروائیے۔ بعد ازاں بچے زبانی پڑھیں۔
- بچوں کو کھیل کے میدان میں لے جا کر بلبلے بنوانے کی سرگرمی کروائیے۔
- بچوں کو گروپوں میں سامان دیجیے اور انھیں بلبلے بنا کر دکھائیے۔
- بچے اس عمل کی نقل کریں اور خود بھی بلبلے بنائیں۔ بچوں سے لفظ "بلبلے" کہلوائیے۔
- بچوں سے 'بلبلے' کی شروع کی آواز پوچھیے۔
- بطخ کے ماسک کا پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور ہر بچے کو ایک ایک دیجیے۔
- بچے اس میں رنگ بھریں۔ بعد ازاں دھاگا ڈال کر بچے ماسک پہنیں اور / ب / بطخ کہیں۔
- بعد ازاں بچے بطخ کی آواز (قیں قیں) نکالیں اور کھیل کے میدان میں گھومیں۔
- یہ ماسک بچوں کو گھر لے جانے کے لیے دے دیجیے۔
- جانچ: "بلبلے" کی شروع کی آواز پوچھیے۔ "بطخ" کی شروع کی آواز پوچھیے۔
- گھر کا کام: 'ب' کی نظم یاد کرنے کا کام دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'پ' کا تعارف

- یہ دن بچوں میں 'پ' متعارف کروانے کا ہے۔ تعارف کو دل چسپ بنانے کے لیے بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک مزے دار کھیل کھیلیں۔
- کچھ بڑے سائز کے پتے توڑ کر ایک میز پر پھیلا لیجیے۔ پتوں کو کسی کپڑے سے ڈھک دیجیے۔ یہ کام پہلے سے ہی کر لیا جائے۔

تین سے چار بچوں کو بُلا کر ان کی آنکھوں پر پٹی باندھیے یا آنکھوں پر ہاتھ رکھنے کی ہدایت دیجیے تا کہ بچے دیکھ نہ سکیں۔ اب بچوں کو ہدایت دیجیے کہ کپڑے کے نیچے موجود چیز کو ہاتھ سے چھُو کر محسوس کریں اور بتائیں کہ یہ کیا چیز ہے؟ سب سے پہلے بوجھنے والے بچے کی آنکھوں سے پٹی اُتار دیجیے۔ باقی بچوں سے پوچھیے کہ آپ کو کیا لگتا ہے کپڑے کے نیچے واقعی پتا ہے؟ بچوں سے جوابات لیجیے اور شاباش دیجیے۔

- بچوں سے پوچھیے کہ پتے کہاں لگتے ہیں؟ پھر سب بچوں سے کہیے کہ وہ چھت کی جانب دیکھیں اور بتائیں کہ وہاں انھیں کیا کیا نظر آ رہا ہے؟
- بچے 'پنکھا' کہیں گے۔ پھر چھوٹے چھوٹے سوالات کی مدد سے تمام بچوں کو بات چیت میں شامل کیجیے۔ جیسے کہ پنکھا چلتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟ یا، ہمیں گرمی لگے تو ہم چلاتے ہیں۔ (بچے مختلف جوابات دے سکتے ہیں، اس لیے انھیں ٹوکنے کی بجائے حوصلہ افزائی کیجیے۔)
- 'پنکھا' کہتے ہوئے / پ / پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز / پ / ہے۔ 'پنکھا' میں شروع کی آواز / پ / ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 8 اور 9 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'پ' کی کہانی سُنائیے۔
- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور درست جوابات دینے والے بچوں کو انعام دیجیے۔

پپو کو کیا پسند تھا؟	پپو کے پاس کس رنگ کی پتنگ تھی؟	پپو کے ابا کو کیا شوق تھا؟
اتوار کے دن پپو نے کیا کیا؟	پپو کے ابا کہاں بیٹھے تھے؟	انھوں نے سر پر کیا پہن رکھا تھا؟
پتے سرسر کیوں ہِل رہے تھے؟	ہمیشہ کُشتی کون جیت جاتا تھا؟	دینو پہلوان کیسے ہار گیا؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'پ' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر مل کر زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'پ' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'پے' کی آواز یعنی / پ / متعارف کروائیے۔

مثلاً: پتنگ / پ / پتنگ، پنکھا / پ / پنکھا، پتے / پ / پتے، پہلوان / پ / پہلوان۔

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'پ' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 15 کا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے 'پ' کی آواز پوچھیے۔ بورڈ پر 'پ' لکھیے اور اس کا نام پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 8 اور 9 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'پ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے کل کون سا حرف پڑھا تھا؟ ہوا میں انگلی سے حرف بنائیے۔
- اس کے بعد بورڈ پر 'ب' اور 'پ' لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ ان دونوں حروف میں کیا فرق ہے؟ دونوں کی آوازیں، نام اور نقطوں کی تعداد پوچھیں۔
- اس کے بعد بچوں کو 'پ' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔ ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلاً: آپ کہیے: "پپو اُڑائے اونچی پتنگ" بچے کہیں: "اُڑتی جائے ہوا کے سنگ"

آپ کہیے: "پتے سرسر ہلتے جائیں" بچے کہیں: "پپو کے ابا پنکھا چلائیں"

آپ کہیے: "پہلوانوں کی کُشتی دیکھ کے" بچے کہیں: "واہ واہ واہ واہ کرتے جائیں"

We Publish Literature... Publishers, Printers & Booksellers

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور اعادہ بھی ہو جائے گا۔
- نظم میں آنے والے 'پ' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 8 اور 9 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'پ' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (پے) اور پھر اس کی آواز (/ پ /) پڑھوائیے۔
- بچوں کو 'ب' اور 'پ' کا فرق سمجھائیے۔ بورڈ پر ایک جانب 'بندر' اور دوسری جانب 'پتنگ' بنائیے۔ دونوں کے نام پوچھیے اور شروع کی آوازیں زور دے کر ادا کیجیے تاکہ بچے سُن کر / ب / اور / پ / کا فرق محسوس کر سکیں۔ انھیں بتائیے کہ 'ب' کے نیچے ایک نقطہ اور 'پ' کے نیچے تین نقطے ہوتے ہیں۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'پ' کہاں ہے؟	'پے' کی کیا آواز ہے؟	پلنگ کے پاس کیا رکھا ہے؟	
پانی کہاں ہے؟	پلنگ کہاں ہے؟	پپو کی پتنگ کہاں ہے؟	پتے کہاں ہیں؟

- 'پ' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ ذخیرہ الفاظ بتائیے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی / پ / کے ساتھ پڑھائیے۔
  مثلاً: / پ / پتنگ، / پ / پتا ، / پ / پنکھا، / پ / پلنگ / پ / پانی، / پ / پہلوان۔
- اگر وقت ہو تو 'پ' کی کہانی سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز / پ / ہو۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 16 کا کام کروائیے۔ جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے / پ / سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو ایسی دو چیزوں کے نام سوچ کر آنے کا کام دیجیے، جو / پ / سے شروع ہوتی ہیں۔

پانچواں دن: حرف 'پ' کی بناوٹ اور لکھائی

- تدریس کا آغاز درسی قاعدے کے صفحہ نمبر 9 پر موجود 'تربیت' میں دی گئی اچھی بات سے کیجیے۔
- بچوں کو گزشتہ روز ایسی دو دو چیزوں کے نام سوچ کر آنے کی ہدایت دی گئی تھی، جو / پ / سے شروع ہوتی ہیں۔
- باری باری مختلف بچوں سے پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے نام بورڈ پر ایک جانب لکھیے۔
- پھر بورڈ پر بڑا سا 'پ' لکھیے۔ حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ ان سے پوچھیے کہ اگر ہمیں 'پ' کی چھوٹی شکل چاہیے ہو، تو ہم کیا کریں گے؟ 'پ' کا آدھا حصہ مٹا دیجیے اور بچوں کو کہیے کہ یہ 'پ' کی چھوٹی شکل ہے۔
- پانچ سے سات بار حرف کا نام، آواز اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پڑھائیے۔
- درسی قاعدے کا صفحہ نمبر 8 کھلوائیے اور بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں سے 'پ' کی پوری اور چھوٹی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بورڈ پر 'پ' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'پ' کی پوری اور چھوٹی شکل کی نشان دہی بچوں سے کروائیے۔ یاد رکھیے! ابھی بچے الفاظ نہیں پڑھ سکتے۔ اس لیے الفاظ پڑھوانے سے گریز کیجیے۔ صرف 'پ' کی پوری اور چھوٹی شکل کی نشان دہی کروائیے اور اس کی آواز ادا کروائیے۔ بورڈ پر مشق کروانے کے بعد بچوں کو 'پ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے پوچھیے کہ 'پ' کہاں ہے؟ بچے انگلی رکھ کے نشان دہی کریں۔

نوٹ: (آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

Aqsa Publishers, Printers & Booksellers We Publish Future...

- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھایئے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف 'پ' کی پوری اور چھوٹی شکل لکھنے کی مشق کروایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 17 کا کام کروایئے۔ آدھے صفحے کا کام جماعت میں کروایئے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے بورڈ پر 'پ' کی پوری اور چھوٹی شکل لکھوایئے۔ پھر پوچھیے کہ جب ہمیں پیاس لگتی ہے تو ہم کیا کرتے ہیں؟ بچے "پانی پیتے ہیں" کہیں گے۔ ان سے 'پانی' کی شروع کی آواز پوچھیے۔ پھر کتاب کے صفحہ نمبر 9 پر "لسانی مشق" میں دیے گئے سوالات بھی پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔ آخر میں بہترین کارکردگی دِکھانے والے بچوں کو اسٹار بیج دیجیے۔ یہ بیج پہلے سے تیار کر کے رکھیے اور متعلقہ بچے کا نام لکھ کر اسے دیجیے تاکہ ان میں سیکھنے اور جماعت میں پوچھے گئے سوالات کے جوابات دینے کا شوق بڑھ سکے۔ دوسرے بچوں کی حوصلہ افزائی بھی اتنی ہی اہمیت کی حامل ہے، اس لیے ٹافیاں تمام بچوں میں تقسیم کیجیے۔

  نوٹ: اساتذہ کرام کی رہنمائی کے لیے اسٹار بیج کا ایک نمونہ ساتھ دیا جارہا ہے۔



نمونہ

- گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 17 کا باقی کا کام گھر سے کرنے کے لیے دیجیے۔

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)

'پ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (پانچویں دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)

آپ	پانی
پگڑی	پتنگ
باپ	چپ
پلنگ	آپا

'پ' اور 'ت' کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5 پیریڈ: 40 منٹ	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ■ کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ ■ نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔ ■ 'پ' اور 'ت' کا نام، آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔ ■ /ت/ سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔ ■ 'ت' کی مکمل اور چھوٹی شکل لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: ورک شیٹ، رنگین پنسلیں
- دوسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ت' کی نظم) نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 10 اور 11)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 18)، انٹرنیٹ، کمپیوٹر، تربوز کا تصویری فلیش کارڈ
- تیسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ت' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 10 اور 11)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 19)
- چوتھے دن کے لیے: نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 10 اور 11)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 20)
- پانچویں دن کے لیے: رنگین بٹن، گوند، رنگین پنسلیں، تارے، تتلی کے تراشے، چارٹ کے بنے بینڈ

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ت' کی کہانی:

(دوسرے دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! تابش کے تایا جان اس سے بہت پیار کرتے تھے۔ وہ ان سے دو، کسی دوسرے شہر میں رہتے تھے۔ وہ جب بھی ملنے آتے، تابش دوڑ کر ان کے گلے سے لگ جاتا۔ تایا جان اس کے لیے کچھ نہ کچھ لے کر آتے تھے۔ کبھی کھلونے، کبھی چمکیلے پنوں والی ٹافیاں اور مزے دار مٹھائیاں۔ اس بار تایا جان آئے تو اس کے لیے تیزی سے چلنے والی ایک کھلونا گاڑی لے کر آئے۔ گاڑی دیکھ کر تابش بہت خوش ہوا۔ اسے ایسی ہی لال رنگ اور بڑے بڑے ٹائروں والی گاڑی چاہیے تھی جسے وہ چلا سکے اور اپنے دوستوں کو بھی کھیلنے کے لیے دے سکے۔ تابش کے ابو جان نے اس سے کہا، بیٹا! فوراً بازار جاؤ اور اپنے تایا جان کے لیے لال لال میٹھا سا تربوز لے آؤ۔ تابش نے پیسے لیے اور بازار چل دیا۔ پیچھے پیچھے تین رنگوں والی ایک تتلی بھی اُڑ رہی تھی۔ تابش نے دیکھا تو بولا، ارے ننھی دوست! تم کہاں کی سیریں کرتی پھر رہی ہو؟ تتلی ہنس دی اور بولی، تابش میں تمھاری دوست ہوں۔ تم جہاں جاؤ گے میں تمھارے ساتھ چلوں گی۔ باتیں کرتے کرتے دونوں تربوزوں کے ٹھیلے پر پہنچ گئے۔ ٹھیلے والا تکیہ لگا کر مزے سے بیٹھا خریداروں کا انتظار کر رہا تھا۔ تابش نے اسے پیسے دیے اور میٹھا سا ایک تربوز لے کر گھر چلا گیا۔ اس کی امی جان نے تربوز کاٹا، پھر سب نے مل کر یہ لال لال اور میٹھا میٹھا تربوز کھایا۔ ان سب کو بہت مزہ آیا۔" (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے۔)

Aquiline We Publish Future.. Publishers, Printers & Booksellers

پہلا دن: حرف 'پ' کی مشق

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وعلیکم السلام' کہنا چاہیے۔
- بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسۡمِ اللّٰہِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں کو 'پ' کی مشق اور اعادہ کرانے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- بچوں سے بورڈ پر 'پ' کی پوری اور چھوٹی شکل لکھوانے کی مشق کروائیے۔ حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔
- پھر کچھ بچوں سے / پ / سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- بچوں کو مل کر نظم پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر ورک شیٹ تقسیم کیجیے اور پہلی سرگرمی کے لیے بچوں سے پوچھیے کہ / پ / سے کون کون سی چیزیں بنتی ہیں؟
- بچوں کو انگلی سے نشان دہی کروائیے اور بعد میں پنسل سے متعلقہ تصاویر کے گرد دائرہ لگوائیے۔
- دوسری سرگرمی کے لیے بچوں سے پوچھیے کہ تصویر کس چیز کی ہے؟ بچے 'پرندہ' کہیں گے۔ ان سے پوچھیے کہ پرندے کی شروع کی آواز کیا ہے؟
- پہلی آواز والے حرف کا نام پوچھیے۔ پھر پوچھیے کہ کیا آپ کو پرندے کے اندر لکھے حروف میں 'پ' نظر آرہا ہے؟
- بچوں کو رنگین پنسلیں دیجیے اور ان سے پرندے کے ان حصوں میں رنگ بھروائیے، جن میں پہلی آواز والا حرف یعنی کہ 'پ' لکھا ہے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کو کام جماعت کے سامنے پیش کرنے کی ہدایت دیجیے۔ اگر وقت کم ہو تو کچھ بچے سامنے بُلائیے اور وہ اپنی ورک شیٹ جماعت کے ساتھیوں کو دکھائیں۔ درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو 'پ' کی نظم یاد کر کے آنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ت' کا تعارف

- یہ دن بچوں میں 'ت' متعارف کروانے کا ہے۔ پہلے بچوں سے 'پ' کی نظم سُنیے۔ گزشتہ حرف کے اعادے کے بعد اگلا حرف، یعنی کہ 'ت' پڑھوائیے۔
- تعارف کو دل چسپ بنانے کے لیے بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک پہیلی بوجھیں گے اور بُوجھنے میں آپ سب میری مدد کریں گے۔
- پہیلی: ایک ایسی چیز کا نام بتائیے، جس کے پر رنگین ہوتے ہیں۔ وہ ہمیں بہت خوب صورت لگتی ہے اور پھولوں پر اُڑتی پھرتی ہے۔ (تتلی)
- جو بچے درست جواب دیں، ان کے لیے تالیاں بجوائیے۔ پھر یہ ویڈیو بچوں کو دکھائیے۔ ویڈیو دکھاتے ہوئے آواز بند کر دیجیے کیونکہ یہ انگریزی میں ہے۔ بچوں کو انڈے سے کیڑے اور کیڑے کے بعد تتلی بننے تک کا عمل آسان لفظوں میں ایک کہانی کی طرح بتائیے۔ کہانی سُناتے ہوئے سائنس کی مشکل اصطلاحات استعمال کرنے سے گریز کیجیے۔ صرف یہ بتائیے کہ انڈے سے نکل کر کیڑا ہی تتلی بنتا ہے۔

https://www.youtube.com/watch?v=O1S8WzwLPlM

- بچوں سے پوچھیے کہ انھیں ویڈیو کیسی لگی؟ ویڈیو کے بارے میں چھوٹے چھوٹے سوالات پوچھیے۔
- پھر تربوز کا تصویری فلیش کارڈ دکھا کر اس کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ 'تربوز' کہتے ہوئے / ت / پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز / ت / ہے۔ 'تربوز' کے نام میں شروع کی آواز / ت / ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 10 اور 11 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ت' کی کہانی سُنائیے۔ کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور درست جوابات دینے والے بچوں کو کوئی نہ کوئی انعام بھی دیجیے۔

تابش کے تایا کہاں رہتے تھے؟	تایا اس کے لیے کیا لے کر آتے تھے؟	تابش کیا لینے بازار گیا؟
تابش کے پیچھے پیچھے کون آرہا تھا؟	آپ کو کہانی میں سے سے زیادہ کون پسند آیا؟ اور کیوں؟	آپ کو تربوز کیسا لگتا ہے؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ت' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر مل کر زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ت' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'تے' کی آواز یعنی / ت / متعارف کروائیے۔

  مثلاً: تربوز / ت / تربوز، تتلی / ت / تتلی، تابش / ت / تابش، تین / ت / تین تایا / ت / تایا
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ت' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 18 کا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر 'ت' لکھیے اور بچوں سے اس کا نام اور آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 10 اور 11 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'ت' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے کل کون سا حرف پڑھا تھا؟ نام بتائیے۔
- اس کے بعد بورڈ پر 'ت' لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ اس پر کتنے نقطے ہیں؟ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں کو 'ت' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔ ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلا:
(i) آپ کہیے: "تابش جائے دوڑا دوڑا" ⟵ بچے کہیں: "تربوزوں کے ٹھیلے پر "
(ii) آپ کہیے: "تتلی اس کے پیچھے تھی " ⟵ بچے کہیں: "تین رنگوں کے، اس کے پر "
(iii) آپ کہیے: "تابش بولا، پیسے لے لو" ⟵ بچے کہیں: "میٹھا سا تربوز اک دے دو "

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور اعادہ بھی ہو جائے گا۔
- نظم میں آنے والے 'ت' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 10 اور 11 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'ت' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (تے) اور پھر اس کی آواز (/ ت /) پڑھوائیے۔
- بورڈ پر 'ب'، 'پ' اور 'ت' لکھ کر بچوں کو فرق سمجھائیے۔ حروف کے نام پوچھیے اور ان کی آوازیں زور دے کر ادا کیجیے تاکہ بچے سُن کر / ب /، / پ / اور / ت / کا فرق محسوس کر سکیں۔ انھیں بتائیے کہ 'ب' کے نیچے ایک نقطہ، 'پ' کے نیچے تین نقطے اور 'ت' کے اوپر دو نقطے ہوتے ہیں۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ت' کہاں ہے؟	'تے' کی کیا آواز ہے؟	ٹھیلے والا تابش کو کیا دے رہا ہے؟	
تتلی کہاں ہے؟	تکیہ کہاں ہے؟	تالا کہاں ہے؟	'ت' کی چھوٹی شکل کہاں ہے؟

- 'ت' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ ذخیرہ الفاظ بتائیے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی / ت / کے ساتھ پڑھائیے۔ مثلاً: / ت / تربوز، / ت / تالا، / ت / تکیہ، / ت / تتلی / ت / ترازو۔
- اگر وقت ہو تو 'ت' کی کہانی سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز / ت / ہو۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 19 کا کام کروائیے۔ جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔ جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے / ت / سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو ایسی دو چیزوں کے نام سوچ کر آنے کا کام دیجیے، جو / ت / سے شروع ہوتی ہیں۔

Publishers, Printers & Booksellers

چوتھا دن: حرف 'ت' کی بناوٹ اور لکھائی

- تدریس کا آغاز درسی قاعدے کے صفحہ نمبر 11 پر موجود 'تربیت' میں دی گئی اچھی بات سے کیجیے۔
- بچوں کو گزشتہ روز ایسی دو دو چیزوں کے نام سوچ کر آنے کی ہدایت دی گئی تھی، جو /ت/ سے شروع ہوتی ہیں۔
- پھر بورڈ پر بڑا سا 'ت' لکھیے۔ حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ ان سے پوچھیے کہ اگر ہمیں 'ت' کی چھوٹی شکل چاہیے ہو، تو ہم کیا کریں گے؟ 'ت' کا آدھا حصہ مٹا دیجیے اور بچوں کو کہیے کہ یہ 'ت' کی چھوٹی شکل ہے۔ پانچ سے سات بار حرف کا نام، آواز اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پڑھائیے۔
- درسی قاعدے کا صفحہ نمبر 10 کھلوائیے اور بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں سے 'ت' کی پوری اور چھوٹی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بورڈ پر 'ت' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'ت' کی پوری اور چھوٹی شکل کی نشان دہی بچوں سے کروائیے۔ یاد رکھیے! ابھی بچے الفاظ نہیں پڑھ سکتے۔ اس لیے الفاظ پڑھوانے سے گریز کیجیے۔ صرف 'ت' کی پوری اور چھوٹی شکل کی نشان دہی کروائیے اور اس کی آواز ادا کروائیے۔ بورڈ پر مشق کروانے کے بعد بچوں کو 'ت' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے پوچھیے کہ 'ت' کی پوری اور چھوٹی شکل کہاں ہے؟ بچے انگلی رکھ کے نشان دہی کریں۔

  نوٹ: (آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھائیے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے پر حرف 'ت' کی پوری اور چھوٹی شکل لکھنے کی مشق کروائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 20 کا کام کروائیے۔ آدھے صفحے کا کام جماعت میں کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے بورڈ پر 'ت' کی پوری اور چھوٹی شکل لکھوائیے۔ پھر کتاب کے صفحہ نمبر 11 پر "لسانی مشق" میں دیے گئے سوالات بھی پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 20 کا باقی کا کام گھر سے کرنے کے لیے دیجیے۔

پانچواں دن: حرف 'ت' کی مشق



نمونہ

- یہ دن بچوں کو 'ت' کی مشق اور اعادہ کرانے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- بچوں سے بورڈ پر 'ت' کی پوری اور چھوٹی شکل لکھوانے کی مشق کروائیے۔ حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔
- پھر کچھ بچوں سے /ت/ سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- بچوں کو مل کر 'ت' کی نظم پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر بچوں میں تتلی کے کٹے ہوئے تراشے دیجیے۔

  نوٹ: اساتذہ کرام کی سہولت اور آسانی کے لیے تتلی کے تراشے ساتھ دیے جا رہے ہیں۔



نمونہ

- بچوں کو گروپ میں بٹھائیے اور ہر بچے کو تتلی کا ایک تراشا دیجیے۔ اس کے بعد تتلی کی سجاوٹ بچوں سے کروائیے۔ سجاوٹ کے لیے ہر گروپ میں رنگین بٹن، گوند، رنگین پنسلیں، تارے وغیرہ دیجیے۔ جب بچے اپنی تتلی سجا لیں اور چارٹ کے بنے ہینڈ پر ان کی تتلی لگا دیجیے۔ یہ ہینڈ بچے سر پر پہنیں اور 'تتلی ہوں میں تتلی ہوں' نظم مل کر پڑھیں۔ بچوں کی گروپ فوٹو بھی لیں اور بعد ازاں جماعت میں آویزاں کریں۔ ایسی سرگرمیاں بچوں کے شوق اور سیکھنے کی لگن میں اضافے کی مد میں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے 'ت' سے بننے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو 'ت' کی نظم یاد کر کے آنے کا کام دیجیے۔


(پرنٹنگ کا مواد)

ورک شیٹ (پہلے دن کے لیے)


(اس ورک شیٹ کا پرنٹ لے کر بچوں میں تقسیم کیجیے۔)

/پ/ سے شروع ہونے والی چیزوں کے گرد  بنائیے۔




پرندے کے ان حصوں میں رنگ بھریے، جن میں تصویر کی شروع کی آواز والا حرف موجود ہے۔



(پرنٹنگ کا مواد)

'ت' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (چوتھے دن کے لیے)


(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)

تالا	بات
بھوت	تکیہ
تالاب	تتلی
تین	تربوز

(پرنٹنگ کا مواد)

تتلی کے تراشے (پانچویں دن کے لیے)

(ان خاکوں کے پرنٹ لے کر کاٹ لیجیے اور تراشے بنا کر بچوں سے سرگرمی کروایئے۔)



پہلی ٹرم (چھٹا ہفتہ)

'ٹ' اور 'ث' کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

مقاصد: اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔
- نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔
- 'ٹ' اور 'ث' کا نام، آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔
- /ٹ/ سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔
- 'ٹ' کی مکمل اور چھوٹی شکل درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ٹ' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 13 اور 12)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 21)، ایک ٹوپی، ٹافیاں (بچوں کی تعداد کے مطابق)
- دوسرے دن کے لیے: 'ٹ' کا حرفی فلیش کارڈ، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 13 اور 12)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 22)
- تیسرے دن کے لیے: 'ٹ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 23)
- چوتھے دن کے لیے: رنگین چارٹ، رنگین کریپ پیپر، قینچیاں، گوند، بٹن، پھول، ربن
- پانچویں دن کے لیے: تصویری فلیش کارڈز (مختلف پھلوں کے) موسمی پھل (دو سے تین موسمی پھل لے لیں)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 15 اور 14)، اسپیکر، سی ڈی ('ث' کی نظم)

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ٹ' کی کہانی:

(چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنائیے۔ کہانی سُناتے ہوئے "ٹ" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! ٹنکو اور ٹُوٹُو دو دوست تھے۔ ان کی دوستی میں سب سے اچھی بات یہ تھی کہ وہ دوسروں کے کام آتے اور گھر کے کاموں میں اپنے امی ابو کا ہاتھ بٹاتے تھے۔ بازار سے سودا سلف لانا ہوتا یا پھر صفائی میں امی جان کی مدد کرنی ہوتی، ٹنکو اور ٹُوٹُو ہر وقت تیار رہتے تھے۔ دونوں کی اسی خوبی نے ان کی دوستی کو اور مضبوط کر دیا تھا۔ فارغ وقت میں وہ مل کر کھیلتے اور اسکول کا کام بھی اکٹھے کرتے تھے۔

گرمی کی چُھٹیاں تھیں۔ صبح کا وقت تھا۔ سورج کی روشنی چاروں طرف پھیل چکی تھی۔ ٹنکو کی امی نے اسے بازار سے ٹماٹر لینے بھیجا۔ ٹنکو نے دھوپ سے بچنے کے لیے ٹوپی پہنی اور اپنی ٹرالی لے کر بازار چل پڑا۔ بازار سے اس نے لال لال تازہ ٹماٹر لیے اور اپنی ٹرالی میں رکھ لیے۔ ٹنکو بازار سے واپس آ رہا تھا۔ اچانک اسے ٹُوٹُو جاتا دِکھائی دیا۔ ٹوٹو کے ہاتھ میں ایک ٹوکری تھی اور وہ اپنے دھیان میں مگن چلتا جا رہا تھا۔ ٹنکو چیخا، "ارے ٹُوٹُو! ہٹو! بچو! تمھارے پیچھے ایک ٹرک آ رہا ہے۔" ٹُوٹُو نے فوراً مُڑ کر دیکھا تو واقعی اس کے پیچھے سڑک پر بڑا سا ٹرک آ رہا تھا۔ ٹُوٹُو تیزی سے ایک طرف ہو گیا۔ "زززووووووں۔۔۔۔" ٹرک تیزی سے گُزر گیا۔

ٹوٹو کی جان میں جان آئی تو بولا، "ٹنکو! تمھارا بہت شکریہ! تم نے میری جان بچالی۔" ٹنکو نے کہا، "ارے ٹُوٹُو! دوست ہی تو دوست کے کام آتا ہے۔" دونوں ہنسنے لگے۔ (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے۔)

پہلا دن: حرف 'ٹ' کا تعارف

- یہ دن بچوں میں 'ٹ' متعارف کروانے کا ہے۔ 'ٹ' کے تعارف کو دل چسپ بنایئے۔ تعارف کو دل چسپ بنانے کے لیے بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک مزے دار کھیل کھیلیں گے۔ دو سے تین بچوں کو سامنے بُلایئے۔ ان کی آنکھوں پر پٹی باندھیے یا آنکھوں پر ہاتھ رکھنے کی ہدایت دیجیے تاکہ بچے دیکھ نہ سکے۔ بچوں کو ایک ایک ٹافی کھلایئے۔ بچوں سے کہیے کہ وہ کھا کر ذائقہ محسوس کریں اور اس چیز کا نام بتایئے۔ اگر ایک بچہ درست نہ بوجھ پائے تو کسی دوسرے بچے کو موقع دیجیے۔ یہ سرگرمی بچوں میں شوق اور تجسس کو اُبھارے گی۔ درست جواب دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوایئے۔ بعد ازاں تمام بچوں کو ٹافی کھانے کے لیے دیجیے۔ اس کے ذائقے کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ بچوں کو بتایئے کہ ٹافیاں زیادہ کھانے سے دانت خراب ہوتے ہیں، اس لیے زیادہ نہیں کھانی چاہییں۔
- بچوں کو 'ٹوپی' دکھایئے اور پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ بچے 'ٹوپی' کہیں گے۔ پھر چھوٹے چھوٹے سوالات کی مدد سے تمام بچوں کو بات چیت میں شامل کیجیے، جیسے کہ ٹوپی کیوں پہنتے ہیں؟ آپ کو کیسی ٹوپی پسند ہے؟ (بچے مختلف جوابات دے سکتے ہیں، اس لیے انھیں ٹوکنے کی بجائے حوصلہ افزائی کیجیے۔)
- 'ٹوپی' کہتے ہوئے / ٹ / پر زور دیجیے اور حرف متعارف کروایئے۔ انھیں بتایئے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز / ٹ / اور نام 'ٹے' ہے۔
- بورڈ پر 'ٹ' لکھیے۔ تین سے چار بار 'ٹ' کا نام اور آواز بتایئے اور بچوں کو ساتھ ساتھ دُہرانے کا کہیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھایئے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 12 اور 13 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ٹ' کی کہانی سُنایئے۔ کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور درست جوابات دینے والے بچوں کو انعام دیجیے۔

ٹنکو کے دوست کا کیا نام ہے؟	ان کی دوستی کی سب سے اچھی بات کیا ہے؟	وہ کن کاموں میں کن کا ہاتھ بٹاتے ہیں؟
فارغ وقت میں دونوں کیا کرتے تھے؟	ٹنکو نے دھوپ سے بچنے کے لیے کیا پہنا؟	ٹنکو کی امی نے اسے کیا لینے بازار بھیجا؟
ٹنکو کس میں رکھ کر ٹماٹر لے کر آیا؟	ٹنکو نے ٹوٹو سے کیا کہا؟	ٹُوٹُو نے ٹنکو کا شکریہ کیوں ادا کیا؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ٹ' کی نظم چلایئے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوایئے۔ پھر مل کر زبانی دُہرایئے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ٹ' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'ٹے' کی آواز یعنی / ٹ / متعارف کروایئے۔

مثلاً: ٹنکو / ٹ / ٹنکو، ٹُوٹُو / ٹ / ٹُوٹُو، ٹوکری / ٹ / ٹوکری، ٹرک / ٹ / ٹرک ٹوپی / ٹ / ٹوپی
ٹماٹر / ٹ / ٹماٹر۔

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ٹ' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 21 کا کام کروایئے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے 'ٹ' کی آواز پوچھیے۔ بورڈ پر 'ٹ' لکھیے اور اس کا نام پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 12 اور 13 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ٹ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے کل کون سا حرف پڑھا تھا؟ ہوا میں انگلی سے حرف بنایئے۔
- اس کے بعد بورڈ پر 'ب'، 'پ'، 'ت' اور 'ٹ' لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ ان حروف میں کیا فرق ہے؟ حروف کی آوازیں اور نام پوچھیے۔
- اس کے بعد بچوں کو 'ٹ' کی نظم سُنوایئے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔ ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

مثلاً: آپ کہیے: "دن تھا کتنا اُجلا اُجلا" بچے کہیں: "پہن کے ٹوپی، ٹنکو نکلا "

آپ کہیے: "ٹنکو بولا، ہٹ جاؤ ٹُو ٹُو " بچے کہیں: "آیا پیچھے ٹرک بڑا سا "

آپ کہیے: "ٹوکری لے کے فوراً جاؤ " بچے کہیں: "سارے ٹماٹر گھر پہنچاؤ "

- نظم میں آنے والے 'ٹ' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 12 اور 13 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'ٹ' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (ٹے) اور پھر اس کی آواز (/ ٹ /) پڑھوائیے۔
- بچوں کو 'ت' اور 'ٹ' کا فرق سمجھائیے۔ بورڈ پر ایک جانب 'تربوز' اور دوسری جانب 'ٹوپی' یا 'ٹوکری' بنائیے۔ دونوں کے نام پوچھیے اور شروع کی آوازیں زور دے کر ادا کیجیے تاکہ بچے سُن کر / ت / اور / ٹ / کا فرق محسوس کر سکیں۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ٹ' کہاں ہے؟	کیا 'ٹ' کی بھی چھوٹی شکل ہوتی ہے؟ کہاں ہے؟	سڑک پر کیا ہے؟	
ٹنکو نے سر پر کیا پہن رکھا ہے؟	ٹماٹر کہاں رکھے ہیں؟ اشارہ کیجیے۔	ٹوکری کہاں ہے؟	ٹرالی کہاں ہے؟

- 'ٹ' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ ذخیرہ الفاظ بتائیے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی / ٹ / کے ساتھ پڑھائیے۔

مثلاً: ٹوپی / ٹ / ٹوپی، ٹوکری / ٹ / ٹوکری، ٹماٹر / ٹ / ٹماٹر، ٹرک / ٹ / ٹرک۔

- اگر وقت ہو تو 'ٹ' کی کہانی سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز / ٹ / ہو۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 22 کا کام کروائیے۔ سرگرمیوں کی مشق پہلے بورڈ پر کروائیے، بعد ازاں عملی کتاب پر کام کروائیے۔
- جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے / ٹ / سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو ان کے گھر میں موجود ایسی دو چیزوں کے نام سوچ کر آنے کا کام دیجیے، جو / ٹ / سے شروع ہوتی ہیں۔

تیسرا دن: حرف 'ٹ' کی بناوٹ اور لکھائی

- تدریس کا آغاز درسی قاعدے کے صفحہ نمبر 13 پر موجود 'تربیت' میں دی گئی اچھی بات سے کیجیے۔
- بچوں کو گزشتہ روز ایسی دو دو چیزوں کے نام سوچ کر آنے کی ہدایت دی گئی تھی، جو / ٹ / سے شروع ہوتی ہیں۔
- باری باری مختلف بچوں سے پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے نام بورڈ پر ایک جانب لکھیے۔
- پھر بورڈ پر بڑا سا 'ٹ' لکھیے۔ حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ ان سے پوچھیے کہ اگر ہمیں 'ٹ' کی چھوٹی شکل چاہیے ہو،
- تو ہم کیا کریں گے؟ 'ٹ' کا آدھا حصہ مٹا دیجیے اور بچوں کو کہیے کہ یہ 'ٹ' کی چھوٹی شکل ہے۔
- پانچ سے سات بار حرف کا نام، آواز اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پڑھائیے۔
- درسی قاعدے کا صفحہ نمبر 12 کھلوائیے اور بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو 'ٹ' کی پوری اور چھوٹی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بورڈ پر 'ٹ' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'ٹ' کی پوری اور چھوٹی شکل کی نشان دہی بچوں سے کروائیے۔ یاد رکھیے! ابھی بچے الفاظ نہیں پڑھ سکتے۔ اس لیے الفاظ پڑھوانے سے گریز کیجیے۔ صرف 'ٹ' کی پوری اور چھوٹی شکل کی نشان دہی کروائیے اور اس کی آواز ادا کروائیے۔ بورڈ پر مشق کروانے کے بعد بچوں کو 'ٹ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے پوچھیے کہ 'ٹ' کی مکمل اور چھوٹی شکل کہاں ہے؟ بچے انگلی رکھ کے نشان دہی کریں۔

نوٹ: (آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھایئے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف 'ٹ' کی پوری اور چھوٹی شکل لکھنے کی مشق کروایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 23 کا کام کروایئے۔ آدھے صفحے کا کام جماعت میں کروایئے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے بورڈ پر 'ب، پ، ت، ٹ' کی املا لکھوایئے۔
- گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 23 کا باقی کا کام گھر سے کرنے کے لیے دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'ٹ' کی مشق

- یہ دن بچوں کو 'ٹ' کی مشق اور اعادہ کرانے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- بچوں سے بورڈ پر 'ٹ' کی پوری اور چھوٹی شکل لکھوانے کی مشق کروایئے۔ حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔
- پھر کچھ بچوں سے /ٹ/ سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- بچوں کو مل کر نظم پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر بچوں کو گروپوں میں تقسیم کیجیے۔ ہر گروپ میں رنگین چارٹ پیپر، قینچی، گوند، کریپ پیپر، بٹن، پھول، ربن وغیرہ دیجیے۔ دیے گئے لنک کی مدد سے کاغذ کی ٹوکری بنانے کا طریقہ دیکھیے اور بچوں کو بھی دکھایئے۔ پھر ایک ایک مرحلہ طے کرواتے ہوئے بچوں سے ٹوکریاں تیار کروایئے۔

https://www.youtube.com/watch?v=TKgoNAxihf4

- کچھ گروپ ٹوکری بنائیں اور کچھ کو ٹوپی بنانے کا سامان دیجیے اور انھیں چارٹ پیپر کی ٹوپی بنانے کی ہدایت دیجیے۔ معاونت کے لیے نمونہ جات دیے جا رہے ہیں۔ بچوں کو جیسی ٹوپی یا ٹوکری بنانا آسان لگے، انھیں وہ بنانے دیجیے۔ جہاں مدد اور راہنمائی کی ضرورت ہو، فراہم کیجیے۔


نمونہ


نمونہ


نمونہ


نمونہ

- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کو اپنا کام جماعت کے سامنے پیش کرنے کی ہدایت دیجیے۔ بچوں سے بنائی جانے والی چیز کا نام پوچھیے۔ پھر نام کی پہلی آواز بھی پوچھیے۔ درست بتانے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- گھر کا کام: بچوں کو 'ٹ' کی نظم یاد کر کے آنے کا کام دیجیے۔

پانچواں دن: حرف 'ث' کا تعارف

- یہ دن بچوں میں 'ث' متعارف کروانے کا ہے۔ تعارف کو دل چسپ بنانے کے لیے بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک مزے دار کھیل کھیلیں گے۔ دو سے تین موسمی پھل لے آیئے اور انھیں کاٹ کر کسی پیالے میں ڈال لیجیے۔ دو سے تین بچوں کو بُلایئے۔ ان کی آنکھوں پر پٹی باندھیے یا آنکھوں پر ہاتھ رکھنے کی ہدایت دیجیے تاکہ بچے دیکھ نہ سکیں۔ ہر بچے کو ایک ایک پھل کھلایئے۔ بچوں سے کہیے کہ وہ کھا کر ذائقہ محسوس کریں اور اس چیز کا نام بتائیں۔ اگر ایک بچہ درست نہ بوجھ پائے تو کسی دوسرے بچے کو موقع دیجیے۔ یہ سرگرمی بچوں میں شوق اور تجسس کو اُبھارے گی۔ پھل کا درست نام بتانے والے بچے کے لیے تالیاں بجوایئے۔ بعد ازاں تمام بچوں کو پھل کھانے کے لیے دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو مختلف پھلوں کے تصویری فلیش کارڈ دکھایئے اور ان سے پھلوں کے نام پوچھیے۔ پھلوں کے ذائقے کے بارے میں بات چیت کیجیے۔
- پھر بچوں کو بتایئے کہ تمام پھلوں کو 'ثمر' کہا جاتا ہے۔
- 'ثمر' کہتے ہوئے /ث/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /ث/ اور نام 'ثے' ہے۔

- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھایئے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 14 اور 15 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ث' کی کہانی سُنایئے۔

حرف 'ث' کی کہانی: (چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنایئے۔ کہانی سُناتے ہوئے "ث" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! ثنا اور ثمن دو بہنیں تھیں۔ ثمن بڑی تھی اور ثنا اس سے چھوٹی۔ ویسے تو دونوں اسکول پڑھنے جاتی تھیں۔ لیکن چُھٹی کے دن وہ گھر پر ہوتیں اور سب کے لیے ناشتا بھی خود ہی تیار کرتی تھیں۔ آج اتوار کا دن تھا۔ دونوں بہنیں صبح سویرے اُٹھ گئیں۔ فجر کی نماز پڑھی اور باورچی خانے میں آ گئیں۔ ثمن بولی، "ثنا! آج تو ناشتے میں ثمر کا تازہ جوس پیتے ہیں"۔ ثنا نے کہا، "یہ تو بہت اچھا خیال ہے۔ ثمر ہماری صحت بناتے ہیں۔ آپ ثمر دھوئیے اور میں انڈے بناتی ہوں۔" ثمن نے سارے ثمر پانی سے اچھی طرح دھوئے تاکہ ان پر لگے جراثیم ختم ہو جائیں۔ پھر اس نے ثمر میز پر رکھ دیے۔

ثنا نے فریج کھولا اور انڈے نکالنے لگی۔ اس نے ایک انڈا میز پر رکھا۔ دوسرا انڈا رکھتے ہوئے اس کے ہاتھ سے چُھوٹ گیا۔ دھڑام۔۔۔!!!!! ثابت انڈا زمین پر گرا اور گرتے ہی ٹوٹ گیا۔ "اوہ! معاف کیجیے۔ میرا دھیان کہیں اور تھا" ثابت انڈا ٹوٹنے پر ثنا پریشان ہو گئی۔

ثمن بولی، "کوئی بات نہیں ثنا! فریج سے دوسرا انڈا نکال لو۔" ثنا نے ٹوٹا ہوا انڈا اُٹھا کر کوڑے دان میں ڈالا اور احتیاط سے ایک اور ثابت انڈا فریج سے نکال کر بنانے لگی۔ ثنا نے سوچا کہ آئندہ وہ اپنا ہر کام پوری توجہ اور دھیان سے کرے گی تاکہ ایسے نقصان سے بچ سکے۔ ثنا اور ثمر نے ناشتا تیار کیا اور امی ابو کے ساتھ مل کر مزے مزے سے کھایا۔" (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجایئے۔)

- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

دونوں بہنوں کے نام بتایئے۔	چھوٹی بہن کون تھی؟	ثمن ناشتے میں کس کا جوس پینا چاہتی تھی؟
ثمر کیوں اہم ہیں؟	ثابت انڈا کیسے ٹُوٹا؟	آخر میں ثنا نے کیا سوچا؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ث' کی نظم چلایئے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوایئے۔ پھر مل کر زبانی دُہرایئے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ث' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'ثے' کی آواز یعنی / ث / متعارف کروایئے۔
- مثلاً: ثمر / ث / ثمر، ثابت / ث / ثابت۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ث' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 24 کی پہلی سرگرمی کا کام کروایئے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے 'ث' کی آواز پوچھیے۔ بورڈ پر 'ث' لکھیے اور اس کا نام پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 14 اور 15 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

We Publish Future...
Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)

'ٹ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (تیسرے دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)

ٹنکو	ٹوٹ
ٹوکری	ٹماٹر
کاٹ	ٹرالی
ٹوپی	ٹافی

پہلی ٹرم (ساتواں ہفتہ)

'ث' اور 'ج' کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

مقاصد: اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔
- نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔
- 'ث' اور 'ج' کا نام، آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔
- 'ث' کی مکمل اور چھوٹی شکل درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔
- /ج/ سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔
- 'ب'، 'پ'، 'ت'، 'ٹ' اور 'ث' میں فرق کر سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ث' کی نظم) 'ث' کا حرفی فلیش کارڈ، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 14 اور 15)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 24)
- دوسرے دن کے لیے: ریت کی ٹرے، 'ث' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 26) پلے ڈو، پائپ

تیسرے دن کے لیے: ثمر (موسمی)، بڑا پیالہ، چمچ، چاٹ مصالحہ، لیموں، چینی، چُھری

چوتھے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی، چٹکیاں، تصویری فلیش کارڈز

- پانچویں دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ج' کی نظم)، کھلونا جہاز، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 16 اور 17)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 27)، 'ج' کا فلیش کارڈ

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ج' کی کہانی:

(پانچویں دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! ہر جمعے کو بازار میں جوکر آتا تھا۔ جوکر کے مزے مزے کے کرتب دیکھ کے بچے اس کے گرد اکٹھے ہو جاتے اور خوب تالیاں بجاتے۔

جوکر نے اپنے چہرے پر رنگ کیا ہوتا تھا اور اس کے رنگ بہ رنگ کپڑے بچوں کو بہت دل چسپ لگتے تھے۔ ایسا لگتا تھا جیسے وہ کارٹون کا کوئی کردار ہو۔ جوکر کو بھی بچے بہت پسند تھے۔ وہ انھیں ہنسانے کے لیے ایسے ایسے کرتب دِکھاتا کہ بچے بہت حیران ہوتے۔ ہر طرف سے آوازیں آنے لگتیں، "ایسا کیسے ہو سکتا ہے"، "کوئی ایسا کیسے کر سکتا ہے"۔۔۔۔۔ جوکر کو بچوں کی حیرانی بہت مزہ دیتی تھی۔ کبھی وہ گیندیں ہاتھ میں پکڑ کر اُچھالتا تو کبھی بڑی سی گیند پر خود چڑھ جاتا اور آگے پیچھے جُھومنے لگتا۔ آج بھی جمعے کا دن تھا۔ سب بچے بازار میں بیٹھے جوکر کا انتظار کر رہے تھے۔ جیسے ہی جوکر آیا، بچوں کے چہرے خوشی سے چمکنے لگے۔ لیکن یہ کیا ۔۔۔۔! جوکر تو بہت اداس لگ رہا تھا۔ کسی نے پوچھا، "ارے جوکر بھائی! کیوں اُداس ہو؟"، جوکر اُداسی سے بولا، "مجھے بہت بھوک لگی ہے"۔ جمی جوس والے یہ سُنا تو فوراً پھلوں کا میٹھا میٹھا جوس بنایا اور جوس کا جگ جوکر کو پینے کے لیے دے دیا۔ جوکر نے پیٹ بھر کر جوس پیا اور باقی جوس بچوں کو دے دیا۔ جوکر نے بچوں کو ہوا میں جو تا اُچھالنے کا کرتب دِکھایا۔ سب بچے خوشی سے تالیاں بجانے لگے۔" (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے)

پہلا دن: حرف 'ث' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں سے پوچھیے کہ ہم نے اب تک کون کون سے حروف پڑھے ہیں؟ بچوں سے نام اور آوازیں پوچھیے۔ ہوا میں باری باری تمام حروف لکھوائیے۔
- بچوں کو 'ث' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔ ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلا: آپ کہیے: "صبح کتنی پیاری ہے" بچے کہیں: "کھانے کی تیاری ہے"

آپ کہیے: "ثمن نے ثمر دھو کر رکھے" بچے کہیں: "ثنا بھی لے آئی انڈے"

آپ کہیے: "ثنا کے ہاتھ سے چھوٹ گیا" بچے کہیں: "ثابت انڈا ٹوٹ گیا"

- اس طرح نظم مکمل کروانے کے بعد نظم میں آنے والے 'ث' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 14 اور 15 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'ث' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (ثے) اور پھر اس کی آواز (/ ث /) پڑھوائیے۔
- بچوں کو 'ت' ، 'ٹ' اور 'ث' کا فرق سمجھائیے۔ تینوں حروف میں اوپر نقطے یا 'ط' لگتا ہے۔ بچوں کو ان کی تعداد کے بارے میں بتائیے کہ 'ت' پر دو نقطے، 'ٹ' پر 'ط' اور 'ث' پر تین نقطے لگتے ہیں۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ث' کہاں ہے؟	'ثے' کی کیا آواز ہے؟	'ث' کی چھوٹی شکل کہاں ہے؟
ثابت انڈا کہاں ہے؟	میز پر کیا رکھا ہے؟	/ ث / کس حرف کی آواز ہے؟

- 'ث' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ ذخیرہ الفاظ بتائیے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آ قاز یعنی / ث / کے ساتھ پڑھائیے۔ مثلاً: / ث / ثمر ، / ث / ثابت۔
- اگر وقت ہو تو 'ث' کی کہانی سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز / ث / ہو۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 24 کی دوسری سرگرمی کا کام کروائیے۔ پہلے بچوں سے زبانی سوالات پوچھیے کہ 'ب' کے بعد کون سا حرف آتا ہے؟ وغیرہ۔
- پھر بورڈ پر تحریری مشق کروانے کے بعد عملی قاعدے پر کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے بورڈ پر 'ٹ' کے بعد آنے والا حرف لکھوائیے۔ حرف کی آواز پوچھیے اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بھی پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 25 کا کام کر کے لانے کی ہدایت دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ث' کی بناوٹ اور لکھائی

- بچوں کو مل کر 'ث' کی نظم پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- بورڈ پر 'ث' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'ث' کی مکمل اور چھوٹی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے بینچ پر 'ث' لکھیں۔ لکھتے ہوئے ساتھ ساتھ حرف کی آواز بھی ادا کرتے جائیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھائیے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف 'ث' لکھنے کی مشق کروائیے۔
- پہلے مکمل شکل کی مشق کروائیے، اس کے بعد چھوٹی شکل کی مشق بھی لازمی کروائیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

- گروپوں میں پلے ڈود یجیے اور انھیں ہدایت دیجیے کہ پلے ڈو کو پھیلا لیں، پھر پائپ کی مدد سے اس پر 'ث' کی مکمل اور چھوٹی شکل لکھیں۔
- اساتذہ کرام کو سرگرمی کی واضح تفہیم کے لیے ایک تصویری نمونہ بھی دیا جارہا ہے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 26 کا کام کروائیے۔ آدھے صفحے کا کام جماعت میں کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 15 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 26 کا باقی کا کام گھر سے کرنے کے لیے دیجیے اور بچوں کو کوئی سا ایک ثمر لانے کی ہدایت کیجیے۔



نمونہ

تیسرا دن: حرف 'ث' کی مشق

- درسی قاعدے کے صفحہ نمبر 15 پر 'تربیت' میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔
- بچوں کے لائے گئے ثمر دھو کر میز پر رکھیے اور بچوں سے ہر ثمر کا نام پوچھیے۔ اس کے رنگ اور ذائقے کے بارے میں بات کیجیے۔
- پھر کسی مددگار کی مدد سے پھل کسی بڑے پیالے میں کٹوا لیجیے۔ بچوں کو بتائیے کہ آج ہم ثمر کی مزے دار چاٹ بنانے لگے ہیں۔
- چاٹ بنانے کا سارا سامان میز پر رکھ لیجیے۔ یعنی پیالے میں کٹے ہوئے پھل، لیموں کا رس، چینی، چاٹ مصالحہ اور چمچ۔
- بچوں کو اپنے ارد گرد دائرے کی صورت میں کھڑا کیجیے اور تمام چیزیں باری باری پھلوں میں ڈالیے۔ پھر بچوں کو بھی اس میں چمچ چلانے کی اجازت دیجیے تاکہ انھیں محسوس ہو سکے کہ وہ بھی اس سرگرمی کا حصہ ہیں۔ چاٹ بنوانے کے بعد بچوں کو کھانے کے لیے دیجیے اور ان سے پوچھیے کہ ثمر کی چاٹ انھیں کیسی لگی۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے کس چیز کی چاٹ کھائی ہے؟ وہ 'ثمر' کہیں گے۔ ان سے 'ثمر' کی شروع کی آواز پوچھیے۔ متعلقہ حرف بورڈ پر لکھوائیے۔ 'ث' کی مکمل شکل کے ساتھ ساتھ چھوٹی شکل بھی لکھوائیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو 'ث' کی نظم یاد کرنے کا کام دیجیے۔

چوتھا دن: حروف (ا، آ، ب، پ، ت، ٹ، ث) کا اعادہ

- یہ دن اب تک پڑھائے گئے حروف کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔ اس کے لیے بچوں کو 'ا' سے 'ث' تک تمام حروف کی نظمیں باری باری سُنوائیے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- ہر نظم پڑھنے کے بعد اس میں متعلقہ حرف کے الفاظ کی نشان دہی کروائیے۔ متعلقہ حرف بورڈ پر لکھوائیے۔
- 'ب' 'تا' 'ث' کی چھوٹی شکلیں بھی لکھوائیے۔ پھر سات چٹکیاں لیجیے اور ان پر ایک ایک حرف لکھ دیجیے۔
- تصویری فلیش کارڈ میز پر پھیلائیے اور بچوں کو باری باری بُلا کر ایک چٹکی اُٹھانے اور اس تصویری فلیش کارڈ پر لگانے کو کہیے، جس سے وہ شروع ہوتا ہے۔ مثلاً: حرف 'ا' والی چٹکی 'الماری' کے تصویری فلیش کارڈ پر لگائیے جائے گی۔ سرگرمی کو مؤثر بنانے کے لیے ہر حرف کی چار سے پانچ چٹکیاں تیار کیجیے اور بچوں کے ہاتھ میں جو چٹکی آئے، وہ متعلقہ تصویر کے ساتھ لگائے۔
- اساتذہ کرام کی آسانی کے لیے تصویری فلیش کارڈز ساتھ دیے جارہے ہیں۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے بورڈ پر سات حروف (ا، آ، ب، پ، ت، ٹ، ث) کی املا لکھوائیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو 'ا' سے 'ث' تک حروف سے بننے والی چیزوں کے نام یاد کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔



نمونہ

پانچواں دن: حرف 'ج' کا تعارف

- 'ا' سے 'ث' کا اعادہ کروائیے۔ اگر بچوں کو دقت پیش آرہی ہو تو پانچ سے سات بار ہر حرف کا نام، آواز اور اس سے بننے والی چیزوں کے نام بتائیے۔
- بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک نیا حرف پڑھنے والے ہیں۔ انھیں کھلونا جہاز دکھائیے اور اس کا نام پوچھیے۔
- بچوں سے جہاز کے بارے میں چھوٹے چھوٹے سوالات پوچھیے۔ جیسے کہ کیا کبھی آپ نے جہاز کا سفر کیا ہے؟ کیا آپ نے جہاز اُڑتا دیکھا ہے؟

- جہاز اُڑنے کے آواز نکالیے وغیرہ۔ بچوں سے جوابات لیجیے اور انھیں بتایئے کہ سب سے تیز رفتار سواری جہاز ہے۔ ہمیں دور دراز کا سفر کرنا ہو تو جہاز کی وجہ سے بہت جلدی پہنچ جاتے ہیں۔
- 'جہاز' کہتے ہوئے /ج/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /ج/ اور نام 'جیم' ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھایئے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 16 اور 17 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ج' کی کہانی سُنایئے۔
- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

ہر جمعے کو بازار میں کون آتا تھا؟	جوکر کیسے کرتب دکھاتا تھا؟	بچے بازار میں کس کا انتظار کر رہے تھے؟
جوکر کیوں اُداس تھا؟	جمی نے جوکر کو کس چیز کا جگ پکڑایا؟	آخر میں جوکر نے کون سا کرتب دکھایا؟
آپ کو اس کہانی میں کون سا کردار سب سے زیادہ پسند آیا؟ اور کیوں؟		کیا آپ نے کبھی جوکر کا کرتب دیکھا ہے؟ کیسا لگا؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ج' کی نظم چلایئے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوایئے۔ پھر مل کر زبانی دُہرایئے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ج' کے ذخیرہ الفاظ /ج/ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'جیم' کی آواز یعنی /ج/ متعارف کروایئے۔

مثلاً: جوکر /ج/ جوکر، جوس /ج/ جوس، جمی /ج/ جمی، جہاز /ج/ جہاز جوتا /ج/ جوتا۔

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ج' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 27 کا کام کروایئے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے 'پ' کی آواز پوچھیے۔ بورڈ پر 'پ' لکھیے اور اس کا نام پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 16 اور 17 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔


We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers


(پرنٹنگ کا مواد)

'آ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (چوتھے دن کے لیے)

(ان تصاویر کے رنگین پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈز بنا کر سرگرمی کروایئے۔)















پہلی ٹرم (آٹھواں ہفتہ)

'ج' اور 'چ' کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

مقاصد: اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔
- نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔
- 'ج' اور 'چ' کا نام، آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔
- 'ج' اور 'چ' کی مکمل اور چھوٹی شکل درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔
- تصویر کو متعلقہ حرف سے ملا سکیں گے۔
- /چ/ سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ج' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 16 اور 17)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 28)
- دوسرے دن کے لیے: 'ج' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 29)
- تیسرے دن کے لیے: جیلی، ٹوتھ پک
- چوتھے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('چ' کی نظم) نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 18 اور 19)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 30)، چوزا، ڈبا
- پانچویں دن کے لیے: نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 18 اور 19)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 31)

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا، سمجھا

حرف 'چ' کی کہانی:

(چوتھے دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! ایک چوہا بہت ہوشیار اور سمجھ دار تھا۔ اس چُوہے کی چڑیا کی دوستی ہو گئی۔ چوہا تو ایک بِل میں رہتا تھا لیکن چڑیا کچھ دُور ایک درخت پر گھونسلے میں رہتی تھی۔ دونوں صبح صبح اپنے لیے کھانا تلاش کرنے نکلتے اور شام کو واپس آتے۔ دونوں ایک دوسرے کے کام آتے اور بیٹھ کر بہت سی اچھی اچھی باتیں بھی کرتے۔ چڑیا اُسے بتاتی کہ وہ آسمان میں اُڑتی ہے تو کیسے نظارے دیکھتی ہے اور چوہا اسے زمین کے بارے میں بتاتا رہتا۔ ایک بار ایسا ہوا کہ دن بھر بارش ہوتی رہی۔ چڑیا اپنے گھونسلے میں دُبکی بیٹھی بارش رُکنے کا انتظار کرنے لگی۔ اُسے کھانا تلاش کرنے جانا تھا لیکن وہ بارش میں باہر نہیں جا سکتی تھی۔ دن ڈھل گیا اور رات ہو گئی۔ آسمان پر چاند تارے نکل آئے تھے۔ اب بارش رُک چکی تھی لیکن اندھیرے میں آخر چڑیا کہاں جاتی۔ اُسے بہت بھوک لگی تھی اور وہ فکر مند تھی کہ اب کھانا کیسے کھائے۔ اچانک اُسے اپنے ننھے دوست چُوہے کی یاد آئی۔ وہ اُڑی اور چُوہے کے پاس پہنچ کر بولی، "چوہے بھائی! مجھے بہت بھوک لگی ہے۔" چُوہا ترکیب سوچنے لگا کہ چڑیا کی مدد کیسے کی جائے۔ چڑیا بولی، "کیوں نہ کچن سے کھانے کے لیے کچھ لایا جائے؟"، چوہا بولا، "کچن کے دروازے پر تو تالا لگا ہے۔" اچانک چڑیا کی نظر چابی پر پڑی۔ "چڑیا بولی، "چُوہے بھائی! چابی اُٹھاؤ اور کچن کا تالا کھول لو تو بات بن سکتی ہے۔" چوہے نے جلدی سے چابی اُٹھائی اور تالا کھول دیا۔ واہ! وہاں تو بہت ساری چینی رکھی تھی۔ چڑیا کے منہ میں پانی آ گیا۔ وہ جلدی سے چمچ لے آئی اور پھر دونوں نے مل کر چینی کھائی۔ آخر میں چڑیا نے چوہے کا شکریہ ادا کیا۔"

پہلا دن: حرف 'ج' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وعلیکم السلام' کہنا چاہیے۔
- بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ پڑھنی چاہیے۔
- بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے کل کون سا حرف پڑھا تھا؟ نام بتائیے۔
- اس کے بعد بورڈ پر 'ج' لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ اس میں کتنے نقطے ہیں؟ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں کو 'ج' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔ ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلاً: آپ کہیے: "جو کر آیا، جو تالایا" بچے کہیں: "اور جمی نے جوس بنایا"

آپ کہیے: "بچوں کا تو دل للچایا" بچے کہیں: "اوپر سے جہاز غُرایا"

آپ کہیے: "جمی نے پھر باری باری" بچے کہیں: "جُوس کا جگ سب کو پکڑایا"

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور اعادہ بھی ہو جائے گا۔
- نظم میں آنے والے 'ج' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 16 اور 17 کھلوائیے اور انھیں انگلی پھیرتے ہوئے 'ج' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (جیم) اور پھر اس کی آواز (/ج/) پڑھوائیے۔ بچوں کو بتائیے کہ یہ پیٹ والا حرف ہے۔ اس جیسے تین اور حروف بھی ہیں جو آپ آگے پڑھیں گے۔
- بچوں کو اپنے قاعدے پر تصویر غور سے دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ج' کہاں ہے؟	'ج' کی کیا آواز ہے؟	'ج' کی چھوٹی شکل کہاں ہے؟	جوس کہاں رکھا ہے؟
جو کرنے کیا اُٹھا رکھا ہے؟	جگ کہاں ہے؟	جہاز کہاں ہے؟	بچے کیا دیکھ کر خوش ہو رہے ہیں؟

- 'ج' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کی آواز کے ساتھ ذخیرہ الفاظ پڑھائیے۔

مثلاً: /ج/ جہاز، /ج/ جو کر، /ج/ جگ، /ج/ جوس /ج/ جو تا۔

- اگر وقت ہو تو 'ج' کی کہانی سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز /ج/ ہو۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 28 کی پہلی سرگرمی کا کام کروائیے۔ پہلے بورڈ پر مشق کراویئے، بعد ازاں بچوں سے قاعدے پر کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے /ج/ سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو /ج/ سے شروع ہونے والی کسی چیز کی تصویر لانے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ج' کی بناوٹ اور لکھائی

- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے ان کی شروع کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

جو تا	بکری	پتنگ	جگ	جو تا	ثمر

- بورڈ پر 'ج' لکھیے۔ مکمل شکل کے ساتھ اس کی چھوٹی شکل بھی لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- بچوں کو بتائیے کہ حرف 'ج' کی پوری اور چھوٹی شکل کی آواز ایک جیسی ہے، یعنی /ج/۔

Aqsa Online Publishers, Printers & Booksellers

- بورڈ پر 'ج' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'ج' کی پوری اور چھوٹی شکل کی نشان دہی کیجیے۔
- اچھی طرح سمجھانے کے بعد بچوں کو 'ج' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے لفظوں میں موجود 'ج' کی پوری اور چھوٹی شکل پوچھیے۔ بچے لفظ پڑھ تو نہیں سکتے لیکن لفظ میں 'ج' کی شکل پہچان سکتے ہیں۔ اس لیے لفظ پڑھانے سے قطعی گریز کیجیے اور بچوں کو ہدایت دیجیے کہ لفظ میں اس جگہ انگلی رکھ کر نشان دہی کریں جہاں انھیں 'ج' کی مکمل یا چھوٹی شکل نظر آئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'ج' کی مکمل اور چھوٹی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے ایک دوسرے کی ہتھیلی پر 'ج' لکھیں۔ اس کے بعد دوسری ہتھیلی پر اس کی چھوٹی شکل لکھیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھائیے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف لکھنے کی مشق کروائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 29 پر 'ج' کی مکمل شکل لکھنے کا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 17 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 29 پر 'ج' کی چھوٹی شکل لکھنے کا کام دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'ج' کی مشق

- یہ دن STEAM(Science Technology Engineering Arts Mathematics) کے لیے مختص کیا جارہا ہے۔
- اس تدریسی منصوبہ بندی کو حرف 'ج' کے لیے انجینئرنگ کے پہلو پر تشکیل دیا جارہا ہے۔
- سب سے پہلے صفحہ نمبر 17 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ اسکول آنے سے پہلے اپنے جوتے پالش کرنے چاہییں۔
- ان سے پوچھیے کہ کون کون اپنے جوتے پالش کر کے اسکول آتا ہے؟ ہاتھ کھڑا کریں۔ جو بچے مثبت جواب دیں، ان کے لیے تالیاں بجوائیے تاکہ باقی بچوں کو بھی اس کی ترغیب مل سکے۔
- بچوں کی دل چسپی میں اضافے کے لیے ایک پہیلی پوچھیے۔ درست اور سب سے پہلے جواب دینے والے بچے کو کوئی انعام دیجیے۔

پہیلی: "/ج/ سے شروع ہونے والی اس چیز کا نام بتائیے جو آپ پاؤں میں جوتے کے اندر پہنتے ہیں۔" (جُراب)

- سی ڈی کے ذریعے 'ج' کی نظم کا اعادہ کروائیے۔ بعد ازاں بچے زبانی پڑھیں۔
- بچوں کو گروپوں میں تقسیم کیجیے۔ میز پر جیلی اور ٹوتھ پک دی گئی ترتیب سے رکھیے۔ بچوں کو جیلی اور ٹوتھ پِک کی مدد سے بلاک بنانے کا طریقہ سِکھائیے۔
- مشق کروانے کے بعد بچوں سے بلاک بنوائیے اور بلاکس ایک دوسرے پر رکھ کر عمارت بنوائیے۔
- اساتذہ کرام کی آسانی اور سہولت کے لیے سرگرمی کی تصاویر مرحلہ وار دی جارہی ہیں۔




نمونہ 1



نمونہ 2



نمونہ 3



نمونہ 4

- جانچ: "جیلی" کی شروع کی آواز پوچھیے۔ "جلیبی" کی شروع کی آواز پوچھیے۔
- گھر کا کام: 'ج' کی نظم یاد کرنے کا کام دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'چ' کا تعارف

- یہ دن بچوں میں 'چ' متعارف کروانے کا ہے۔ تعارف کو دل چسپ بنانے کے جماعت میں ایک چوزا لے جائیے۔ چوزا کسی ڈبے میں رکھیے۔
- بچوں سے کہیے کہ وہ اندازہ لگائیں کہ اس ڈبے میں کیا ہو سکتا ہے؟ بچے 'چُوں چُوں' سے اندازا لگا سکتے ہیں۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔ پھر چوزے کو باہر نکالیے۔ اس کا نام پوچھیے۔ پھر پوچھیے کہ چوزا کیسے بولتا ہے؟ سب بچے مل کر 'چُوں چُوں' کریں۔
- 'چوزا' کہتے ہوئے /چ/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /چ/ ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 18 اور 19 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'چ' کی کہانی سُنائیے۔ کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور درست جوابات دینے والے بچوں کو انعام دیجیے۔

چوہے کی دوستی کس سے ہوئی؟	چڑیا کا دوست کون تھا؟	چڑیا کھانا کھانے گھونسلے سے باہر کیوں نہ جا سکی؟
رات کو آسمان پر کیا نظر آتا ہے؟	چڑیا نے چُوہے کے پاس جا کر کیا کہا؟	چُوہے نے چڑیا کو کیا جواب دیا؟
چُوہے نے دروازے کا تالا کیسے کھولا؟	کچن میں کیا رکھا تھا؟	چڑیا چینی کھانے کے لیے کیا لے کر آئی؟
چڑیا نے چُوہے کا شکریہ کیوں ادا کیا؟	کیا آپ دوسروں کی مدد کرتے ہیں؟	کیا آپ دوسروں کو شکریہ کہتے ہیں؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'چ' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر مل کر زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'چ' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'چے' کی آواز یعنی /چ/ متعارف کروائیے۔

مثلاً: چوہا/چ/ چوہا، چڑیا/چ/چڑیا، چینی/چ/ چینی، چابی/چ/چابی، چمچ/چ/چمچ، چاند/چ/چاند۔

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'چ' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 30 کا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے 'چ' کی آواز پوچھیے۔ بورڈ پر 'چ' لکھیے اور اس کا نام پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 18 اور 19 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

پانچواں دن: حرف 'چ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے کل کون سا حرف پڑھا تھا؟ ہوا میں انگلی سے حرف بنائیے۔
- بورڈ پر 'ج' اور 'چ' لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ ان دونوں حروف میں کیا فرق ہے؟ دونوں کی آوازیں، نام اور نقطوں کی تعداد پوچھیں۔
- اس کے بعد بچوں کو 'چ' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔ ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلاً: آپ کہیے: "چڑیا بولی، چُوہے بھائی" بچے کہیں: "کتنی ہو گئی رات"

آپ کہیے: "چابی اُٹھاؤ، کچن میں جاؤ" بچے کہیں: "مانو میری بات"

آپ کہیے: "چُوہے نے پھر چابی اُٹھائی" بچے کہیں: "چڑیا بھی چمچ لے آئی"

آپ کہیے: "دونوں نے پھر چینی کھائی" بچے کہیں: "اور مل کر یہ دُھن بجائی"

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور اعادہ بھی ہو جائے گا۔
- نظم میں آنے والے 'چ' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 18 اور 19 کھلوائیے اور انھیں انگلی پھیرتے ہوئے 'چ' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔

- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (چے) اور پھر اس کی آواز (/چ/) پڑھوایئے۔
- بچوں کو بتایئے کہ 'ج' کے پیٹ میں ایک نقطہ اور 'چ' کے پیٹ میں تین نقطے ہوتے ہیں۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتایئے کہ 'چ' کہاں ہے؟	'چے' کی کیا آواز ہے؟	'چ' کی چھوٹی شکل کہاں ہے؟	
چڑیا اور چوہا کہاں ہیں؟	چابی کہاں ہے؟	تار پر کیا ہے؟	آسمان پر کیا ہے؟

- 'چ' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھایئے اور حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔ ذخیرہ الفاظ بتایئے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی /چ/ کے ساتھ پڑھایئے۔
مثلاً: /چ/ چوہا، /چ/ چڑیا، /چ/ چینی، /چ/ چابی، /چ/ چمچ، /چ/ چاند، /چ/ چادر۔
- اگر وقت ہو تو 'چ' کی کہانی سنایئے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز /چ/ ہو۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 31 کا کام کروایئے۔ جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے /چ/ سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو ایسی دو چیزوں کے نام سوچ کر آنے کا کام دیجیے، جو /چ/ سے شروع ہوتی ہیں۔

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)

'ج' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (دوسرے دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)

آج	جوتا
فوج	تاج
جُراب	جوکر
جوس	جہاز

Aquitaine
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)	
'چ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (پانچویں دن کے لیے) (ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)	
چوہا	چڑیا
چال	پانچ
نوچ	چپ
چمچ	چابی

Aqualine
We Publish Future...
Publishers, Printers & Booksellers

'چ' اور 'ح' کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

مقاصد: اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔
- نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔
- 'چ' اور 'ح' کا نام، آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔
- /ح/ سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔
- 'چ' اور 'ح' کی مکمل اور چھوٹی شکل درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 18 اور 19)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 32)، ریت یا نمک کی ٹرے، پلے ڈو، پائپ
- دوسرے دن کے لیے: ورک شیٹ
- تیسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ح' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 20 اور 21)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 33)، حلوا، چمچ، ڈسپوزیبل گلاس، آنکھوں پر باندھنے کے لیے پٹی (دو یا تین)
- چوتھے دن کے لیے: نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 20 اور 21)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 34)، 'ح' کا حرفی فلیش کارڈ
- پانچویں دن کے لیے: نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 20 اور 21)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 35)، ریت یا نمک کی ٹرے

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا، سمجھنا

حرف 'ح' کی کہانی:

(تیسرے دن سُنانے کے لیے)

"پیارے بچو! حمزہ اور حامد کے گھر کے پاس ایک حلوائی تھا۔ حلوائی کا حلوا اتنا مزے دار تھا کہ اس حلوے کو کھانے کے لیے دُور دُور سے لوگ آتے۔ حلوائی بھی حلوا بنانے کے لیے بہت محنت کرتا اور جب حلوا بناتا تو اس کی میٹھی میٹھی خوشبو پورے بازار میں پھیل جاتی۔ ہر ایک کا دل چاہتا کہ وہ فوراً جا کر مزے دار سوجی کا حلوا لائے اور بس کھاتا ہی جائے۔ اس حلوائی کے پاس ایک حکیم اور ایک حجام کی دُکان بھی تھی۔ حجام سے لوگ بال کٹوانے آتے تو حلوائی کا حلوا کھائے بغیر نہ رہ پاتے۔ اسی طرح حکیم صاحب سے لوگ علاج کروانے آتے تو ان کا بھی بہت دل للچاتا۔ دیکھتے ہی دیکھتے حلوائی کی دُکان مشہور ہو گئی۔ حلوا بنتے ہی رش لگ جاتا اور کچھ ہی دیر میں حلوا ختم ہو جاتا تھا۔

ایک دن حلوائی نے حلوا بنایا ہی تھا کہ حمزہ تھالی لے کر فوراً بازار پہنچا اور حلوا لے کر کھانے لگا۔ شُکر ہے آج رش نہیں تھا۔ حامد حجام کے پاس بیٹھا بال کٹوا رہا تھا۔ حمزہ کو حلوا کھاتے دیکھ کر اس سے رہا نہ گیا۔ وہ بولا، "بھائی! ذرا جلدی سے میرے بال کاٹ دیں۔ ایسا نہ ہو کہ رش ہو جائے اور سارا حلوا ختم ہو جائے۔" حامد کی بات سُن کر حجام ہنس پڑا اور جلدی سے بال کاٹ کر حامد سے بولا، "لو حامد! اب جاؤ اور جلدی سے جا کر مزے دار حلوا کھاؤ، اور ہاں! میرے لیے حلوا لانا ہر گز مت

بھولنا۔ "حامد مُسکرایا اور حلوا کھانے چلا گیا۔ دونوں کو حلوا کھاتے دیکھ کر حکیم کا بھی دل للچانے لگا۔ لیکن وہ اپنی دُکان چھوڑ کر اُٹھ بھی نہیں سکتا تھا۔ حمزہ نے ایک تھالی میں حلوا لیا اور حکیم صاحب کو دے آیا۔ حکیم صاحب حمزہ کی نیکی پر خوش ہوئے اور اسے بہت سی دُعائیں بھی دیں۔" (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے۔)

پہلا دن: حرف 'چ' کی بناوٹ اور لکھائی

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وعلیکم السلام' کہنا چاہیے۔
- بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ پڑھنی چاہیے۔
- ہر روز سبق پڑھانے سے قبل اس عمل کو دُہرائیے تاکہ بچے سلام کرنا، اس کا جواب دینا اور ہر کام شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ پڑھنا سیکھ جائیں۔
- بچوں کو مل کر 'چ' کی نظم پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- بورڈ پر 'چ' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب کا صفحہ نمبر 18 اور 19 کھلوائیے اور 'چ' کی مکمل اور چھوٹی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے بینچ پر 'چ' لکھیں۔ لکھتے ہوئے ساتھ ساتھ حرف کی آواز بھی ادا کرتے جائیں۔ /چ/، /چ/، /چ/، /چ/، /چ/۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھائیے اور ہر گروپ میں ریت یا نمک کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف 'چ' لکھنے کی مشق کروائیے۔ نمونہ ساتھ دیا جا رہا ہے۔



نمونہ

- پہلے مکمل شکل کی مشق کروائیے، اس کے بعد چھوٹی شکل کی مشق بھی لازمی کروائیے۔
- گروپوں میں پلے ڈو دیجیے اور انھیں ہدایت دیجیے کہ پلے ڈو کو پھیلا لیں، پھر پائپ کی مدد سے اس پر 'چ' کی مکمل اور چھوٹی شکل لکھیں۔
- اساتذہ کرام کو سرگرمی کی واضح تفہیم کے لیے ایک تصویری نمونہ بھی دیا جا رہا ہے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 32 کا کام کروائیے۔ آدھے صفحے کا کام جماعت میں کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 19 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔



نمونہ

- گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 32 کا باقی کا کام گھر سے کرنے کے لیے دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'چ' کی مشق

- یہ دن بچوں کو 'چ' کی مشق اور اعادہ کرانے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- بچوں سے بورڈ پر 'چ' کی پوری اور چھوٹی شکل لکھوانے کی مشق کروائیے۔ حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔
- پھر کچھ بچوں سے /چ/ سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- بچوں کو مل کر نظم پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر ورک شیٹ تقسیم کرنے سے پہلے بورڈ پر مشق کروائیے۔
- پہلی سرگرمی کے لیے بچوں سے پوچھیے کہ /چ/ سے کون کون سی چیزیں بنتی ہیں؟
- 'چڑیا' کی شروع کی آواز پوچھیے۔ بورڈ پر اب تک پڑھے گئے حروف لکھیے اور پوچھیے کہ 'چڑیا' کی شروع کی آواز والا حرف کون سا ہے؟ بچوں سے اس حرف کے گرد دائرہ لگوائیے۔ پھر ورک شیٹ دیجیے اور بچوں کو گروپوں میں بٹھا کر پہلی سرگرمی کروائیے۔ بچوں کو رنگین پنسلیں دیجیے اور ان سے متعلقہ حرف والے خانوں میں رنگ بھروائیے۔
- دوسری سرگرمی کے لیے بچوں سے پوچھیے کہ تصویر کس چیز کی ہے؟ بچے 'چادر' کہیں گے۔ ان سے پوچھیے کہ چادر کی شروع کی آواز کیا ہے؟
- پہلی آواز والے حرف کا نام پوچھیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ کیا ورک شیٹ پر آپ کو متعلقہ حرف نظر آ رہا ہے؟ حرف کو تصویر سے ملائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں کو کام جماعت کے سامنے پیش کرنے کی ہدایت دیجیے۔ اگر وقت کم ہو تو کچھ بچے سامنے بُلائیے اور وہ اپنی ورک شیٹ جماعت کے ساتھیوں کو دکھائیں۔ درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو 'چ' کی نظم یاد کر کے آنے کا کام دیجیے۔

We Publish Future... Publishers Printers & Booksellers

تیسرا دن: حرف 'ح' کا تعارف

- یہ دن بچوں میں 'ح' متعارف کروانے کا ہے۔ گزشتہ حرف کے اعادے کے بعد اگلا حرف، یعنی کہ 'ح' پڑھوایئے۔ پہلے بچوں سے 'چ' کی نظم سُنیے۔
- بورڈ پر 'چ' لکھوایئے۔ اس کی آواز اور نام پوچھیے۔ اس حرف سے بننے والی چیزوں کے نام بھی پوچھیے۔
- تعارف کو دل چسپ بنانے کے لیے بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک مزے دار چیز کھانے والے ہیں۔ آپ نے مل کر اس چیز کا نام بتانا ہے۔
- بچوں کے تجسس میں اضافے کے لیے کچھ بچوں کو سامنے بُلایئے اور ان کی آنکھوں پر پٹی باندھ دیجیے۔ حلوا پہلے سے تیار کر کے جماعت میں لے جایئے۔
- اس طرح کی سرگرمیاں بچوں کو بہت پسند آتی ہیں۔ آنکھوں پر پٹی باندھنے کے بعد بچوں کو حلوے کی ایک ایک چمچ کھلایئے اور انھیں ہدایت دیجیے کہ چیز کھانے کے بعد اس کے ذائقے کو محسوس کریں اور نام بُوجھیں۔ سب سے پہلے درست جواب دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- حلوا ڈسپوزیبل گلاسوں میں ڈالیے اور چمچ رکھ کر ہر بچے کو کھانے کے لیے دیجیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'چمچ' کی شروع کی آواز کیا ہے؟
- 'حلوا' کہتے ہوئے /ح/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /ح/ ہے۔ بورڈ پر 'ح' لکھیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھایئے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 20 اور 21 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ح' کی کہانی سُنایئے۔ کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور درست جوابات دینے والے بچوں کو کوئی نہ کوئی انعام بھی دیجیے۔

حمزہ اور حامد کے گھر کے پاس کس کی دُکان تھی؟	لوگ دُور دُور سے کیا کھانے آتے تھے؟ اور کیوں؟	حلوائی کے پاس کس کس کی دُکان تھی؟
لوگ بال کٹوانے کس کے پاس آتے تھے؟	لوگ علاج کے لیے کس کے پاس آتے تھے؟	حمزہ نے کیا نیکی کی؟
حکیم صاحب نے حمزہ کو دُعائیں کیوں دیں؟	آپ کو کہانی کیسی لگی؟ کون سا کردار سب سے زیادہ پسند آیا؟	آپ کو کون سا حلوا زیادہ پسند ہے؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ح' کی نظم چلایئے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوایئے۔ پھر مل کر زبانی دُہرایئے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ح' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'ح' کی آواز یعنی /ح/ متعارف کروایئے۔

مثلاً: حلوا/ح/ حلوا، حلوائی/ح/حلوائی، حجام/ح/حجام، حکیم/ح/حکیم، حمزہ/ح/حمزہ، حامد/ح/حامد۔

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ح' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 33 کا کام کروایئے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر 'ح' لکھیے اور بچوں سے اس کا نام اور آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 20 اور 21 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'ح' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے کل کون سا حرف پڑھا تھا؟ نام بتایئے۔
- اس کے بعد بورڈ پر 'ح' لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ اس پر کتنے نقطے ہیں؟ (جواب: کوئی نقطہ نہیں ہے)
- درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- اس کے بعد بچوں کو 'ح' کی نظم سُنوایئے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔ ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلاً: آپ کہیے: "حمزہ آیا، تھالی لایا" بچے کہیں: "حلوائی سے حلوا کھایا"

آپ کہیے: "اس کو حلوا کھاتے دیکھ کے" بچے کہیں: "حکیم کا بھی دل للچایا"

آپ کہیے: "حجام بولا، حامد جاؤ" بچے کہیں: "جا کے تُم بھی حلوا کھاؤ"

We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

- نظم میں آنے والے 'ح' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 20 اور 21 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'ح' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (حے) اور پھر اس کی آواز (/ح/) پڑھوائیے۔
- بورڈ پر 'ج'، 'چ' اور 'ح' لکھ کر بچوں کو فرق سمجھائیے۔ حروف کے نام پوچھیے اور ان کی آوازیں زور دے کر ادا کیجیے تاکہ بچے سُن کر /ج/ ، /چ/ اور /ح/ کا فرق محسوس کر سکیں۔ انھیں بتائیے کہ 'ج' کے پیٹ میں ایک نقطہ، 'چ' کے پیٹ میں تین نقطے اور 'ح' پر کوئی نقطہ نہیں ہوتا۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ح' کہاں ہے؟	'حے' کی کیا آواز ہے؟	حمزہ کہاں ہے؟ اس کی تھالی میں کیا ہے؟
حکیم کی دُکان کہاں ہے؟	حجام کہاں ہے؟	'ح' کی چھوٹی شکل کہاں ہے؟

- 'ح' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ ذخیرہ الفاظ بتائیے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی /ح/ کے ساتھ پڑھائیے۔
مثلاً: /ح/ حلوا، /ح/ حلوائی، /ح/ حکیم، /ح/ حجام، /ح/ حجامت۔
- بچوں کو بتائیے کہ بال کٹوانا 'حجامت کروانا' کہلاتا ہے۔ اس کی شروع کی آواز بھی /ح/ ہے۔
- اگر وقت ہو تو 'ح' کی کہانی سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز /ح/ ہو۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 34 کی پہلی اور دوسری سرگرمی کا کام کروائیے۔ جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے /ح/ سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 34 کی تیسری سرگرمی کر کے لانے کی ہدایت دیجیے۔

پانچواں دن: حرف 'ح' کی بناوٹ اور لکھائی

- تدریس کا آغاز درسی قاعدے کے صفحہ نمبر 21 پر موجود 'تربیت' میں دی گئی اچھی بات سے کیجیے۔
- پھر بورڈ پر بڑا سا 'ح' لکھیے۔ حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ ان سے پوچھیے کہ اگر ہمیں 'ح' کی چھوٹی شکل چاہیے ہو، تو ہم کیا کریں گے؟
- 'ح' کا آدھا حصہ مٹا دیجیے اور بچوں کو کہیے کہ یہ 'ح' کی چھوٹی شکل ہے۔ پانچ سے سات بار حرف کا نام، آواز اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پڑھائیے۔ درسی قاعدے کا صفحہ نمبر 20 کھلوائیے اور بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں سے 'ح' کی پوری اور چھوٹی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بورڈ پر 'ح' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'ح' کی پوری اور چھوٹی شکل کی نشان دہی بچوں سے کروائیے۔ یاد رکھیے! ابھی بچے الفاظ نہیں پڑھ سکتے۔ اس لیے الفاظ پڑھوانے سے گریز کیجیے۔ صرف 'ح' کی پوری اور چھوٹی شکل کی نشان دہی کروائیے اور اس کی آواز ادا کروائیے۔ بورڈ پر مشق کروانے کے بعد بچوں کو 'ح' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے پوچھیے کہ 'ح' کی پوری اور چھوٹی شکل کہاں ہے؟ بچے انگلی رکھ کے نشان دہی کریں۔


نوٹ: (آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھائیے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے پر حرف 'ح' کی پوری اور چھوٹی شکل لکھنے کی مشق کروائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 35 کا کام کروائیے۔ آدھے صفحے کا کام جماعت میں کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے بورڈ پر 'ح' کی پوری اور چھوٹی شکل لکھوائیے۔ پھر کتاب کے صفحہ نمبر 21 پر "لسانی مشق" میں دیے گئے سوالات بھی پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔ گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 35 کا باقی کا کام گھر سے کرنے کے لیے دیجیے۔

(پرنٹنگ کا مواد)

ورک شیٹ (دوسرے دن کے لیے)

(اس ورک شیٹ کا پرنٹ لے کر بچوں میں تقسیم کیجیے۔)



'چڑیا' کی شروع کی آواز والے حرف میں رنگ بھریے۔

چ ث چ چ پ ٹ ج آ چ ت ب چ

تصویر کا نام بتائیے اور درست حرف سے ملائیے۔



ث چ ا ب ت چ چ آ چ چ ٹ چ

(پرنٹنگ کا مواد)	
'ح' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (پانچویں دن کے لیے) (ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)	
حوض	لوح
حکیم	حامد
حمزہ	صبح
حلوا	حلوائی

'خ' اور 'دُہرائی' کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

مقاصد: اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔
- نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔
- 'خ' کا نام، آواز اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔
- /خ/ سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔
- 'خ' کی مکمل اور چھوٹی شکل درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔
- 'ا' تا 'خ' حروف پہچان سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('خ' کی نظم) نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 23 اور 22)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 36)، کھلونا خرگوش
- دوسرے دن کے لیے: 'خ' کا حرفی فلیش کارڈ، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 23 اور 22)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 37)
- تیسرے دن کے لیے: 'خ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 38)
- چوتھے دن کے لیے: کمپیوٹر، اسپیکر، 'خ' کی مکمل اور چھوٹی شکل کے کارڈز (بچوں کی تعداد کی مناسبت سے)، 'ج، چ، ح' کی مکمل اور چھوٹی شکل کے کارڈز (یہ کارڈز 'خ' کی نسبت کم رکھے جائیں)، ٹافیاں
- پانچویں دن کے لیے: نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 2 تا 23)

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'خ' کی کہانی:

(چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنائیے۔ کہانی سُناتے ہوئے "خ" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

" خاور کے نانا نانی اور خالہ ایک گاؤں میں رہتے تھے۔ خاور کو گاؤں جانا بہت پسند تھا۔ جب بھی گرمیوں کی چھٹیاں ہوتیں، وہ اپنے امی ابو کے ساتھ گاؤں ضرور جاتا۔ گاؤں میں لوگ طرح طرح کی سبزیاں اور پھل اُگاتے تھے۔ وہاں خربوزوں کے کھیت تھے اور خوبانی کے درخت بھی لگے تھے۔ خاور اپنے خالو جان کے ساتھ کھیتوں کی سیر کے لیے جاتا تو درخت سے تازہ خوبانیاں توڑ کر گھر لاتا اور مزے سے کھاتا۔ وہ سوچتا تھا کہ اُسے کہیں سے بہت سارا خزانہ مل جائے تو وہ خوبانیوں کے باغ خرید لے گا۔ خود بھی خوبانی کھائے گا اور دوسروں کو بھی دیا کرے گا۔ اس کی ایسی باتیں سُن کر گھر والے بہت ہنستے تھے۔ اس بار خاور جب گاؤں آیا تو درختوں پر لگی خوبانی ابھی پک کر تیار نہیں تھی۔ وہ بہت اُداس ہوا اور کچھ ہی دنوں میں واپس اپنے گھر لاہور آ گیا۔ چھٹیاں بھی ختم ہو چکی تھیں۔ ایک دن وہ اسکول سے گھر واپس آیا تو دیکھا امی جان کے ہاتھ میں کچھ ہے۔ وہ ایک خط تھا، جو خالہ جان نے اسے بھیجا تھا۔ خط میں لکھا تھا، "پیارے خاور! خوبانیاں پک کر تیار ہیں۔ بہت سارے پیار کے ساتھ میٹھی میٹھی خوبانیاں اور خربوزے تمھیں بھیج رہی ہوں۔ اب اُداس مت ہونا۔ تمھاری خالہ ۔" اب خاور کی اُداسی ایک دم غائب ہو چکی تھی۔ اس نے مزے مزے سے خوبانیاں کھائیں اور رات بھر خواب میں خزانہ دیکھتا رہا۔ اوہو! بھئی خوبانی کے باغ جو خریدنے تھے ۔ "(بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے۔)

پہلا دن: حرف 'خ' کا تعارف

- یہ دن بچوں میں 'خ' متعارف کروانے کا ہے۔ 'خ' کے تعارف کو دل چسپ بنائیے۔ تعارف کو دل چسپ بنانے کے لیے بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک مزے دار کھیل کھیلیں گے۔ دو سے تین بچوں کو سامنے بُلائیے۔ ان کی آنکھوں پر پٹی باندھیے یا آنکھوں پر ہاتھ رکھنے کی ہدایت دیجیے تاکہ بچے دیکھ نہ سکے۔
- کھلونا خرگوش کسی کپڑے سے ڈھانپ دیجیے۔ بچوں سے کہیے کہ وہ باری باری اسے چُھوئیں اور محسوس کر کے بتائیں کہ یہ کون سا جانور ہے؟
- بچوں کی مدد کے لیے چھوٹے چھوٹے اشارے دیجیے۔ جیسے: "یہ گاجر کھاتا ہے۔ اس کے سامنے کے ساتھ تھوڑے بڑے ہوتے ہیں۔ یہ بہت تیز بھاگتا ہے۔"
- اگر پھر بھی بچے نہ بوجھ پائیں تو انھیں کہیے کہ اس جانور کا نام / خ / سے شروع ہوتا ہے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- بچوں کو کھلونا خرگوش دکھائیے اور ان سے اس کے بارے میں بات چیت کیجیے۔
- 'خرگوش' کہتے ہوئے / خ / پر زور دیجیے اور حرف 'خ' متعارف کروائیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کا نام 'خے' اور آواز / خ / ہے۔
- بورڈ پر بڑا سا 'خ' لکھیے۔ تین سے چار بار 'خ' کا نام اور آواز بتائیے اور بچوں کو ساتھ ساتھ دُہرانے کا کہیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 22 اور 23 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'خ' کی کہانی سُنائیے۔ کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور درست جوابات دینے والے بچوں کو انعام دیجیے۔

گاؤں میں کون رہتا تھا؟	گاؤں میں کس پھل کے کھیت تھے؟	خاور خزانے سے کیا خریدنا چاہتا تھا؟
خاور گاؤں جا کر کیوں اُداس ہوا؟	امی جان کے ہاتھ میں کیا تھا؟	خالہ جان نے خط کے ساتھ کیا بھیجا تھا؟
خاور رات بھر خواب میں کیا دیکھتا رہا؟	آپ کو خربوزہ کھانا کیسا لگتا ہے؟	اگر آپ کو بہت سارا خزانہ مل جائے تو آپ اس کا کیا کریں گے؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'خ' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر مل کر زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'خ' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'خ' کی آواز یعنی / خ / متعارف کروائیے۔

مثلاً: خاور / خ / خاور، خالہ / خ / خالہ، خالو / خ / خالو، خربوزہ / خ / خربوزہ، خط / خ / خط
خزانہ / خ / خزانہ، خواب / خ / خواب۔

نوٹ: لفظ 'خواب' کا درست تلفظ 'خاب' ہے۔ اس لیے اسے 'خواب' مت پڑھیے۔ بچوں کو درست تلفظ بتانا نہایت ضروری ہے۔

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'خ' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 36 کا کام کروائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے 'خ' کی آواز پوچھیے۔ بورڈ پر 'خ' لکھیے اور اس کا نام پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 22 اور 23 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'خ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے کل کون سا حرف پڑھا تھا؟ ہوا میں انگلی سے حرف بنائیے۔
- اس کے بعد بورڈ پر 'ج'، 'ح' اور 'خ' لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ ان حروف میں کیا فرق ہے؟ حروف کی آوازیں اور نام پوچھیے۔
- اس کے بعد بچوں کو 'خ' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔

We Publish Future...
Publishers, Printers & Booksellers

- ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلاً: آپ کہیے: "خاور کب خربوزہ کھائے" بچے کہیں: "بس خوبانی چھوڑ نہ پائے "

آپ کہیے: "خالہ کا خط اس کو آئے " بچے کہیں: "پڑھے بغیر وہ سو نہ پائے "

آپ کہیے: "پڑھتے پڑھتے جب سو جائے " بچے کہیں: "/خ/ خزانہ خواب میں آئے"

- نظم میں آنے والے 'خ' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 22 اور 23 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'خ' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (خے) اور پھر اس کی آواز (/خ/) پڑھوائیے۔
- بچوں کو 'ح' اور 'خ' کا فرق سمجھائیے۔ بورڈ پر ایک جانب 'حلوا' اور دوسری جانب 'خربوزہ' بنائیے۔ دونوں کے نام پوچھیے اور شروع کی آوازیں زور دے کر ادا کیجیے تاکہ بچے سُن کر /ح/ اور /خ/ کا فرق محسوس کر سکیں۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'خ' کہاں ہے؟	کیا 'خ' کی بھی چھوٹی شکل ہوتی ہے؟ کہاں ہے؟	خرگوش کہاں ہے؟ اشارہ کیجیے۔	
خاور کیا کر رہا ہے؟	خربوزہ کہاں ہے؟	خوبانی کہاں ہے؟	خط کہاں ہے؟

- 'خ' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ ذخیرہ الفاظ بتائیے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی /خ/ کے ساتھ پڑھائیے۔

مثلاً: /خ/خربوزہ، /خ/خوبانی، /خ/خط، /خ/خزانہ، /خ/خرگوش، /خ/خواب۔

- اگر وقت ہو تو 'خ' کی کہانی سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز /خ/ ہو۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 37 کا کام کروائیے۔ سرگرمیوں کی مشق پہلے بورڈ پر کروائیے، بعد ازاں عملی کتاب پر کام کروائیے۔
- جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے /خ/ سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔
- کچھ بچوں سے پوچھیے کہ 'ج' کے بعد کون سا حرف آتا ہے؟ 'ح' کے بعد کون سا حرف آتا ہے؟
- گھر کا کام: بچوں کو ان کے گھر میں موجود ایسی دو چیزوں کے نام سوچ کر آنے کا کام دیجیے، جو /خ/ سے شروع ہوتی ہیں۔

تیسرا دن: حرف 'خ' کی بناوٹ اور لکھائی

- تدریس کا آغاز درسی قاعدے کے صفحہ نمبر 23 پر موجود 'تربیت' میں دی گئی اچھی بات سے کیجیے۔
- بچوں کو گزشتہ روز ایسی دو دو چیزوں کے نام سوچ کر آنے کی ہدایت دی گئی تھی، جو /خ/ سے شروع ہوتی ہیں۔
- باری باری مختلف بچوں سے پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے نام بورڈ پر ایک جانب لکھیے۔
- پھر بورڈ پر بڑا سا 'خ' لکھیے۔ حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ ان سے پوچھیے کہ اگر ہمیں 'خ' کی چھوٹی شکل چاہیے ہو،
- تو ہم کیا کریں گے؟ 'خ' کا آدھا حصہ مٹا دیجیے اور بچوں کو کہیے کہ یہ 'خ' کی چھوٹی شکل ہے۔
- پانچ سے سات بار حرف کا نام، آواز اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پڑھائیے۔
- درسی قاعدے کا صفحہ نمبر 22 کھلوائیے اور بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو 'خ' کی پوری اور چھوٹی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بورڈ پر 'خ' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'خ' کی پوری اور چھوٹی شکل کی نشان دہی بچوں سے کروائیے۔

Aamir Publishers, Printers & Booksellers

- یاد رکھیے! ابھی بچے الفاظ نہیں پڑھ سکتے۔ اس لیے الفاظ پڑھوانے سے گریز کیجیے۔ صرف 'خ' کی پوری اور چھوٹی شکل کی نشان دہی کروایئے اور اس کی آواز ادا کروایئے۔ بورڈ پر مشق کروانے کے بعد بچوں کو 'خ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے پوچھیے کہ 'خ' کی مکمل اور چھوٹی شکل کہاں ہے؟ بچے انگلی رکھ کے نشان دہی کریں۔

نوٹ: (آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھایئے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف 'خ' کی پوری اور چھوٹی شکل لکھنے کی مشق کروایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 38 کا کام کروایئے۔ آدھے صفحے کا کام جماعت میں کروایئے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے بورڈ پر 'ج، چ، ح، خ' کی املا لکھوایئے۔
- گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 38 کا باقی کا کام گھر سے کرنے کے لیے دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'خ' کی مشق

- یہ دن بچوں کو 'خ' کی مشق اور اعادہ کرانے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- کمپیوٹر اور اسپیکر کی مدد سے بچوں کو 'خرگوش' کے کارٹون دکھایئے۔ لنک ساتھ دیا جارہا ہے۔
https://www.youtube.com/watch?v=fPlLyyY1Omw
- کارٹون دِکھانے کے بعد بچوں سے اس کے بارے میں چھوٹے چھوٹے سوالات پوچھیں۔ جیسے کہ پرندے کی مدد کس نے کی؟ آپ کو کون سا کردار سب سے زیادہ اچھا لگا؟ کیوں اچھا لگا؟ آپ کو کارٹون دیکھنا کیسا لگا؟ وغیرہ۔
- بچوں سے پوچھیے کہ کارٹون میں آنے والے 'خرگوش' کی شروع کی آواز کیا ہے؟ (بچے / خ / کہیں گے۔) پھر ان سے / خ / کی آواز والے حرف کا نام پوچھیے۔ بورڈ پر 'خ' لکھ دیجیے۔ اس کی چھوٹی شکل بچوں سے لکھوایئے۔
- اس کے بعد بچوں کو گروپوں میں بٹھایئے اور ہر گروپ میں 'خ' کی مکمل اور چھوٹی شکل کے کارڈز کو غیر متعلقہ کارڈز میں ملا کر دیجیے۔ بچوں کو ہدایت دیجیے کہ ان کارڈوں میں سے 'خ' کے کارڈ تلاش کریں اور پھر چھوٹی شکل کے کارڈ بھی نکالیں۔ ہر بچہ ایک ایک سیٹ بنائے۔ یعنی ہر بچہ 'خ' کی مکمل اور چھوٹی شکل کا کارڈ نکال کر سامنے رکھے۔
- جانچ: جانچ کے لیے ہر میز کا جائزہ لیجیے۔ ہر بچے کا کام دیکھیے۔ درست حرف نکالنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے اور انعام میں ٹافی بھی دیجیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو 'خ' کی نظم یاد کر کے آنے کا کام دیجیے۔

پانچواں دن: حروف 'ا' تا 'خ' کا اعادہ

- یہ دن اب تک پڑھائے گئے حروف کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- بچوں سے پوچھیے کہ اب تک پڑھی گئی نظموں میں سے کون سی نظم انھیں سب سے زیادہ پسند آئی ہے؟
- ان کی پسندیدہ نظمیں سی ڈی کی مدد سے چلایئے۔ ہر نظم کے بعد پوچھیے کہ یہ کس حرف کی نظم ہے؟ حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ حرف سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بھی پوچھیے۔ پھر نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 2 تا 23) کھلوایئے اور باری باری ہر حرف پڑھوایئے۔
- بورڈ پر 'ا' تا 'خ' حروف کچھ یوں لکھیے کہ کچھ حروف کی جگہ خالی چھوڑ دیجیے۔ یہ خالی جگہ بچوں سے پُر کروایئے۔
- حروف کی چھوٹی شکلیں بھی لکھوایئے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے بورڈ پر 'ا' تا 'خ' کی املا لکھوایئے اور ہر حرف سے بننے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔
- گھر کا کام: بچوں کو 'ا' سے 'خ' تک حروف سے بننے والی چیزوں کے نام یاد کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

We Publish Future... Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)

'خ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (تیسرے دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)

خاور	خربوزہ
شاخ	خواب
خوبانی	فراخ
یخ	خط

دوسری ٹرم (پہلا ہفتہ)

'د' اور 'ڈ' کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

مقاصد: اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔
- نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔
- 'د' اور 'ڈ' کا نام، آواز اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔
- /د/ اور /ڈ/ سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔
- 'د' اور 'ڈ' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔
- 'د' اور 'ڈ' میں فرق کر سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('د' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 24 اور 25)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 39)، 'د' کی کہانی
- دوسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('د' کی نظم)، 'د' کا حرفی فلیش کارڈ، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 24 اور 25)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 39)
- تیسرے دن کے لیے: نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 24 اور 25)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 40)، ریت یا نمک کی ٹرے، 'د' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز
- چوتھے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ڈ' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 26 اور 27)، 'ڈ' کا حرفی فلیش کارڈ، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 41)، 'ڈ' کی کہانی
- پانچویں دن کے لیے: نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 26 اور 27)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 42)، ریت یا نمک کی ٹرے، 'ڈ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ڈ' کی کہانی:

(چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنائیے۔ کہانی سُناتے ہوئے "ڈ" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! علی ایک بہت اچھا بچہ تھا۔ وہ اپنی بہن ماریہ سے بھی بہت پیار کرتا تھا۔ ایک دن دونوں بہن بھائی کھیل رہے تھے۔ اچانک علی کا پاؤں پھسلا اور علی سیڑھیوں سے گر گیا۔ اس کی ٹانگ پر چوٹ آئی۔ علی کو ہسپتال لایا گیا۔ ڈاکٹر صاحب نے علی کی ٹانگ کا معائنہ کیا اور اس کی پٹی کر دی۔ اتنے میں ماریہ اپنے بھائی علی کے لیے ڈبے میں ڈبل روٹی لے کر آئی۔ علی کی امی نے ڈول میں دودھ بھر کر بھیجا۔ دونوں بہن بھائی نے ملک کر دودھ اور ڈبل روٹی کھائی۔ علی نے دیکھا کہ دروازے پر ڈاکیا بھی آیا ہے۔ وہ ڈاکٹر صاحب کے لیے ضروری ڈاک لایا ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے ڈاکیے سے ڈاک وصول کی اور اپنے آفس میں چلے گئے۔ شام کو ڈاکٹر نے علی کو ڈسچارج کر دیا۔ علی اور ماریہ گھر واپس آ گئے۔ (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے۔)

Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

پہلا دن: حرف 'د' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰہِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'س' متعارف کروانے کا ہے۔ بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک نیا حرف پڑھنے والے ہیں۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجس کو بڑھائیے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ آج ہم کس چیز کا نام اور کام جانے گے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔ اشارے: یہ ایک چیز ہے۔ یہ ہر کمرے میں لگا ہوتا ہے۔ اس کے بغیر ہم کمرے میں داخل نہیں ہو سکتے۔ یہ لکڑی یا لوہے کا بنا ہوتا ہے۔ اس میں تالا بھی لگتا ہے۔
- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور کمرہ جماعت کے دروازے کی طرف اشارہ کریں۔ بچوں کو 'دروازہ' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے دروازے کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ کس کے گھر کس رنگ کا دروازہ ہے؟ کیا ان کے گھر لکڑی کا دروازہ ہے؟ کیا کسی نے پرانے زمانے کے دروازہ دیکھا ہے؟
- 'دروازہ' کہتے ہوئے / د / پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز / د / اور نام 'دال' ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 24 اور 25 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'د' کی کہانی سُنائیے۔

حرف 'د' کی کہانی: (چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنائیے۔ کہانی سُناتے ہوئے "د" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! دانش کی امی صبح صبح اٹھی، وہ ناشتہ بنانے کے لیے دودھ والے دانیال کا انتظار کر رہی تھی۔ اچانک دروازے پر دستک ہوئی۔ دانیال نے گھر کی دیوار کے پاس درخت کے قریب اپنا دودھ والا ڈول رکھا اور اس میں سے دانش کی امی کو دودھ برتن میں ڈال کر دیا۔ دانش کی امی نے ناشتہ بنایا اور سب نے مل کر ناشتہ کھایا۔ دانش کی امی نے دانش کو کہا، بیٹا ہمارے گھر کی دیوار چھوٹی ہے۔ اس کی مکمل کروادو۔ دانش درزی کا کام کرتا تھا۔ دانش نے کہا، امی جان آج کل دکان میں بہت سے کپڑے سلائی کے لیے آئیں ہیں۔ جیسے ہی ان کو مکمل کر کے دوں گا۔ پیسے آئے گے تو دیوار کو مکمل کروادوں گا۔ کچھ دنوں تک دانش نے اپنی درزی کی دکان میں گاہکوں کے کپڑے سلائی کر کے دیے دیئے۔ اس کے پاس پیسے آئے تو اس نے اپنی امی کی بات مانی اور دیوار مکمل کروادی۔ بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے۔)

- پھر قاعدے کے صفحہ نمبر 24 اور 25 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'د' کی کہانی سُنائیے۔ کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے:

دانش کی امی کس کا انتظار کر رہی تھی؟	دودھ والے نے دودھ کا ڈول کہاں رکھا؟	امی نے صبح کیا بنایا؟
امی نے دانش کو کیا مکمل کروانے کا کہا؟	دانش کیا کام کرتا تھا؟	دانش کے پاس پیسے کیسے آئے؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'د' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'د' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'دال' کی آواز یعنی / د / متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (دال) بھی بتائیے۔
  مثلاً: درخت / د / درخت، دروازہ / د / دروازہ، درزی / د / درزی، دیگچی / د / دیگچی۔
- بچوں کو حرف 'د' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتائیے۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'د' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر 'د' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'د' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرائیے۔
- عملی کتاب کے صفحہ نمبر 39 پر موجود پہلی سرگرمی کی مشق کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے 'د' کی آواز پوچھیے۔ بورڈ پر 'د' لکھیے اور اس کا نام پوچھیے۔ درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 24 اور 25 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'د' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں سے پوچھیے کہ ہم نے اب تک کون کون سے حروف پڑھے ہیں؟ بچوں سے نام اور آوازیں پوچھیے۔ ہوا میں 'د' لکھوایئے۔
- بچوں کو 'د' کی نظم سُنوایئے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔
- نظم میں آنے والے 'د' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوایئے۔
- ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلاً: (i) آپ کہیے: "دانش درزی کی کیا بات" (ii) بچے کہیں: "کرے وہ محنت دن اور رات "

(iii) آپ کہیے: "گرمی دیکھے نہ وہ سردی" (iv) بچے کہیں: "اچھے کپڑے سیتا درزی "

(v) آپ کہیے: "پاس دُکان کے اِک دروازہ " (vi) بچے کہیں: "اور درخت ہے، جسے راجا"

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- نظم میں آنے والے 'د' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوایئے۔ اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 24 اور 25 کھلوایئے اور انھیں انگلی رکھ کر 'د' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ پڑھواتے ہوئے پہلے نام (دال) اور پھر اس کی آواز (/ د /) پڑھوایئے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتایئے کہ 'د' کہاں ہے؟	'دال' کی کیا آواز ہے؟	کپڑے کون سی رہا ہے؟	
امی جان کیا لے رہی ہیں؟	دودھ کہاں ہیں؟	درخت کہاں ہے؟	دیگچی میں دودھ کون ڈال رہا ہے؟

- 'د' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھایئے اور حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔ ذخیرہ الفاظ بتایئے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی / د / کے ساتھ پڑھایئے۔

مثلاً: / د / دیوار، / د / دروازہ، / د / دُکان، / د / درخت / د / درزی، / د / دُودھ

- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 39 موجود دونوں سرگرمیوں کا کام کروایئے۔
- اگر وقت ہو تو 'د' کی کہانی ایک بار پھر سُنایئے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز / د / ہو۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 39 کا کام کروایئے۔ جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے / د / سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو اپنے گھر میں موجود کسی ایسی چیز کا نام سوچ کر آنے کا کام دیجیے، جو / د / سے شروع ہوتی ہے۔

تیسرا دن: حرف 'د' کی بناوٹ اور لکھائی

- سب سے پہلے صفحہ نمبر 25 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتایئے۔ انھیں بتایئے کہ صبح اُٹھ کر اور رات کو سونے سے پہلے دانت ضرور صاف کیجیے۔
- ان سے پوچھیے کہ کون کون صبح اور رات کو سونے سے پہلے دانت صاف کرتا ہے؟ ہاتھ کھڑا کریں۔ جو بچے مثبت جواب دیں، ان کے لیے تالیاں بجوایئے تاکہ باقی بچوں کو بھی اس طرح دانت صاف کرنے کے تلقین کیجیے۔
- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے ان کی شروع کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

دانت	درزی	دن	داخل	دادا	داغ

- بورڈ پر 'د' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔

We Publish, Future...
Publishers, Printers & Booksellers

- بورڈ پر 'د' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'د' کی شکل کی نشان دہی بچوں سے کروایئے۔ یاد رکھیے! ابھی بچے الفاظ نہیں پڑھ سکتے۔ اس لیے الفاظ پڑھوانے سے گریز کیجیے۔ صرف 'د' کی نشان دہی کروایئے اور اس کی آواز ادا کروایئے۔ بورڈ پر مشق کروانے کے بعد بچوں کو 'د' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے پوچھیے کہ 'د' کہاں ہے؟

نوٹ: (آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'د' کی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے بینچ پر 'د' لکھیں۔ لکھتے ہوئے ساتھ ساتھ حرف کی آواز بھی ادا کرتے جائیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھایئے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف 'د' لکھنے کی مشق کروایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 40 کا کام کروایئے۔ آدھے صفحے کا کام جماعت میں کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 25 پر "لسانی مشق" کے سوالات دوبارہ پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 40 کا باقی کا کام گھر سے کرنے کے لیے دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'ڈ' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتایئے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ڈ' متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک نیا حرف پڑھنے والے ہیں۔ ایک ڈبّا کمرہ جماعت میں لے جایئے اور اسے کسی کپڑے سے ڈانپ دیجیے۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجس کو بڑھایئے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ اس کپڑے میں کیا ہے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔

اشارے: یہ ایک چیز ہے۔ اس میں ہم اپنی ضروری چیزیں رکھتے ہیں۔ یہ گتے کا بنا ہوا ہوتا ہے۔ اس کا وزن بہت کم ہوتا ہے اور یہ مختلف سائز میں مل جاتا ہے۔

- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے اور کپڑے سے ڈبا نکالیے۔ بچوں کو 'ڈبّا' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے ڈبّا کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ کس کس کے پاس ڈبّا ہے؟ اور اس میں کون سی چیزیں رکھی ہوئی ہیں؟
- 'ڈبّا' کہتے ہوئے /ڈ/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /ڈ/ اور نام 'ڈال' ہے۔
- پھر قاعدے کے صفحہ نمبر 26 اور 27 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ڈ' کی کہانی سُنایئے۔
- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے:

دونوں بہن بھائی کیا کر رہے تھے؟	علی کا پاؤں کہاں سے پھسلا؟	علی کو کہاں چوٹ آئی؟
ماریہ علی کے کھانے کے لیے کیا کیا لائی؟	دودھ کس میں پڑا تھا؟	ڈاکٹر سے ملنے کون آیا تھا؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ڈ' کی نظم چلایئے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوایئے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرایئے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ڈ' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'ڈال' کی آواز یعنی /ڈ/ متعارف کروایئے۔ حرف کا نام (ڈال) بھی بتایئے۔

مثلاً: ڈاکیا /ڈ/ ڈاکیا، ڈبّا /ڈ/ ڈبّا، ڈاکٹر /ڈ/ ڈاکٹر ڈاک /ڈ/ ڈاک، ڈبل روٹی /ڈ/ ڈبل روٹی

- بچوں کو حرف 'ڈ' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتایئے۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ڈ' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروایئے۔
- بچوں کو کتاب پر 'ڈ' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'ڈ' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرایئے۔

Aquarius Publishers, Printers & Booksellers

- عملی کتاب کے صفحہ نمبر 41 پر موجود سرگرمی کی مشق کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 17 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 26 اور 27 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

پانچواں دن: حرف 'ڈ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف، بناوٹ اور لکھائی

- بچوں سے پوچھیے کہ ہم نے اب تک کون کون سے حروف پڑھے ہیں؟ بچوں سے نام اور آوازیں پوچھیے۔ ہوا میں 'د' اور 'ڈ' لکھوائیے۔
- بچوں کو 'ڈ' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔
- نظم میں آنے والے 'ڈ' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلاً: (i) آپ کہیے: "علی کو ہوا ہے تیز بُخار" (ii) بچے کہیں: "کھایا اس نے کھٹّا اچار"

(i) آپ کہیے: "ڈاکٹر صاحب آئے ہیں" (ii) بچے کہیں: "دوا بھی ساتھ میں لائے ہیں"

(iii) آپ کہیے: "اتنے میں ڈاکیا بھی آیا" (iv) بچے کہیں: "ڈاکٹر صاحب کی ڈاک لایا"

(v) آپ کہیے: "ماریہ ڈبّا لے کر آئی" (vi) بچے کہیں: "ڈبل روٹی تازہ منگوائی"

(vii) آپ کہیے: "علی سنو! اب نہ کھانا اچار" (viii) بچے کہیں: "ورنہ ہو جائے گا پھر سے بُخار"

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- نظم میں آنے والے 'ڈ' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 26 اور 27 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'ڈ' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ پڑھواتے ہوئے پہلے نام (ڈال) اور پھر اس کی آواز (/ڈ/) پڑھوائیے۔
- بچوں کو 'د' اور 'ڈ' کا فرق سمجھائیے۔ بورڈ پر ایک جانب دروازہ اور دوسری جانب ڈبّا بنائیے۔ دونوں کے نام پوچھیے اور شروع کی آوازیں زور دے کر ادا کیجیے تاکہ بچے سُن کر /د/ اور /ڈ/ کا فرق محسوس کر سکیں۔ انھیں بتائیے کہ /ڈ/ کی آواز /د/ سے تھوڑی موٹی ہوتی ہے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ڈ' کہاں ہے؟	'ڈال' کی کیا آواز ہے؟	ڈبے کی طرف کون دیکھ رہا ہے؟	
ماریا پلیٹ میں کیا رکھ رہی ہے؟	ڈول کہاں ہے؟	ڈاکٹر صاحب کیا کر رہے ہیں؟	ڈاکیا کے ہاتھ میں کیا ہے؟

- 'ڈ' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ ذخیرہ الفاظ بتائیے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی /د/ کے ساتھ پڑھائیے۔

مثلاً: /ڈ/ ڈاکٹر، /ڈ/ڈول، /ڈ/ڈاکیا، /ڈ/ ڈاک /ڈ/ ڈبل روٹی، /ڈ/ڈبّا

- اس کے بعد صفحہ نمبر 27 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ کوڑا ہمیشہ کوڑے کے ڈبّے میں ڈالیے۔
- ان سے پوچھیے کہ کون کون ریپر اور کوڑا کوڑے دان میں ڈالتا ہے؟ ہاتھ کھڑا کریں۔ جو بچے مثبت جواب دیں، ان کے لیے تالیاں بجوائیے تاکہ باقی بچوں کو بھی فالتو چیزیں، ریپر، کوڑا وغیرہ کو کوڑے کے ڈبّے میں ڈالنے کی تلقین کیجیے۔
- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے ان کی شروع کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

ڈانٹ — ڈانٹ — ڈبی — ڈنڈا — ڈر — ڈالا

- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 42 پر موجود دوسری سرگرمی کا کام کروایئے۔
- بورڈ پر 'ڈ' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔
- بورڈ پر 'ڈ' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'ڈ' کی شکل کی نشان دہی بچوں سے کروایئے۔ یاد رکھیے! ابھی بچے الفاظ نہیں پڑھ سکتے۔ اس لیے الفاظ پڑھوانے سے گریز کیجیے۔ صرف 'ڈ' کی نشان دہی کروایئے اور اس کی آواز ادا کروایئے۔ بورڈ پر مشق کروانے کے بعد بچوں کو 'ڈ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے پوچھیے کہ 'ڈ' کہاں ہے؟

نوٹ: (آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'ڈ' کی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے بینچ پر 'ڈ' لکھیں۔ لکھتے ہوئے ساتھ ساتھ حرف کی آواز بھی ادا کرتے جائیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھایئے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف 'ڈ' لکھنے کی مشق کروایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 42 کا کام کروایئے۔ جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے /ڈ/ سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو اپنے گھر میں موجود کسی ایسی چیز کا نام سوچ کر آنے کا کام دیجیے، جو /ڈ/ سے شروع ہوتی ہے۔

(پرنٹنگ کا مواد)

'د' اور 'ڈ' کا حرفی فلیش کارڈز (دوسرے اور چوتھے دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)

د	ڈ

Aqsa Nature... Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)

'د' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (تیسرے دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)

درخت	دروازہ
درزی	دُکان
دن	دعا
دانش	دُودھ

(پرنٹنگ کا مواد)

'ڈ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (پانچویں دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)

ڈاکٹر	ڈول
ڈبل روٹی	ڈاک
ڈاکیا	ڈبّا
ڈنڈا	ڈبی

'ذ' اور 'ر' کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

مقاصد: اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔
- نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔
- 'ذ' اور 'ر' کا نام، آواز اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔
- /ذ/ اور /ر/ سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔
- 'ذ' اور 'ر' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔
- 'ذ' اور 'ر' میں فرق کر سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ذ' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 28 اور 29)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 43)، 'ذ' کی کہانی
- دوسرے دن کے لیے: نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 28 اور 29)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 44)، ریت یا نمک کی ٹرے، 'ذ' کا حرفی اور الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز
- تیسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ر' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 30 اور 31)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 45)، 'ر' کی کہانی
- چوتھے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ر' کی نظم)، 'ر' کا حرفی فلیش کارڈ، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 30 اور 31)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 45)
- پانچویں دن کے لیے: نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 30 اور 31)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 46)، ریت یا نمک کی ٹرے، 'ر' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ر' کی کہانی:

(تیسرے دن سُنانے کے لیے)

(چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنائیے۔ کہانی سناتے ہوئے "ر" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! ردا اپنے بھائی رمضان اور رفیق کے ساتھ باغ میں کھیلنے گئی۔ اس نے وہاں پر رسا کشی کی۔ باغ کے پاس ایک ریچھ کرتب دیکھا رہا تھا۔ اس کے مالک رضوان نے اسے رسی سے باندھا ہوا تھا۔ ریچھ کے کرتب اور ڈانس سے لوگ ریچھ کے مالک رضوان کو پیسے دیتے اور یوں رضوان اپنے گھر والوں کا پیٹ پالتا تھا۔ ریچھ صرف اپنے مالک رضوان کی بات مانتا تھا۔ ایک دفعہ رضوان نے ریچھ کو ریل کی پٹری کے قریب باندھ دیا اور خود کھانا لینے چلا گیا۔ اتنے میں ریل چھک چھک کرتی شور مچاتی ہوئی نظر آئی۔ ریچھ ریل کی پٹری کے درمیان بیٹھ گیا۔ ریل کے ڈرائیور ریحان نے دیکھا کہ ریل کی پٹری کے درمیان ریچھ بیٹھا ہے اس نے بہت ہارن بجائے کہ کوئی ریچھ کو پٹری سے ہٹائے۔ ریچھ کا اس کے مالک رضوان کے علاوہ کوئی نہیں ہٹا سکتا تھا۔ اتنے میں باغ میں راشد رکشے میں آیا اور اس نے تمام صورت حال کا جائزہ لیا۔ اس کے پاس روٹی تھی۔ اس نے روٹی ریچھ کے سامنے کی ریچھ بھوکا تھا۔ روٹی دیکھ کر وہ پٹری سے اٹھ کھڑا ہوا اور پیٹری سے نیچے آکر

روٹی کھانے لگا۔ اس طرح راشد نے ریچھ کو زخمی ہونے سے بچالیا۔ رضوان جب آیا تو اس نے راشد کا شکریہ ادا کیا کیونکہ اس ریچھ کی وجہ سے ہی رضوان کے گھر کا معاملات چلتے ہیں۔(بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجایئے۔)

پہلا دن: حرف 'ذ' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتایئے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ذ' متعارف کروانے کا ہے۔
- تعارف کو دل چسپ بنانے کے لیے بچوں سے سوالات پوچھنے کی سرگرمی کیجیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ کیا انھوں نے گندم، چاول اور دالیں دیکھی ہیں؟ گندم سے ہم کیا حاصل کرتے ہیں؟ چاول کے دانے کیسے ہوتے ہیں؟ چاول کس رنگ کے ہوتے ہیں؟
- اگر ایک بچہ درست نہ بوجھ پائے تو کسی دوسرے بچے کو موقع دیجیے۔ یہ سوالات پوچھنے کی سرگرمی بچوں میں شوق اور تجسس کو اُبھارے گی۔ درست جواب (آٹا، چاول، لمبے، باریک اور سفید رنگ) دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوایئے۔ بعد ازاں تمام بچوں کو گندم، چاول اور دالوں کے بارے میں بتایئے اور ساتھ ان سب کے تصویری فلیش کارڈ بھی دیکھایئے۔
- بچوں سے پوچھیے کہ ہم گندم اور چاول کس چیز میں ڈالتے ہیں؟ گندم، چاول اور دالوں کے دانوں کو کیا کہتے ہیں؟
- بچوں کے جواب کا انتظار کیجیے۔ درست جواب (بوری اور ذرّات) دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- 'ذرّات' کہتے ہوئے /ذ/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /ذ/ ہے۔ 'ذرّات' کے نام میں شروع کی آواز /ذ/ ہے۔
- 'ذرّات' کا فلیش کارڈ دکھایئے اور بچوں کو تصویر کا نام یعنی 'ذرّات' کہنے کی ہدایت دیجیے اور پہلی آواز /ذ/ پر زور دیجیے۔
- پھر قاعدے کے صفحہ نمبر 28 اور 29 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ذ' کی کہانی سُنایئے۔

حرف 'ذ' کی کہانی: (چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنایئے۔ کہانی سُناتے ہوئے "ذ" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! ذوالفقار اپنے گودام میں بہت سی چیزیں ذخیرہ کرتا تھا۔ ان چیزوں میں چاول، چینی، گندم، دالیں وغیرہ شامل ہیں۔ جب مارکیٹ میں یہ چیزیں کم ہو جاتی ہیں تو مارکیٹ کے مالک ذوالفقار کے گودام سے ذخیرہ کی گئی چیزوں کو لے جاتے ہیں۔ ذوالفقار ایک دن اپنے گودام سے چاول کی بوری گھر لے گیا۔ اس کی بیوی نے چاول بنائے سب نے مل کر جب رات کا کھانا کھایا۔ تو سب کو چاول میں بہت ذائقہ محسوس ہوا۔ سب کے ذہن میں ایک خیال آیا کہ آج چاول بہت لذیز بنے ہیں۔ سب نے چاول کے ذائقے کی تعریف کی۔ (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجایئے۔)

- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے:

ذوالفقار گودام میں کیا کرتا تھا؟	ذوالفقار کے گودام میں کون کون سی چیزیں تھی؟	مارکیٹ کے مالک کب چیزیں لے جاتے تھے؟
ذوالفقار گودام سے کیا چیز گھر لے کر گیا؟	ذوالفقار کی بیوی نے رات کو کیا بنایا؟	سب کو چاول کا ذائقہ کیسا لگا؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ذ' کی نظم چلایئے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوایئے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرایئے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ذ' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'ذال' کی آواز یعنی /ذ/ متعارف کروایئے۔ حرف کا نام (ذال) بھی بتایئے۔

مثلاً: ذخیرہ /ذ/ ذخیرہ، ذہن /ذ/ ذہن، ذرات /ذ/ ذرات ذائقہ /ذ/ ذائقہ

- بچوں کو حرف 'ذ' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتائیے۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ذ' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر 'ذ' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'ذ' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرائیے۔
- عملی کتاب کے صفحہ نمبر 43 پر موجود سرگرمی کی مشق کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے پڑھے گئے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے 'ذ' بورڈ پر لکھوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 28 اور 29 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ذ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف، بناوٹ اور لکھائی

- بچوں سے پوچھیے کہ ہم نے اب تک کون کون سے حروف پڑھے ہیں؟ بچوں سے نام اور آوازیں پوچھیے۔ ہوا میں 'د'، 'ڈ' اور 'ذ' لکھوائیے۔
- بچوں کو 'ذ' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔
- نظم میں آنے والے 'ذ' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلاً: (i) آپ کہیے: "ذخیرے میں رکھے ہیں چاول" (ii) بچے کہیں: "امی نکالیں اور پکائیں"

(iii) آپ کہیے: "اس کا ذائقہ بھائے ہم کو" (iv) بچے کہیں: "مزے سے ہم سب کھاتے جائیں"

(v) آپ کہیے: "ذہن کو پھر ہم خوب چلائیں" (vi) بچے کہیں: "طاقت بھی بڑھاتے جائیں"

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- نظم میں آنے والے 'ذ' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔ اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 28 اور 29 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'ذ' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ پڑھواتے ہوئے پہلے نام (ذال) اور پھر اس کی آواز (/ذ/) پڑھوائیے۔
- بچوں کو 'د'، 'ڈ' اور 'ذ' کا فرق سمجھائیے۔ بورڈ پر ایک جانب درخت، دوسری جانب ڈول اور تیسرے جانب ذرات بنائیے۔ تینوں کے نام پوچھیے اور شروع کی آوازیں زور دے کر ادا کیجیے تاکہ بچے سُن کر /د/، /ڈ/ اور /ذ/ کا فرق محسوس کر سکیں۔ انھیں بتائیے کہ /ڈ/ کی آواز تھوڑی موٹی جبکہ /ذ/ کو تھوڑی لمبی ہوتی ہے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ذ' کہاں ہے؟	'ذال' کی کیا آواز ہے؟	آدمی نے کتنی بوری اٹھائی ہوئی ہیں؟	
آدمی نے کس چیز کی بوری اٹھائی ہے؟	دروازہ کہاں ہے؟	آدمی نے کس رنگ کے کپڑے پہنے ہیں؟	آدمی نے کس چیز کی بوری اٹھائی ہے؟

- 'ذ' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ ذخیرہ الفاظ بتائیے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی /ذ/ کے ساتھ پڑھائیے۔

مثلاً: /ذ/ ذخیرہ، /ذ/ ذرات

- اس کے بعد صفحہ نمبر 29 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ اگر روٹی کے ذرّات زمین پر بکھرے دیکھیں تو اُٹھا کر ایک رکھ دیجیے تاکہ کسی کے پاؤں کے نیچے نہ آئیں۔
- ان سے پوچھیے کہ کون کون روٹی یا چاول کے ذرات کو زمین سے اُٹھا کر ایک جگہ رکھتا ہے؟ ہاتھ کھڑا کریں۔ جو بچے مثبت جواب دیں، ان کے لیے تالیاں بجوائیے تاکہ باقی بچوں کو بھی اس طرح کرنے کی تلقین کیجیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے ان کی شروع کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

ذات	ذائقہ	ذبح	ذخائر	ذریعہ	ذقن

- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 44 پر موجود دوسری سرگرمی کا کام کروائیے۔
- بورڈ پر 'ذ' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- بورڈ پر 'ذ' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'ذ' کی شکل کی نشان دہی بچوں سے کروائیے۔ یاد رکھیے! ابھی بچے الفاظ نہیں پڑھ سکتے۔ اس لیے الفاظ پڑھوانے سے گریز کیجیے۔ صرف 'ذ' کی نشان دہی کروائیے اور اس کی آواز ادا کروائیے۔ بورڈ پر مشق کروانے کے بعد بچوں کو 'ذ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے پوچھیے کہ 'ذ' کہاں ہے؟

نوٹ: (آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'ذ' کی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے بینچ پر 'ذ' لکھیں۔ لکھتے ہوئے ساتھ ساتھ حرف کی آواز بھی ادا کرتے جائیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھائیے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف 'ذ' لکھنے کی مشق کروائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 44 کا کام کروائیے۔ جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 29 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو اپنے گھر سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 44 کا کام کر کے آنے کا کام دیجیے۔

تیسرا دن:

حرف 'ر' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ر' متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک نیا حرف پڑھنے والے ہیں۔ کھلونا ریل گاڑی کمرہ جماعت میں لے جائیے اور اسے کسی ڈبے میں رکھیے۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجس کو بڑھائیے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ اس ڈبے میں کیا ہے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔

اشارے: یہ ایک مشین ہے۔ یہ بہت تیز چلتی ہے۔ یہ ایک خاص رستے پر چلتی ہے۔ اس کا ایک انجن ہوتا ہے۔ اس کے پیچھے ڈبے ہوتے ہیں۔ اس میں ایک ساتھ بہت سے لوگ سواری کر سکتے ہیں اور بہت سارا سامان بھی رکھ سکتے ہیں۔

- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ڈبے سے کھلونا گاڑی نکالیے۔ بچوں کو 'ریل گاڑی' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے ریل گاڑی کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ کس کس نے ریل گاڑی کا سفر کیا ہے؟ اور اس کا رنگ کیا تھا؟
- 'ریل گاڑی' کہتے ہوئے / ر / پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز / ر / اور نام 'رے' ہے۔
- پھر قاعدے کے صفحہ نمبر 30 اور 31 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ر' کی کہانی سُنائیے۔ کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے:

ردا کس کے ساتھ باغ میں سیر کرنے کے لیے گئی؟	باغ کے پاس کون کرتب دیکھا رہا تھا؟	ریچھ کہاں بیٹھا ہوا تھا؟

راشد کس طرح باغ میں آیا؟	راشد نے ریچھ کے سامنے کیا چیز کی؟	کس نے راشد کا شکریہ ادا کیا؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ر' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ر' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'رے' کی آواز یعنی /ر/ متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (رے) بھی بتائیے۔

مثلاً: ریچھ /ر/ریچھ، ریل /ر/ ریل، رساکشی /ر/رساکشی، رکشا/ر/ رکشا، روٹی /ر/روٹی

- بچوں کو حرف 'ر' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتائیے۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ر' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر 'ر' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'ر' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرائیے۔
- عملی کتاب کے صفحہ نمبر 45 پر موجود پہلی سرگرمی کی مشق کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے پڑھے گئے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے 'ر' بورڈ پر لکھوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 30 اور 31 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'ر' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں سے پوچھیے کہ ہم نے اب تک کون کون سے حروف پڑھے ہیں؟ بچوں سے نام اور آوازیں پوچھیے۔ ہوا میں 'ر' لکھوائیے۔
- بچوں کو 'ر' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔
- نظم میں آنے والے 'ر' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلاً: (i) آپ کہیے: "ریل گاڑی جب بھی آئے" (ii) بچے کہیں: "چھک چھک چھک شور مچائے "

(i) آپ کہیے: "بھولا بھالا ریچھ تو دیکھو" (ii) بچے کہیں: "بُھوکا بیٹھا منہ بُھلائے "

(iii) آپ کہیے: "راجا رِکشے میں بیٹھا ہے " (iv) بچے کہیں: "ہاتھ میں اس کے اِک تھیلا تھا "

(v) آپ کہیے: "اس نے ریچھ کو روٹی پکڑائی " (vi) بچے کہیں: "ریچھ نے خوب مزے سے کھائی "

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- نظم میں آنے والے 'ر' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔ اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 30 اور 31 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'ر' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ پڑھواتے ہوئے پہلے نام (رے) اور پھر اس کی آواز (/ر/) پڑھوائیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ر' کہاں ہے؟	'رے' کی کیا آواز ہے؟	بچے کہاں کھیل رہے ہیں؟	
رومال کس کے ہاتھ میں ہے؟	ریچھ کہاں ہے؟	راجا کیا چلا رہا ہے؟	رسی کہاں پڑی ہوئی ہے؟

- 'ر' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ ذخیرہ الفاظ بتائیے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی /ر/ کے ساتھ پڑھائیے۔

مثلاً: /ر/ ریچھ ، /ر/روٹی، /ر/رکشا، /ر/رسی، /ر/رُومال، /ر/ریل گاڑی،

- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 45 اور 46 میں موجود دوسری سرگرمی کا کام کروائیے۔
- اگر وقت ہو تو 'ر' کی کہانی ایک بار پھر سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز /ر/ ہو۔

- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 45 کا کام کروایئے۔ جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے قاعدے کے صفحہ نمبر 31 پر موجود لسانی مشق کے سوالات پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو اپنے گھر سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 46 میں موجود دوسری سرگرمی کا کام کر کے آنے کو کہیے۔

پانچواں دن: حرف 'ر' کی بناوٹ اور لکھائی

- سب سے پہلے صفحہ نمبر 31 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتایئے۔ انھیں بتایئے کہ رات کو جلدی سونے کی عادت اپنایئے۔
- ان سے پوچھیے کہ کون کون رات کو جلدی سوتا ہے؟ ہاتھ کھڑا کریں۔ جو بچے مثبت جواب دیں، ان کے لیے تالیاں بجوایئے تاکہ باقی بچوں کو بھی رات کو جلدی سونے کی کے تلقین کیجیے۔ ان کو بتائیں کے جلدی سونے سے صحت ٹھیک رہتی ہے اور دیر سے سونے سے ہماری صحت خراب ہو سکتی ہے۔
- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے ان کی شروع کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

رب	راج	راحت	رزق	راستہ	رقم

- بچوں کو مل کر 'ر' کی نظم پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- بورڈ پر 'ر' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔
- بورڈ پر 'ر' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'ر' کی شکل کی نشان دہی بچوں سے کروایئے۔ یاد رکھیے! ابھی بچے الفاظ نہیں پڑھ سکتے۔ اس لیے الفاظ پڑھوانے سے گریز کیجیے۔ صرف 'ر' کی نشان دہی کروایئے اور اس کی آواز ادا کروایئے۔ بورڈ پر مشق کروانے کے بعد بچوں کو 'ر' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے پوچھیے کہ 'ر' کہاں ہے؟

نوٹ: (آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'ر' کی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے بینچ پر 'ر' لکھیں۔ لکھتے ہوئے ساتھ ساتھ حرف کی آواز بھی ادا کرتے جائیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھایئے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف 'ر' لکھنے کی مشق کروایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 46 کا کام کروایئے۔ آدھے صفحے کا کام جماعت میں کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 31 پر "لسانی مشق" کے سوالات دوبارہ پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 46 کا باقی کا کام گھر سے کرنے کے لیے دیجیے۔

Allied Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)
'ذ'، 'ر' کا حرفی فلیش کارڈز (دوسرے اور چوتھے دن کے لیے) (ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)
ذ
ر

Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)

'ذ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (دوسرے دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)

ذوق	ذرات
ذخیرہ	ذہن
ذبح	ذائقہ
ذقن	ذکر

(پرنٹنگ کا مواد)

'ر' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (پانچویں دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)

ریچھ	روٹی
رُومال	ریل گاڑی
رسّی	رِکشا
رات	راجا

دوسری ٹرم (تیسرا ہفتہ)

'ڑ' اور 'ز' کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

مقاصد: اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔
- نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔
- 'ڑ' اور 'ز' کا نام، آواز اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔
- /ڑ/ اور /ز/ سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔
- 'ڑ' اور 'ز' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔
- 'ڑ' اور 'ز' میں فرق کر سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ڑ' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 32 اور 33)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 47)، 'ڑ' کی کہانی
- دوسرے دن کے لیے: نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 32 اور 33)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 48)، ریت یا نمک کی ٹرے، 'ڑ' کا حرفی اور الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز
- تیسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ز' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 34 اور 35)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 49)، 'ز' کی کہانی
- چوتھے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ز' کی نظم)، 'ز' کا حرفی فلیش کارڈ، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 34 اور 35)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 49)
- پانچویں دن کے لیے: نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 34 اور 35)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 50)، ریت یا نمک کی ٹرے، 'ز' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ز' کی کہانی:

(تیسرے دن سُنانے کے لیے)

(چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنایئے۔ کہانی سناتے ہوئے "ز" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! زارا اور زبیر چڑیا گھر کی سیر کے لیے گئے۔ وہاں انھوں نے بہت سے جانور دیکھے۔ سب سے پہلے وہ بندر کے پنجرے کے پاس گئے۔ بندر لوگوں کو کرتب کر کے دیکھا رہا تھا۔ کچھ لوگ ہاتھی پر سواری کر رہے تھے۔ شیر گرج رہا تھا۔ ریچھ یہاں اور وہاں ٹہل رہا تھا۔ انہوں نے خرگوش، بطخ، اونٹ اور مچھلی کو بھی دیکھا۔ انہوں نے ایک لمبی گردن والا جانور بھی دیکھا۔ اس لمبی گردن والے جانور کو زرافہ کہتے ہیں۔ زرافہ درخت کے پتے کھا رہا تھا۔ اس کے جسم پر براؤن رنگ کے نشانات تھے۔ اس کے عین سامنے زیبرا نظر آیا۔ زبیر نے زیبرے کے ساتھ شرارتے کرتے ہوئے تصویر بھی کھینچی۔ زیبرا پر سیاہ رنگ کی دھاریاں بنی ہوئی تھی۔ زبیرا کو دیکھ کر زبیر نے زارا سے پوچھا آپی زارا آپ نے سڑک پر کبھی سفید اور کالے رنگ کی لائن دیکھی ہے؟ اس کو کیا کہتے ہیں؟ زارا نے کہا بھائی اس کے رنگ کی وجہ سے اس کو زیبرا کراسنگ کہتے ہیں۔ زبیر اور زارا نے چڑیا گھر میں بہت لطف اُٹھایا۔ (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجایئے۔)

پہلا دن: حرف 'ڑ' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰہِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ڑ' متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں کو بتائیے کہ 'ڑ' سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا۔ یہ ہمیشہ الفاظ کے درمیان یا آخر میں استعمال ہوتا ہے اور اس کی آواز صرف الفاظ کے درمیان یا آخر میں آتی ہے۔ جیسے لکڑی، گاڑی، پہاڑ وغیرہ۔
- یہ دن حرف 'ڑ' کو متعارف کروانے کا ہے۔ گڑیا کمرہ جماعت میں لے جائیے اور اسے کسی ڈبے میں رکھیے۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجس کو بڑھائیے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ اس ڈبے میں کیا ہے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔
  اشارے: یہ ایک کھلونا ہے۔ یہ لڑکیاں بہت پسند کرتی ہیں۔ اس کی نیلی نیلی آنکھیں اور سنہری بال ہیں۔ ہم اس سے گھر گھر کھیلتے ہیں۔
- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ڈبے سے گڑیا نکالیے۔ بچوں کو 'گڑیا' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے گڑیا کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ کس کس کے گھر میں گڑیا ہے؟ اور گڑیا کسی دیکھتی ہے؟ گڑیا گھر میں کس کے پاس ہے؟
- 'گڑیا' کہتے ہوئے /ڑ/ کی آواز پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /ڑ/ الفاظ کے درمیان یا آخر میں آتی ہے۔ 'گڑیا' کے نام میں /ڑ/ کی آواز ہے۔
- پھر قاعدے کے صفحہ نمبر 32 اور 33 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ڑ' کی کہانی سُنائیے۔

حرف 'ڑ' کی کہانی: (چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنائیے۔ کہانی سُناتے ہوئے "ڑ" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! عدنان اپنی بیٹی منّی کو سیر کرانے کے لیے گاڑی پر لے گیا۔ منی کے پاس ایک خوبصورت گڑیا تھی۔ منی اپنی گڑیا کو بھی سیر کرانے کے لیے لے گئی۔ راستے میں انھوں نے بہت سے چیڑ کے درخت دیکھے۔ بہت خوبصورت بلند و بالا پہاڑ دیکھے۔ پہاڑوں کے ساتھ ساتھ سڑک بنی ہوئی تھی۔ جس پر گاڑی چلتی جا رہی تھی۔ اچانک عدنان نے اپنی گاڑی سڑک کے کنارے روکی۔ منی نے وہاں پر گھوڑا دیکھا اور اپنے ابو سے ضد کی کہ اس نے گھوڑے کی سواری کرنی ہے۔ اس کے ابو نے گھوڑے والے نعمان کو آواز دی اور بھائی نعمان، میری منی کو گھوڑے کی سیر کروا دو۔ نعمان نے منی کو گھوڑے پر بیٹھا دیا۔ اور اسے سیر کرائی۔ تھوڑی دیر بعد عدنان نے کہا۔ بس بس بھائی نعمان منی نے بڑی گھوڑے کی سیر کر لی ہے۔ عدنان نے نعمان کو پیسے دیے اور دونوں باپ بیٹی گھر واپس آ گئے۔ بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے۔)

- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے:

منّی سیر کرنے کے ساتھ گئی؟	منّی کس پر سیر کرنے گئی؟	منّی کسی کو سیر کرنے ساتھ لے گئی؟
منّی نے کیا کیا چیزیں دیکھی؟	سڑک کس کے ساتھ ساتھ بنی ہوئی تھی؟	منّی نے سڑک کے کنارے کس چیز کی سواری کی؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ڑ' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ڑ' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'ڑے' کی آواز یعنی /ڑ/ متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (ڑے) بھی بتائیے۔
  مثلاً: گڑیا /ڑ/ گڑیا، سڑک /ڑ/ سڑک، پہاڑ /ڑ/ پہاڑ گھوڑا /ڑ/ گھوڑا، گاڑی /ڑ/ گاڑی
- بچوں کو حرف 'ڑ' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتائیے۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ڑ' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر 'ڑ' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'ڑ' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرائیے۔

- عملی کتاب کے صفحہ نمبر 47 پر موجود سرگرمی کی مشق کا کام کروائیے۔
- آخر میں نظم پڑھیے اور بچوں سے اس میں آنے والے وہ الفاظ پوچھیے، جن کی شروع کی آواز /ڑ/ ہے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے پڑھے گئے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے 'ڑ' بورڈ پر لکھوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 32 اور 33 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ڑ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف، بناوٹ اور لکھائی

- بچوں سے پوچھیے کہ ہم نے اب تک کون کون سے حروف پڑھے ہیں؟ بچوں سے نام اور آوازیں پوچھیے۔ ہوا میں 'ر' اور 'ڑ' لکھوائیے۔
- بچوں کو 'ڑ' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔
- نظم میں آنے والے 'ڑ' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلاً: (i) آپ کہیے: "مُنّی بیٹھی گڑیا لے کر " (ii) بچے کہیں: "سڑک پر چلتا جائے گھوڑا "

(iii) آپ کہیے: "مُنّی کے ابّو لائے گاڑی " (iv) بچے کہیں: "جانے کے لیے اُونچی پہاڑی "

(v) آپ کہیے: "ابّو بولے، مُنّی آؤ " (vi) بچے کہیں: "بُہت ہوئی گھوڑے کی سواری "

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- نظم میں آنے والے 'ڑ' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔ اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 32 اور 33 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'ڑ' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ پڑھواتے ہوئے پہلے نام (ڑے) اور پھر اس کی آواز (/ڑ/) پڑھوائیے۔
- بچوں کو بتائیے کہ 'ڑ' سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا۔ یہ ہمیشہ الفاظ کے درمیان یا آخر میں استعمال ہوتا ہے اور اس کی آواز صرف الفاظ کے درمیان یا آخر میں آتی ہے۔ جیسے لکڑی، گاڑی، پہاڑ وغیرہ۔
- بچوں کو 'ر' اور 'ڑ' کا فرق سمجھائیے۔ بورڈ پر ایک جانب رومال اور دوسری جانب گڑیا بنائیے۔ دونوں کے نام پوچھیے اور ان کی آوازیں کو زور دے کر ادا کیجیے تاکہ بچے سُن کر /ر/ اور /ڑ/ کا فرق محسوس کر سکیں۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ڑ' کہاں ہے؟	'ڑے' کی کیا آواز ہے؟	گاڑی میں کون ہے؟	
گھوڑا کس نے پکڑا ہوا ہے؟	گڑیا کہاں ہے؟	مُنّی کس پر سواری کر رہی ہے؟	پہاڑ کہاں ہے؟

- 'ڑ' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ ذخیرہ الفاظ بتائیے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی /ڑ/ کے ساتھ پڑھائیے۔

مثلاً: /ڑ/ پہاڑ، /ڑ/ گھوڑا، /ڑ/ گڑیا، /ڑ/ ذخیرہ، /ڑ/ سڑک، /ڑ/ گاڑی،

- اس کے بعد صفحہ نمبر 33 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ جب بھی سڑک پار کریں تو کسی بڑے کا ہاتھ پکڑ لیں اور دائیں بائیں دیکھ کر سڑک پار کیجیے۔
- ان سے پوچھیے کہ کون کون اس طرح سڑک پار کرتے ہے؟ ہاتھ کھڑا کریں۔ جو بچے مثبت جواب دیں، ان کے لیے تالیاں بجوائیے تاکہ باقی بچوں کو بھی اس طرح کرنے کی تلقین کیجیے۔
- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے /ڑ/ کی شروع کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

ڑوڑا	گھوڑا	سیڑھی	تھوڑی	گاڑی	گڑیا

- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 48 پر موجود دوسری سرگرمی کا کام کروایئے۔
- بورڈ پر 'ڑ' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔
- بورڈ پر 'ڑ' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'ڑ' کی شکل کی نشان دہی بچوں سے کروایئے۔ یاد رکھیے! ابھی بچے الفاظ نہیں پڑھ سکتے۔ اس لیے الفاظ پڑھوانے سے گریز کیجیے۔ صرف 'ڑ' کی نشان دہی کروایئے اور اس کی آواز ادا کروایئے۔ بورڈ پر مشق کروانے کے بعد بچوں کو 'ڑ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے پوچھیے کہ 'ڑ' کہاں ہے؟

نوٹ: (آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'ڑ' کی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے بینچ پر 'ڑ' لکھیں۔ لکھتے ہوئے ساتھ ساتھ حرف کی آواز بھی ادا کرتے جائیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھایئے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف 'ڑ' لکھنے کی مشق کروایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 48 کا کام کروایئے۔ جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 33 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو اپنے گھر سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 48 کا کام کر کے آنے کا کام دیجیے۔

تیسرا دن:

حرف 'ز' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتایئے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ز' متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک نیا حرف پڑھنے والے ہیں۔ چھوٹی سے زنجیر کمرہ جماعت میں لے جایئے اور اسے کسی ڈبے میں رکھیے۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجس کو بڑھایئے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ اس ڈبے میں کیا ہے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔

اشارے: یہ ایک چیز ہے۔ یہ لوہے کی بنی ہوتی ہے۔ یہ بہت مضبوط ہوتی ہے۔ اس سے ہم کسی جانور یا بھاری چیز کو لٹکانے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ یہ رسی کی طرح لمبی ہوتی ہے۔

- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے اور ڈبے سے زنجیر نکالیے۔ بچوں کو 'زنجیر' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے 'زنجیر' کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ کس کس نے زنجیر کو دیکھا ہے یا ان کے گھر میں ہے؟ اگر زنجیر گھر میں ہے تو اس کو کس چیز کے لیے استعمال کرتے ہیں؟
- 'زنجیر' کہتے ہوئے /ز/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /ز/ اور نام 'زے' ہے۔
- پھر قاعدے کے صفحہ نمبر 34 اور 35 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ز' کی کہانی سُنایئے۔ کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے:

زارا اور زبیر کہاں سیر کرنے کے لیے گئے؟	لوگ کس کی سواری کر رہے تھے؟	انھوں نے لمبی گردن والا کونسا جانور دیکھا؟

زارااور زبیر نے کون کون سے جانور دیکھے؟	زبیر نے کس جانور کے ساتھ شرارتیں کرتے تصویر کھینچی؟	ریچھ کیا کر رہا تھا؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ز' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ز' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'زے' کی آواز یعنی /ز/ متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (زے) بھی بتائیے۔

مثلاً: زرافہ /ز/ زرافہ، زبیر /ز/ زبیر، زارا/ز/ زارا، زبیرا/ز/زبیرا، زبیرا کر اسنگ /ز/زبیرا کر اسنگ

- بچوں کو حرف 'ز' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتائیے۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ز' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر 'ز' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'ز' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرائیے۔
- عملی کتاب کے صفحہ نمبر 49 پر موجود پہلی سرگرمی کی مشق کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے پڑھے گئے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے 'ز' بورڈ پر لکھوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 30 اور 31 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'ز' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں سے پوچھیے کہ ہم نے اب تک کون کون سے حروف پڑھے ہیں؟ بچوں سے نام اور آوازیں پوچھیے۔ ہوا میں 'ز' لکھوائیے۔
- بچوں کو 'ز' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔
- نظم میں آنے والے 'ز' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلاً: (i) آپ کہیے: "/ز/ زبان اور زیبرا" (ii) بچے کہیں: "بولو /ز/ زرافہ بھی "

(i) آپ کہیے: "/ز/ زمین کو ستھرا رکھو" (ii) بچے کہیں: "مت پھینکو لِفافہ بھی "

(iii) آپ کہیے: "یہ زمین ہے اپنا گھر " (iv) بچے کہیں: "نام کرو اِس کا روشن "

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- نظم میں آنے والے 'ز' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔ اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 34 اور 35 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'ز' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ پڑھواتے ہوئے پہلے نام (زے) اور پھر اس کی آواز (/ز/) پڑھوائیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ز' کہاں ہے؟	'زے' کی کیا آواز ہے؟	زنجیر کس جانور کے ساتھ بندھی ہے؟	
زبیرا کیا کر رہا ہے؟	زرافہ کس کو دیکھ رہا ہے؟	زبیرا کے سامنے کون کھڑا ہے؟	زبان کون نکال رہا ہے؟

- 'ز' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ ذخیرہ الفاظ بتائیے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی /ز/ کے ساتھ پڑھائیے۔

مثلاً: /ز/ زیبرا ، /ز/زبان، /ز/زرافہ، /ز/زنجیر، /ز/زمین،

- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 49 اور 50 میں موجود دوسری سرگرمی کا کام کروائیے۔
- اگر وقت ہو تو 'ز' کی کہانی ایک بار پھر سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز /ز/ ہو۔

We Publish Future.. Publishers, Printers & Booksellers

- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 49 کا کام کروایئے۔ جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے قاعدے کے صفحہ نمبر 35 پر موجود لسانی مشق کے سوالات پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو اپنے گھر سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 50 میں موجود دوسری سرگرمی کا کام کر کے آنے کو کہیے۔

پانچواں دن: حرف 'ز' کی بناوٹ اور لکھائی

- سب سے پہلے صفحہ نمبر 35 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتایئے۔ انھیں بتایئے کہ اپنی زبان سے ہمیشہ اچھی بات کہیے ۔ یعنی ہمیشہ سچ بولیں، اپنے دوستوں اور بہن بھائیوں کے نام نہ بگاڑیں۔
- ان سے پوچھیے کہ کون کون ہمیشہ سچ بولتا ہے ؟ ہاتھ کھڑا کریں۔ جو بچے مثبت جواب دیں، ان کے لیے تالیاں بجوایئے تا کہ باقی بچوں کو بھی سچ بولنے کی کے تلقین کیجیے۔ ان کو بتائیں کہ سچ بولنے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے۔
- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے ان کی شروع کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

زار	زوق	زحمت	زدہ	زکوۃ	زخم

- بچوں کو مل کر 'ز' کی نظم پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- بورڈ پر 'ز' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔
- بورڈ پر 'ز' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'ز' کی شکل کی نشان دہی بچوں سے کروایئے۔ یاد رکھیے! ابھی بچے الفاظ نہیں پڑھ سکتے۔ اس لیے الفاظ پڑھوانے سے گریز کیجیے۔ صرف 'ز' کی نشان دہی کروایئے اور اس کی آواز ادا کروایئے۔ بورڈ پر مشق کروانے کے بعد بچوں کو 'ز' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے پوچھیے کہ 'ز' کہاں ہے ؟

نوٹ: (آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'ز' کی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے بینچ پر 'ز' لکھیں۔ لکھتے ہوئے ساتھ ساتھ حرف کی آواز بھی ادا کرتے جائیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھایئے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف 'ز' لکھنے کی مشق کروایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 50 کا کام کروایئے۔ آدھے صفحے کا کام جماعت میں کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 35 پر "لسانی مشق" کے سوالات دوبارہ پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 50 کا باقی کا کام گھر سے کرنے کے لیے دیجیے۔

Aqsa Online Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)
'ر' کا حرفی فلیش کارڈز (چوتھے دن کے لیے) (ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)
ز

We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)

"ڑ" کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (دوسرے دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)

ڑ	
سڑک	گاڑی
گڑیا	گھوڑا
پہاڑ	ڑوڑا

(پرنٹنگ کا مواد)

'ز' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (پانچویں دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروائیے۔)

زبان	زرافہ
زنجیر	زیبرا
زیادہ	زمین
زندہ	زخم

"ژ" اور "اعادہ" کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

مقاصد: اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔
- نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔
- 'ژ' کا نام، آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔
- 'ژ' سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔
- 'ژ' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔
- 'ا' تا 'ژ' تک حروف شناخت کر سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ژ' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 36 اور 37)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 51)، 'ژ' کی کہانی
- دوسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ژ' کی نظم)، 'ژ' کا حرفی فلیش کارڈ، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 36 اور 37)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 51،52)
- تیسرے دن کے لیے: نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 36 اور 37)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 52)، ریت یا نمک کی ٹرے، 'ژ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز
- چوتھے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ا' تا 'ث' کی نظمیں) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 2 تا 15)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 7،10،16،19،22،25)
- پانچویں دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ج' تا 'ژ' کی نظمیں) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 16 اور 37)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 28،31،33،36،37،40،47،49،53)

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ژ' کی کہانی:

(تیسرے دن سُنانے کے لیے)

(چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنایئے۔ کہانی سُناتے ہوئے "ژ" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! ٹنکو اور ببلی اپنے گھر پر کھیل رہے تھے۔ انھیں سخت گرمی بھی لگ رہی تھی۔ وہ اللہ سے دعائیں کر رہے تھے کہ یا اللہ آج بارش برسا دے۔ ہم پر اپنی رحمت کر دیے۔ تھوڑی دیر بعد آسمان پر بادل چھا گئے۔ ہر طرف کالی گھٹائیں چھا گئی۔ بارش شروع ہو گئی۔ ٹنکو اور ببلی اپنے گھر کے قریب باغ میں بارش سے لطف اندوز ہونے کے لیے چلے گئے۔ تیز بارش ہو رہی تھی۔ دونوں نے دیکھا کہ اچانک ژالہ باری بھی شروع ہو گئی۔ دونوں اپنی چھتریوں کے نیچے۔ ژالہ باری دیکھ کر خوش ہو رہے تھے۔ ژالہ باری کہ وجہ سے گرمی کا زور ٹوٹ گیا تھا۔ اچانک جھاڑیوں میں سے ایک اژدھا باہر آتا نظر آیا۔ ٹنکو اور ببلی نے جب اژدھا کو دیکھا تو ڈر گئے اور فوراً دوڑ لگائی اور گھر واپس آ گئے۔ (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجایئے۔)

پہلا دن: حرف 'ژ' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰہِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ژ' متعارف کروانے کا ہے۔ چھتری کمرہ جماعت میں لے جائیے اور اسے کھولے بغیر بچوں کو دیکھائیے۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجس کو بڑھائیے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ یہ کیا چیز ہے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔

اشارے: یہ ہم بارش، ژالہ باری میں استعمال کرتے ہیں۔ اس سے ہم اپنے کپڑوں کو گیلا ہونے سے بچاتے ہیں۔ یہ مختلف رنگوں میں ہوتی ہے۔ اسے ہم آسانی سے ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاسکتے ہیں۔

- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور چھتری کو کھول کر دیکھائیے۔ بچوں کو 'ژالہ باری' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے ژالہ باری کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ جب ژالہ باری ہوتی ہے تو آپ کیا کیا کرتے ہیں؟ کس کس کے پاس گھر میں چھتری موجود ہے اور اور اس کا رنگ کون سا ہے؟
- 'ژالہ باری' کہتے ہوئے / ژ / کی آواز پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز / ژ / ہے۔
- پھر قاعدے کے صفحہ نمبر 36 اور 37 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ژ' کی کہانی سُنائیے۔ کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے:

ٹنکو اور ببلی کہاں کھیل رہے تھے؟	ٹنکو اور ببلی نے اللہ تعالیٰ سے کیا دعا مانگی؟	تھوڑی دیر بعد آسمان پر کیا آگئے؟
ٹنکو اور ببلی بارش سے لطف اندوز ہونے کہاں گئے؟	گرمی کا زور کیسے ٹوٹا؟	جھاڑیوں سے ٹنکو اور ببلی نے کیا چیز نظر آئی؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ژ' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ژ' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'ژے' کی آواز یعنی / ژ / متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (ژے) بھی بتائیے۔

مثلاً: ژالہ باری / ژ / ژالہ باری، اژدھا / ژ / اژدھا،

- بچوں کو حرف 'ژ' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتائیے۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ژ' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر 'ژ' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'ژ' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرائیے۔
- عملی کتاب کے صفحہ نمبر 51 پر موجود سرگرمی کی مشق کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے پڑھے گئے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے 'ژ' بورڈ پر لکھوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 36 اور 37 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ژ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں سے پوچھیے کہ ہم نے اب تک کون کون سے حروف پڑھے ہیں؟ بچوں سے نام اور آوازیں پوچھیے۔ ہوا میں 'ر'، 'ڑ'، 'ز' اور 'ژ' لکھوائیے۔
- بچوں کو 'ژ' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔
- نظم میں آنے والے 'ژ' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلا: (i) آپ کہیے: "بادل آئیں بارش لائیں" (ii) بچے کہیں: "ژالہ باری بھی برسائیں"

(iii) آپ کہیے: "اژدھا اور ژالہ باری" (iv) بچے کہیں: "ٹِنکو، بلی پر ہے بھاری"

(v) آپ کہیے: "بھاگو بلی، بھاگو ٹِنکو " (vi) بچے کہیں: "ختم ہوئی اب سیر تمھاری"

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- نظم میں آنے والے 'ژ' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔ اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 37 اور 38 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'ژ' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ پڑھواتے ہوئے پہلے نام (ژے) اور پھر اس کی آواز (/ ژ /) پڑھوائیے۔
- بچوں کو 'ر'، 'ڑ'، 'ز' اور 'ژ' کا فرق سمجھائیے۔ بورڈ پر ایک جانب رومال اور دوسری جانب گڑیا بنائیے۔ دونوں کے نام پوچھیے اور ان کی آوازیں کو زور دے کر ادا کیجیے تاکہ بچے سُن کر / ر /، / ڑ /، / ز / اور / ژ / کا فرق محسوس کر سکیں۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ژ' کہاں ہے؟	'ژے' کی کیا آواز ہے؟	ٹِنکو نے کہاں پر ہے؟	
اژدہا کہاں پر ہنس رہا ہے؟	درخت کہاں ہے؟	بلی نے کس رنگ کی چھتری پکڑی ہوئی ہے؟	اژدہا کہاں پر ہنس رہا ہے؟

- 'ژ' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ ذخیرہ الفاظ بتائیے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی / ژ / کے ساتھ پڑھائیے۔

مثلاً: / ژ / اژدہا، / ژ / ژالہ باری

- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 51 اور 52 میں موجود دوسری سرگرمی کا کام کروائیے۔
- اگر وقت ہو تو 'ژ' کی کہانی ایک بار پھر سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز / ژ / ہو۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 51 کا کام کروائیے۔ جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے قاعدے کے صفحہ نمبر 37 پر موجود لسانی مشق کے سوالات پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو اپنے گھر سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 52 میں موجود دوسری سرگرمی کا کام کر کے آنے کو کہیے۔

تیسرا دن: حرف 'ژ' کی بناوٹ اور لکھائی

- سب سے پہلے صفحہ نمبر 37 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ ٹیلی ویژن زیادہ قریب بیٹھ کر مت دیکھیے، اِس سے نظر کمزور ہوتی ہے۔
- ان سے پوچھیے کہ کون کون فاصلہ رکھ کر ٹیلی ویژن دیکھتا ہے؟ ہاتھ کھڑا کریں۔ جو بچے مثبت جواب دیں، ان کے لیے تالیاں بجوائیے تاکہ باقی بچوں کو اسی طرح فاصلہ رکھ کر ٹیلی ویژن دکھنے کی تلقین کیجیے۔ ان کو بتائیں کہ ٹیلی ویژن قریب سے دیکھنے سے آنکھیں خراب ہو سکتی ہیں۔
- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے ان کی شروع کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

ژالہ	ژند	اژدھا	ٹیلی ویژن	ژاژ

- بچوں کو مل کر 'ژ' کی نظم پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- بورڈ پر 'ژ' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔

- بورڈ پر 'ژ' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'ژ' کی شکل کی نشان دہی بچوں سے کروایئے۔ یاد رکھیے! ابھی بچے الفاظ نہیں پڑھ سکتے۔ اس لیے الفاظ پڑھوانے سے گریز کیجیے۔ صرف 'ژ' کی نشان دہی کروایئے اور اس کی آواز ادا کروایئے۔ بورڈ پر مشق کروانے کے بعد بچوں کو 'ژ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے پوچھیے کہ 'ژ' کہاں ہے؟

نوٹ: (آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'ژ' کی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے بینچ پر 'ژ' لکھیں۔ لکھتے ہوئے ساتھ ساتھ حرف کی آواز بھی ادا کرتے جائیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھایئے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف 'ژ' لکھنے کی مشق کروایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 52 کا کام کروایئے۔ آدھے صفحے کا کام جماعت میں کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 37 پر "لسانی مشق" کے سوالات دوبارہ پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 52 کا باقی کا کام گھر سے کرنے کے لیے دیجیے۔

چوتھا دن: حرف (ا، آ، ب، پ، ت، ٹ، ث) کا اعادہ

- یہ دن اب تک بڑھائے گئے حروف کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے لیے 'ا' سے 'ث' تک تمام حروف کی نظمیں باری باری سنوایئے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- متعلقہ حرف بورڈ پر لکھوایئے۔ ہر نظم پڑھنے کے بعد اس میں سے حرف کے ذخیرہ الفاظ کی نشان دہی کروایئے۔
- 'ب' 'تا' 'ث' کی چھوٹی شکلیں بھی لکھوایئے۔ پھر بورڈ پر حروف 'ب' 'تا' 'ث' لکھیے اور ان کی آدھی اشکال کے سٹیکی نوٹز کو بچوں کو دیں اور درست حرف کے ساتھ لگانے کی سرگرمی کروایئے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 2 تا صفحہ نمبر 15 تک حروف پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے حروف سے بننے والی چیزوں کے نام با آواز بلند ادا کریں۔
- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمی دی جارہی ہے۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے تمام حروف کا اعادہ کر سکیں گے
- دیئے گئے حروف کے مطابق غباروں میں رنگ بھریے اور نیچے دیئے گئے حروف کے پہلے اور بعد میں آنے والے حرف لکھیے۔
- دی گئی تصاویر میں اپنی مرضی سے رنگ بھی بھریے۔
- عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 25، 22، 19، 16، 13، 10، 7 کھلوایئے اور کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں کو (ب، پ، ت، ٹ، ث) کی پوری اور آدھی اشکال کی املا لکھوایئے۔

گھر کا کام: بچوں کو 'ا' سے 'ث' تک حروف سے بننے والی چیزوں کے نام یاد کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

پانچواں دن: حرف (ج، چ، ح، خ، د، ڈ، ذ، ر، ڑ، ز، ژ) کا اعادہ

- یہ دن اب تک بڑھائے گئے حروف کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے لیے 'ج' سے 'ژ' تک تمام حروف کی نظمیں باری باری سنوایئے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- متعلقہ حرف بورڈ پر لکھوایئے۔ ہر نظم پڑھنے کے بعد اس میں سے حرف کے ذخیرہ الفاظ کی نشان دہی کروایئے۔
- 'ج' 'تا' 'خ' کی چھوٹی شکلیں بھی لکھوایئے۔ پھر بورڈ پر 'ج' 'تا' 'ژ' کے الفاظ لکھیے اور حروف کے سٹیکی نوٹز کو بچوں کو دیں اور درست الفاظ کے ساتھ لگانے کی سرگرمی کروایئے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 16 تا صفحہ نمبر 37 تک حروف پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے حروف سے بننے والی چیزوں کے نام با آواز بلند ادا کریں۔

Publishers, Printers & Booksellers

- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمی دی جارہی ہے۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے تمام حروف کا اعادہ کر سکیں گے
- دی گئی تصویر کے مطابق ان کے ہجوں کی دائرہ لگا کر نشاندہی کیجیے اور نیچے دیے گئے ناموں میں سے درست پر ☑ کا نشان لگائیے۔
- دیے گئے حروف تہجی کو ترتیب سے لکھیے۔
- عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 53،49،47،40،37،36،33،31،28 کھلوائیے اور کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں کو (ج، چ، ح، خ) کی پوری اور آدھی اشکال کی املا لکھوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو 'ج' سے 'ژ' تک حروف سے بننے والی چیزوں کے نام یاد کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔


Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)	
"ڑ" کا حرفی اور الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (دوسرے اور تیسرے دن کے لیے) (ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)	
ژ	
اژدہا	ژالہ باری
ژند	ژاژ

(پرنٹنگ کا مواد)

ورک شیٹ (چوتھے دن کے لیے)


دیئے گئے حروف کے مطابق غباروں میں رنگ بھریے اور نیچے دیئے گئے حروف کے پہلے اور بعد میں آنے والے حرف




لکھیے۔

We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

دی گئی تصاویر میں اپنی مرضی کے رنگ بھریے۔






(پرنٹنگ کا مواد)

ورک شیٹ (پانچویں دن کے لیے)

دی گئی تصویر کے مطابق ان کے ہجوں کی دائرہ لگا کر نشاندہی کیجیے اور نیچے دیے گئے ناموں میں سے درست پر ☑ کا نشان لگایئے۔



ج غ ع ث ا ل ظ
و
آ ہ م ط
ق
ب ی ٹ
گ خ
ا ذ
ف ت
ص س ش ز ل
ز ک

☐ زرافہ ☐ جہاز ☐ حلوا

دیے گئے حروف تہجی کو ترتیب سے لکھیے۔

ز ژ ر ڑ چ ج خ ح ڈ

ذ د ث ت پ ٹ ب ا آ

We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

_____

_____

_____

'س' اور 'ش' کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5 پیریڈ: 40 منٹ	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ■ کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ ■ نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔ ■ 'س' اور 'ش' کا نام، آواز اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔ ■ /س/ اور /ش/ سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔ ■ 'س' اور 'ش' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔ ■ 'س' اور 'ش' کی مکمل اور چھوٹی لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('س' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 38 اور 39)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 54)، 'س' کی کہانی
- دوسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('س' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 38 اور 39)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 54)، 'س' کا حرفی فلیش کارڈ
- تیسرے دن کے لیے: 'س' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 55)
- چوتھے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ش' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 40 اور 41)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 56)، 'ش' کی کہانی
- پانچویں دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ش' کی نظم)، 'ش' کا حرفی فلیش کارڈ، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 40 اور 41)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 57)، 'ش' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، ریت کی ٹرے

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ش' کی کہانی: (چوتھے دن سُنانے کے لیے)

(چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنایئے۔ کہانی سناتے ہوئے "ش" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! شیر م اور شہزاد چڑیا گھر سیر کے لیے گئے۔ شیر م کو شتر مرغ بہت پسند تھا وہ خاص طور پر شتر مرغ کو دیکھنے کے لیے گیا تھا۔ کیونکہ اس نے سُنا تھا کہ شتر مرغ کا انڈا مرغی کے انڈے سے کافی بڑا ہوتا ہے۔ شیر م نے شتر مرغ دیکھتے ہی اس کے ساتھ تصویر لینا شروع کر دی۔ اور اس کے انڈے بھی دیکھے او ربہت حیران ہوا کہ اس نے اس کے انڈوں کے بارے میں ٹھیک سنا تھا۔ شہزاد کو شیر بہت پسند تھا اس نے شیر کے پنجرے کے پاس تصویریں لیں۔ شیر گرج رہا تھا۔ پورے چڑیا گھر مُں شیر کے گرجنے کی آواز سنائی دی۔ دونوں نے چڑیا گھر کے پاس ایک شربت والے سے شربت پیا اور شیر م نے شربت میں شہد بھی ڈلوایا اور خوب مزے لے کر شربت پیا اور گھر واپس آ گئے۔ (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجایئے۔)

پہلا دن: حرف 'س' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰہِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'س' متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک نیا حرف پڑھنے والے ہیں۔ کھلونا سائیکل کو کمرہ جماعت میں لے جائیے اور اسے کسی ڈبے میں رکھیے۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجس کو بڑھائیے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ اس ڈبے میں کیا ہے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔

اشارے: یہ ایک سواری ہے۔ اس کے دو پہیے ہوتے ہیں۔ اس کے ساتھ ہم کھیلتے ہیں اور پارک میں بھی چلاتے ہیں۔ یہ مختلف رنگوں میں ہوتی ہے۔ اس کے آگے ٹوکری بھی لگی ہوتی ہے۔

- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ڈبے سے کھلونا سائیکل نکالیے۔ بچوں کو 'سائیکل' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے 'سائیکل' کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ کس کس کے پاس سائیکل ہے؟ اور اس کا رنگ کون سا ہے؟ آپ اس کو کہاں چلاتے ہیں؟
- 'سائیکل' کہتے ہوئے / س / پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز / س / اور نام 'سین' ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 38 اور 39 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'س' کی کہانی سُنائیے

حرف 'س' کی کہانی: (چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنائیے۔ کہانی سُناتے ہوئے "س" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! سارہ کے گھر میں عید کی تیاریوں کے لیے پینٹ ہو رہے تھے۔ سارہ اپنے کمرے کی کھڑکی پر اپنی پسند کا پینٹ کروانا چاہتی تھی۔ وہ اپنی نئی سائیکل پر بازار گئی اور وہاں سے سبز رنگ کا پینٹ خرید کر لائی۔ سارہ کو سبز رنگ اس لیے پسند تھا کیونکہ اس کی سائیکل کا رنگ بھی سبز تھا۔ سارہ نے پینٹ والے آدمی کو سبز رنگ دیا اس نے سارہ کی کھڑکی پر سبز کر دیا۔ سارہ کا کمرہ اب بہت خوبصورت لگ رہا تھا۔ سارہ کی امی نے پھر سارہ کو کسٹرڈ میں ڈالنے کے لیے سیب لانے کو کہا۔ سارہ اپنی سائیکل پر سوار ہو کر مارکیٹ سے سیب لینے چلی گئی۔ سارہ نے سیب لیے جب سارہ گھر واپس آ رہی تھی۔ تو اس نے سڑک پر ایک سانپ کو گزرتے دیکھا۔ سارہ سانپ کو دیکھ کر ڈر گئی۔ کچھ آدمیوں نے بھی سارہ کو دیکھا کہ وہ سانپ کی وجہ سے ڈر رہی ہے۔ آدمیوں نے ڈنڈے سے سانپ کو مار دیا۔ اور سارہ کا ڈر ختم ہوا اور سارہ سیب لے کر گھر واپس آ گئی۔ بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے۔)

- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

سارہ کے گھر میں کس چیز کی تیاریاں ہو رہی تھی؟	سارہ کس چیز پر اپنی پسند کا پینٹ کروانا چاہتی تھی؟	سارہ کو سبز رنگ کیوں پسند تھا؟
سارہ کا کمرہ کیسا لگ رہا تھا	سارہ بازار سے کیا چیز لینے گئی؟	سارہ راستے میں کیا چیز دیکھ کر ڈر گئی؟
آپ کو اس کہانی میں کون سا کردار سب سے زیادہ پسند آیا؟ اور کیوں؟		کیا آپ کے پاس بھی سائیکل ہے؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'س' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر مل کر زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'س' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'سین' کی آواز یعنی / س / متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (سین) بھی بتائیے۔

مثلاً: سائیکل / س / سائیکل ، سیب / س / سیب، سانپ / س / سانپ سبز / س / سبز سیڑھی / س / سیڑھی

- بچوں کو حرف 'س' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتائیے۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'س' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر 'س' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'س' پر پانچ سے سات بار انگلی پھروائیے۔

- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 54 کا کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے 'س' کی آواز پوچھیے۔ بورڈ پر 'س' لکھیے اور اس کا نام پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 38 اور 39 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'س' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے کل کون سا حرف پڑھا تھا؟ نام بتایئے۔
- اس کے بعد بورڈ پر 'س' لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'س' سے پہلے کون سا حرف آتا ہے؟ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- اس کے بعد بچوں کو 'س' کی نظم سُنوایئے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔ ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلاً: (i) آپ کہیے: "سیب اُٹھا کر سائیکل پر" (ii) بچے کہیں: "سارہ گھر کو لوٹ کر آئی "

(iii) آپ کہیے: "سانپ نے اُس کا رستا روکا " (iv) بچے کہیں: "سارہ کی یُوں شامت آئی"

(v) آپ کہیے: "سارہ چیخی، بھاگی فوراً" (vi) بچے کہیں: "سائیکل رستے میں گرائی"

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور اعادہ بھی ہو جائے گا۔
- نظم میں آنے والے 'س' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوایئے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 38 اور 39 کھلوایئے اور انھیں انگلی رکھ کر 'س' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (سین) اور پھر اس کی آواز (/ س /) پڑھوایئے۔
- بچوں کو اپنے قاعدے پر تصویر غور سے دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتایئے کہ 'س' کہاں ہے؟	'س' کی کیا آواز ہے؟	'س' کی چھوٹی شکل کہاں ہے؟	سیڑھی کہاں ہے؟
سیب کہاں پر پڑھے ہوئے ہیں؟	سائیکل کون چلا رہا ہے؟	سانپ کہاں ہے؟	کھڑکی پر کونسا رنگ ہو رہا ہے؟

- 'س' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھایئے اور حرف کی آواز کے ساتھ ذخیرہ الفاظ پڑھایئے۔

مثلاً: / س / سائیکل، / س / سیب، / س / سانپ، / س / سبز / س / سیڑھی

- اگر وقت ہو تو 'س' کی کہانی سُنایئے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز / س / ہو۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 55 کی پہلی چار لائنوں کا کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے / س / سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 38 اور 39 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'س' کی بناوٹ اور لکھائی

- سب سے پہلے صفحہ نمبر 39 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتایئے۔ انھیں بتایئے کہ ہمیشہ سچ بولیے۔ اللہ تعالیٰ کو جُھوٹ بولنے والے پسند نہیں۔
- ان سے پوچھیے کہ کون کون ہمیشہ سچ بولتا ہے؟ ہاتھ کھڑا کریں۔ جو بچے مثبت جواب دیں، ان کے لیے تالیاں بجوایئے اور باقی بچوں کو بھی ہمیشہ سچ بولنے کی ہدایت کیجیے اور اس طرح اللہ تعالیٰ سچ بولنے والے سے بہت خوش ہوتے ہیں۔

- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے ان کی شروع کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

سیب	سانپ	سائیکل	سبز	سارہ	سورج

- بورڈ پر 'س' لکھیے۔ مکمل شکل کے ساتھ اس کی چھوٹی شکل بھی لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- بچوں کو بتائیے کہ حرف 'س' کی پوری اور چھوٹی شکل کی آواز ایک جیسی ہے، یعنی / س /۔
- بورڈ پر 'س' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'س' کی پوری اور چھوٹی شکل کی نشان دہی کیجیے۔
- اچھی طرح سمجھانے کے بعد بچوں کو 'س' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے لفظوں میں موجود 'س' کی پوری اور چھوٹی شکل پوچھیے۔ بچے لفظ پڑھ تو نہیں سکتے لیکن لفظ میں 'س' کی شکل پہچان سکتے ہیں۔ اس لیے لفظ پڑھانے سے قطعی گریز کیجیے اور بچوں کو ہدایت دیجیے کہ لفظ میں اس جگہ انگلی رکھ کر نشان دہی کریں جہاں انھیں 'س' کی مکمل یا چھوٹی شکل نظر آئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'س' کی مکمل اور چھوٹی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے ایک دوسرے کی ہتھیلی پر یا ڈیسک پر 'س' لکھیں۔ اس کے بعد دوسری ہتھیلی یا ڈیسک پر اس کی چھوٹی شکل بھی لکھیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھائیے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف لکھنے کی مشق کروائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 55 پر 'س' کی مکمل شکل لکھنے کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 39 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 55 پر 'س' کی چھوٹی شکل لکھنے کا کام دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'ش' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ش' متعارف کروانے کا ہے۔
- ایک جگ میں شربت ڈال کر کمرہ جماعت میں لے جائیے۔ اور اس کے ساتھ چار یا پانچ ڈسپوزیبل گلاس بھی لے جائیے۔
- تین سے چار بچوں کو اپنے پاس بُلا کر ان کی آنکھوں پر پٹی باندھیے یا آنکھوں پر ہاتھ رکھنے کی ہدایت دیجیے تاکہ بچے دیکھ نہ سکیں۔ اب بچوں کو ایک ایک گلاس میں تھوڑا شربت ڈال کر دیجیے اور انھیں پینے کی ہدایت کیجیے۔ بچوں سے کہیے کہ وہ پی کر بتائیں کہ یہ کیا چیز ہے؟
- سب سے پہلے بوجھنے والے بچے کی آنکھوں سے پٹی اُتار دیجیے۔ باقی بچوں کے جوابات بھی لیجیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- بچوں کو بتائیے کہ ہم شربت کہاں سے حاصل کرتے ہیں؟ متوقع جواب: (پھلوں کے رس سے حاصل کرتے ہیں۔) دینے کے بعد
- 'شربت' کہتے ہوئے / ش / پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز / ش / اور نام 'شین' ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 40 اور 41 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ش' کی کہانی سُنائیے
- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

شیرم اور شہزاد کہاں سیر کرنے کے لیے گئی؟	شیرم کو کیا بہت پسند تھا؟	شیرم چیڑیا گھر خاص طور پر کس کو دیکھنے آیا تھا؟

شیر م نے شتر مرغ کے انڈوں کے بارے میں کیا سنا تھا ؟	شہزاد کو کون سا جانور پسند تھا؟	شہزاد نے شیر کے پنجرے کے پاس کیا چیز لی؟
آپ کو اس کہانی میں کون سا کردار سب سے زیادہ پسند آیا؟ اور کیوں؟		آپ کو کون سا جانور پسند ہے؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ش' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر مل کر زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ش' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'شین' کی آواز یعنی / ش / متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (شین) بھی بتائیے۔

مثلاً: شربت /ش/ شربت، شہد /ش/ شہد، شیر /ش/ شیر شُتر مرغ /ش/ شُتر مرغ شہد کی مکھی /ش/ شہد کی مکھی

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ش' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر 'ش' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'ش' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 56 کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 41 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 40 اور 41 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

پانچواں دن: حرف 'ش' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف، بناوٹ اور لکھائی

- بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے کل کون سا حرف پڑھا تھا؟ نام بتائیے۔
- اس کے بعد بورڈ پر 'ش' لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ اس میں کتنے نقطے ہیں؟ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں کو 'ش' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔ ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلاً: (i) آپ کہیے: "شیر پنجرے میں بند تھا" (ii) بچے کہیں: "اور شُتر مرغ آزاد "

(iii) آپ کہیے: "جو بھی ان کو دیکھنے آئے " (iv) بچے کہیں: "جی بھر کے دے وہ داد "

(v) آپ کہیے: "شہد ہے نعمت اللہ کی" (vi) بچے کہیں: "شربت پیے شہزاد "

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور اعادہ بھی ہو جائے گا۔
- نظم میں آنے والے 'ش' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 40 اور 41 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'ش' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (شین) اور پھر اس کی آواز (/ ش /) پڑھوائیے۔
- بچوں کو اپنے قاعدے پر تصویر غور سے دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ش' کہاں ہے؟	'ش' کی کیا آواز ہے؟	'ش' کی چھوٹی شکل کہاں ہے؟	شربت کہاں رکھا ہے؟
شہد کہاں گر رہا ہے؟	شیر کہاں بند ہے؟	شُتر مرغ کیا کر رہا ہے؟	شہد کی مکھی کہاں ہے؟

- 'ش' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کی آواز کے ساتھ ذخیرہ الفاظ پڑھائیے۔

مثلاً: / ش / شہد، / ش / شربت، / ش / شیر، / ش / شتر مرغ / ش / شہد کی مکھی

- اس کے بعد صفحہ نمبر 41 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ جب کوئی آپ کے کام آئے یعنی آپ کی مدد کرے تو اس کا شکریہ ضرور ادا کیجیے۔

Aqsa Online We Publish Future.. Publishers, Printers & Booksellers

- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے ان کی شروع کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

شربت	شہزاد	شیشہ	شاخ	شیر	شازیہ

- بورڈ پر 'ش' لکھیے۔ مکمل شکل کے ساتھ اس کی چھوٹی شکل بھی لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔
- بچوں کو بتایئے کہ حرف 'ش' کی پوری اور چھوٹی شکل کی آواز ایک جیسی ہے، یعنی / ش /۔
- بورڈ پر 'ش' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'ش' کی پوری اور چھوٹی شکل کی نشان دہی کیجیے۔
- اچھی طرح سمجھانے کے بعد بچوں کو 'ش' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے لفظوں میں موجود 'ش' کی پوری اور چھوٹی شکل پوچھیے۔ بچے لفظ پڑھ تو نہیں سکتے لیکن لفظ میں 'ش' کی شکل پہچان سکتے ہیں۔ اس لیے لفظ پڑھانے سے قطعی گریز کیجیے اور بچوں کو ہدایت دیجیے کہ لفظ میں اس جگہ انگلی رکھ کر نشان دہی کریں جہاں انھیں 'ش' کی مکمل یا چھوٹی شکل نظر آئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'ش' کی مکمل اور چھوٹی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے ایک دوسرے کی ہتھیلی پر 'ش' لکھیں۔ اس کے بعد دوسری ہتھیلی پر اس کی چھوٹی شکل لکھیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھایئے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف لکھنے کی مشق کروایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 57 کی پہلی سرگرمی کا کام کروایئے۔ جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے / ش / سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 57 پر 'ش' کی چھوٹی شکل لکھنے کا کام دیجیے۔

We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)
'س' اور 'ش' کا حرفی فلیش کارڈز (پہلے اور چوتھے دن کے لیے) (ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)
س
ش

(پرنٹنگ کا مواد)

'س' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (دوسرے دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)

سایہ	سائیکل
سانپ	سورج
سبز	سیب
سمندر	سیڑھی

(پرنٹنگ کا مواد)

'ش' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (پانچویں دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)

شہد	شامل
شُتر مرغ	شربت
شال	شیر
شب	شاخ

'ص' اور 'ض' کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

مقاصد: اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔
- نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔
- 'ص' اور 'ض' کا نام، آواز اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔
- / ص / اور / ض / سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔
- 'ص' اور 'ض' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔
- 'ص' اور 'ض' کی مکمل اور چھوٹی لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ص' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 42 اور 43)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 58)، 'ص' کی کہانی
- دوسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ص' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 42 اور 43)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 58)، 'ص' کا حرفی فلیش کارڈ
- تیسرے دن کے لیے: 'ص' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 59)
- چوتھے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ض' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 44 اور 45)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 60)، 'ض' کی کہانی
- پانچویں دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ض' کی نظم)، 'ض' کا حرفی فلیش کارڈ، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 44 اور 45)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 61)، 'ض' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، ریت کی ٹرے

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ض' کی کہانی:

(چوتھے دن سُنانے کے لیے)

(چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنایئے۔ کہانی سُناتے ہوئے "ض" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! ضیا نے نیا گھر لیا۔ اس کے گھر میں اس کی امی، ابو، ایک بہن اور ایک بھائی تھے۔ ضیا نے اپنے گھر کی سیٹنگ کے لیے اپنے دوستوں کو بلایا۔ ان دوستوں کی مدد سے کام چند ہی گھنٹوں میں ہی مکمل ہو گیا۔ ضیا نے اپنے ڈائینگ روم میں کتابوں کی الماری بھی سیٹ کی اور اس کے ساتھ ہی اپنی بہن منّی کے لیے وائٹ بورڈ بھی دیوار میں نصب کر دیا۔ منّی اس بورڈ پر ضرب کے سوال حل کر رہی تھی۔ جب کام ختم ہوا تو ضیا نے اپنے تینوں دوستوں کو رات کو ضیافت کی دعوت دی۔ امی نے منّی کو کہا، کہ جلدی تیار ہو جائے۔ بھائی نے رات کو اپنے دوستوں کو ضیافت پر بلوایا ہے۔ منّی نے پوچھا، امی ضیافت کا کیا مطلب ہے؟ امی نے کہا، منّی ضیافت دعوت کو کہتے ہیں۔ اس میں بہت سے پکوان بنائے جاتے ہیں۔ اور سب ایک ہی جگہ پر سب مل کر کھانا کھاتے ہیں۔ منّی جلدی سے تیار ہو گئی۔ ضیا کے

دوست بھی رات کو آ گئے۔ امی نے ڈائینگ ٹیبل پر کھانا لگایا۔ سب مل کر ٹیبل پر بیٹھ گئے۔ ضیا کے دادا بہت ضعیف تھے۔ لیکن وہ بھی ضیا کے دوستوں کا سن کر آ گئے اور انھوں نے بچوں کے ساتھ مل کر ضیافت کا مزہ اُٹھایا۔ (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجایئے۔)

پہلا دن: حرف 'ص' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتایئے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰہِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ص' متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک نیا حرف پڑھنے والے ہیں۔ صابن کمرہ جماعت میں لے جایئے اور اسے کسی ڈبے میں رکھیے۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجس کو بڑھایئے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ اس ڈبے میں کیا ہے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔

اشارے: یہ گندگی صاف کرنے والی چیز ہے۔ اس کو ہم باتھ روم استعمال کرنے کے بعد استعمال کرتے ہیں ۔ اس کو ہم نہاتے ہوئے بھی استعمال کرتے ہیں ۔ جب ہمارے ہاتھ کوئی کام کر کے گندے ہو جاتے ہیں تو ہم اس کو پانی کے ساتھ استعمال کر کے گندگی کو صاف کرتے ہیں۔ اس کی بہت سی دلکش خوشبو ہوتی ہیں۔ یہ گئی رنگوں میں بھی دستیاب ہوتا ہے۔

- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے اور ڈبے سے صابن نکالیے۔ بچوں کو 'صابن' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے 'صابن' کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ کس کس کے گھر کون سا صابن ہے ؟ اور اس کا رنگ کون سا ہے؟ آپ روزانہ کتنی بار اپنے ہاتھوں میں صابن لگا کر گندگی صاف کرتے ہیں؟
- 'صابن' کہتے ہوئے / ص / پر زور دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز / ص / اور نام 'صاد' ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھایئے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 42 اور 43 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ص' کی کہانی سُنایئے۔

حرف 'ص' کی کہانی: (چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنایئے۔ کہانی سُناتے ہوئے "ص" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! صفیہ اپنے گھر میں صفائی کر رہی تھی۔ ڈائینگ روم کی صفائی کے لیے صفیہ نے صوفہ اچھے طریقے سے صاف کیا۔ اس کے کشن رکھے۔ صوفہ صاف ہو کر اتنہائی پیارا لگ رہا تھا۔ صوفے کے ساتھ ہی میز پر صراحی پڑی تھی۔ اس نے اس صراحی کو صابن کی مدد سے اچھی طرح دھویا اس کو خشک کیا اور میز پر رکھ دیا۔ پھر صفیہ نے اپنے روم کی صفائی کی۔ اس کے کمرے میں ایک صندوق پڑا تھا جو کہ کافی بھاری تھا۔ صفیہ نے صفدر چچا سے کہا، صفدر چچا اس صندوق کو اٹھا کر سٹور روم میں رکھ دیں۔ صفدر چچا نے صندوق اٹھا کر سٹور روم میں رکھ دیا۔ صفیہ نے اس صندوق میں سے کچھ کپڑے نکالے انھیں استری کیا۔ کپڑوں کو صفیہ نے الماری میں لٹکا دیا۔ صفیہ نے صفدر چچا کا شکریہ ادا کیا۔ تھوڑی دیر بعد ظہر کی اذان ہوئی۔ صفیہ نے صابن سے ہاتھ دھوئے اور وضو کیا اور نماز ادا کی۔ جب صفیہ کی امی نے صفائی دیکھی تو انھوں نے صفیہ کی تعریف کی اور کہا، صفیہ تم نے اتنی اچھی صفائی کی ہے۔ صفیہ نے کہا، امی جان صفائی نصف ایمان ہے۔ اس کے بعد صفیہ نے کھانا کھایا اور پڑھنے لگ گئی۔ (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجایئے۔)

- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

صفیہ کس کی صفائی کر رہی تھی؟	ڈرائینگ روم کی صفائی کے لیے صفیہ نے کی چیز کی صفائی؟	صفیہ نے صراحی کے ساتھ کیا کیا؟
صندوق اُٹھانے کے لیے صفیہ نے کی کو بلایا؟	صفدر چچا نے صندوق کہاں رکھا؟	صفیہ کی امی نے کیا کہا؟
آپ کو اس کہانی میں کون سا کردار سب سے زیادہ پسند آیا؟ اور کیوں؟		کیا آپ نے کبھی گھر کی صفائی کی ہے؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ص' کی نظم چلایئے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوایئے۔ پھر مل کر زبانی دُہرایئے۔

- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ص' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'صاد' کی آواز یعنی / ص / متعارف کروایئے۔ حرف کا نام (صاد) بھی بتایئے۔

مثلاً: صندوق / ص / صندوق ، صابن / ص / صابن، صوفا / ص / صوفا، صراحی / ص / صراحی

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ص' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروایئے۔
- بچوں کو کتاب پر 'ص' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'ص' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 58 کا کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے 'ص' کی آواز پوچھیے۔ بورڈ پر 'ص' لکھیے اور اس کا نام پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 42 اور 43 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ص' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے کل کون سا حرف پڑھا تھا؟ نام بتایئے۔
- اس کے بعد بورڈ پر 'ص' لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'ص' سے پہلے کون سا حرف آتا ہے؟ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- اس کے بعد بچوں کو 'ص' کی نظم سُنوایئے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔ ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلاً: (i) آپ کہیے: "سر پر اُٹھا کر صادِق چاچا " (ii) بچے کہیں: "صندوق کمرے میں لائے "

(iii) آپ کہیے: "صفیہ کرے کمرا صاف " (iv) بچے کہیں : "صُراحی، صوفا چمکائے "

(v) آپ کہیے: "صابن سے پھر ہاتھوں کو " (vi) بچے کہیں: "اچھے سے دھوتی جائے "

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور اعادہ بھی ہو جائے گا۔
- نظم میں آنے والے 'ص' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوایئے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 42 اور 43 کھلوایئے اور انھیں انگلی رکھ کر 'ص' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (صاد) اور پھر اس کی آواز (/ ص /) پڑھوایئے۔
- بچوں کو اپنے قاعدے پر تصویر غور سے دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتایئے کہ 'ص' کہاں ہے؟	'ص' کی کیا آواز ہے؟	'ص' کی چھوٹی شکل کہاں ہے؟	صفیہ کیا کر رہی ہے ؟
صوفا کہاں پڑا ہے؟	صراحی کس کے اُوپر ہے؟	صندوق کس نے اُٹھایا ہوا ہے؟	صابن کہاں پڑا ہوا ہے؟

- 'ص' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھایئے اور حرف کی آواز کے ساتھ ذخیرہ الفاظ پڑھایئے۔

مثلاً: / ص / صابن ، / ص / صراحی، / ص / صندوق، / ص / صوفا / ص / صادق

- اگر وقت ہو تو 'ص' کی کہانی سُنایئے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز / ص / ہو۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 59 کی پہلی چار لائنوں کا کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے / ص / سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 42 اور 43 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'ص' کی بناوٹ اور لکھائی

- سب سے پہلے صفحہ نمبر 43 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتایئے۔ انھیں بتایئے کہ ہمیشہ صاف ستھرا رہیے۔ اس سے صحت اچھی رہتی ہے۔
- ان سے پوچھیے کہ گھر جا کر کون کون صاف ستھرے کپڑے پہنتا ہے ؟ ہاتھ کھڑا کریں۔ جو بچے مثبت جواب دیں، ان کے لیے تالیاں بجوایئے اور باقی بچوں کو بھی ہمیشہ صاف ستھرا رہنے کی ہدایت کیجیے۔
- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے ان کی شروع کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

صابن	صراحی	صندوق	صوفا	صفیہ	صادق

- بورڈ پر 'ص' لکھیے۔ مکمل شکل کے ساتھ اس کی چھوٹی شکل بھی لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔
- بچوں کو بتایئے کہ حرف 'ص' کی پوری اور چھوٹی شکل کی آواز ایک جیسی ہے، یعنی / ص /۔
- بورڈ پر 'ص' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'ص' کی پوری اور چھوٹی شکل کی نشان دہی کیجیے۔
- اچھی طرح سمجھانے کے بعد بچوں کو 'ص' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے لفظوں میں موجود 'ص' کی پوری اور چھوٹی شکل پوچھیے۔ بچے لفظ پڑھ تو نہیں سکتے لیکن لفظ میں 'ص' کی شکل پہچان سکتے ہیں۔ اس لیے لفظ پڑھانے سے قطعی گریز کیجیے اور بچوں کو ہدایت دیجیے کہ لفظ میں اس جگہ انگلی رکھ کر نشان دہی کریں جہاں انھیں 'ص' کی مکمل یا چھوٹی شکل نظر آئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'ص' کی مکمل اور چھوٹی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے ایک دوسرے کی ہتھیلی پر یا ڈیسک پر 'ص' لکھیں۔ اس کے بعد دوسری ہتھیلی یا ڈیسک پر اس کی چھوٹی شکل بھی لکھیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھایئے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف لکھنے کی مشق کروایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 59 پر 'ص' کی مکمل شکل لکھنے کا کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 43 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 59 پر 'ص' کی چھوٹی شکل لکھنے کا کام دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'ض' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتایئے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ض' متعارف کروانے کا ہے۔
- ایک گتے سے ضرب کا نشان بنا کر کمرہ جماعت میں لے جایئے۔ اور اس کو میز پر رکھ دیں۔
- تین سے چار بچوں کو اپنے پاس بُلا کر ان کو یہ نشان دیکھایئے اور ان سے اس کا نام پوچھیے۔
- سب سے پہلے بوجھنے والے بچے کو شاباش دیجیے۔ باقی بچوں کے جوابات بھی لیجیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے بھی تالیاں بجوایئے۔
- بچوں کو بتایئے کہ ہم ضرب کا نشان کہاں استعمال کرتے ہیں؟ متوقع جواب: (حساب (میتھ) میں Multiplication یعنی تقسیم کے سوال) میں لگاتے ہیں
- 'ضرب' کہتے ہوئے / ض / پر زور دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز / ض / اور نام 'ضاد' ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھایئے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 44 اور 45 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ض' کی کہانی سُنایئے

- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

ضیا نے کیا چیز نئی لی تھی؟	ضیا نے اپنے ڈرائینگ روم میں کی چیز سیٹ کی؟	منّی بورڈ پر کیا چیز حل کرتی ہے؟
جب کام ختم ہوا تو ضیا نے کیا کیا؟	منّی نے کس چیز کا مطلب امی سے پوچھا؟	امی نے ضیافت کا کیا مطلب بتایا؟
آپ کو اس کہانی میں کون سا کردار سب سے زیادہ پسند آیا؟ اور کیوں؟		کیا آپ نے کبھی کسی کی ضیافت کی ہے؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ض' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر مل کر زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ض' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'ضاد' کی آواز یعنی / ض / متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (ضاد) بھی بتائیے۔

مثلاً: ضعیف / ض / ضعیف، ضرب / ض / ضرب، ضیافت / ض / ضیافت، ضیا / ض / ضیا

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ض' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر 'ض' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'ض' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 60 کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 45 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 44 اور 45 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

پانچواں دن: حرف 'ض' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف، بناوٹ اور لکھائی

- بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے کل کون سا حرف پڑھا تھا؟ نام بتائیے۔
- اس کے بعد بورڈ پر 'ض' لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ اس میں کتنے نقطے ہیں؟ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں کو 'ض' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔ ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلاً: (i) آپ کہیے: "ضیا کے گھر پر ایک ضیافت " (ii) بچے کہیں: "ضعیف نانا آئے ہیں"

(iii) آپ کہیے: "چھوڑو مُنّی، ضرف کو " (iv) بچے کہیں: "چاول بھی پکوائے ہیں "

(v) آپ کہیے: "مل کے ضیافت کھائیں گے " (vi) بچے کہیں: "سُنّت کو اپنائیں گے "

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور اعادہ بھی ہو جائے گا۔
- نظم میں آنے والے 'ض' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 44 اور 45 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'ض' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (ضاد) اور پھر اس کی آواز (/ ض /) پڑھوائیے۔
- بچوں کو اپنے قاعدے پر تصویر غور سے دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ض' کہاں ہے؟	'ض' کی کیا آواز ہے؟	'ض' کی چھوٹی شکل کہاں ہے؟	کتاب کہاں ہیں؟
ضعیف نانا کہاں کھڑے ہیں؟	ضرب کہاں ہے؟	ضعیف نانا نے ہاتھ میں کیا پکڑا ہے؟	ضیافت کہاں ہے؟

- 'ض' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کی آواز کے ساتھ ذخیرہ الفاظ پڑھائیے۔

Aghaz Publishers & Booksellers

مثلاً: /ض/ ضعیف، /ض/ ضرب، /ض/ ضیا، /ض/ ضیافت

- اس کے بعد صفحہ نمبر 45 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتایئے۔ انھیں بتایئے ضعیف لوگوں کا احترام کیجیے۔ ان کا کہنا ماننا چاہیے۔
- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے ان کی شروع کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

ضعیف	ضرب	ضیافت	ضد	ضخیم	ضروری

- بورڈ پر 'ض' لکھیے۔ مکمل شکل کے ساتھ اس کی چھوٹی شکل بھی لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔
- بچوں کو بتایئے کہ حرف 'ض' کی پوری اور چھوٹی شکل کی آواز ایک جیسی ہے، یعنی /ض/۔
- بورڈ پر 'ض' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'ض' کی پوری اور چھوٹی شکل کی نشان دہی کیجیے۔
- اچھی طرح سمجھانے کے بعد بچوں کو 'ض' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے لفظوں میں موجود 'ض' کی پوری اور چھوٹی شکل پوچھیے۔ بچے لفظ پڑھ تو نہیں سکتے لیکن لفظ میں 'ض' کی شکل پہچان سکتے ہیں۔ اس لیے لفظ پڑھانے سے قطعی گریز کیجیے اور بچوں کو ہدایت دیجیے کہ لفظ میں اس جگہ انگلی رکھ کر نشان دہی کریں جہاں انھیں 'ض' کی مکمل یا چھوٹی شکل نظر آئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'ض' کی مکمل اور چھوٹی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے ایک دوسرے کی ہتھیلی پر 'ض' لکھیں۔ اس کے بعد دوسری ہتھیلی پر اس کی چھوٹی شکل لکھیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھایئے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف لکھنے کی مشق کروایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 61 کی مکمل شکل لکھنے کا کام کروایئے۔ جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے /ض/ سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 61 پر 'ض' کی چھوٹی شکل لکھنے کا کام دیجیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)
'ص' اور 'ض' کا حرفی فلیش کارڈز (پہلے اور چوتھے دن کے لیے) (ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)
ص
ض

(پرنٹنگ کا مواد)

'ص' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (دوسرے دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)

صبح	صابن
صوفا	صندوق
صبر	صراحی
صاف	صادق

(پرنٹنگ کا مواد)

'ض' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (پانچویں دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)

ضرب	ضعیف
ضبط	ضیافت
ضرورت	ضائع
ضد	ضخیم

دوسری ٹرم (ساتواں ہفتہ)

'ط' اور 'ظ' کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

مقاصد: اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔
- نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔
- 'ط' اور 'ظ' کا نام، آواز اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔
- /ط/ اور /ظ/ سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔
- 'ط' اور 'ظ' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔
- 'ط' اور 'ظ' میں فرق کر سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ط' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 46 اور 47)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 62)، 'ط' کی کہانی
- دوسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ط' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 46 اور 47)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 62، 63)، 'ط' کا حرفی فلیش کارڈ،
- تیسرے دن کے لیے: 'ط' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 63)، ریت یا نمک کی ٹرے
- چوتھے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ظ' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 48 اور 49)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 64)، 'ظ' کی کہانی
- پانچویں دن کے لیے: نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 48 اور 49)، 'ظ' کا حرفی فلیش کارڈ، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 65)، 'ظ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، ریت یا نمک کی ٹرے

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ظ' کی کہانی:

(چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنائیے۔ کہانی سُناتے ہوئے "ظ" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! رابعہ اور ظہیر اپنے گھر میں کھیل رہے تھے۔ اچانک ظہیر نے کہا، باجی چلیں سامنے باغ میں جا کر کھیلتے ہیں۔ دونوں بہن بھائی باغ میں کھیلنے کے لیے آئے۔ وہاں پر انھوں نے بچوں کو کرکٹ کھیلتے ہوئے دیکھا۔ کچھ بچے ہاکی کھیل رہے تھے اور کچھ بچے جھولا جھول رہے تھے۔ رابعہ اور ظہیر نے بھی جھولے لیے۔ اس کے بعد انھوں نے بیڈمنٹن بھی کھیلا۔ جب وہ بیڈمنٹن کھیل رہے تھے۔ ان کی نظر ایک ظُروف کی دکان پر پڑی جو کہ باغ کے ساتھ ہی تھی۔ ظہیر نے کہا باجی ظُروف کسے کہتے ہیں؟ رابعہ نے کہا، برتن کو ظُروف بھی کہا جاتا ہے۔ ظہیر نے کہا، باجی یہ آدمی کون ہے؟ جو ظُروف کے ساتھ کرتب دیکھا رہا ہے۔ رابعہ نے کہا، اس کو ظریف کہتے ہیں۔ ظہیر، باجی ظریف کا کیا مطلب ہے۔ رابعہ نے کہا، ظریف کا مطلب ہے، لطیفہ گو یا خوش طبع۔ یہ لوگ مختلف کرتب کر کے لوگوں کو ہنساتے ہیں۔ ظہیر اور رابعہ نے ظریف کا کرتب دیکھا اور خوشی خوشی واپس آ گئے۔ (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے۔)

Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

پہلا دن: حرف 'ط' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰہِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ط' متعارف کروانے کا ہے۔ ایک چھوٹے پنجرے میں ایک طوطے کو ڈال کر کمرہ جماعت میں لے جائے اور کوشش کریں ایک اس کو ایک کپڑے سے ڈانپ دیں تاکہ بچے اس کو نہ دیکھ سکیں۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجس کو بڑھائیے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ اس کپڑے کے نیچے کیا ہے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔

اشارے: یہ ہوا میں اڑتا ہے۔ اس کے دو ٹانگیں اور پَر بھی ہیں۔ یہ مختلف رنگوں میں بھی ہوتا ہے۔ اس کو چُوری اور امرود بہت پسند ہے۔

- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور کپڑے کو ہٹا کر طوطے کو دیکھائیے۔ بچوں کو 'طوطا' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے طوطے کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ کس کس نے گھر میں طوطا پالا ہوا ہے؟ اور اس کا رنگ کون سا ہے؟ یہ کیا چیز شوق سے کھاتا ہے؟
- 'طوطا' کہتے ہوئے /ط/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /ط/ اور نام 'طوئے' ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 46 اور 47 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ط' کی کہانی سُنائیے۔

حرف 'ط' کی کہانی: (چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنائیے۔ کہانی سُناتے ہوئے "ط" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! طاہر کے گھر کے قریب ایک باغ تھا۔ اس میں بہت سے درخت تھے۔ طاہر اپنے دوستوں کے ساتھ ہر روز یہاں سیر کے لیے آتا تھا اور اپنے دوستوں کے ساتھ یہاں پر مختلف کھیل کھیلتا تھا۔ طاہر اپنے دوستوں میں سب سے زیادہ طاقت ور تھا۔ ایک دن اس نے رسی کھینچنے کا کھیل کھیلنا شروع کیا۔ ایک طرف اس کے سارے دوست اور دوسری طرف طاہر اکیلا طاقت کے زور پر رسی کو کھینچ رہا تھا۔ طاہر کے پاس ایک درخت تھا۔ جہاں پر طارق طبلہ بجا کر ان کی حوصلہ افزائی کر رہا تھا۔ اس درخت کے اوپر طوطا بھی ٹائیں ٹائیں کر رہا تھا۔ کچھ طلبہ بھی وہاں سے گزر رہے تھے۔ طاقت کا یہ مقابلہ دیکھنے کے لیے وہ بھی رک گئے۔ آخر کار طاہر جیت گیا۔ طبلے والے نے اس کی جیت کی خوشی میں زور زور سے طبلہ بجایا اور سب بہت خوش ہوئے۔ بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے۔)

- پھر قاعدے کے صفحہ نمبر 46 اور 47 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ط' کی کہانی سُنائیے۔ کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے:

طاہر کے گھر کے پاس کیا تھا؟	طاہر اپنے دوستوں کے ساتھ کیا کرتا تھا؟	سب سے زیادہ طاقت ور کون تھا؟
درخت کے پاس کون بیٹھا ہوا تھا؟	طوطا کیا کر رہا تھا؟	طالب علم کیا دیکھنے کے لیے رک گئے؟
آپ کو اس کہانی میں کون سا کردار سب سے زیادہ پسند آیا؟ اور کیوں؟		آپ کو کون سا کھیل کھیلنا پسند ہے؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ط' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ط' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'طوئے' کی آواز یعنی /ط/ متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (طوئے) بھی بتائیے۔

مثلاً: طوطا /ط/ طوطا، طالب علم /ط/ طالب علم، طبلہ /ط/ طبلہ، طاقت ور /ط/ طاقت ور۔

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ط' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر 'ط' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'ط' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرائیے۔
- عملی کتاب کے صفحہ نمبر 62 پر موجود پہلی سرگرمی کی مشق کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے 'ط' کی آواز پوچھیے۔ بورڈ پر 'ط' لکھیے اور اس کا نام پوچھیے۔ درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 46 اور 47 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ط' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں سے پوچھیے کہ ہم نے اب تک کون کون سے حروف پڑھے ہیں؟ بچوں سے نام اور آوازیں پوچھیے۔ ہوا میں 'ط' لکھوائیے۔
- بچوں کو 'ط' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔
- نظم میں آنے والے 'ط' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلاً: (i) آپ کہیے: "طوطا ٹیں ٹیں کر کے بولا" (ii) بچے کہیں: "طبلے کا ہے سُر نرالا"

(iii) آپ کہیے: "طاہر کی طاقت دیکھ کے" (iv) بچے کہیں: "گر گئے، پپو، بھولا"

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- نظم میں آنے والے 'ط' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔ اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 46 اور 47 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'ط' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ پڑھواتے ہوئے پہلے نام (طوئے) اور پھر اس کی آواز (/ ط /) پڑھوائیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ط' کہاں ہے؟	'طوئے' کی کیا آواز ہے؟	طبلہ کون بجا رہا ہے؟	
طاہر کہاں کھڑا ہے؟	پپو، بھولا کہاں ہے؟	درخت کہاں ہے؟	طالب علم کہاں کھڑا ہے؟

- 'ط' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ ذخیرہ الفاظ بتائیے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی / ط / کے ساتھ پڑھائیے۔

مثلاً: / ط / طوطا، / ط / طالب علم، / ط / طبلہ، / ط / طاقت ور / ط / طاہر

- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 62 موجود دونوں سرگرمیوں کا کام کروائیے۔
- اگر وقت ہو تو 'ط' کی کہانی ایک بار پھر سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز / د / ہو۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 63 کی دوسری سرگرمی کا کام کروائیے۔ جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے / ط / سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو اپنے گھر میں موجود کسی ایسی چیز کا نام سوچ کر آنے کا کام دیجیے، جو / ط / سے شروع ہوتی ہے۔

تیسرا دن: حرف 'ط' کی بناوٹ اور لکھائی

- سب سے پہلے صفحہ نمبر 47 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ اچھا طالب علم بننے کے لیے خُوب محنت کیجیے۔
- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے ان کی شروع کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

طوطا | طالب علم | طبلہ | طاقت | طفل | طرف

- بورڈ پر 'ط' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

- بورڈ پر 'ط' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'ط' کی شکل کی نشان دہی بچوں سے کروایئے۔ یاد رکھیے! ابھی بچے الفاظ نہیں پڑھ سکتے۔ اس لیے الفاظ پڑھوانے سے گریز کیجیے۔ صرف 'ط' کی نشان دہی کروایئے اور اس کی آواز ادا کروایئے۔ بورڈ پر مشق کروانے کے بعد بچوں کو 'ط' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے پوچھیے کہ 'ط' کہاں ہے؟

نوٹ: (آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'ط' کی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے بینچ پر 'ط' لکھیں۔ لکھتے ہوئے ساتھ ساتھ حرف کی آواز بھی ادا کرتے جائیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھایئے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف 'ط' لکھنے کی مشق کروایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 63 کا کام کروایئے۔ آدھے صفحے کا کام جماعت میں کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 47 پر "لسانی مشق" کے سوالات دوبارہ پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 63 کا باقی کا کام گھر سے کرنے کے لیے دیجیے۔

چوتھا دن:

حرف 'ظ' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتایئے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ظ' متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک نیا حرف پڑھنے والے ہیں۔ ظروف کو کمرہ جماعت میں لے جایئے اور اسے کسی ڈبے میں رکھیے۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجس کو بڑھایئے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ یہ کیا چیز ہے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔

اشارے: یہ مٹی کے بنے ہوتے ہیں۔ ان کو ہم کھانا کھانے کے دوران استعمال کرتے ہیں۔ یہ کئی رنگوں میں ہوتے ہیں۔ ان کو احتیاط سے رکھتے ہیں۔ اگر گر جائیں تو ٹوٹ جاتے ہیں۔

- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے اور ڈبے میں سے ظروف نکال کر بچوں کو دکھایئے۔ بچوں کو 'ظروف' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے ظروف کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ جب آپ کھانا کھاتے ہیں تو کس رنگ کے ظروف استعمال کرتے ہیں۔
- 'ظروف' کہتے ہوئے / ظ / پر زور دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز / ظ / اور نام 'ظوئے' ہے۔
- پھر قاعدے کے صفحہ نمبر 48 اور 49 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ظ' کی کہانی سُنایئے۔
- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے:

رابعہ اور ظہیر کہاں کھیلنے گئے؟	دونوں بہن بھائی نے کون کونسے کھیل دیکھے؟	رابعہ اور ظہیر نے کون سا کھیل کھیلا؟
باغ کے ساتھ کس چیز کی دوکان ہوتی ہے؟	کون ظُروف کے ساتھ کرتب دیکھا رہا تھا؟	ظریف کا مطلب کیا ہے؟
آپ کو اس کہانی میں کون سا کردار سب سے زیادہ پسند آیا؟ اور کیوں؟		کیا آپ نے ظریف کا کرتب کبھی دیکھا ہے؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ظ' کی نظم چلایئے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوایئے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرایئے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ظ' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'ڈال' کی آواز یعنی / ظ / متعارف کروایئے۔ حرف کا نام (ظوئے) بھی بتایئے۔

مثلاً: ظروف / ظ / ظروف، ظریف / ظ / ظریف

- بچوں کو حرف 'ظ' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتایئے۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ظ' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروایئے۔
- بچوں کو کتاب پر 'ظ' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'ظ' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرایئے۔
- عملی کتاب کے صفحہ نمبر 64 پر موجود سرگرمی کی مشق کا کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 49 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 48 اور 49 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

پانچواں دن: حرف 'ظ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف، بناوٹ اور لکھائی

- بچوں سے پوچھیے کہ ہم نے اب تک کون کون سے حروف پڑھے ہیں؟ بچوں سے نام اور آوازیں پوچھیے۔ ہوا میں 'ط' اور 'ظ' لکھوایئے۔
- بچوں کو 'ظ' کی نظم سُنوایئے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔
- نظم میں آنے والے 'ظ' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوایئے۔
- ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلاً: (i) آپ کہیے: "ظہیر، ظریف کو دیکھ کے بولا" (ii) بچے کہیں: "واہ! کیا کرتب کرتے ہو"

(i) آپ کہیے: "/ظ/ ظروف سے کرتب کر کے" (ii) بچے کہیں: "دَم اللہ کا بھرتے ہو"

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- نظم میں آنے والے 'ظ' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوایئے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 47 اور 48 کھلوایئے اور انھیں انگلی رکھ کر 'ظ' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (ظوئے) اور پھر اس کی آواز (/ظ/) پڑھوایئے۔
- بچوں کو 'ط' اور 'ظ' کا فرق سمجھایئے۔ بورڈ پر ایک جانب طوطا اور دوسری جانب ظریف بنایئے۔ دونوں کے نام پوچھیے اور شروع کی آوازیں زور دے کر ادا کیجیے تاکہ بچے سُن کر /ط/ اور /ظ/ کا فرق محسوس کر سکیں۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتایئے کہ 'ظ' کہاں ہے؟	'ظوئے' کی کیا آواز ہے؟	بچے کہاں کھڑے ہیں؟	
ظریف نے ہاتھ میں کیا پکڑا ہوا ہے؟	ظریف کہاں ہے؟	دکان میں کیا چیزیں پڑی ہیں؟	ظروف کہاں ہے؟

- 'ظ' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھایئے اور حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔ ذخیرہ الفاظ بتایئے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی /ظ/ کے ساتھ پڑھایئے۔

مثلاً: /ظ/ ظریف، /ظ/ ظروف

- اس کے بعد صفحہ نمبر 48 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتایئے۔ انھیں بتایئے کہ ظروف استعمال کرنے کے بعد سنبھال کر باورچی خانے میں رکھے۔
- ان سے پوچھیے کہ کون کون کھانا کھانے کے بعد ظروف کو باورچی خانے میں جا کر رکھتا ہے۔
- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے ان کی شروع کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

ظروف | ظریف | ظفر | ظِل | ظہر | ظلم

- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 64،65 پر موجود دوسری سرگرمی کا کام کروایئے۔
- بورڈ پر 'ظ' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔
- بورڈ پر 'ظ' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'ظ' کی شکل کی نشان دہی بچوں سے کروایئے۔ یاد رکھیے! ابھی بچے الفاظ نہیں پڑھ سکتے۔ اس لیے الفاظ پڑھوانے سے گریز کیجیے۔ صرف 'ظ' کی نشان دہی کروایئے اور اس کی آواز ادا کروایئے۔ بورڈ پر مشق کروانے کے بعد بچوں کو 'ظ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے پوچھیے کہ 'ظ' کہاں ہے؟

نوٹ: (آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'ظ' کی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے بینچ پر 'ظ' لکھیں۔ لکھتے ہوئے ساتھ ساتھ حرف کی آواز بھی ادا کرتے جائیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھایئے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف 'ظ' لکھنے کی مشق کروایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 65 کی پہلی چار لائنوں کا کام کروایئے۔ جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے / ظ / سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 65 کا باقی کا کام گھر سے کرنے کے لیے دیجیے۔

We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)
'ط' اور 'ظ' کا حرفی فلیش کارڈز (دوسرے اور چوتھے دن کے لیے) (ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)
ط
ظ

(پرنٹنگ کا مواد)

'ط' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (تیسرے دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)

طالب علم	طوطا
طاقت ور	طبلہ
طاہر	طفل
طشتری	طرف

(پرنٹنگ کا مواد)

'ظ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (پانچویں دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)

ظروف	ظریف
ظالم	ظِل
ظفر	ظہر
ظاہر	ظرف

'ع' اور 'غ' کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن:5 پیریڈ:40منٹ	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ■ کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ ■ نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔ ■ 'ع' اور 'غ' کا نام، آواز اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔ ■ /ع/ اور /غ/ سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔ ■ 'ع' اور 'غ' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔ ■ 'ع' اور 'غ' کی مکمل اور چھوٹی لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ع' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 50 اور 51)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 66،67)، 'ع' کی کہانی
- دوسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ع' کی نظم)، 'ع' کا حرفی فلیش کارڈ، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 51 اور 51)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 68)، 'ع' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، ریت کی ٹرے
- تیسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('غ' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 52 اور 53)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 69،70)، 'غ' کی کہانی
- چوتھے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('غ' کی نظم)، 'غ' کا حرفی فلیش کارڈ، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 52 اور 53)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 71)، 'غ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، ریت کی ٹرے
- پانچویں دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ا' تا 'غ' کی نظمیں) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 2 تا 53)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 56،60،62،66،67،69،70)

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'غ' کی کہانی:

(چوتھے دن سُنانے کے لیے)

(چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنایئے۔ کہانی سناتے ہوئے "غ" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! امجد نے بازار سے ایک نئی غلیل لی۔ اس نے اس غلیل سے بہت سی چیزیں پھوڑیں۔ ایک دن امجد باغ میں غلیل لے کر گیا۔ وہاں سے غفور بھی باغ میں کھیلنے کے لیے آیا تھا۔ اس نے کچھ غبارے خریدے۔ جیسے ہی وہ امجد کے پاس سے گزرا تو امجد نے اپنی غلیل سے اس کے بہت سے غبارے پھوڑ دیے۔ غفور کو امجد پر غصہ آگیا۔ اور وہ وہاں سے ناراض ہو کر چلا گیا۔ کیونکہ امجد نے اس کے بہت سے غبارے پھوڑ دیے تھے۔ اس کے بعد غفور بچے ہوئے غبارے لے کر احمد کے گھر آیا۔ احمد غسل کر کے فارغ ہوا تو غفور سے ملا۔ اور اس کے غصے ہونے کی وجہ پوچھی۔ غفور نے امجد والا سارا قصہ سنایا۔ احمد نے اس سے سمجھایا کوئی بات

Aquiline Publishers, Printers & Booksellers We Publish Future...

نہیں۔امجد ہمارا دوست ہے کل ہم اس نے مل کر اس کی غلیل کے ساتھ ہم بھی کھیلیں گے۔دوستوں میں یہ سب چلتا ہے۔اتنے میں احمد کے گھر امجد بھی آ گیا۔اس نے غفور سے معافی مانگی اور اس کو کہا میں تو مذاق کر رہا تھا۔آؤ چلو باغ میں غلیل سے ساتھ کھیلتے ہیں۔پھر تینوں دوست باغ میں کھیلنے کے لیے چلے گئے۔(بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجایئے۔)

پہلا دن: حرف 'ع' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتایئے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔انھیں بتایئے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ع' متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک نیا حرف پڑھنے والے ہیں۔عینک کو کمرہ جماعت میں لے جایئے اور اسے کسی ڈبے میں رکھیے۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجس کو بڑھایئے۔جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ اس ڈبے میں کیا ہے؟بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔

اشارے: یہ مختلف رنگوں میں ہوتی ہے۔اس کو ہم اپنے چہرے میں پہنتے ہیں۔اس کو ہم تیز دھوپ میں استعمال کرتے ہیں۔یہ تیز سورج کی روشنی سے ہماری آنکھوں کو بچاتی ہے ۔

- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے اور ڈبے سے عینک نکالیے۔بچوں کو 'عینک' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے 'عینک' کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ان سے پوچھیے کہ کس کس کے پاس گھر میں عینک ہے؟اور اس کا رنگ کون سا ہے؟آپ اس کو کب کب لگاتے ہیں؟
- 'عینک' کہتے ہوئے /ع/ پر زور دیجیے۔انھیں بتایئے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں،اس کی آواز /ع/ اور نام 'عین' ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھایئے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 50 اور 51 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ع' کی کہانی سُنایئے۔

حرف 'ع' کی کہانی: (چہرے کے تاثرات،ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنایئے۔کہانی سُناتے ہوئے "ع" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو!عاقب اپنے گھر کی کچھ چیزیں لینے کے لیے اپنے گھر کے قریب ایک نئی عمارت میں گیا۔وہاں بہت سی عمارتیں تھیں۔لیکن جس عمارت سے عاقب نے گھر کا سامان لینا تھا۔وہ ایک نئی عمارت تھی۔یہ عمارت کشادہ،ہوادار اور اس میں ہر طرح کی سہولتیں تھیں۔اس میں مختلف قسم کی دکانیں موجود تھیں۔کار پارکنگ کے لیے بھی جگہ موجود تھی۔جب عاقب اپنے گھر کا سامان لے کر گھر واپس آیا تو اس نے ایک عورت کے چیخنے کی آواز سنی۔یہ عورت عقاب پر چیخ رہی تھی۔کیونکہ عقاب اس کی بالکنی میں پڑی عینک لے کر اُڑ گیا۔اس نے عاقب کو آواز دی کہ عاقب عقاب کو پکڑو یہ میری عینک لے کر اُڑ رہا ہے۔عاقب نے عقاب کو غلیل سے پتھر مارا تو اس کے پنجوں سے عینک نیچے گر پڑی۔عاقب نے فوراً ہوا میں عینک کو پکڑ لیا۔اس طرح عینک ٹوٹنے سے بچ گئی۔عاقب نے عینک عورت کو دے دی۔عورت نے عاقب کا شکریہ ادا کیا۔ بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجایئے۔)

- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

عاقب گھر کی چیزیں لینے کہاں گیا؟	عمارت کیسی تھی؟	عقاب کیا چیز لے کر اُڑ گیا تھا؟
عاقب نے کس کے چیخنے کی آواز سنی؟	عاقب نے عقاب سے عینک کیسے حاصل کی؟	عاقب نے کیا چیز مار کر عقاب سے عینک لی؟
آپ کو اس کہانی میں کون سا کردار سب سے زیادہ پسند آیا؟اور کیوں؟		کیا آپ کے پاس کوئی عینک ہے؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ع' کی نظم چلایئے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوایئے۔پھر مل کر زبانی دُہرایئے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ع' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'عین' کی آواز یعنی /ع/ متعارف کروایئے۔حرف کا نام (عین) بھی بتایئے۔

مثلاً: عینک /ع/عینک، عورت /ع/ عورت، عمارت /ع/عمارت عقاب /ع/عقاب

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ع' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 74 اور 75 کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 51 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 50 اور 51 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ع' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف، بناوٹ اور لکھائی

- بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے کل کون سا حرف پڑھا تھا؟ نام بتائیے۔
- اس کے بعد بورڈ پر 'ع' لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ اس میں کتنے نقطے ہیں؟ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں کو 'ع' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔ ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلاً: (i) آپ کہیے: "عمارت سے اُڑ کر، آیا عقاب " (ii) بچے کہیں: "عورت کی چھین کے عینک لایا "

(iii) آپ کہیے: "عورت چیخی، عاقب بھاگو " (iv) بچے کہیں: "مجھ کو میری عینک لا دو "

(v) آپ کہیے: "عقاب ہوا آسمان میں گم " (vi) بچے کہیں: "عاقب کیا کرو گے تم؟ "

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور اعادہ بھی ہو جائے گا۔
- نظم میں آنے والے 'ع' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 50 اور 51 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'ع' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (عین) اور پھر اس کی آواز (/ع/) پڑھوائیے۔
- بچوں کو اپنے قاعدے پر تصویر غور سے دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ع' کہاں ہے؟	'ع' کی کیا آواز ہے؟	'ع' کی چھوٹی شکل کہاں ہے؟	عمارت کہاں پر ہے؟
عورت کہاں کھڑی ہے؟	عقاب نے کیا پکڑا ہے؟	عاقب کہاں ہے؟	گاڑی کہاں ہے؟

- 'ع' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کی آواز کے ساتھ ذخیرہ الفاظ پڑھائیے۔

مثلاً: /ع/عورت، /ع/عینک، /ع/عاقب، /ع/عمارت /ع/عقاب

- اس کے بعد صفحہ نمبر 51 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ اچھی عادتیں اپنائیے۔ جیسے سلام میں پہل کرنا، سچ بولنا، خدا حافظ کہنا وغیرہ۔
- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے ان کی شروع کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

عادت | عورت | عقاب | عابد | عارضی | عام

- بورڈ پر 'ع' لکھیے۔ مکمل شکل کے ساتھ اس کی چھوٹی شکل بھی لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- بچوں کو بتائیے کہ حرف 'ع' کی پوری اور چھوٹی شکل کی آواز ایک جیسی ہے، یعنی /ع/۔
- بورڈ پر 'ع' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'ع' کی پوری اور چھوٹی شکل کی نشان دہی کیجیے۔

- اچھی طرح سمجھانے کے بعد بچوں کو 'ع' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے لفظوں میں موجود 'ع' کی پوری اور چھوٹی شکل پوچھیے۔ بچے لفظ پڑھ تو نہیں سکتے لیکن لفظ میں 'ع' کی شکل پہچان سکتے ہیں۔ اس لیے لفظ پڑھانے سے قطعی گریز کیجیے اور بچوں کو ہدایت دیجیے کہ لفظ میں اس جگہ انگلی رکھ کر نشان دہی کریں جہاں انھیں 'ع' کی مکمل یا چھوٹی شکل نظر آئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'ع' کی مکمل اور چھوٹی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے ایک دوسرے کی ہتھیلی پر 'ع' لکھیں۔ اس کے بعد دوسری ہتھیلی پر اس کی چھوٹی شکل لکھیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھائیے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف لکھنے کی مشق کروائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 68 کی پہلی چار لائنوں کا کام کروائیے۔ جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے /ع/ سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 68 پر 'ع' اور 'ع' کی چھوٹی شکل لکھنے کا کام دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'غ' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'غ' متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک نیا حرف پڑھنے والے ہیں۔ غلیل کو کمرہ جماعت میں لے جائیے اور اسے کسی ڈبے میں رکھیے۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجس کو بڑھائیے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ یہ کیا چیز ہے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔

اشارے: یہ وائے (Y) شکل کی ہوتی ہے۔ اس کے ساتھ دوڑی بندی ہوتی ہے۔ اس سے ہم نشانہ باندھتے ہیں۔

- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ڈبے میں سے غلیل نکال کر بچوں کو دیکھائیے۔ بچوں کو 'غلیل' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے غلیل کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ کس کس کے پاس غلیل ہے یا کس کس نے غلیل کو دیکھا ہے؟
- 'غلیل' کہتے ہوئے /غ/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /غ/ اور نام 'غین' ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 52 اور 53 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'غ' کی کہانی سُنائیے
- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

امجد نے بازار سے کیا چیز لی؟	غفور نے باغ میں کھیلنے کے لیے کیا چیز خریدی؟	امجد نے غفور کے ساتھ کیا کیا؟
غفور امجد سے ناراض ہو کر کس کے گھر آیا؟	جب غفور احمد کے گھر آیا تو احمد کیا کر رہا تھا؟	احمد نے غفور کو کیا سمجھایا؟
آپ کو اس کہانی میں کون سا کردار سب سے زیادہ پسند آیا؟ اور کیوں؟		کیا آپ نے کبھی اپنے دوست کو ناراض کیا ہے؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'غ' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر مل کر زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'غ' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'غین' کی آواز یعنی /غ/ متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (غین) بھی بتائیے۔

مثلاً: غبارہ /غ/ غبارہ، غلیل /غ/ غلیل، غسل /غ/ غسل غصہ /غ/ غصہ غسل خانہ /غ/ غسل خانہ

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'غ' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 70،69 کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 53 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 52 اور 53 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'غ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف، بناوٹ اور لکھائی

- بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے کل کون سا حرف پڑھا تھا؟ نام بتائیے۔
- اس کے بعد بورڈ پر 'غ' لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ اس میں کتنے نقطے ہیں؟ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں کو 'غ' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔ ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلاً: (i) آپ کہیے: "غفور کو غصہ کیوں نہ آئے؟ " (ii) بچے کہیں: "سارے غبارے اس نے پُھلائے "

(iii) آپ کہیے: "امجد نے غلیل اُٹھا کے " (iv) بچے کہیں: "غبارے اُس کے نشانہ بنائے "

(v) آپ کہیے: "خوض کے پاس اک غسل خانہ " (vi) بچے کہیں: "احمد غسل کرے روزانہ "

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور اعادہ بھی ہو جائے گا۔
- نظم میں آنے والے 'غ' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 52 اور 53 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'غ' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (غین) اور پھر اس کی آواز (/غ/) پڑھوائیے۔
- بچوں کو اپنے قاعدے پر تصویر غور سے دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'غ' کہاں ہے؟	'غ' کی کیا آواز ہے؟	'غ' کی چھوٹی شکل کہاں ہے؟	غبارہ کہاں ہے؟
غصہ کون کر رہا ہے؟	غسل خانہ کہاں ہے؟	غلیل کس نے پکڑی ہے؟	غسل کون کر رہا ہے؟

- 'غ' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کی آواز کے ساتھ ذخیرہ الفاظ پڑھائیے۔

مثلاً: /غ/ غبارہ، /غ/ غلیل، /غ/ غسل، /غ/ غصہ /غ/ غسل خانہ

- اس کے بعد صفحہ نمبر 53 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے جب کوئی غلطی ہو جائے تو معافی مانگ لیجیے۔
- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے ان کی شروع کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

غار	غائب	غروب	غریب	غم	غول

- بورڈ پر 'غ' لکھیے۔ مکمل شکل کے ساتھ اس کی چھوٹی شکل بھی لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- بچوں کو بتائیے کہ حرف 'غ' کی پوری اور چھوٹی شکل کی آواز ایک جیسی ہے، یعنی /غ/۔
- بورڈ پر 'غ' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'غ' کی پوری اور چھوٹی شکل کی نشان دہی کیجیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

- اچھی طرح سمجھانے کے بعد بچوں کو 'غ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے لفظوں میں موجود 'غ' کی پوری اور چھوٹی شکل پوچھیے۔ بچے لفظ پڑھ تو نہیں سکتے لیکن لفظ میں 'غ' کی شکل پہچان سکتے ہیں۔ اس لیے لفظ پڑھانے سے قطعی گریز کیجیے اور بچوں کو ہدایت دیجیے کہ لفظ میں اس جگہ انگلی رکھ کر نشان دہی کریں جہاں انھیں 'غ' کی مکمل یا چھوٹی شکل نظر آئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'غ' کی مکمل اور چھوٹی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے ایک دوسرے کی ہتھیلی پر 'غ' لکھیں۔ اس کے بعد دوسری ہتھیلی پر اس کی چھوٹی شکل لکھیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھائیے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف لکھنے کی مشق کروائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 71 کی پہلی چار لائنوں کا کام کروائیے ۔ جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے ۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے /غ/ سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 71 پر 'ع' اور 'ع' کی چھوٹی شکل لکھنے کا کام دیجیے۔

پانچواں دن: حرف (ا تا غ) کا اعادہ

- یہ دن اب تک بڑھائے گئے حروف کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے لیے 'ا' سے 'غ' تک تمام حروف کی نظمیں باری باری سنوائیے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- متعلقہ حرف بورڈ پر لکھوائیے۔ ہر نظم پڑھنے کے بعد اس میں سے حرف کے ذخیرہ الفاظ کی نشان دہی کروائیے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 2 تا صفحہ نمبر 53 تک حروف پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے حروف سے بننے والی چیزوں کے نام با آواز بلند ادا کریں۔
- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمی دی جارہی ہے۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے تمام حروف کا اعادہ کر سکیں گے
- دیئے گئے حروف کی آدھی اشکال کی پہچان کیجیے اور مکمل حرف ان کے نیچے لکھیے۔
- عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 70، 69، 67، 66، 62، 60، 56 کھلوائیے اور کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں کو (ع، غ، ش، ط، ص) سے شروع ہونے والی تصویر کا نام پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 28 کا کام کر کے لانے کی ہدایت دیجیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)
'ع' اور 'غ' کا حرفی فلیش کارڈز (پہلے اور چوتھے دن کے لیے) (ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)
ع
غ

(پرنٹنگ کا مواد)

'ع' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (دوسرے دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)

عینک	عورت
عقاب	عمارت
عارضی	عادی
عبادت	عام

(پرنٹنگ کا مواد)

'غ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (چوتھے دن کے لیے)


(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)


غسل خانہ	غسل
غلیل	غبارہ
غریب	غار
غم	غروب


(پرنٹنگ کا مواد)


ورک شیٹ (پانچویں دن کے لیے)

دیئے گئے حروف کی آدھی اشکال کی پہچان کیجیے اور مکمل حرف ان کے نیچے لکھیے۔









'ف' اور 'ق' کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

مقاصد: اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔
- نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔
- 'ف' اور 'ق' کا نام، آواز اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔
- /ف/ اور /ق/ سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔
- 'ف' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔
- 'ف' کی مکمل اور چھوٹی لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ف' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 54 اور 55)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 72)، 'ف' کی کہانی
- دوسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ف' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 54 اور 55)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 72)، 'ف' کا حرفی فلیش کارڈ
- تیسرے دن کے لیے: 'ف' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 73)
- چوتھے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ق' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 56 اور 57)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 74)، 'ق' کی کہانی
- پانچویں دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ق' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 56 اور 57)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 74)، 'ق' کا حرفی فلیش کارڈ

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ق' کی کہانی: (چوتھے دن سُنانے کے لیے)

(چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنایئے۔ کہانی سناتے ہوئے "ق" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! قیصرہ ایک بہت اچھی بچی ہے۔ وہ صبح سویرے اٹھتی ہے۔ قرآن پڑھتی ہے اور اسکول جاتی ہے۔ آج اتوار کا دن تھا۔ قیصرہ اپنے روزمرہ کے حساب سے بیدار ہوئی۔ ان نے دیکھا کہ اس کی امی قالین بچھا کر اس پر قمیض سلائی کر رہی ہے۔ قیصرہ ان کے پاس بیٹھ گئی اور اس نے قرآن مجید کی تلاوت کی۔ اس کے بعد اس نے سکول کا بستہ لیا اور اپنا سکول کا کام کیا۔ اس نے اپنے قلم میں سیاہی بھری اور سکول کا کام ختم کیا۔ پھر قیصرہ نے اپنی امی سے قمیض کی کٹائی سیکھی۔ اس کی امی نے قینچی سے قمیض کاٹی اور پھر انھوں نے اس کی سلائی کی۔ آج قیصرہ کا سارا دن بہت اچھے سے گزرا کیونکہ اس نے اپنے دن کی شروعات قرآن مجید کی تلاوت سے کی تھی۔ (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجایئے۔)

پہلا دن: حرف 'ف' کا تعارف

Aquiline Publishers, Printers & Booksellers We Publish Future...

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰہِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ف' متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک نیا حرف پڑھنے والے ہیں۔ کھلونا فوجی کو کمرہ جماعت میں لے جائیے اور اسے کسی ڈبے میں رکھیے۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجس کو بڑھائیے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ اس ڈبے میں کیا ہے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔

اشارے: یہ ایک سپاہی ہے۔ جو اپنی ملک کی حفاظت کرتا ہے ۔ اس کی ایک خاص وردی ہوتی ہے ۔ یہ بہت ذہین ہوتا ہے ۔ یہ ہماری مشکل میں مدد بھی کرتا ہے۔

- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ڈبے سے کھلونا فوجی نکالیے۔ بچوں کو 'فوجی' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے 'فوجی' کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ کس کے ابو یا خاندان میں سے کوئی فرد فوج میں ہیں؟ کسی نے کبھی فوجی دیکھا ہے؟
- 'فوجی' کہتے ہوئے /ف/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /ف/ اور نام 'فے' ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 54 اور 55 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ف' کی کہانی سُنائیے۔

حرف 'ف' کی کہانی: (چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنائیے۔ کہانی سُناتے ہوئے "ف" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! فائزہ کے ابو فوج میں تھے۔ وہ ہماری سرحدوں کی حفاظت کے لیے مامور تھے اور کبھی کبھی دو چار دن کی چھٹی پر گھر آتے تھے۔ فائزہ کے ابو آج گھر آنے والے تھے۔ فائزہ نے اپنی امی کے ساتھ مل کر گھر کی صفائی کی۔ کھانا پکایا اور صحن کی صفائی بھی کی۔ فائزہ کے گھر ایک بہت ہی خوبصورت فانوس بھی لگا ہوا تھا۔ فائزہ نے اس کی بھی صفائی کی اور اس کو جلا دیا۔ اس کی روشنی سے گھر اور بھی کو بصورت لگ رہا تھا۔ فائزہ اپنے باغ میں لگے فوارے کے پاس بیٹھی اپنے ابو کا انتظار کر رہی تھی۔ اس کے فوارے کے پاس ایک درخت تھا۔ جس پر فاختہ نے بچے دیے ہوئے تھے۔ فائزہ نے اس فاختہ کے لیے دانہ دنکا رکھا۔ فاختہ نے دانہ اٹھایا اور اپنے بچوں کو جا کر کھلانا شروع کر دیا۔ اتنے میں فائزہ کی امی نے آواز دی۔ فائزہ جلدی اندر آؤ اور اپنی نئی فراک پہن لو۔ تمھارے ابو آنے والے ہیں۔ فائزہ جلدی سے تیار ہو گئی اور اس نے نئی فراک پہن لی۔ اتنے میں گھر میں دستک ہوئی یہ فائزہ کے ابو تھے۔ فائزہ بھاگ کر اپنے ابو سے گلے ملی۔ سب نے فانوس کے نیچے بیٹھ کر کھانا کھایا۔ اور شام کو فوارے کے پاس چائے پی۔ آج فائزہ بہت خوش تھی۔ (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے۔)

- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

فائزہ کے ابو کہاں تھے؟	فائزنے کیا کیا کام کیا؟	فائز کے گھر کون سی چیز خوبصورت تھی؟
فائزہ کے باغ میں کیا لگا ہوا تھا؟	درخت پر کون رہتا تھا؟	فائزہ نے کون سی ڈریسنگ کی؟
آپ کو اس کہانی میں کون سا کردار سب سے زیادہ پسند آیا؟ اور کیوں؟		کیا آپ کے گھر کے پاس کوئی درخت ہے؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ف' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر مل کر زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ف' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'فے' کی آواز یعنی /ف/ متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (فے) بھی بتائیے۔

مثلاً: فاختہ /ف/ فاختہ ، فوجی /ف/ فوجی، فوارہ /ف/ فوارہ، فراک /ف/ فراک، فانوس /ف/ فانوس

- بچوں کو حرف 'ف' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتائیے۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ف' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر 'ف' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'ف' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرائیے۔

- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 72 کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے 'ف' کی آواز پوچھیے۔ بورڈ پر 'ف' لکھیے اور اس کا نام پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 54 اور 55 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ف' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے کل کون سا حرف پڑھا تھا؟ نام بتائیے۔
- اس کے بعد بورڈ پر 'ف' لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'ف' سے پہلے کون سا حرف آتا ہے؟ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں کو 'ف' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔ ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلاً: (i) آپ کہیے: "فاختہ بولے، شور مچائے " (ii) بچے کہیں: "فائزہ دیکھو، ابو آئے "

(iii) آپ کہیے: "فائزہ پہنے نیا فراک " (iv) بچے کہیں: "باہر دوڑی دوڑی جائے "

(v) آپ کہیے: "فوارے پر بیٹھے بیٹھے" (vi) بچے کہیں: "فاختہ یوں ہی شور مچائے"

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور اعادہ بھی ہو جائے گا۔
- نظم میں آنے والے 'ف' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 54 اور 55 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'ف' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (فے) اور پھر اس کی آواز (/ف/) پڑھوائیے۔
- بچوں کو اپنے قاعدے پر تصویر غور سے دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ف' کہاں ہے؟	'ف' کی کیا آواز ہے؟	'ف' کی چھوٹی شکل کہاں ہے؟	فوارہ کہاں ہے؟
فاختہ کس کے اُوپر ہے؟	فانوس کہاں ہے؟	فائزہ کا کون آیا ہے؟	فوجی کہاں ہے؟

- 'ف' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کی آواز کے ساتھ ذخیرہ الفاظ پڑھائیے۔

مثلاً: /ف/ فوجی ، /ف/ فراک، /ف/ فوارہ، /ف/ فاختہ /ف/ فانوس

- اگر وقت ہو تو 'ف' کی کہانی سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز /ف/ ہو۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 73 کی پہلی چار لائنوں کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے /ف/ سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 54 اور 55 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'ف' کی بناوٹ اور لکھائی

- سب سے پہلے صفحہ نمبر 55 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ پڑھنے کے ساتھ ساتھ کھیلنا بھی ضروری ہے۔ فارغ وقت اپنے دوستوں کے ساتھ کھیلنے ضرور جائیے ۔
- ان سے پوچھیے کہ کون کون شام کو کھیلنے جاتا ہے اور کیا کھیل کھیلتے ہیں ؟ ہاتھ کھڑا کریں۔ جو بچے جواب دیں، ان کے لیے تالیاں بجوائیے اور باقی بچوں کو بھی روزانہ شام کو کھیلنے کی ہدایت کیجیے اور ان کو بتائیں کہ پڑھائی کے ساتھ ساتھ کھیل کود کرنے سے آپ تندرست اور چست رہتے ہیں۔

- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے ان کی شروع کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

فجر	فاروق	فالودہ	فائدہ	فراک	فرض

- بورڈ پر 'ف' لکھیے۔ مکمل شکل کے ساتھ اس کی چھوٹی شکل بھی لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- بچوں کو بتائیے کہ حرف 'ف' کی پوری اور چھوٹی شکل کی آواز ایک جیسی ہے، یعنی /ف/۔
- بورڈ پر 'ف' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'ف' کی پوری اور چھوٹی شکل کی نشان دہی کیجیے۔
- اچھی طرح سمجھانے کے بعد بچوں کو 'ف' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے لفظوں میں موجود 'ف' کی پوری اور چھوٹی شکل پوچھیے۔ بچے لفظ پڑھ تو نہیں سکتے لیکن لفظ میں 'ف' کی شکل پہچان سکتے ہیں۔ اس لیے لفظ پڑھانے سے قطعی گریز کیجیے اور بچوں کو ہدایت دیجیے کہ لفظ میں اس جگہ انگلی رکھ کر نشان دہی کریں جہاں انھیں 'ف' کی مکمل یا چھوٹی شکل نظر آئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'ف' کی مکمل اور چھوٹی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے ایک دوسرے کی ہتھیلی پر یا ڈیسک پر 'ف' لکھیں۔ اس کے بعد دوسری ہتھیلی یا ڈیسک پر اس کی چھوٹی شکل بھی لکھیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھائیے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف لکھنے کی مشق کروائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 73 پر 'ف' کی مکمل شکل لکھنے کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 55 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 73 پر 'ف' کی چھوٹی شکل لکھنے کا کام دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'ق' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ق' متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک نیا حرف پڑھنے والے ہیں۔ قینچی کو کمرہ جماعت میں لے جائیے اور اسے کسی ڈبے میں رکھیے۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجس کو بڑھائیے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ اس ڈبے میں کیا ہے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔

اشارے: یہ ایک لوہے کی یا سٹیل کی چیز ہوتی ہے۔ اس کی مدد سے ہم کپڑے، کاغذ اور بال کو کاٹ سکتے ہیں۔ اکثر درزی اور حجام اس کا استعمال کرتے ہیں۔ اس کو ہم ہاتھ میں پکڑ کر چلاتے ہیں۔

- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ڈبے سے قینچی نکالیے۔ بچوں کو 'قینچی' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے 'قینچی' کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ کس نے اپنے گھر میں قینچی دیکھی ہے اور اس اس کا سائز کتنا ہے؟ اس کو بتائیں قینچی کو بڑی احتیاط سے استعمال کریں؟ اگر کسی چیز یا کاغذ کو کاٹنا ضروری ہے تو کسی بڑے کی مدد لیجیے۔
- 'قینچی' کہتے ہوئے /ق/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /ق/ اور نام 'قاف' ہے۔

- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھایئے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 56 اور 57 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ق' کی کہانی سُنایئے
- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

قیصرہ کیسی بچی ہے؟	قیصرہ صبح سویرے اُٹھ کر کیا کرتی ہے؟	اتوار کو صبح اُٹھ کر قیصرہ نے کیا دیکھا؟
قیصرہ نے سکول کا کام کس چیز سے کیا؟	سکول کا کام کرنے سے پہلے قیصرہ نے کس کی تلاوت کی؟	قیصرہ کی امی کیا کر رہی تھی؟
آپ کو اس کہانی میں کون سا کردار سب سے زیادہ پسند آیا؟ اور کیوں؟		کیا آپ کی امی بھی قمیص کی سلائی کرتی ہے؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ق' کی نظم چلایئے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوایئے۔ پھر مل کر زبانی دُہرایئے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ق' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'قاف' کی آواز یعنی / ق / متعارف کروایئے۔ حرف کا نام (قاف) بھی بتایئے۔

مثلاً: قینچی / ق / قینچی، قلم / ق / قلم، قمیص / ق / قمیص قالین / ق / قالین قرآن مجید / ق / قرآن مجید

- بچوں کو حرف 'ق' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتایئے۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ق' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروایئے۔
- بچوں کو کتاب پر 'ق' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'ق' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 74 کا کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے 'ق' کی آواز پوچھیے۔ بورڈ پر 'ق' لکھیے اور اس کا نام پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 56 اور 57 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

پانچواں دن: حرف 'ق' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے کل کون سا حرف پڑھا تھا؟ نام بتایئے۔
- اس کے بعد بورڈ پر 'ق' لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'ق' سے پہلے دو کون سا حروف آتے ہیں؟ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- اس کے بعد بچوں کو 'ق' کی نظم سُنوایئے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔ ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلاً: (i) آپ کہیے: "امی نے فرش پر بچھایا قالین " (ii) بچے کہیں: " قینچی سے کاٹی اور سی لی قمیص "

(iii) آپ کہیے: "قیصرہ اسکول کا کر کے کام " (iv) بچے کہیں: " قرآن پڑھتی ہے صبح و شام "

(v) آپ کہیے: "امی بولیں، پڑھو پیاری بیٹی" (vi) بچے کہیں: " قرآن بتاتا ہے باتیں اچھی اچھی"

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور اعادہ بھی ہو جائے گا۔
- نظم میں آنے والے 'ق' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوایئے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 56 اور 57 کھلوایئے اور انھیں انگلی رکھ کر 'ق' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (قاف) اور پھر اس کی آواز (/ ق /) پڑھوایئے۔
- بچوں کو اپنے قاعدے پر تصویر غور سے دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتایئے کہ 'ق' کہاں ہے؟	'ق' کی کیا آواز ہے؟	'ق' کی چھوٹی شکل کہاں ہے؟	قینچی کہاں ہے؟

- 'ق' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھایئے اور حرف کی آواز کے ساتھ ذخیرہ الفاظ پڑھایئے۔

مثلاً:	قلم کس رنگ کا ہے؟	قیصرہ کیا پڑھ رہی ہے؟	قالین پر کون بیٹھا ہوا ہے؟	قمیص کہاں پر ٹنگی ہوئی ہے؟

/ق / قرآن مجید ، /ق / قینچی، /ق / قلم، /ق / قالین /ق / قمیص

- اگر وقت ہو تو 'ق' کی کہانی سُنایئے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز / ق / ہو۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 74 کی پہلی چار لائنوں کا کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے / ق / سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 56 اور 57 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)
'ف' اور 'ق' کا حرفی فلیش کارڈز (پہلے اور چوتھے دن کے لیے) (ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)
ف
ق

Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)	
'ف' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (تیسرے دن کے لیے) (ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)	
فوارہ	فاختہ
فراک	فوجی
فرض	فانوس
فجر	فرش

دوسری ٹرم (دسواں ہفتہ) 'ق'، 'ک' اور 'گ' کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5 پیریڈ: 40 منٹ	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ■ کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ ■ نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔ ■ 'ک' اور 'گ' کا نام، آواز اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔ ■ /ک/ اور /گ/ سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔ ■ 'ق' اور 'ک' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔ ■ 'ق' اور 'ک' کی مکمل اور چھوٹی لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: 'ق' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 74)
- دوسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ک' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 58 اور 59)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 76)، 'ک' کی کہانی
- تیسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ک' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 58 اور 59)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 76)، 'ک' کا حرفی فلیش کارڈ
- چوتھے دن کے لیے: 'ک' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 77)
- پانچویں دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('گ' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 60 اور 61)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 78)، 'گ' کی کہانی

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ک' کی کہانی: (دوسرے دن سُنانے کے لیے)

(چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنایئے۔ کہانی سناتے ہوئے "ک" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! کاشف اور بیلا دریا کے کنارے سیر کے لیے گئے۔ انھوں نے اپنی فیملی کے ساتھ خوب مزہ کیا۔ انھوں نے کشتی کی سیر بھی کی۔ دریا کا پانی کافی گہرا تھا۔ کاشف نے دریا کی سیر کے بعد مچھلی پکڑنے کے لیے کانٹا پھینکا اور مچھلی کو کانٹے پر لگا کھانا کھانے کا انتظار کرنے لگا۔ کاشف کو بھی بھوک محسوس ہوئی۔ اس نے دریا کے کنارے کرسی لگا کر بیٹھا اور مزے لے کر کیلا کھانے لگا۔ بیلا دریا کے کنارے گھاس پر بیٹھ کر کتاب پڑھ رہی تھی۔ دریا کے کنارے بہت سے کوئے بھی کائیں کائیں کر رہے تھے۔ اچانک بیلا نے چیخ ماری۔ اس کے پاؤں کے پاس ایک کیکڑا آ گیا۔ اس نے فوراً کاشف کو آواز دی۔ کاشف اس کی آواز سن کر فوراً آ گیا اور اس نے بیلا کی جان بچائی۔ اتنے میں کاشف کے کانٹے میں مچھلی پھنس گئی۔ کاشف نے مچھلی نکالی اور بیلا اور کاشف اس مچھلی کو لے کر اپنی فیملی کے پاس گئے۔ پھر دونوں نے اپنی فیملی کے ساتھ دریا کے کنارے بیٹھ کر کھانا کھایا اور پھر گھر واپس آ گئے۔۔ (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجایئے۔)

پہلا دن: حرف 'ق' کی بناوٹ اور لکھائی

- سب سے پہلے صفحہ نمبر 57 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتایئے۔ انھیں بتایئے کہ قرآن مجید کی روزانہ تلاوت کیجیے اور ٹھہر ٹھہر کر پڑھیے۔ قرآن مجید کا ایک حرف پڑھنے پر دس نیکیاں ملتی ہیں۔
- ان سے پوچھیے کہ کون کون صبح سویرے یا شام کو قرآن مجید کی تلاوت کرتا ہے ؟ ہاتھ کھڑا کریں۔ جو بچے جواب دیں، ان کے لیے تالیاں بجوایئے اور باقی بچوں کو بھی قرآن مجید کی تلاوت کرنے کی تلقین کیجیے۔
- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے ان کی شروع کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

قابو	قابل	قانون	قاعدہ	قدر	قرض

- بورڈ پر 'ق' لکھیے۔ مکمل شکل کے ساتھ اس کی چھوٹی شکل بھی لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔
- بچوں کو بتایئے کہ حرف 'ق' کی پوری اور چھوٹی شکل کی آواز ایک جیسی ہے، یعنی /ق/۔
- بورڈ پر 'ق' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'ق' کی پوری اور چھوٹی شکل کی نشان دہی کیجیے۔
- اچھی طرح سمجھانے کے بعد بچوں کو 'ق' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے لفظوں میں موجود 'ق' کی پوری اور چھوٹی شکل پوچھیے۔ بچے لفظ پڑھ تو نہیں سکتے لیکن لفظ میں 'ق' کی شکل پہچان سکتے ہیں۔ اس لیے لفظ پڑھانے سے قطعی گریز کیجیے اور بچوں کو ہدایت دیجیے کہ لفظ میں اس جگہ انگلی رکھ کر نشان دہی کریں جہاں انھیں 'ق' کی مکمل یا چھوٹی شکل نظر آئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'ق' کی مکمل اور چھوٹی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے ایک دوسرے کی ہتھیلی پر یا ڈیسک پر 'ق' لکھیں۔ اس کے بعد دوسری ہتھیلی یا ڈیسک پر اس کی چھوٹی شکل بھی لکھیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھایئے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف لکھنے کی مشق کروایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 75 پر 'ق' کی مکمل شکل لکھنے کا کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 57 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 75 پر 'ق' کی چھوٹی شکل لکھنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ک' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتایئے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ک' متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک نیا حرف پڑھنے والے ہیں۔ ایک کتاب کو کمرہ جماعت میں لے جایئے اور اسے کسی ڈبے میں رکھیے۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجس کو بڑھایئے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ اس ڈبے میں کیا ہے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔

اشارے: یہ کاغذ کی بنی ہوتی ہے۔ اس میں ہمارے لیے بہت سی کہانیاں اور دلچسپ باتیں ہوتی ہیں۔ ہم اس کو اپنے بستے میں رکھتے ہیں۔ یہ ہمیں اہم معلومات فراہم کرتی ہیں۔ اس کو ہم کتابوں والی دکان سے خریدتے ہیں۔

- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے اور ڈبے سے کتاب نکالیے۔ بچوں کو 'کتاب' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔

- بچوں سے 'کتاب' کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ کس کے پاس کہانیوں والی کتاب ہے ؟ کس کس کو کہانیاں سننے کا شوق ہے؟ کیا ان کے گھر میں کہانی والی کتابیں ہیں؟ کسی دو کہانی کا نام بھی بتائیں۔
- 'کتاب' کہتے ہوئے /ک/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /ک/ اور نام 'کاف' ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 58 اور 59 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ک' کی کہانی سُنائیے۔
- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

کاشف اور بیلا کہاں سیر کرنے کے لیے گئے؟	کاشف اور بیلا نے کس چیز کی سیر کی؟	کاشف نے دریا میں سے کیا پکڑا؟
بیلا کہاں بیٹھ کر کتاب پڑھ رہی تھی؟	بیلا کو کیا چیز نظر آئی؟	کاشف، بیلا اور اس کی فیملی دریا کے کنارے بیٹھ کر کیا کیا؟
آپ کو اس کہانی میں کون سا کردار سب سے زیادہ پسند آیا؟ اور کیوں؟		کیا آپ نے کبھی دریا کی سیر کی ہے؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ک' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر مل کر زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ک' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'کاف' کی آواز یعنی /ک/ متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (کاف) بھی بتائیے۔
مثلاً: کوا /ک/کوا ، کشتی /ک/کشتی، کیلا /ک/کیلا، کرسی /ک/کرسی، کیکڑا /ک/کیکڑا، کانٹا /ک/کانٹا
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ک' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر 'ک' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'ک' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 76 کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے 'ک' کی آواز پوچھیے۔ بورڈ پر 'ک' لکھیے اور اس کا نام پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 58 اور 59 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'ک' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے کل کون سا حرف پڑھا تھا؟ نام بتائیے۔
- اس کے بعد بورڈ پر 'ک' لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'ک' سے پہلے کون سا حرف آتا ہے؟ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں کو 'ک' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔ ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلاً:
(i) آپ کہیے: "/ک/ /ک/ کائیں کائیں کالا سا کوا"
(ii) بچے کہیں: "کاشف کی مچھلی پر تیزی سے جھپٹا"
(iii) آپ کہیے: "کاشف مگن تھا کھانے میں کیلا "
(iv) بچے کہیں: "کیکڑے کو دیکھ کر ڈر گئی بیلا "
(v) آپ کہیے: "بیلا چیخی، کاشف آؤ"
(vi) بچے کہیں: "آ کر اس کیکڑے کو بھگاؤ"

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور اعادہ بھی ہو جائے گا۔
- نظم میں آنے والے 'ک' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 58 اور 59 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'ک' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (کاف) اور پھر اس کی آواز (/ک/) پڑھوائیے۔
- بچوں کو اپنے قاعدے پر تصویر غور سے دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

We Publish Future...
Publishers, Printers & Booksellers

- 'ک' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھایئے اور حرف کی آواز کے ساتھ ذخیرہ الفاظ پڑھایئے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتایئے کہ 'ک' کہاں ہے؟	'ک' کی کیا آواز ہے؟	'ک' کی چھوٹی شکل کہاں ہے؟	کوے نے کیا پکڑا ہوا ہے؟
کرسی اور کشتی کہاں پر ہے؟	کاشف کیا کھا رہا ہے؟	کیکڑا کہاں ہے؟	کتاب کس کے ہاتھ میں سے گرِ ہے؟

مثلاً: /ک/ کشتی ، /ک/ کیلا، /ک/ کتاب، /ک/ کوا /ک/ کیکڑا

- اگر وقت ہو تو 'ک' کی کہانی سُنایئے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز /ک/ ہو۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 77 کی پہلی چار لائنوں کا کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے /ک/ سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 58 اور 59 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'ک' کی بناوٹ اور لکھائی

- سب سے پہلے صفحہ نمبر 59 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتایئے۔ انھیں بتایئے کہ اپنی کتاب کے صفحات احتیاط سے پلٹیے اور اسے خراب ہونے سے بچایئے۔
- ان سے پوچھیے کہ کون کون اپنی کتابوں کا خیال رکھتا ہے ؟ کس نے اپنی کتاب کو جلد یا کور چڑھایا ہے؟ جو بچے جواب دیں، ان کے لیے تالیاں بجوایئے اور باقی بچوں کو بھی اپنی کتاب کا خیال رکھنے اور ان کو کور یا جلد کرنے کی ہدایت کیجیے۔
- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے ان کی شروع کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

کالا	کرسی	کام	کان	کیکڑا	کتاب

- بورڈ پر 'ک' لکھیے۔ مکمل شکل کے ساتھ اس کی چھوٹی شکل بھی لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔
- بچوں کو بتایئے کہ حرف 'ک' کی پوری اور چھوٹی شکل کی آواز ایک جیسی ہے، یعنی /ک/۔
- بورڈ پر 'ک' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'ک' کی پوری اور چھوٹی شکل کی نشان دہی کیجیے۔
- اچھی طرح سمجھانے کے بعد بچوں کو 'ک' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے لفظوں میں موجود 'ک' کی پوری اور چھوٹی شکل پوچھیے۔ بچے لفظ پڑھ تو نہیں سکتے لیکن لفظ میں 'ک' کی شکل پہچان سکتے ہیں۔ اس لیے لفظ پڑھانے سے قطعی گریز کیجیے اور بچوں کو ہدایت دیجیے کہ لفظ میں اس جگہ انگلی رکھ کر نشان دہی کریں جہاں انھیں 'ک' کی مکمل یا چھوٹی شکل نظر آئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'ک' کی مکمل اور چھوٹی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے ایک دوسرے کی ہتھیلی پر یا ڈیسک پر 'ک' لکھیں۔ اس کے بعد دوسری ہتھیلی یا ڈیسک پر اس کی چھوٹی شکل بھی لکھیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھایئے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف لکھنے کی مشق کروایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 77 پر 'ک' کی مکمل شکل لکھنے کا کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 59 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 77 پر 'ک' کی چھوٹی شکل لکھنے کا کام دیجیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

پانچواں دن: حرف 'گ' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰہِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'گ' متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک نیا حرف پڑھنے والے ہیں۔ ایک گاجر اور گوبھی کو کمرہ جماعت میں لے جائیے اور اسے کسی ڈبے میں رکھیے۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجس کو بڑھائیے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ اس ڈبے میں کیا ہے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔

اشارے: یہ سبزی ہے۔ ایک سرخ رنگ کی ہے اور اس کی جسامت لمبی ہوتی ہے۔ دوسری پھول کے گلدستے کی طرح ہے۔ اس کے پتے سبز اور آگے سے یہ آف وائٹ ہے۔ یہ دونوں سردیوں میں آتی ہیں۔

- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ڈبے سے گاجر اور گوبھی نکالیے۔ بچوں کو 'گاجر اور گوبھی' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے 'گاجر اور گوبھی' کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ کس کس نے گاجر اور گوبھی کی سبزی کھائی ہے؟ کس نے گوبھی کی سبزی دیکھی ہوئی ہے؟
- 'گوبھی' کہتے ہوئے /گ/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /گ/ اور نام 'گاف' ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 60 اور 61 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'گ' کی کہانی سنائیے

حرف 'گ' کی کہانی: (چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سنائیے۔ کہانی سناتے ہوئے "گ" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ کسی گاؤں میں ایک گدھا اور گائے رہتے تھے۔ ان کا مالک ہر روز انھیں میدان میں گھاس چرنے کے لیے چھوڑ آتا تھا۔ اس میدان میں سرسبز درخت تھے۔ اور ہری بھری گھاس بھی تھی۔ گدھا اور گائے وہاں آکر بہت خوشی محسوس کرتے تھے۔ ان درختوں پر گلہریاں بھی رہتی تھی۔ میدان کے پاس ہی گوبھی اور گاجر کے کھیت بھی تھے۔ گدھے میاں کو گاجر بہت پسند تھی۔ ایک دن بانو اپنے بابا کے کھیت میں کچھ گاجریں اور گوبھی لینے کو آئی۔ جب اس نے گدھے کو دیکھا کہ گدھا اسے لگاتار دیکھے جا رہا ہے تو اس نے گدھے سے کہا، گدھے میاں گاجر کھاؤ گے۔ گدھے نے سر ہلانا شروع کر دیا۔ بانو نے گاجر اور گوبھی پکڑیا اور گدھے کو اپنے پیچھے چلنے کا اشارہ کیا اور اپنے گھر چل دی۔ گدھے نے گائے سے کہا، گائے بی چلو چل کر اپنی پسند کی چیز کھاتے ہیں۔ انھوں نے بانو کا پیچھا کیا۔ بانو اپنے گھر چلی گئی اور دروازہ بھی بند کر دیا۔ گدھا اور گائے اس کے گھر کے دروازے پر کھڑے گاجر اور گوبھی کا انتظار کر رہے تھے۔ اتنے میں بانو اپنی گڑیا کو لے کر کھڑکی پر آئی۔ بانو نے اپنے بھائی گیلانی کو آواز دی گیلانی دو چھڑی لے آیا۔ اس نے ایک کے ساتھ گوبھی اور دوسری کے ساتھ گاجر باندھ کر لٹکا دی۔ گدھے نے گاجر اور گائے نے گوبھی لی اور خوشی خوشی سے کھانے لگے۔ بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے۔)

- کہانی سنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

گدھے اور گائے کا مالک ان کو کہاں چھوڑ دیتا تھا؟	میدان میں کیا چیزیں تھی؟	درختوں کو کون سی چیز رہتی تھی؟
گدھے کا کیا چیز کھانا پسند تھا؟	گائے کا کیا چیز کھانا پسند تھی؟	کھیت سے گاجر اور گوبھی کون توڑ کے گھر لے گیا؟
آپ کو اس کہانی میں کون سا کردار سب سے زیادہ پسند آیا؟ اور کیوں؟		کیا آپ نے کبھی کسی سبزی کا کھیت دیکھا ہے؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'گ' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر مل کر زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'گ' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'گاف' کی آواز یعنی /گ/ متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (گاف) بھی بتائیے۔

مثلاً: گاجر /گ/ گاجر، گوبھی /گ/ گوبھی، گدھا /گ/ گدھا گڑیا /گ/ گڑیا

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'گ' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔

- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 78 کا کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 61 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 60 اور 61 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)
'ک' اور 'گ' کا حرفی فلیش کارڈز (دوسرے اور پانچویں دن کے لیے) (ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)
ک
گ

(پرنٹنگ کا مواد)

'ق' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (پہلے دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)

قالین	قرآن مجید
قینچی	قلم
قاری	قابل
قرض	قدر

(پرنٹنگ کا مواد)

'ک' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (چوتھے دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)

کرسی	کام
کیکڑا	کتاب
کیلا	کوا
کالا	کشتی

دوسری ٹرم (گیارھواں ہفتہ)

'گ' اور 'ل' کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

مقاصد: اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔
- نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔
- 'گ' اور 'ل' کا نام، آواز اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔
- /گ/ اور /ل/ سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔
- 'گ' اور 'ل' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔
- 'گ' اور 'ل' کی مکمل اور چھوٹی لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('گ' کی نظم)، 'گ' کا حرفی فلیش کارڈ نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 60 اور 61)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 79)، 'گ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، ریت کی ٹرے
- دوسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ل' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 62 اور 63)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 80)، 'ل' کی کہانی
- تیسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ل' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 62 اور 63)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 80)، 'ل' کا حرفی فلیش کارڈ
- چوتھے دن کے لیے: 'ل' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 81)
- پانچویں دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ا' تا 'ل' کی نظمیں) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 2 تا 63)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 58، 62، 67، 69، 72، 76، 78، 80)

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ل' کی کہانی:

(دوسرے دن سُنانے کے لیے)

(چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنائیے۔ کہانی سناتے ہوئے "ل" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! لیلیٰ کا گھر پہاڑی پر ہے۔ وہ اپنے امی ابو اور بھائی کے ساتھ اس گھر میں رہتی ہے۔ ایک دن لیلیٰ بازار سے لیموں اور لہسن خرید کر لا رہی تھی۔ کیونکہ اس کے گھر میں آج شام کو مہمان آ رہے تھے جیسے ہی وہ گھر میں داخل ہوئی اس کا بھائی حمزہ لٹو کے ساتھ کھیل رہا تھا۔ اس نے لیلیٰ کو ایک لٹو گھمانے کی باری دی اتنے میں لیلیٰ نے اپنے گھر کے پاس ایک لومڑی کو دیکھا۔ لیلیٰ اور حمزہ گھبرا گئے۔ حمزہ ڈر کے مارے زمین پر گر گیا۔ لیلیٰ بھی ڈر گئیں اس کے ہاتھ سے لیموں اور لہسن کی ٹوکری گر گئی۔ دونوں نے ڈر کی وجہ سے آواز لگائی۔ ان کی امی آواز سن کر دوڑی ہوئی آئی۔ انھوں نے لومڑی کو دیکھا تو فوراً ایک لکڑی کا ڈنڈا لے کر آئیں اور لومڑی کو دیکھا یا۔ لومڑی لکڑی کا ڈنڈا دیکھتے ہیں ڈر گئی اور بھاگ گئی۔ لیلیٰ کی امی نے حمزہ کو اٹھایا۔ اس کے بعد تینوں نے مل کر لیموں اور لہسن اکھٹے کیے۔ امی نے دونوں کو

Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

سمجھایا کہ بیٹا کسی بھی چیز سے ڈرنا نہیں چاہیے۔ اس کے بعد تینوں گھر کے اندر آ گئے اور شام کی دعوت کے لیے تیاری شروع کر دی۔ (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے۔)

پہلا دن: حرف 'گ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف، بناوٹ اور لکھائی

- بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے کل کون سا حرف پڑھا تھا؟ نام بتائیے۔
- اس کے بعد بورڈ پر 'گ' لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'گ' سے پہلے کون سا حرف آتا ہے؟ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں کو 'گ' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔ ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلاً: (i) آپ کہیے: "بانو ہاتھ میں پکڑے گڑیا " (ii) بچے کہیں: "دور سے گائے کو گاجر کھلائے "

(iii) آپ کہیے: "گدھا تو کھائے شوق سے گاجر " (iv) بچے کہیں: "گلہری ان کو تکتے جائے "

(v) آپ کہیے: "یوں تو کچھ وہ کہ نہ پائے " (vi) بچے کہیں: "پر اس کا بھی دل للچائے"

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور اعادہ بھی ہو جائے گا۔
- نظم میں آنے والے 'گ' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 60 اور 61 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'گ' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (گاف) اور پھر اس کی آواز (/گ/) پڑھوائیے۔
- بچوں کو اپنے قاعدے پر تصویر غور سے دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'گ' کہاں ہے؟	'گ' کی کیا آواز ہے؟	'گ' کی چھوٹی شکل کہاں ہے؟	گڑیا کہاں ہے؟
گدھا اور گائے کیا کھا رہی ہے؟	گلہری کہاں ہے؟	گلدان پر لٹکا ہوا ہے؟	گلاس کہاں پڑا ہوا ہے؟

- 'گ' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کی آواز کے ساتھ ذخیرہ الفاظ پڑھائیے۔

مثلاً: /گ/ گائے، /گ/ گدھا، /گ/ گلہری، /گ/ گاجر /گ/ گوبھی

- اس کے بعد صفحہ نمبر 61 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ گاجر کھائیے یا اس کا جوس بنا کر پیئیں۔ اس سے نظر اچھی ہوتی ہے۔
- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے ان کی شروع کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

گاڑی	گلاس	شیشہ	گال	گاؤں	گردن

- بورڈ پر 'گ' لکھیے۔ مکمل شکل کے ساتھ اس کی چھوٹی شکل بھی لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- بچوں کو بتائیے کہ حرف 'گ' کی پوری اور چھوٹی شکل کی آواز ایک جیسی ہے، یعنی /گ/۔
- بورڈ پر 'گ' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'گ' کی پوری اور چھوٹی شکل کی نشان دہی کیجیے۔
- اچھی طرح سمجھانے کے بعد بچوں کو 'گ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے لفظوں میں موجود 'گ' کی پوری اور چھوٹی شکل پوچھیے۔ بچے لفظ پڑھ تو نہیں سکتے لیکن لفظ میں 'گ' کی شکل پہچان سکتے ہیں۔ اس لیے لفظ پڑھانے سے قطعی گریز کیجیے اور بچوں کو ہدایت دیجیے کہ لفظ میں اس جگہ انگلی رکھ کر نشان دہی کریں جہاں انھیں 'گ' کی مکمل یا چھوٹی شکل نظر آئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'گ' کی مکمل اور چھوٹی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے ایک دوسرے کی ہتھیلی پر 'گ' لکھیں۔ اس کے بعد دوسری ہتھیلی پر اس کی چھوٹی شکل لکھیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھائیے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف لکھنے کی مشق کروائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 79 کی پہلی سرگرمی کا کام کروائیے۔ جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے /گ/ سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 79 پر 'گ' کی چھوٹی شکل لکھنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ل' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ل' متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک نیا حرف پڑھنے والے ہیں۔ لٹو کو کمرہ جماعت میں لے جائیے اور اسے کسی ڈبے میں رکھیے۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجس کو بڑھائیے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ اس ڈبے میں کیا ہے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔

  اشارے: یہ ایک کھلونا ہے۔ اس کو ہم دوڑی کی مدد سے چلاتے ہیں۔ اس کے مختلف رنگ ہوتے ہیں۔ یہ لکڑی یا پلاسٹک کا بنا ہوا ہوتا ہے۔
- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ڈبے سے لٹو نکالیے۔ بچوں کو 'لٹو' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے 'لٹو' کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ کس کس کے پاس لٹو ہے؟ اور اس کا رنگ کون سا ہے؟ کیا آپ نے کبھی لٹو خود چلایا ہے؟
- 'لٹو' کہتے ہوئے /ل/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /ل/ اور نام 'لام' ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 62 اور 63 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ل' کی کہانی سُنائیے۔
- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

لیلیٰ کا گھر کہاں پر تھا؟	لیلیٰ بازار سے کیا چیزیں لینے گئی تھی؟	کون لٹو کے ساتھ کھیل رہا تھا؟
لیلیٰ کے گھر آج شام کو کیا چیز تھی؟	لیلیٰ نے اپنے گھر کے پاس کیا چیز دیکھی؟	حمزہ کو ڈر کی وجہ سے کیا ہوا؟
لیلیٰ اور حمزہ نے کس کو آواز دی؟		امی نے کس چیز سے لومڑی کو ڈرایا؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ل' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر مل کر زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ل' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'لام' کی آواز یعنی /ل/ متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (لام) بھی بتائیے۔

  مثلاً: لیمو /ل/لیمو ، لومڑی /ل/لومڑی، لٹو /ل/لٹو لکڑی /ل/لکڑی لہسن /ل/ لہسن
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ل' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر 'ل' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'ل' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 80 کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے 'ل' کی آواز پوچھیے۔ بورڈ پر 'ل' لکھیے اور اس کا نام پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 62 اور 63 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'ل' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے کل کون سا حرف پڑھا تھا؟ نام بتائیے۔
- اس کے بعد بورڈ پر 'ل' لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'ل' سے پہلے کون سا حرف آتا ہے؟ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں کو 'ل' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔ ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلاً: (i) آپ کہیے: "لٹو گول گول گھوم رہا تھا " (iii) بچے کہیں: "حمزہ اس سے کھیل رہا تھا "

(iii) آپ کہیے: "لومڑی دیکھ کے لیلیٰ گئی ڈر " (iv) بچے کہیں: "لیمو، لہسن گرے زمین پر "

(v) آپ کہیے: "امی نے پھر اُٹھالی لکڑی" (vi) بچے کہیں: "دیکھ کے لکڑی، بھاگی لومڑی"

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور اعادہ بھی ہو جائے گا۔
- نظم میں آنے والے 'ل' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 62 اور 63 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'ل' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (لام) اور پھر اس کی آواز (/ل/) پڑھوائیے۔
- بچوں کو اپنے قاعدے پر تصویر غور سے دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ل' کہاں ہے؟	'ل' کی کیا آواز ہے؟	'ل' کی چھوٹی شکل کہاں ہے؟	لومڑی کہاں ہے؟
لکڑی کس کے ہاتھ میں ہے؟	لیمو، لہسن کس میں پڑے ہیں؟	لٹو کہاں گھوم رہا ہے؟	حمزہ کس سے کھیل رہا تھا؟

- 'ل' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کی آواز کے ساتھ ذخیرہ الفاظ پڑھائیے۔

مثلاً: /ل/ لومڑی ، /ل/ لیو، /ل/ لہسن، /ل/ لٹو /ل/ لکڑی

- اگر وقت ہو تو 'ل' کی کہانی سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز /ل/ ہو۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 81 کی پہلی چار لائنوں کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے /ل/ سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 62 اور 63 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'ل' کی بناوٹ اور لکھائی

- سب سے پہلے صفحہ نمبر 63 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ لڑائی جھگڑا کرنا اچھی بات نہیں ۔
- ان سے پوچھیے کہ کون کون لڑائی جھگڑے کرنا پسند نہیں کرتا ؟ ہاتھ کھڑا کریں۔ جو بچے مثبت جواب دیں، ان کے لیے تالیاں بجوائیے اور باقی بچوں کو بھی لڑائی جھگڑا کرنے سے منع کریں ۔
- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے ان کی شروع کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

لازم	لڈو	لڑکا	لفظ	لکھنا	لڑنا

- بورڈ پر 'ل' لکھیے۔ مکمل شکل کے ساتھ اس کی چھوٹی شکل بھی لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔

- بچوں کو بتایئے کہ حرف 'ل' کی پوری اور چھوٹی شکل کی آواز ایک جیسی ہے، یعنی / ل /۔
- بورڈ پر 'ل' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'ل' کی پوری اور چھوٹی شکل کی نشان دہی کیجیے۔
- اچھی طرح سمجھانے کے بعد بچوں کو 'ل' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے لفظوں میں موجود 'ل' کی پوری اور چھوٹی شکل پوچھیے۔ بچے لفظ پڑھ تو نہیں سکتے لیکن لفظ میں 'ل' کی شکل پہچان سکتے ہیں۔ اس لیے لفظ پڑھانے سے قطعی گریز کیجیے اور بچوں کو ہدایت دیجیے کہ لفظ میں اس جگہ انگلی رکھ کر نشان دہی کریں جہاں انھیں 'ل' کی مکمل یا چھوٹی شکل نظر آئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'ل' کی مکمل اور چھوٹی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے ایک دوسرے کی ہتھیلی پر یا ڈیسک پر 'ل' لکھیں۔ اس کے بعد دوسری ہتھیلی یا ڈیسک پر اس کی چھوٹی شکل بھی لکھیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھایئے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف لکھنے کی مشق کروایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 81 پر 'ل' کی مکمل شکل لکھنے کا کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 63 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 81 پر 'ل' کی چھوٹی شکل لکھنے کا کام دیجیے۔

پانچواں دن: حرف (' ا' تا' ل ') کا اعادہ

- یہ دن اب تک بڑھائے گئے حروف کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے لیے 'ا' سے 'ث' تک تمام حروف کی نظمیں باری باری سنوایئے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- متعلقہ حرف بورڈ پر لکھوایئے۔ ہر نظم پڑھنے کے بعد اس میں سے حرف کے ذخیرہ الفاظ کی نشان دہی کروایئے۔
- 'ا' تا' ل' کی چھوٹی شکلیں بھی لکھوایئے۔ پھر بورڈ پر حروف 'ا' تا' ل' لکھیے اور جن کی آدھی اشکال بنتی ہیں ان کے سٹیکی نوٹز کو بچوں کو دیں اور درست حرف کے ساتھ لگانے کی سرگرمی کروایئے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 2 تا صفحہ نمبر 63 تک حروف پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے حروف سے بننے والی چیزوں کے نام با آواز بلند ادا کریں۔
- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمی دی جارہی ہے۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے تمام حروف کا اعادہ کر سکیں گے
- تمام "گ" میں سبز اور باقی تمام حروف میں سرخ رنگ بھریے۔
- دی گئی تصاویر میں رنگ بھریے اور اس کے شروع کا پہلا حرف کی مکمل اور آدھی اشکال بھی لکھیے ۔
- عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 58، 62، 67، 69، 72، 76، 78، 80 کھلوایئے اور کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں کو دیئے جانے والے سوالات پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 28 کا کام کر کے لانے کی ہدایت دیجیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)
'گ' اور 'ل' کا حرفی فلیش کارڈز (پہلے، دوسرے دن کے لیے) (ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)
گ
ل

(پرنٹنگ کا مواد)

'گ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (پہلے دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)

گائے	گدھا
گوبھی	گلہری
گاجر	گڑیا
گُلدان	گلاس

(پرنٹنگ کا مواد)

'ل' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (چوتھے دن کے لیے)


(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)

لیمو	لومڑی
لٹّو	لہسن
لوگاٹ	لکڑی
لال	لیمپ

(پرنٹنگ کا مواد)

ورک شیٹ (پانچویں دن کے لیے)

تمام "گ" میں سبز اور باقی تمام حروف میں سرخ رنگ بھریے۔



دی گئی تصاویر میں رنگ بھریے اور اس کے شروع کا پہلا حرف کی مکمل اور آدھی اشکال بھی لکھیے ۔





Publishers, Printers & Booksellers

'م' اور 'ن' کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

مقاصد: اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔
- نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔
- 'م' اور 'ن' کا نام، آواز اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔
- /م/ اور /ن/ سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔
- 'م' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔
- 'م' کی مکمل اور چھوٹی لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('م' کی نظم) نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 64 اور 65)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 82)، 'م' کی کہانی
- دوسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('م' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 64 اور 65)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 82)، 'م' کا حرفی فلیش کارڈ
- تیسرے دن کے لیے: 'م' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 83)
- چوتھے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ن' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 66 اور 67)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 84)، 'ن' کی کہانی
- پانچویں دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ن' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 66 اور 67)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 84)، 'ن' کا حرفی فلیش کارڈ

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ن' کی کہانی: (چوتھے دن سُنانے کے لیے)

(چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنایئے۔ کہانی سناتے ہوئے "ن" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! نمی اپنے گھر میں جمعہ کی تیاری کر رہی تھی۔ اس نے سب سے پہلے اپنے کپڑے استری کیے اور اپنے باتھ روم میں نلکے سے پانی ٹب میں بھر کر نہائی۔ پھر اس نے اپنے ناخن کاٹے۔ نمی بہت ہی صاف ستھری لڑکی تھی۔ پھر اس نے نلکے کے پانی سے وضو کیا اور جمعہ کی نماز ادا کی۔ اس کے بعد نمی نے نلکے کے پانی سے برتن دھوئے اور دستر خوان پر برتن رکھے۔ اور کھانا کھایا۔ نمی نے گندے برتن کچن میں رکھے اور نلکے کے پانی سے انہیں دھویا۔ پھر نمی اپنے کمرے میں کی کھڑکی پر چلی گئی وہاں اس نے ناریل کھایا۔ اچانک وہاں پر ایک عجیب و غریب سی اماں بی آ گئی۔ اس کی ناک لمبی تھی اور گندے لمبے ناخن تھے۔ اس نے نمی کو اپنے تھیلے سے ناشپاتی نکال کر دی۔ نمی نے کہا، اماں بی میں نے ابھی ناریل کھایا ہے مجھے آپ کی ناشپاتی نہیں کھانی۔ اماں بی نے ضد کی بیٹی یہ تازہ ناشپاتی ہے۔ نمی نے کہا پہلے اپنے گندے ناخن کاٹ کے آؤ۔ پھر مجھے کوئی چیز کھانے کو دینا۔ اتنے گندے ناخن ہیں۔ ان میں تو جراثیم ہوں گے یہ کہہ کر نمی نے اپنی جراثیم سے جان بچائی اور کھڑکی بند کر لی۔ (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجایئے۔)

پہلا دن: حرف 'م' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰہِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'م' متعارف کروانے کا ہے۔
- ایک جگ میں مالٹے کا جوس (Orange Juice) ڈال کر کمرہ جماعت میں لے جائیے۔ اور اس کے ساتھ چار یا پانچ ڈسپوزیبل گلاس بھی لے جائیے۔
- تین سے چار بچوں کو اپنے پاس بُلا کر ان کی آنکھوں پر پٹی باندھیے یا آنکھوں پر ہاتھ رکھنے کی ہدایت دیجیے تاکہ بچے دیکھ نہ سکیں۔ اب بچوں کو ایک ایک گلاس میں تھوڑا مالٹے کا جوس (Orange Juice) ڈال کر دیجیے اور انھیں پینے کی ہدایت کیجیے۔ بچوں سے کہیے کہ وہ پی کر بتائیں کہ یہ کیا چیز ہے؟
- سب سے پہلے بوجھنے والے بچے کی آنکھوں سے پٹی اُتار دیجیے۔ باقی بچوں کے جوابات بھی لیجیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- بچوں کو بتائیے کہ ہم مالٹے کا جوس (Orange Juice) کہاں سے حاصل کرتے ہیں؟ متوقع جواب: (مالٹے کے رس سے حاصل کرتے ہیں۔) دینے کے بعد
- 'مالٹا' کہتے ہوئے /م/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /م/ اور نام 'میم' ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 64 اور 65 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'م' کی کہانی سُنائیے۔

حرف 'م' کی کہانی: (چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنائیے۔ کہانی سُناتے ہوئے "م" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! آج مومو کی سالگرہ تھی۔ جب مومو صبح اُٹھی تو اسکی امی ابو اور بھائی نے اس کو سالگرہ کی مبارک دی۔ ان کے گھر کے پاس ایک تالاب تھا۔ انھوں نے اس کے قریب مومو کی سالگرہ منانے کا سوچا۔ سب تیار ہو کر مومو کی سالگرہ منانے کے لیے شام کو تالاب کے کنارے چلے گئے۔ تالاب کے کنارے خوبصورت مور بھی آیا کرتے تھے۔ مومو نے مور کے ساتھ تصویریں کھنچوائیں۔ اس نے تالاب کے کنارے مینڈک کو ٹر ٹر کرتے دیکھا۔ اس نے تالاب میں مچھلیوں کو کھانا بھی ڈالا۔ تالاب میں بہت ہی خوبصورت رنگ برنگی مچھلیاں تھیں۔ مومو کی امی نے میز پر مومو کا سالگرہ کا کیک رکھا۔ اس پر ایک موم بتی لگائی۔ مومو کے بھائی نے مومو کو تحفے میں مالٹے دیے۔ آج مومو بہت خوش تھی۔ تالاب کے پاس کہیں سے مرغا بھی آگیا۔ مومو کی امی نے ماچس سے موم بتی جلائی اور سب نے مل کر کیک کھایا۔ آج کا دن مومو نے بہت ہی اچھے طریقے سے گزارا۔ (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے۔)

- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

آج کس کی سالگرہ کا دن تھا؟	مومو کے گھر والوں نے کہاں سالگرہ منانے کا سوچا؟	گھر کے پاس کیا تھا؟
تالاب کے پاس مومو نے کس کے ساتھ تصویریں کھنچوائیں؟	تالاب میں کیسی مچھلیاں تھیں؟	کیک کے اوپر کیا لگایا ہوا تھا؟
مومو کا آج کا دن کیا گزرا؟	مومو کے بھائی اس کو کیا تحفہ دیا؟	

- اسپیکر کے ذریعے سے 'م' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر مل کر زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'م' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'میم' کی آواز یعنی /م/ متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (میم) بھی بتائیے۔

مثلاً: مومو /م/ مومو ، مور /م/ مور، موم بتی /م/ موم بتی مچھلی /م/ مچھلی، مرغا /م/ مرغا

- بچوں کو حرف 'م' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتائیے۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'م' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر 'م' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'م' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 82 کی پہلی سرگرمی کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے 'م' کی آواز پوچھیے۔ بورڈ پر 'م' لکھیے اور اس کا نام پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 64 اور 65 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'م' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے کل کون سا حرف پڑھا تھا؟ نام بتائیے۔
- اس کے بعد بورڈ پر 'م' لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'م' سے پہلے کون سا حرف آتا ہے؟ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں کو 'م' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔ ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلاً: (i) آپ کہیے: "آؤ! مومو کی سالگرہ مناؤ " (ii) بچے کہیں: "اس کی امی کو بلاؤ "

(iii) آپ کہیے: "ماچس بھی لے آؤ " (iv) بچے کہیں: "اُس سے موم بتی جلاؤ "

(v) آپ کہیے: "مور اور مُرغا بھی آئے" (vi) بچے کہیں: "مالٹے تحفے میں لائے"

(vii) آپ کہیے: "مینڈک بھی ٹراتا جائے" (viii) بچے کہیں: "مچھلی گانا گاتی جائے"

(xi) آپ کہیے: "سال گرہ کا دن ہے اچھا" (x) بچے کہیں: "مومو بیٹھی مُسکرائے"

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور اعادہ بھی ہو جائے گا۔
- نظم میں آنے والے 'م' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 64 اور 65 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'م' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (میم) اور پھر اس کی آواز (/م/) پڑھوائیے۔
- بچوں کو اپنے قاعدے پر تصویر غور سے دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'م' کہاں ہے؟	'م' کی کیا آواز ہے؟	'م' کی چھوٹی شکل کہاں ہے؟	مینڈک کہاں بیٹھا ہوا ہے؟
موم بتی اور ماچس کہاں پر ہے؟	مور کہاں پر کھڑا ہے؟	مومو کے پاس کیا پڑا ہے؟	مچھلی کہاں پر ہے؟

- 'م' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کی آواز کے ساتھ ذخیرہ الفاظ پڑھائیے۔

مثلاً: /م/ مالٹا، /م/ ماچس، /م/ مچھلی، /م/ موم بتی /م/ مینڈک /م/ مُرغا

- اگر وقت ہو تو 'م' کی کہانی سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز /م/ ہو۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 82 کی دوسری سرگرمی کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے /م/ سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 64 اور 65 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'م' کی بناوٹ اور لکھائی

- سب سے پہلے صفحہ نمبر 65 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ ضرورت پڑنے پر اپنے بہن بھائیوں اور دوستوں کی مدد کیجیے۔
- ان سے پوچھیے کہ کون کون اپنے دوستوں اور گھر میں بہن بھائیوں کی مدد کرتا ہے؟ ہاتھ کھڑا کریں۔ جو بچے جواب دیں، ان کے لیے تالیاں بجوائیے اور باقی بچوں کو بھی اپنے دوستوں اور بہن بھائیوں کی مدد کرنے کا کہیے۔
- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے ان کی شروع کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

مور	مالا	ماں	ماموں	مٹی	مالک

- بورڈ پر 'م' لکھیے۔ مکمل شکل کے ساتھ اس کی چھوٹی شکل بھی لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- بچوں کو بتائیے کہ حرف 'م' کی پوری اور چھوٹی شکل کی آواز ایک جیسی ہے، یعنی /م/۔
- بورڈ پر 'م' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'م' کی پوری اور چھوٹی شکل کی نشان دہی کیجیے۔
- اچھی طرح سمجھانے کے بعد بچوں کو 'م' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے لفظوں میں موجود 'م' کی پوری اور چھوٹی شکل پوچھیے۔ بچے لفظ پڑھ تو نہیں سکتے لیکن لفظ میں 'م' کی شکل پہچان سکتے ہیں۔ اس لیے لفظ پڑھانے سے قطعی گریز کیجیے اور بچوں کو ہدایت دیجیے کہ لفظ میں اس جگہ انگلی رکھ کر نشان دہی کریں جہاں انھیں 'م' کی مکمل یا چھوٹی شکل نظر آئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'م' کی مکمل اور چھوٹی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے ایک دوسرے کی ہتھیلی پر یا ڈیسک پر 'م' لکھیں۔ اس کے بعد دوسری ہتھیلی یا ڈیسک پر اس کی چھوٹی شکل بھی لکھیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھائیے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف لکھنے کی مشق کروائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 83 پر 'م' کی مکمل شکل لکھنے کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 65 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 83 پر 'م' کی چھوٹی شکل لکھنے کا کام دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'ن' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ن' متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک نیا حرف پڑھنے والے ہیں۔ ایک نلکے کو کمرہ جماعت میں لے جائیے اور اسے کسی ڈبے میں رکھیے۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجس کو بڑھائیے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ اس ڈبے میں کیا ہے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔

اشارے: یہ ایک چیز ہے۔ جس کے استعمال سے ہمیں پانی ملتا ہے۔ یہ ہمارے گھر، سکول اور مسجد وغیرہ میں لگے ہوتے ہیں۔ اس کو آن (ON) کرنے سے پانی نکل آتا ہے اور اس کو آف (OFF) کرنے سے پانی بند ہو جاتا ہے۔

- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ڈبے سے نلکے کو نکالیے۔ بچوں کو 'نلکا' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے 'نلکے' کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ کس کس نے نلکے کو چلا کر پانی حاصل کیا ہوا ہے۔ اور کس کس کے گھر میں کونسے رنگ کا نلکا لگا ہوا ہے؟
- 'نلکا' کہتے ہوئے /ن/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /ن/ اور نام 'نون' ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 66 اور 67 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ن' کی کہانی سُنائیے۔
- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

We Publish Future...
Publishers, Printers & Booksellers

نمی اپنے گھر میں کس چیز کی تیاری کر رہی تھی؟	نمی نے نہانے کے بعد کیا چیز کاٹی؟	نمی نے وضو کرنے کے بعد کون سی نماز ادا کی؟
نمی نے کھانے والے برتن کے ساتھ کیا کیا؟	نمی اپنے کمرے میں کس چیز کے پاس چلی گئی؟	نمی کھڑکی پر کھڑی کیا چیز کھا رہی تھی؟
نمی کے پاس کھڑکی میں کون آئی تھی؟		اماں بھی کسی دیکھتی تھی؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ن' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر مل کر زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ن' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'نون' کی آواز یعنی /ن/ متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (نون) بھی بتائیے۔

مثلاً: نمی /ن/ نمی، نماز /ن/ نماز، ناریل /ن/ ناریل ناخن /ن/ ناخن ناشپاتی /ن/ ناشپاتی

- بچوں کو حرف 'ن' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتائیے۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ن' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر 'ن' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'ن' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 84 کی پہلی سرگرمی کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے 'ن' کی آواز پوچھیے۔ بورڈ پر 'ن' لکھیے اور اس کا نام پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 66 اور 67 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

پانچواں دن: حرف 'ن' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے کل کون سا حرف پڑھا تھا؟ نام بتائیے۔
- اس کے بعد بورڈ پر 'ن' لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'ن' سے پہلے کون سا حرف آتا ہے؟ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں کو 'ن' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔ ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلاً:
(i) آپ کہیے: "لمبی سی ناک اور بڑے بڑے ناخن " (ii) بچے کہیں: "دیکھو کیس اماں بی"
(iii) آپ کہیے: "لے کر آئیں ناریل " (iv) بچے کہیں: "اور میٹھی میٹھی ناشپاتی "
(v) آپ کہیے: "نمّی بیٹھی تھی اُداس" (vi) بچے کہیں: "اماں بھی سے ناراض"
(vii) آپ کہیے: "نمّی بولی، اماں بی" (viii) بچے کہیں: "پہلے ناخن کاٹیں جی"
(xi) آپ کہیے: "پھر کھاؤں گی ناریل" (x) بچے کہیں: "اور میٹھی میٹھی ناشپاتی"

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور اعادہ بھی ہو جائے گا۔
- نظم میں آنے والے 'ن' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 66 اور 67 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'ن' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (نون) اور پھر اس کی آواز (/ن/) پڑھوائیے۔
- بچوں کو اپنے قاعدے پر تصویر غور سے دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ن' کہاں ہے؟	'ن' کی کیا آواز ہے؟	'ن' کی چھوٹی شکل کہاں ہے؟	ناریل کہاں پڑے ہیں؟
نمّی کیوں ناراض ہے؟	ناخن کس کے لمبے ہیں؟	ناشپاتی کس کے ہاتھ میں ہے؟	نلکا کہاں لگا ہوا ہے؟

- 'ن' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کی آواز کے ساتھ ذخیرہ الفاظ پڑھائیے۔

Agahline We Publish Future.. Publishers, Printers & Booksellers

مثلاً: /ن/ نلکا ، /ن/ ناشپاتی، /ن/ ناخن، /ن/ ناک /ن/ ناراض

- اگر وقت ہو تو 'ن' کی کہانی سُنایئے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز /ن/ ہو۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 84 کی دوسری سرگرمی کا کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے /ن/ سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 66 اور 67 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)
'م' اور 'ن' کا حرفی فلیش کارڈز (پہلے اور چوتھے دن کے لیے) (ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)
م
ن

Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)

'م' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (تیسرے دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)

ماچس	مالٹا
مور	مچھلی
مینڈک	موم بتی
مولی	مرغا

'ن'، 'و' اور 'ہ' کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5 پیریڈ: 40 منٹ	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ■ کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ ■ نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔ ■ 'و' اور 'ہ' کا نام، آواز اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔ ■ /و/ اور /ہ/ سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔ ■ 'ن'، 'و' اور 'ہ' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔ ■ "ن"، 'و' اور 'ہ' کی مکمل اور چھوٹی لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: 'ن' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 85)
- دوسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('و' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 68 اور 69)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 86)، 'و' کی کہانی
- تیسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('و' کی نظم)، 'و' کا حرفی فلیش کارڈ، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 68 اور 69)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 87)، 'و' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، ریت کی ٹرے
- چوتھے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ہ' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 70 اور 71)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 88)، 'ہ' کی کہانی
- پانچویں دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ہ' کی نظم)، 'ہ' کا حرفی فلیش کارڈ، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 70 اور 71)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 89)، 'ہ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، ریت کی ٹرے

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'و' کی کہانی: (دوسرے دن سُنانے کے لیے)

(چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنایئے۔ کہانی سُناتے ہوئے "و" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! واصف اور اس کے دوست ہر اتوار کرکٹ کھیلنے کے لیے جاتے ہیں۔ آج اتوار کا دن ہے۔ واصف آج بھی اپنے دوستوں کے ساتھ کرکٹ کھیلنے کے لیے گیا۔ تو اس نے دیکھا کہ پارک میں لڑکے ورزش کر رہے تھے۔ کچھ بچے پارک میں رسہ کشی کر رہے تھے۔ پارک کی تر و تازہ ہوا بہت اچھی لگ رہی تھی۔ اسے ماحول میں ورزش کرنے سے صحت بھی اچھی ہوتی ہے۔ واصف نے سوچا کہ اگر وہ اپنے دوستوں کے ساتھ یہاں پر کھیلے گا تو لوگ اس کی وجہ سے اپنی ورزش نہیں کر سکیں گے۔ اس لیے واصف نے پارک کے قریب سڑک پر وکٹ لگالی اور انھوں نے کھیلنا شروع کر دیا۔ سڑک پر ٹریفک بھی ہوتی ہے۔ اس لیے جب وہ لوگ

کھیل رہے تھے۔ ایک وارڈن وہاں آ گیا۔ اس نے واصف کو کہا کہ اپنی وکٹ پارک میں کہیں لگاؤ اس طرح سڑک پر کھیلنے سے تم ٹریفک کو پریشان کر رہے ہو۔ اتنے میں ایک
ویگن والا پیں پیں کرتا وہاں آ گیا۔ وارڈن نے کہا، دیکھا بچے اس لیے تمھیں یہاں وکٹ لگانے سے منا کر رہا تھا۔ واصف نے وارڈن کی بات مانی اور اپنی وکٹ پارک میں لگالی۔ اب پارک میں بہت سے لوگ ورزش کر کے جا چکے تھے۔ واصف نے کرکٹ کھیلا اور گھر واپس آ گیا۔ (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے۔)

پہلا دن: حرف 'ن' کی بناوٹ اور لکھائی

- سب سے پہلے صفحہ نمبر 67 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ جب کوئی آپ سے ناراض ہو تو اُسے منا لیجیے ۔
- ان سے پوچھیے کہ کیا انہوں نے کبھی اپنے دوست اور بہن بھائی کو منایا ہے جب وہ ناراض ہوتا ہے ؟ ہاتھ کھڑا کریں۔ جو بچے جواب دیں، ان کے لیے تالیاں بجوائیے اور باقی بچوں کو ہدایت کیجیے کہ کسی کو ناراض نہیں کرنا چاہیے۔
- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے ان کی شروع کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

نام	نانا	ناشتہ	ناریل	ناچ	ناز

- بورڈ پر 'ن' لکھیے۔ مکمل شکل کے ساتھ اس کی چھوٹی شکل بھی لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- بچوں کو بتائیے کہ حرف 'ن' کی پوری اور چھوٹی شکل کی آواز ایک جیسی ہے، یعنی /ن/۔
- بورڈ پر 'ن' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'ن' کی پوری اور چھوٹی شکل کی نشان دہی کیجیے۔
- اچھی طرح سمجھانے کے بعد بچوں کو 'ن' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے لفظوں میں موجود 'ن' کی پوری اور چھوٹی شکل پوچھیے۔ بچے لفظ پڑھ تو نہیں سکتے لیکن لفظ میں 'ن' کی شکل پہچان سکتے ہیں۔ اس لیے لفظ پڑھانے سے قطعی گریز کیجیے اور بچوں کو ہدایت دیجیے کہ لفظ میں اس جگہ انگلی رکھ کر نشان دہی کریں جہاں انھیں 'ن' کی مکمل یا چھوٹی شکل نظر آئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'ن' کی مکمل اور چھوٹی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے ایک دوسرے کی ہتھیلی پر یا ڈیسک پر 'ن' لکھیں۔ اس کے بعد دوسری ہتھیلی یا ڈیسک پر اس کی چھوٹی شکل بھی لکھیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھائیے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف لکھنے کی مشق کروائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 85 پر 'ن' کی مکمل شکل لکھنے کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 67 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 85 پر 'ن' کی چھوٹی شکل لکھنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'و' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'و' متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک نیا حرف پڑھنے والے ہیں۔ کھلونا ویگن کو کمرہ جماعت میں لے جائیے اور اسے کسی ڈبے میں رکھیے۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجسس کو بڑھائیے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ اس ڈبے میں کیا ہے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔

Publishers, Printers & Booksellers

اشارے: یہ ایک سواری ہے۔ جس میں ایک ساتھ کافی بچے سفر کر سکتے ہیں۔ اس میں ہم سکول جاتے ہیں۔ اس کو ایک ڈرائیور چلاتا ہے۔ اس کے چار پہیے ہوتے ہیں۔ اس کے اوپر ہمارے سکول کا نام بھی لکھا ہوا ہوتا ہے۔ یہ ہمیں سکول سے گھر بھی چھوڑ کر جاتی ہے۔

- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور ڈبے سے کھلونا ویگن نکالیے۔ بچوں کو 'ویگن' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے 'ویگن' کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ کون کون سکول کی ویگن میں آتا ہے؟ کیا کسی نے سکول کی ویگن دیکھی ہے؟
- 'ویگن' کہتے ہوئے /و/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /و/ اور نام 'واؤ' ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 68 اور 69 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'و' کی کہانی سُنائیے
- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

واصف کس کے ساتھ پارک جاتا تھا؟	لڑکے پارک میں کیا کر رہے تھے؟	ورزش کرنے سے کیا ہوتا ہے؟
واصف نے کہاں پر وکٹ لگائی؟	سڑک پر کھیلنے سے وہ کس کو پریشان کر رہے تھے؟	واصف کے پاس کون آیا؟
وارڈن نے واصف کو کیا سمجھایا؟		واصف نے وارڈن کی بات مان کر کیا کیا؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'و' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر مل کر زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'و' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'واؤ' کی آواز یعنی /و/ متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (واؤ) بھی بتائیے۔

مثلاً: ویگن /و/ویگن ، وردی /و/ وردی، ورزِش /و/ورزِش وِکٹ /و/وِکٹ وارڈن /و/وارڈن

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'و' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 86 کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 69 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 68 اور 69 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'و' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف، بناوٹ اور لکھائی

- بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے کل کون سا حرف پڑھا تھا؟ نام بتائیے۔
- اس کے بعد بورڈ پر 'و' لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ /و/ سے پہلے کون سا حرف آتا ہے؟ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں کو 'و' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔ ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلاً: (i) آپ کہیے: "پیں پیں کرتی ویگن آئے " (ii) بچے کہیں: "واصف کو وارڈن سمجھائے "

(iii) آپ کہیے: "سڑک پر تُم نہ کھیلو کرکٹ " (iv) بچے کہیں: "پارک میں لگا لو اپنی وکٹ "

(v) آپ کہیے: "کھیلو کودو، صحت بناؤ " (vi) بچے کہیں: "ورزِش تُم سب کرتے جاؤ "

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور اعادہ بھی ہو جائے گا۔
- نظم میں آنے والے 'و' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 68 اور 69 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'و' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (واؤ) اور پھر اس کی آواز (/و/) پڑھوائیے۔

- بچوں کو اپنے قاعدے پر تصویر غور سے دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتایئے کہ 'و' کہاں ہے؟	'و' کی کیا آواز ہے؟	بچے کہاں رسی کود رہے ہیں؟	وردی کس نے پہنی ہے؟
لڑکا ورزِش کہاں کر رہا ہے؟	وِکٹ کہاں پر پڑی ہے؟	ویگن کو کون چلا رہا ہے؟	واصف کہاں پر ہے؟

- 'و' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھایئے اور حرف کی آواز کے ساتھ ذخیرہ الفاظ پڑھایئے۔

مثلاً: /و/وردی، /و/ورزِش، /و/ویگن، /و/وارڈن /و/ ورق

- اس کے بعد صفحہ نمبر 69 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتایئے۔ انھیں بتایئے کہ روزانہ ورزِش کرنے سے صحت اچھی رہتی ہے۔
- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے ان کی شروع کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

وادی	واپس	واجد	وارث	واقع	واقف

- بورڈ پر 'و' لکھیے۔ مکمل شکل کے ساتھ اس کی چھوٹی شکل بھی لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔
- بورڈ پر 'و' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔
- بورڈ پر 'و' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'و' کی شکل کی نشان دہی بچوں سے کروایئے۔ یاد رکھیے! ابھی بچے الفاظ نہیں پڑھ سکتے۔ اس لیے الفاظ پڑھوانے سے گریز کیجیے۔ صرف 'و' کی نشان دہی کروایئے اور اس کی آواز ادا کروایئے۔ بورڈ پر مشق کروانے کے بعد بچوں کو 'و' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے پوچھیے کہ 'و' کہاں ہے؟

(آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'و' کی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے ایک دوسرے کی ہتھیلی پر 'و' لکھیں۔ اس کے بعد دوسری ہتھیلی پر اس کی چھوٹی شکل لکھیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھایئے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف لکھنے کی مشق کروایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 87 کا کام کروایئے۔ جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے /و/ سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 87 پر 'و' کی چھوٹی شکل لکھنے کا کام دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'ہ' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتایئے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ہ' متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک نیا حرف پڑھنے والے ہیں۔ بچوں کو جسم کے حصوں کے بارے میں بتائیں۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجسس کو بڑھایئے اور مخصوص جسم کے حصہ یعنی (ہاتھ) کی طرف بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔

اشارے: یہ جسم کا ایک خاص حصے ہے ۔ اس کی مدد سے ہم چیزوں کو پکڑتے ہیں۔ ہم سکول کا کام اس کی مدد سے کرتے ہیں۔ اس کی مدد سے ہم کھانا کھاتے ہیں۔ اس پر پانچ انگلیاں ہوتی ہیں۔

- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے اور ہاتھ بلند کیجیے اور بچوں کو دیکھایئے۔ بچوں کو 'ہاتھ' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- 'ہاتھ' کہتے ہوئے /ہ/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /ہ/ اور نام 'ہے' ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھایئے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 70 اور 71 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ہ' کی کہانی سُنایئے۔

حرف 'ہ' کی کہانی: (چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنایئے۔ کہانی سُناتے ہوئے "ہ" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! علی اور علیزہ چڑیا گھر سیر کرنے کے لیے تیار رہو رہے تھے تو اس کے پڑوسی سے اس کا دوست عمار بھی آ گیا۔ اس نے بھی ان کے ساتھ چڑیا گھر جانے کی ضد کی۔ علی مان گیا اور یہ سب چڑیا گھر کے لیے گئے۔ جب یہ سب چڑیا گھر پہنچے تو انھوں نے ہاتھی کی سیر کی۔ ہاتھی سب کا دوست بن گیا۔ اس کو جو چیز بھی کھانے کو دیتے تو وہ اپنی سونڈ سے اسے پکڑ کر کھا جاتا۔ ہاتھی بچوں کے ساتھ بہت گھل مل گیا۔ اس نے بچوں کے ساتھ ہاتھ بھی ملایا۔ بچے ہاتھی کی سواری کر کے بہت خوش ہوتے۔ پھر وہ ایک بہت بڑے جنگلے کے پاس سے گزرے۔ جنگلا باقی جنگلوں سے بڑا اور ہوادار تھا کیونکہ یہاں پر بہت سے ہرن تھے۔ اس جنگلے کے پاس ایک درخت تھا۔ یہاں پر ایک ہدہد آ کر بیٹھ گیا۔ اس کی لمبی چونچ تھی۔ یہ بہت ہی خوبصورت پرندہ تھا۔ یہ اپنی چونچ سے درخت کی لکڑی میں سوراخ کر رہا تھا۔ اس کے ساتھ ہی ایک تالاب تھا۔ اس میں ہنس تیر رہے تھے۔ ہم نے ہنس کو ہاتھ ہلا ہلا کر اپنی طرف متوجہ کیا۔ جب اس نے ہماری طرف دیکھا تو ہم نے اس کے ساتھ تصویر کھنچوائی۔ چڑیا گھر کی سیر ہم سب کو یاد رہے گی۔ ہم نے بہت لطف اٹھایا اور گھر واپس آ گئے۔ بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجایئے۔)

- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

علی اور علیزہ کہاں سیر کرنے جا رہے تھے؟	کس نے دونوں کے ساتھ چڑیا گھر جانے کی ضد کی؟	چڑیا گھر پہنچ کر انھوں نے کس چیز کی سیر کی؟
ہاتھی سب بچوں کو کیا کیا بن گیا تھا؟	ہاتھی کیسے چیزیں کھاتا تھا؟	بڑے جنگلے میں کون تھے؟
درخت کے اوپر کون آ کر بیٹھ گیا تھا؟		تالاب میں کیا چیز تیر رہی تھی؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ہ' کی نظم چلایئے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوایئے۔ پھر مل کر زبانی دُہرایئے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ہ' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'ہے' کی آواز یعنی /ہ/ متعارف کروایئے۔ حرف کا نام (ہے) بھی بتایئے۔

مثلاً: ہاتھی /ہ/ہاتھی، ہاتھ /ہ/ ہاتھ، ہرن /ہ/ہرن ہدہد /ہ/ہدہد ہنس /ہ/ہنس

- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ہ' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 88 کا کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 71 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 70 اور 71 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

پانچواں دن: حرف 'ہ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف، بناوٹ اور لکھائی

- بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے کل کون سا حرف پڑھا تھا؟ نام بتایئے۔
- اس کے بعد بورڈ پر 'ہ' لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ اس میں کتنے نقطے ہیں؟ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- اس کے بعد بچوں کو 'ہ' کی نظم سُنوایئے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔ ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلاً: (i) آپ کہیے: "نٹ کھٹ ہاتھی بھاتا سب کو " (ii) بچے کہیں: "ہنس کے دوست بناتا سب کو "

(iii) آپ کہیے: "ہدہد، ہرن بھی تکتے اس کو " (iv) بچے کہیں: "کتنا بڑا ہے ہاتھی دیکھو "

(v) آپ کہیے: "لمبی سونڈ سے ہر شے پکڑے " (vi) بچے کہیں: "بڑے بڑے کان ہیں جیسے پنکھے "

(vii) آپ کہیے: "بچے دیکھ کے ہاتھ ہلائیں" (viii) بچے کہیں: "اس کی سیر کے مزے اُڑائیں "

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور اعادہ بھی ہو جائے گا۔
- نظم میں آنے والے 'ہ' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 70 اور 71 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'ہ' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (ہے) اور پھر اس کی آواز (/ہ/) پڑھوائیے۔
- بچوں کو اپنے قاعدے پر تصویر غور سے دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ہ' کہاں ہے؟	'ہ' کی کیا آواز ہے؟	'ہ' کی چھوٹی شکل کہاں ہے؟	ہاتھی کے اوپر کون بیٹھا ہے؟
ہنس کہاں تیر رہی ہے؟	ہرن کہاں کھڑا ہے؟	ہدہد کہاں بیٹھا ہوا ہے؟	ہاتھی کیا کر رہا ہے؟

- 'ہ' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کی آواز کے ساتھ ذخیرہ الفاظ پڑھائیے۔

مثلاً: /ہ/ ہاتھی، /ہ/ ہاتھ، /ہ/ ہرن، /ہ/ ہدہد، /ہ/ ہنس، /ہ/ ہار،

- اس کے بعد صفحہ نمبر 71 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ کھانے سے پہلے اور بعد میں صابن سے اچھی طرح ہاتھ دھوئیے۔ تاکہ جراثیم ختم ہو جائے۔
- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے ان کی شروع کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

ہرانا	ہجے	ہدایت	ہتھوڑی	ہارون	ہاں

- بورڈ پر 'ہ' لکھیے۔ مکمل شکل کے ساتھ اس کی چھوٹی شکل بھی لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- بچوں کو بتائیے کہ حرف 'ہ' کی پوری اور چھوٹی شکل کی آواز ایک جیسی ہے، یعنی /ہ/۔
- بورڈ پر 'ہ' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'ہ' کی پوری اور چھوٹی شکل کی نشان دہی کیجیے۔
- اچھی طرح سمجھانے کے بعد بچوں کو 'ہ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے لفظوں میں موجود 'ہ' کی پوری اور چھوٹی شکل پوچھیے۔ بچے لفظ پڑھ تو نہیں سکتے لیکن لفظ میں 'ہ' کی شکل پہچان سکتے ہیں۔ اس لیے لفظ پڑھانے سے قطعی گریز کیجیے اور بچوں کو ہدایت دیجیے کہ لفظ میں اس جگہ انگلی رکھ کر نشان دہی کریں جہاں انھیں 'ہ' کی مکمل یا چھوٹی شکل نظر آئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'ہ' کی مکمل اور چھوٹی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے ایک دوسرے کی ہتھیلی پر 'ہ' لکھیں۔ اس کے بعد دوسری ہتھیلی پر اس کی چھوٹی شکل لکھیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھائیے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف لکھنے کی مشق کروائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 89 کی پہلی چھ لائنوں کا کام کروائیے۔ جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے /ہ/ سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 89 پر 'ہ' کی چھوٹی شکل لکھنے کا کام دیجیے۔

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)
'و' اور 'ہ' کا حرفی فلیش کارڈز (دوسرے اور چوتھے دن کے لیے) (ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)
و
ہ

Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)

'ن' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (پہلے دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)

ناریل	نلکا
ناراض	ناشپاتی
ناخن	ناک
نہیں	نماز

(پرنٹنگ کا مواد)

'و' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (تیسرے دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)

وردی	ویگن
وارڈن	ورزِش
ورق	وِکِٹ
واپس	وادی

(پرنٹنگ کا مواد)	
'ہ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (پانچواں دن کے لیے) (ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)	
ہاتھی	ہاتھ
ہدہد	ہرن
ہنس	ہار
ہاں	ہم

"ی ے" اور "اعادہ" کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5 پیریڈ: 40 منٹ	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ■ کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ ■ نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔ ■ 'ی ے' کا نام، آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔ ■ 'ی ے' سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔ ■ 'ی ے' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔ ■ 'ا' تا 'ی ے' تک حروف شناخت کر سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ی ے' کی نظم)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 72 اور 73)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 90)، 'ی ے' کی کہانی
- دوسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ی ے' کی نظم)، 'ی ے' کا حرفی فلیش کارڈ، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 72 اور 73)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 90،91)
- تیسرے دن کے لیے: نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 72 اور 73)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 91)، ریت یا نمک کی ٹرے، 'ی ے' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز
- چوتھے دن کے لیے اسپیکر، سی ڈی ('ا' تا 'ش' کی نظمیں) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 2 تا 41)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 10،16،19،22،31،43،53،54،56)
- پانچویں دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ص' تا 'ی ے' کی نظمیں) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 42 اور 73)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 60،67،70،80،82،86،92)

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ی ے' کی کہانی: (تیسرے دن سُنانے کے لیے)

(چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنائیے۔ کہانی سناتے ہوئے "ی ے" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! سردی کا موسم تھا یاسر اپنے گاؤں میں رہتا تھا۔ ایک دن یاسر نے اپنے گاؤں کے پہاڑی علاقے کی سیر کا پروگرام بنایا۔ اس کے ساتھ اس کی ماں اور چھوٹا بھائی بہن بھی تھے۔ ایک صبح وہ سب سیر کے لیے تیار تھے۔ یاسر اپنے خاندان کے لیے یکہ لینے چلا گیا۔ کچھ ہی پل میں یاسر یکہ لے آیا۔ سارا خاندان یکے پر سوار ہو کر پہاڑی علاقے پر سیر کے لیے روانہ ہو گئے۔ راستے میں انھوں نے برف باری والے پہاڑ بھی دیکھے۔ انھوں نے پہاڑی راستے پر بہت سے یاک بھی نظر آئے۔ یاسر کا خاندان جب سیر کے مقامات پر پہنچا تو انھوں نے یکے والے کو پیسے دیے۔ وہ لوگ ایک باغ میں چلے گئے۔ باغ کے ہر ہر چیزوں کے چھوٹے چھوٹے ٹھیلے لگے ہوئے ۔ یاسر کی بہن یاسمین نے وہاں سے یویو لیا اور یاسر کے بھائی نے وہاں سے کار لی۔ دونوں نے اپنے اپنے کھلونوں سے کھیلا اور باغ کی تر و تازہ ٹھنڈی ہوا

سے بے بھی لطف اندوز ہوئے۔ تھوڑی دیر بعد ان کو بھوک لگی۔ باغ کے پاس ایک یخنی والا بھی تھا۔ یاسر نے سب کے لیے یخنی کا ایک ایک پیالہ لیا اور خوب مزے لے لے کر یخنی پی۔ بعد میں انھوں نے چائے بھی منگوائی۔ سب نے مل کر چائے پی اور گھر واپس آ گئے۔ (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے۔)

پہلا دن: حرف 'ی ے' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰہِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ی ے' متعارف کروانے کا ہے۔ یویو کھلونا کمرہ جماعت میں لے جائیے اور اسے بچوں کو دیکھائیے۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجسس کو بڑھائیے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ یہ کیا چیز ہے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔

اشارے: یہ ایک کھلونا ہے۔ اس کو ہم ایک ڈوری کی مدد سے چلاتے ہیں۔ اس میں بعض اوقات مختلف لائٹ بھی لگی ہوتی ہے۔ اس کو ہم مختلف انداز میں گھوما کر چلاتے ہیں۔ اس کی شکل گول ہوتی ہے۔

- درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور یویو کھلونے کو چلا کر کر دیکھائیے۔ بچوں کو 'یویو' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں سے یویو کھلونے کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ کس کس کے پاس گھر میں یویو کھلونا موجود ہے اور اور اس کا رنگ کون سا ہے؟
- 'یویو' کہتے ہوئے / ی / کی آواز پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز / ی / ہے۔
- پھر قاعدے کے صفحہ نمبر 72 اور 73 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ی ے' کی کہانی سُنائیے۔ کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے:

یاسر کہاں رہتا تھا؟	سارے خاندان والوں نے کس جگہ کی سیر کا پروگرام بنایا؟	سارے کون سی سواری پر سیر کے لیے گئے؟
یاسر کے بھائی اور بہن نے کیا چیزیں خریدیں؟	یاسر نے سب کے کھانے کے لیے کیا منگوایا؟	یخنی کھانے کے بعد سب نے کیا چیز پی؟

- اسپیکر کے ذریعے سے 'ی ے' کی نظم چلائیے اور بچوں کو دو سے تین بار سُنوائیے۔ پھر اسپیکر بند کر کے مل کر نظم زبانی دُہرائیے۔
- نظم اور کہانی میں آنے والے 'ی ے' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'ی ے' کی آواز یعنی / ی ے / متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (چھوٹی ی اور بڑی ے) بھی بتائیے۔

مثلاً: یکہ / ی ے / یکہ ، یاسر / ی ے / یاسر، یخنی / ی ے / یخنی ، یویو / ی ے / یویو ، یاسمین / ی ے / یاسمین

- بچوں کو حرف 'ی ے' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتائیے۔
- کہانی اور نظم میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ی ے' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر 'ی ے' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'ی ے' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرائیے۔
- عملی کتاب کے صفحہ نمبر 90 پر موجود سرگرمی کی مشق کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے پڑھے گئے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے 'ی ے' بورڈ پر لکھوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 72 اور 73 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'ی ے' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں سے پوچھیے کہ ہم نے اب تک کون کون سے حروف پڑھے ہیں؟ بچوں سے نام اور آوازیں پوچھیے۔
- بچوں کو 'ی ے' کی نظم سُنوائیے اور ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔ دو سے تین بار سُنوانے کے بعد اسپیکر بند کر دیجیے اور بچوں کے ساتھ خود پڑھیے۔
- نظم میں آنے والے 'ی ے' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔
- ایک مصرع خود پڑھیے اور بچوں کو اگلا مصرع مکمل کرنے دیجیے۔

مثلاً: (i) آپ کہیے: "یہ دیکھو یاسر کا گاؤں " (ii) بچے کہیں: "یکہ، یاک اور گہری چھاؤں "

(iii) آپ کہیے: "اک دُکان ہے گھر کے پاس " (iv) بچے کہیں: "یخنی اس کی بہت ہے خاص "

(v) آپ کہیے: "جب سردی کا موسم آئے " (vi) بچے کہیں: "یاسر یخنی پینے جائے "

(v) آپ کہیے: "یکہ، یاک اور گہر چھاؤں " (vi) بچے کہیں: "یاسر کو بھائے اپنا گاؤں"

- اس طرح نظم مکمل کروانے سے بچوں کی دل چسپی کا گراف بلند ہو گا اور انھیں نظم یاد بھی ہو جائے گی۔
- نظم میں آنے والے 'ی ے' کے الفاظ کے بارے میں پوچھیے۔ درست نشان دہی پر تالیاں بجوائیے۔ اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 72 اور 73 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'ی ے' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ پڑھواتے ہوئے پہلے نام (ی ے ے) اور پھر اس کی آواز (/ ی ے /) پڑھوائیے۔
- بچوں سے یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ی ے' کہاں ہے؟	'ی ے' کی کیا آواز ہے؟	یکہ کہاں چل رہا ہے؟	
لڑکی کس چیز کے ساتھ کھیل رہی ہے؟	یاک کہاں کھڑا مسکرا رہا ہے؟	یخنی والا کہاں مسکرا رہا ہے؟	یاسر یخنی کہاں بیٹھ کر پی رہا ہے؟

- 'ی ے' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔ ذخیرہ الفاظ بتائیے۔ یہ ذخیرہ الفاظ بچوں کو حرف کی آواز یعنی / ی ے / کے ساتھ پڑھائیے۔

مثلاً: یکہ / ی ے / یکہ ، یخنی / ی ے / یخنی یویو / ی ے / یویو یاک / ی ے / یاک

- بچوں سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 90 میں موجود دسری سرگرمی کا کام کروائیے۔
- اگر وقت ہو تو 'ی ے' کی کہانی ایک بار پھر سُنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز / ی ے / ہو۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 91 کی پانچ لائنوں کا کام کروائیے۔ جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے قاعدے کے صفحہ نمبر 73 پر موجود لسانی مشق کے سوالات پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو اپنے گھر سے عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 91 میں موجود باقی لائنوں کا کام کر کے آنے کو کہیے۔

تیسرا دن: حرف 'ی ے' کی بناوٹ اور لکھائی

- سب سے پہلے صفحہ نمبر 73 پر "تربیت" میں دی گئی اچھی بات بچوں کو بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ اپنا سبق روزانہ یاد کیجیے۔
- ان سے پوچھیے کہ کون کون اپنا سبق روزانہ یاد کرتا ہے ؟ ہاتھ کھڑا کریں۔ جو بچے مثبت جواب دیں، ان کے لیے تالیاں بجوائیے تا کہ باقی بچوں کو بھی اپنا سبق روزانہ یاد کرنے کی تلقین کیجیے۔
- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے ان کی شروع کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

یاقوت	یاسمین	یقین	یکساں	یوم	یکم

- بورڈ پر 'ی ے' لکھیے۔ مکمل شکل کے ساتھ اس کی چھوٹی شکل بھی لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- بچوں کو بتائیے کہ حرف 'ی ے' کی پوری اور چھوٹی شکل کی آواز ایک جیسی ہے، یعنی / ی ے /۔
- بورڈ پر 'ی ے' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'ی ے' کی پوری اور چھوٹی شکل کی نشان دہی کیجیے۔

Ajmal Line Publishers, Printers & Booksellers We Publish Future...

- اچھی طرح سمجھانے کے بعد بچوں کو 'ی ے' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے لفظوں میں موجود 'ی ے' کی پوری اور چھوٹی شکل پوچھیے۔ بچے لفظ پڑھ تو نہیں سکتے لیکن لفظ میں 'ی ے' کی شکل پہچان سکتے ہیں۔ اس لیے لفظ پڑھانے سے قطعی گریز کیجیے اور بچوں کو ہدایت دیجیے کہ لفظ میں اس جگہ انگلی رکھ کر نشان دہی کریں جہاں انھیں 'ی ے' کی مکمل یا چھوٹی شکل نظر آئے۔

نوٹ: (آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'ی ے' کی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے بینچ پر 'ی ے' لکھیں۔ لکھتے ہوئے ساتھ ساتھ حرف کی آواز بھی ادا کرتے جائیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھایئے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف 'ی ے' لکھنے کی مشق کروایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 92 کی پہلی سرگرمی کا کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 73 پر "لسانی مشق" کے سوالات دوبارہ پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 92 کی دوسری سرگرمی کا کام کرکے آنے کو کہیے۔

چوتھا دن: حرف (اتاش) کا اعادہ

- یہ دن اب تک پڑھائے گئے حروف کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے لیے 'ا' سے 'ش' تک تمام حروف کی نظمیں باری باری سنوایئے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- متعلقہ حرف بورڈ پر لکھوایئے۔ ہر نظم پڑھنے کے بعد اس میں سے حرف کے ذخیرہ الفاظ کی نشان دہی کروایئے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 2 تا صفحہ نمبر 41 تک حروف پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے حروف سے بننے والی چیزوں کے نام با آواز بلند ادا کریں۔
- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمی دی جارہی ہے۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے تمام حروف کا اعادہ کر سکیں گے۔
- راستہ تلاش کرنے، دی گئی تصاویر کے نام کا پہلا حرف لکھنے اور اپنی مرضی سے تصاویر میں رنگ بھریے۔
- عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 56، 54، 53، 43، 31، 22، 19، 16، 10 کھلوایئے اور کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں کو دیئے جانے والے سوالات پوچھیے۔

- بچوں سے سوالات پوچھیے۔

"ب" کے بعد کونسا حرف آتا ہے؟	"ر" سے پہلے کونسا حرف آتا ہے؟	"ج، ت" سے شروع ہونے والی کسی چیز کا نام بتائیں؟
"ش" پر کتنے نقطے آتے ہیں؟	"ڈاورٹ" کے اوپر کیا لگاتے ہیں ۔	"ژ" کے بعد کونسا حرف آتا ہے؟

گھر کا کام: بچوں کو اتاش تک تمام حرف سے بننے والی چیزوں کے نام یاد کرکے آنے کی ہدایت کیجیے۔

پانچواں دن: حرف (ص تا ے) کا اعادہ

- یہ دن اب تک بڑھائے گئے حروف کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے لیے 'ص' سے 'ی ے' تک تمام حروف کی نظمیں باری باری سنوایئے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- متعلقہ حرف بورڈ پر لکھوایئے۔ ہر نظم پڑھنے کے بعد اس میں سے حرف کے ذخیرہ الفاظ کی نشان دہی کروایئے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 42 تا صفحہ نمبر 73 تک حروف پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے حروف سے بننے والی چیزوں کے نام با آواز بلند ادا کریں۔

- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمی دی جارہی ہے۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے تمام حروف کا اعادہ کر سکیں گے۔
- تمام "ل" کو ملا کر تصویر مکمل کریں، تصویر کے مطابق الفاظ کو درست حرف سے ملایئے اور رنگ بھریئے۔
- عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 92،86،82،80،70،67،60 کھلوایئے اور کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں کو دیئے جانے والے سوالات پوچھیے۔

- بچوں سے سوالات پوچھیے۔

"ظ" کے بعد کونسا حرف آتا ہے؟	"ن" میں کتنے نقطے ہوتے ہیں؟	"ق" سے پہلے کیا آتا ہے؟
"ف" سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتائیں۔	"ض" کا نقطہ کہاں لگایا جاتا ہے؟	"گ" کے اوپر کیا لگتا ہے؟

گھر کا کام: بچوں کو ض تا ی ے تک تمام حرف سے بننے والی چیزوں کے نام یاد کر کے آنے کی ہدایت کیجیے۔

(پرنٹنگ کا مواد)

'ی ے' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (دوسرے دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)

ی

ے

(پرنٹنگ کا مواد)

'ی ے' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (تیسرے دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)


یویو	یخنی
یاک	یکہ
یاقوت	یکم
یاسمین	یوم

(پرنٹنگ کا مواد)


'اعادہ' راستہ تلاش کرنے اور تصاویر کا پہلا حرف لکھنے اور رنگ کیجیے (چوتھے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور ہر بچے کو لڑکے کو ثمر تک پہنچانے میں مدد کرنے اور دی گئی تصاویر کے نام کا پہلا حرف لکھنے اور رنگ کرنے کی ہدایت دیجیے)

تمام "ث" کو ملاتے ہوئے لڑکے کو ثمر سے پہنچائیں۔



دی گئی تصاویر کے نام کا پہلا حرف لکھیں اور رنگ بھریے۔





(پرنٹنگ کا مواد)

'اعادہ' حروف کو ملانا اور الفاظ کو درست حرف سے ملانا (پانچویں دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور ہر بچے کو حرف کو ملا کر تصویر مکمل کرنے اور تصویر کے مطابق الفاظ کو درست حرف سے ملانے اور رنگ کرنے کی ہدایت دیجیے)


تمام "ل" کو آپس میں ملاتے ہوئے تصویر کو مکمل کریں اور رنگ بھریے۔




تصاویر کے مطابق الفاظ کو درست حرف سے ملایئے اور رنگ بھریے۔


لومڑی


مچھلی


ناشپاتی


ورق

و

ن

م

ل

تیسری ٹرم (تیسرا ہفتہ) 'بھ'، 'پھ'، 'تھ'، 'ٹھ' اور 'جھ' کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

مقاصد: اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔
- نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔
- 'بھ'، 'پھ'، 'ٹھ' اور 'جھ' کا نام، آواز اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔
- /بھ/، /پھ/، /تھ/، /ٹھ/ اور /جھ/ سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔
- 'بھ'، 'پھ'، 'پھ'، 'ٹھ' اور 'جھ' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔
- 'بھ'، 'پھ'، 'پھ'، 'ٹھ' اور 'جھ' کی مکمل اور چھوٹی لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 74)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 93)، 'بھ، پھ، ٹھ' کی کہانی
- دوسرے دن کے لیے: نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 74)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 93)، 'بھ، پھ، ٹھ' عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 58)، 'بھ، پھ، ٹھ' کا حرفی فلیش کارڈ
- تیسرے دن کے لیے: 'بھ، پھ، ٹھ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 93)
- چوتھے دن کے لیے: نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 75)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 93)، 'ٹھ، جھ' کی کہانی
- پانچویں دن کے لیے: نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 75)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 93)، 'ٹھ، جھ' کا حرفی فلیش کارڈ، 'ٹھ، جھ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، ریت کی ٹرے

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'ٹھ، جھ' کی کہانی: (چوتھے دن سُنانے کے لیے)

(چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنایئے۔ کہانی سُناتے ہوئے "ٹھ، جھ" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! عظمیٰ اپنے گھر پر لگے جھولے پر جھول رہ تھی۔ آج اس کے لیے خوشی کا دن تھا۔ کیونکہ آج 14 اگست تھی۔ اس نے صبح صبح اپنے بھائی کے ساتھ مل کر گھر کے صحن میں جھنڈیاں لگائی اور گھر کی چھت پر پاکستان کا جھنڈا لگایا۔ جھنڈیاں لگانے کے بعد عظمیٰ کا بھائی علی بھی عظمیٰ کے ساتھ جھولا جھولنے آ گیا۔ جب علی جھولا جھول رہا تھا۔ تو یہ زیادہ تیز جھولے کو جھول رہا تھا۔ عظمیٰ نے اس کو منع بھی کیا لیکن علی باز نہ آیا۔ اچانک اس نے اپنا توازن کھو دیا اور گر گیا۔ علی کی ٹھوڑی پر چوٹ لگ گئی۔ علی کی امی فوراً باہر صحن میں آئی اور انھوں نے علی کی ٹھوڑی پر دوائی لگائی۔ اتنے میں علی کی امی کو باہر ٹھیلے والے کی آواز آئی۔ انھوں نے علی کے لیے ٹھیلے پر سے فروٹ اور گاجریں لی اور انھیں دھو کر علی اور عظمیٰ کو دیں۔ دونوں نے مل کر فروٹ بڑے شوق سے کھایا اور آئندہ جھولا اتنا تیز نہیں لیں گے یہ وعدہ بھی کیا۔ (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجایئے۔)

پہلا دن: حرف 'بھ، پھ، تھ' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'بھ، پھ، تھ' متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں سے کہیے کہ آج ہم کچھ نئے حروف پڑھنے والے ہیں۔ ان کو دو چشمی حروف اور بھاری آواز والے حروف بھی کہا جاتا ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 74 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'بھ، پھ، تھ' کی کہانی سُنائیے۔

حرف 'بھ، پھ، تھ' کی کہانی: (چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنائیے۔ کہانی سُناتے ہوئے "بھ، پھ، تھ" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! عید الاضحیٰ کے دن لوگ جانوروں کی قربانی کرتے ہیں۔ زیادہ تر لوگ بھیڑ کی قربانی کرتے ہیں۔ علی کے گھر بھی اس کے بھائی جان عید کی قربانی کے لیے ایک بھیڑ لائے۔ اس کی بھابھی نے گھر کی صفائی ستھرائی کی اور گلدانوں میں رنگ برنگے پھول کو سجایا۔ ڈائینگ ٹیبل پر موسم کی مناسبت سے تھالی میں پھل بھی سجا دیے۔ چاندرات کو علی کے ابا بازار جا کر سبزیاں بھی لے آئے۔ وہ یہ سبزیاں تھیلے میں ڈال کر لائے۔ چاندرات کو علی کی پسندیدہ سبزی بھنڈی بنی اور سب نے بھنڈی بڑے شوق سے کھائی۔ اس کے بعد سب نے تھالی پر سے اپنا اپنا پسندیدہ پھل اٹھایا۔ اور کھایا۔ اگلے دن سب نے عید کی نماز پڑھنے کے بعد بھیڑ کی قربانی کی اور محلے میں عید کا گوشت تقسیم کیا۔ یہ عید علی کی سب سے یادگار عید تھی کیونکہ اس عید پر انھوں نے قربانی کی تھی۔ اللہ پاک ہم سب کو عید الاضحیٰ کے موقع پر قربانی کرنے کی توفیق عطا کرے۔ آمین۔ بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے۔)

- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

عید الاضحیٰ کے دن لوگ کیا کرتے ہیں ؟	لوگ زیادہ تر کس جانور کی قربانی کرتے ہیں؟	بھیڑ گھر میں کو لایا تھا؟
کس نے گھر کی صفائی ستھرائی کی تھی؟	علی کے ابا کیا چیز لائے تھے؟	چاندرات کو کیا پکایا گیا تھا؟
عید کی نماز کے بعد سب نے کیا کیا تھا؟		یہ عید علی کی یادگار عید کیوں تھی؟

- کہانی میں آنے والے 'بھ، پھ، تھ' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے
- 'بھے' کی آواز یعنی / بھ /، 'پھے' کی آواز یعنی / پھ / اور 'تھے' کی آواز یعنی / تھ / متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (بھے)، (پھے) اور (تھے) بھی بتائیے۔

مثلاً: بھیڑ / بھ / بھیڑ ، پھل / پھ / پھل، تھیلا / تھ / تھیلا، بھنڈی / بھ / بھنڈی، پھول / پھ / پھول

- کہانی میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'بھ، پھ، تھ' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر "بھ، پھ، تھ' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر "بھ، پھ، تھ' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 93 میں 'بھ، پھ، تھ' کی پہلی پہلی لائنوں کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر 'بھ، پھ، تھ' لکھیے اور بچوں سے ان کے نام پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 74 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: **حرف 'بھ، پھ، تھ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف**

- بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے کل کون سا حرف پڑھا تھا؟ نام بتائیے۔
- اس کے بعد بورڈ پر 'بھ، پھ، تھ' لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'پھ' سے پہلے کون سا حرف آتا ہے؟ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- طلبہ سے لفظ بھیڑ کے شروع کے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ انھیں بتائیے کہ آج وہ اسی طرح کچھ اور تصویروں کے شروع کے حرف کی پہچان کریں گے۔

- اس کے بعد بچوں کو 'بھنڈی، ، پُھول، پھل، تھالی، تھیلا' کے تصویری فلیش کارڈز دیکھایئے اور ان کے نام پوچھیے اور شروع کے آواز والا حرف بھی بتایئے۔ درست نام دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 74 کھلوایئے اور انھیں انگلی رکھ کر 'بھ، پھ، تھ' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (بھ، پھ، تھ) اور پھر اس کی آواز (/ بھے، پھے، تھے /) پڑھوایئے۔
- بچوں کو اپنے قاعدے پر تصویر غور سے دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتایئے کہ 'بھ' کہاں ہے؟	'تھ' کی کیا آواز ہے؟	'پھ' سے کون سا حرف بنتا ہے؟	بھیڑ کہاں ہے ؟
تھیلا کہاں پر ہے؟	پھول ہم کہاں دیکھتے ہیں؟	'پھ' سے پہلے کون سا حرف آتا ہے؟	'بھ' پر کتنے نقطے آتے ہیں؟

- اگر وقت ہو تو 'بھ، پھ، تھ' کی کہانی سُنایئے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز / بھ، پھ، تھ / ہو۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 93 میں 'بھ، پھ، تھ' کی دوسری دوسری لائنوں کا کام کروایئے۔

جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 74 پر "لسانی مشق" میں دیے گئے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 74 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'بھ، پھ، تھ' کی بناوٹ اور لکھائی

- بچوں کو بتائیں کے 'بھ، پھ، تھ' کی چھوٹی شکل نہیں ہوتی۔ ان سے شروع ہونے والے الفاظ کو پڑھوایئے۔
- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے ان کی شروع کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

بھاری	بھانجا	پھوپھی	پھولا	تھکا	تھام

- اچھی طرح سمجھانے کے بعد بچوں کو 'بھ، پھ، تھ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے لفظوں میں موجود 'بھ، پھ، تھ' کی شکل پوچھیے۔ بچے لفظ پڑھ تو نہیں سکتے لیکن لفظ میں 'بھ، پھ، تھ' کی شکل پہچان سکتے ہیں۔ اس لیے لفظ پڑھانے سے قطعی گریز کیجیے اور بچوں کو ہدایت دیجیے کہ لفظ میں اس جگہ انگلی رکھ کر نشان دہی کریں جہاں انھیں 'بھ، پھ، تھ' کی مکمل شکل نظر آئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'بھ، پھ، تھ' کی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے ایک دوسرے کی ہتھیلی پر یا ڈیسک پر 'بھ، پھ، تھ' لکھیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھایئے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف لکھنے کی مشق کروایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 93 پر 'بھ، پھ، تھ' کی شکل لکھنے کا کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 74 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 74 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'ٹھ، جھ' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتایئے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔

Agahi Line Publishers, Printers & Booksellers

- یہ دن بچوں میں 'ٹھ، جھ' متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں سے کہیے کہ آج ہم کچھ نئے حروف پڑھنے والے ہیں۔ ان کو دو چشمی حروف اور بھاری آواز والے حروف بھی کہا جاتا ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 75 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'ٹھ، جھ' کی کہانی سُنائیے۔
- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

عظمیٰ اپنے گھر میں لگی کیا چیز لے رہی تھی؟	عظمیٰ کے لیے آج کا دن خوشی کا کیوں تھا؟	دونوں بہن بھائی نے صحن میں کیا لگایا؟
گھر کی چھت پر کیا لگایا؟	علی جھولا کیسے جھول رہا تھا؟	علی گرا تو اس کو کہاں چوٹ آئی؟
علی کو چوٹ لگنے کے بعد امی نے کیا کیا؟		امی نے فروٹ کہاں سے خریدے؟

- کہانی میں آنے والے 'ٹھ، جھ' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے
- 'ٹھے' کی آواز یعنی / ٹھ / اور 'جھے' کی آواز یعنی / جھ / متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (ٹھے) اور (جھے) بھی بتائیے۔

مثلاً: جھولا / جھ / جھولا، ٹھوڑی / ٹھ / ٹھوڑی، ٹھیلا / ٹھ / ٹھیلا، جھنڈا / جھ / جھنڈا

- کہانی میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ٹھ، جھ' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر "ٹھ، جھ' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر "ٹھ، جھ' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 93 میں 'ٹھ، جھ' کی پہلی پہلی لائنوں کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر 'ٹھ، جھ' لکھیے اور بچوں سے ان کے نام پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 75 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

پانچواں دن: حرف 'ٹھ، جھ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف، بناوٹ اور لکھائی

- بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے کل کون سا حرف پڑھا تھا؟ نام بتائیے۔
- اس کے بعد بورڈ پر 'ٹھ، جھ' لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'ٹھ' سے پہلے کون سا حرف آتا ہے؟ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- طلبہ سے لفظ ٹھوڑی کے شروع کے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ انھیں بتائیے کہ آج وہ اسی طرح کچھ اور تصویروں کے شروع کے حرف کی پہچان کریں گے۔
- اس کے بعد بچوں کو 'ٹھوڑی، ٹھیلا، جھنڈا، جُھولا' کے تصویری فلیش کارڈز دیکھائیے اور ان کے نام پوچھیے اور شروع کے آواز والا حرف بھی بتائیے۔ درست نام دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 75 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'ٹھ، جھ' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (ٹھ، جھ) اور پھر اس کی آواز (/ ٹھے، جھے /) پڑھوائیے۔
- بچوں کو اپنے قاعدے پر تصویر غور سے دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'ٹھ' کہاں ہے؟	'ٹھ' کی کیا آواز ہے؟	'جھ' سے کون سا حرف بنتا ہے؟	ٹھیلا کہاں ہے؟
صفحے پر انگلی رکھ کر بتائیے کہ 'جھ' کہاں ہے؟	ٹھوڑی کہاں ہے؟	'جھ' سے پہلے کون سا حرف آتا ہے؟	'ٹھ' کے اوپر کیا لگتا ہے؟

- بچوں کو بتائیں کے 'ٹھ، جھ' کی چھوٹی شکل نہیں ہوتی۔ ان سے شروع ہونے والے الفاظ کو پڑھوائیے۔
- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے ان کی شروع کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

بھاری | بھانجا | پھوپھی | پھولا | تھکا | تھام

- اچھی طرح سمجھانے کے بعد بچوں کو 'ٹھ، جھ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے لفظوں میں موجود 'ٹھ، جھ' کی شکل پوچھیے۔ بچے لفظ پڑھ تو نہیں سکتے لیکن لفظ میں 'ٹھ، جھ' کی شکل پہچان سکتے ہیں۔ اس لیے لفظ پڑھانے سے قطعی گریز کیجیے اور بچوں کو ہدایت دیجیے کہ لفظ میں اس جگہ انگلی رکھ کر نشان دہی کریں جہاں انھیں 'ٹھ، جھ' کی مکمل شکل نظر آئے۔


(آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'ٹھ، جھ' کی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے ایک دوسرے کی ہتھیلی پر یا ڈیسک پر 'ٹھ، جھ' لکھیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھائیے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف لکھنے کی مشق کروائیے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 93 پر 'ٹھ، جھ' کی شکل لکھنے کا کام کروائیے۔

جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 74 پر "لسانی مشق" میں دیے گئے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 75 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)
'بھ، پھ، تھ، ٹھ اور جھ' کا حرفی فلیش کارڈز (پہلے اور چوتھے دن کے لیے) (ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)



(پرنٹنگ کا مواد)

'بھ، پھ، تھ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (دوسرے دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروائیے۔)

بھولو	بھاگا
بھائی	پھسلا
پھرتی	پھر
تھکاوٹ	تھام

(پرنٹنگ کا مواد)

'ٹھ، جھ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (پانچویں دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)

ٹھکانا	ٹھنڈی
ٹھیک	ٹھوکر
جھاگ	جھاڑو
جھگڑا	جھٹ

تیسری ٹرم (تیسرا ہفتہ) 'چھ'، 'دھ'، 'ڈھ'، 'کھ' اور 'گھ' کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5 پیریڈ: 40 منٹ	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ■ کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ ■ نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔ ■ 'چھ'، 'دھ'، 'ڈھ'، 'کھ' اور 'گھ' کا نام، آواز اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتا سکیں گے۔ ■ /چھ/، /دھ/، /ڈھ/، /کھ/ اور /گھ/ سے شروع ہونے والی تصویروں کی شناخت کر سکیں گے۔ ■ 'چھ'، 'دھ'، 'ڈھ'، 'کھ' اور 'گھ' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔ ■ 'چھ'، 'دھ'، 'ڈھ'، 'کھ' اور 'گھ' کی مکمل اور چھوٹی لکھ سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 74)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 93)، 'چھ، دھ، ڈھ' کی کہانی
- دوسرے دن کے لیے: نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 74)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 93)، 'چھ، دھ، ڈھ' عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 58)، 'چھ، دھ، ڈھ' کا حرفی فلیش کارڈ
- تیسرے دن کے لیے: 'چھ، دھ، ڈھ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، ریت کی ٹرے، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 93)
- چوتھے دن کے لیے: نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 75)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 93)، 'کھ، گھ' کی کہانی
- پانچویں دن کے لیے: نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 75)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 93)، 'کھ، گھ' کا حرفی فلیش کارڈ، 'کھ، گھ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، ریت کی ٹرے

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

حرف 'کھ، گھ' کی کہانی: (چوتھے دن سُنانے کے لیے)

(چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنایئے۔ کہانی سُناتے ہوئے "کھ، گھ" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! ارمان اپنے گھر کی کھڑکی پر کھڑا لوگوں کو سڑک پر آتے جاتے دیکھ رہا تھا۔ اتنے میں اچانک اس نے ایک بہت ہی خوبصورت سفید رنگ کا گھوڑا دیکھا۔ ارمان کو یہ گھوڑا بہت ہی خوبصورت لگا۔ اتنے میں ارمان کی امی نے اس کو آواز دی۔ ارمان گھڑی میں ٹائم دیکھو تمھارے اکیڈمی جانے کا وقت ہو گیا ہے۔ جلدی سے ادھر آؤ۔ اور مجھے سلاد کے لیے کھیرا لا کر دو۔ ارمان اپنی امی کی آواز سن کر فوراً کھیرا لینے چلا گیا۔ ارمان کی امی نے کھیرے سے سلاد بنائی اور ارمان کو گرم گرم کھانا دیا۔ ارمان نے کھانا کھایا۔ جوس پیا اور اکیڈمی چلا گیا۔ راستے میں ارمان کو وہی سفید گھوڑا نظر آیا۔ ارمان اس گھوڑے کے پاس گیا اور اس کو پیار کیا۔ گھر آ کر اس نے اپنی امی کو بتایا کہ امی مجھے بھی گھوڑا لے کر دیں۔ مجھے ایک سفید گھوڑا پسند آ گیا۔ اس کی امی نے کہا۔ بیٹا ارمان جب تم بڑے ہو جاؤ گے تو تمھیں گھوڑا لے دیں گیں۔ (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجایئے۔)

پہلا دن: حرف 'چھ، دھ، ڈھ' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیے اور بچوں کو چھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰہِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'چھ، دھ، ڈھ' متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں سے کہیے کہ آج ہم کچھ نئے حروف پڑھنے والے ہیں۔ ان کو دو چشمی حروف اور چھاری آواز والے حروف چھی کہا جاتا ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بڈھایئے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 76،75 اپر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'چھ، دھ، ڈھ' کی کہانی سُنایئے۔

حرف 'چھ، دھ، ڈھ' کی کہانی: (چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنایئے۔ کہانی سُناتے ہوئے "چھ، دھ، ڈھ" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! عثمان کے دادا ابو چھڑی کے سہارے چلتے ہیں۔ کیونکہ وہ بہت بوڑھے ہو چکے ہیں۔ ایک دن عثمان کے دادا صحن میں بیٹھے ہوئے تھے۔ انھوں نے عثمان سے کہا کہ بیٹا مجھے پانی لا کر دو۔ عثمان نے دادا ابو کو پانی کی بوتل لا کر دے دی۔ دادا جان نے پانی کی بوتل کا ڈھکن کھولا اور پانی پیا۔ عثمان نے پوچھا، دادا جان آپ یہاں کس کا انتظار کر رہے ہیں۔ دادا جان نے کہا بیٹا میں دھوبی کا انتظار کر رہا ہوں۔ اتنے میں دھوبی نے گھر کی گھنٹی بجائی۔ دادا جان نے سارے گندے کپڑے دھوبی کو دھونے کے لیے دے دیے۔ اور دھوبی کا احتیاط سے کپڑے دھونے کے لیے کہا۔ دادا جان نے دھوبی کو کہا کہ کپڑوں کو احتیاط سے دھونا یہ نہ ہو کہ تم ان کپڑوں کے دھاگے نکال دو۔ دھوبی کپڑے لے کر چلا گیا۔ آسمان پر کالے بادل آ گئے۔ ہر طرف ٹھنڈی ہوئیں چل رہی تھی۔ عثمان اور اس کے دادا جان باغ کی سیر کے لیے نقل پڑے۔ عثمان نے احتیاط کے طور پر چھتری بھی لے لی کہ اگر بارش ہو گئی تو چھتری استعمال کر لے گئے۔ راستے میں ڈھول والا ڈھول بجا رہا تھا۔ عثمان نے پوچھا، دادا جان یہ ڈھول کیوں بجا رہا ہے۔ دادا جان نے کہا کہ بیٹا جب کسی کے گھر میں کوئی تفریح ہو تو وہ ان ڈھول والوں کو بلوا لیتے ہیں اور اس سے ڈھول بجوا کر لطف اندوز ہوتے ہیں۔ بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجایئے۔)

- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

عثمان کے دادا ابو کس کے سہارے چلتے تھے ؟	عثمان کے دادا ابو کہاں بیٹھے تھے ؟	عثمان کے دادا ابو کس کا انتظار کر رہے تھے ؟
عثمان نے اپنے دادا جان کو کیا چیز لا کر دی؟	دادا جان نے دھوبی کو کپڑوں کی صفائی کے بارے میں کیا سمجھایا؟	آسمان پر تھوڑی دیر بعد کیا چھا گئے تھے ؟
عثمان نے احتیاط کے طور پر اپنے ساتھ کیا چیز لے لی تھی؟		لوگ ڈھول والے کیوں بلواتے ہیں؟

- کہانی میں آنے والے 'چھ، دھ، ڈھ' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے
- 'چھے' کی آواز یعنی / چھ /، 'دھے' کی آواز یعنی / دھ / اور 'ڈھے' کی آواز یعنی / ڈھ / متعارف کروایئے۔ حرف کا نام (چھے)، (دھے) اور (ڈھے) چھی بتایئے۔
  مثلاً: چھڑی / چھ / چھڑی، دھاگا / دھ / دھاگا، ڈھول / ڈھ / ڈھول، چھتری / چھ / چھتری، دھول / دھ / دھول
- کہانی میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'چھ، دھ، ڈھ' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروایئے۔
- بچوں کو کتاب پر "چھ، دھ، ڈھ" کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر "چھ، دھ، تھ" پر پانچ سے سات بار انگلی پھرایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 94 میں 'چھ، دھ، ڈھ' کی پہلی پہلی لائنوں کا کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر 'چھ، دھ، ڈھ' لکھیے اور بچوں سے ان کے نام پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 76،75 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: **حرف 'چھ، دھ، ڈھ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف**

- بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے کل کون سا حرف پڑھا تھا؟ نام بتایئے۔
- اس کے بعد بورڈ پر 'چھ، دھ، ڈھ' لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'دھ' سے پہلے کون سا حرف آتا ہے؟ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- طلبہ سے لفظ دھوبی کے شروع کے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ انھیں بتایئے کہ آج وہ اسی طرح کچھ اور تصویروں کے شروع کے حرف کی پہچان کریں گے۔
- اس کے بعد بچوں کو 'چھڑی، چھتری، دھوبی، دھاگا، ڈھول، ڈھکن' کے تصویری فلیش کارڈز دیکھایئے اور ان کے نام پوچھیے اور شروع کے آواز والا حرف بھی بتایئے۔ درست نام دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 75،76 کھلوایئے اور انھیں انگلی رکھ کر 'چھ، دھ، ڈھ' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (چھ، دھ، ڈھ) اور پھر اس کی آواز (/ چھے، دھے، ڈھے /) پڑھوایئے۔
- بچوں کو اپنے قاعدے پر تصویر غور سے دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ دھر یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتایئے کہ 'چھ' کہاں ہے؟	'دھ' کی کیا آواز ہے؟	'ڈھ' سے کون سا حرف بنتا ہے؟	دھاگا کہاں ہے ؟
چھتری کہاں پر ہے؟	ڈھکن ہم کہاں دیکھتے ہیں؟	'ڈھ' سے پہلے کون سا حرف آتا ہے؟	'چھ' پر کتنے نقطے آتے ہیں؟

- اگر وقت ہو تو 'چھ، دھ، ڈھ' کی کہانی سنایئے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز / چھ، دھ، ڈھ / ہو۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 75،76 میں 'چھ، دھ، ڈھ' کی دوسری دوسری لائنوں کا کام کروایئے۔

جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 75 پر "لسانی مشق" میں دیے گئے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 75،76 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'چھ، دھ، ڈھ' کی بناوٹ اور لکھائی

- بچوں کو بتائیں کے 'چھ، دھ، ڈھ' کی چھوٹی شکل نہیں ہوتی۔ ان سے شروع ہونے والے الفاظ کو پڑھوایئے۔
- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے ان کی شروع کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

چھوڑ	دھول	ڈھیر	چھلکا	دھاڑ	ڈھیلا

- اچھی طرح سمجھانے کے بعد بچوں کو 'چھ، دھ، ڈھ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے لفظوں میں موجود 'چھ، دھ، ڈھ' کی شکل پوچھیے۔ بچے لفظ پڑھ تو نہیں سکتے لیکن لفظ میں 'چھ، دھ، ڈھ' کی شکل پہچان سکتے ہیں۔ اس لیے لفظ پڑھانے سے قطعی گریز کیجیے اور بچوں کو ہدایت دیجیے کہ لفظ میں اس جگہ انگلی رکھ کر نشان دہی کریں جہاں انھیں 'چھ، دھ، ڈھ' کی مکمل شکل نظر آئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'چھ، دھ، ڈھ' کی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے ایک دوسرے کی ہتھیلی پر یا ڈیسک پر 'چھ، دھ، ڈھ' لکھیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھایئے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف لکھنے کی مشق کروایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 94 پر 'چھ، دھ، ڈھ' کی شکل لکھنے کا کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 76 پر "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان سے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 75،76 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'کھ، گھ' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتایئے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو چھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'کھ، گھ' متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں سے کہیے کہ آج ہم کچھ نئے حروف پڑھنے والے ہیں۔ ان کو دو چشمی حروف اور چھاری آواز والے حروف چھی کہا جاتا ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بڈھایئے اور قاعدے کے صفحہ نمبر 76 پر موجود تصاویر دِکھاتے ہوئے تاثرات کے ساتھ 'کھ، گھ' کی کہانی سُنایئے۔

حرف 'کھ، گھ، ' کی کہانی: (چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنایئے۔ کہانی سُناتے ہوئے "کھ، گھ" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

ارمان اپنے گھر کی کھڑکی کے پاس کھڑا کیا کر رہا تھا؟	ارمان نے سڑک پر کیا چیز دیکھی؟	گھوڑے کس رنگ کا تھا؟
ارمان کو کس نے آواز دی۔	ارمان کے کہاں جانے کا وقت ہو گیا تھا؟	ارمان نے بازار کیا چیز لانے کو کہا؟
ارمان نے گھر آ کر امی کو کیا چیز خرید کر دینے کو کہا؟		ارمان کی امی نے ارمان کو کیا جواب دیا؟

- کہانی میں آنے والے 'کھ، گھ' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے
- 'کھے' کی آواز یعنی / کھ / اور 'گھے' کی آواز یعنی / گھ / متعارف کروایئے۔ حرف کا نام (کھے) اور (گھے) چھی بتایئے۔

مثلاً: کھیرا / کھ / کھیرا، کھڑکی / کھ / کھڑکی، گھوڑا / گھ / گھوڑا، گھڑی / گھ / گھڑی

- کہانی میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'کھ، گھ' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروایئے۔
- بچوں کو کتاب پر "کھ، گھ" کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر "کھ، گھ" پر پانچ سے سات بار انگلی دھرایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 94 میں 'کھ، گھ' کی پہلی پہلی لائنوں کا کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر 'کھ، گھ' لکھیے اور بچوں سے ان کے نام پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 76 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

پانچواں دن: حرف 'کھ، گھ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف، بناوٹ اور لکھائی

- بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے کل کون سا حرف پڑھا تھا؟ نام بتایئے۔
- اس کے بعد بورڈ پر 'کھ، گھ' لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'گھ' سے پہلے کون سا حرف آتا ہے؟ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- طلبہ سے لفظ کھڑکی کے شروع کے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ انھیں بتایئے کہ آج وہ اسی طرح کچھ اور تصویروں کے شروع کے حرف کی پہچان کریں گے۔
- اس کے بعد بچوں کو 'کھیرا، گھوڑا، گھڑی' کے تصویری فلیش کارڈز دیکھایئے اور ان کے نام پوچھیے اور شروع کے آواز والا حرف چھی بتایئے۔ درست نام دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 76 کھلوایئے اور انھیں انگلی رکھ کر 'کھ، گھ' پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- پڑھواتے ہوئے پہلے نام (کھ، گھ) اور پھر اس کی آواز (/ کھے، گھے /) پڑھوایئے۔
- بچوں کو اپنے قاعدے پر تصویر غور سے دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر یہ سوالات پوچھیے اور انھیں اپنی کتاب پر متعلقہ جگہ اشارہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتایئے کہ 'کھ' کہاں ہے؟	'کھ' کی کیا آواز ہے؟	'گھ' سے کون سا حرف بنتا ہے؟	کھڑکی کہاں ہے؟

- بچوں کو بتائیں کے 'کھ، گھ' کی چھوٹی شکل نہیں ہوتی۔ ان سے شروع ہونے والے الفاظ کو پڑھوایئے۔

صفحے پر انگلی رکھ کر بتایئے کہ 'گھ' کہاں ہے ؟	گھوڑا کہاں ہے ؟	'کھ' سے پہلے کون سا حرف آتا ہے ؟	کھیرا کہاں ہے ؟

- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے ان کی شروع کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

گھنٹہ	گھاس	گھر	کھوٹا	کھیت	کھویا

- اچھی طرح سمجھانے کے بعد بچوں کو 'کھ، گھ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے لفظوں میں موجود 'کھ، گھ' کی شکل پوچھیے۔ بچے لفظ پڑھ تو نہیں سکتے لیکن لفظ میں 'کھ، گھ' کی شکل پہچان سکتے ہیں۔ اس لیے لفظ پڑھانے سے قطعی گریز کیجیے اور بچوں کو ہدایت دیجیے کہ لفظ میں اس جگہ انگلی رکھ کر نشان دہی کریں جہاں انھیں 'کھ، گھ' کی مکمل شکل نظر آئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)


- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'کھ، گھ' کی شکل پر انگلی دھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے ایک دوسرے کی ہتھیلی پر یا ڈیسک پر 'کھ، گھ' لکھیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھایئے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف لکھنے کی مشق کروایئے۔
- عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 94 پر 'کھ، گھ' کی شکل لکھنے کا کام کروایئے اور صفحہ نمبر 95 پر موجود سرگرمی کا کام بھی کروایئے۔

جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 76 پر "لسانی مشق" میں دیے گئے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 76 پر موجود حرف اور چیزوں کو غور سے دیکھنے اور ان کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)
'چھ، دھ، ڈھ، کھ اور گھ' کا حرفی فلیش کارڈز (پہلے اور چوتھے دن کے لیے) (ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)



ture..
lers

(پرنٹنگ کا مواد)

'چھ، دھ، ڈھ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (دوسرے دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروائیے۔)

چھاپ	چھان
چھلانگ	چھپا
دھنک	دھات
ڈھونڈ	ڈھال

(پرنٹنگ کا مواد)

'کھ، گھ' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (پانچویں دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروائیے۔)

کھال	کھاؤ
کھٹی	کھٹ
گھنٹی	گھاؤ
گھاٹی	گھاس

تیسری ٹرم (پانچواں ہفتہ)

حروف کا "ا" سے ملنا اور "اعادہ" کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5 پیریڈ: 40 منٹ	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ■ "ا" حرف پر مشتمل کہانی سن کر ردِ عمل کا اظہار کر سکیں گے۔ ■ کہانی سمجھ کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ ■ حرف "ا" سے ارکان سازی کر سکیں گے۔ ■ حروف ملا کر رکن بنا سکیں گے۔ ■ حروف الگ الگ کر سکیں گے۔ ■ رکن ملا کر الفاظ سازی سکیں گے۔ ■ بھ تا گھ تک حروف کی شناخت کر سکیں۔

درکار معاونات:

- پہلا دن کے لیے: عملی — بھاری آواز والے حروف ('بھ' تا 'جھ') درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 74 تا 75)، قاعدہ (صفحہ نمبر 93)
- دوسرا دن کے لیے: عملی — بھاری آواز والے حروف ('چھ' تا 'گھ') درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 75 تا 76)، قاعدہ (صفحہ نمبر 94،95)
- تیسرا دن کے لیے: نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 77)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 97)، حرف 'ا' کی کہانی حروف تہجی کا چاٹ، حروف تہجی کی آدھی اشکال، حرف (الف) کی پرچی،
- چوتھا دن کے لیے: حرف (الف)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 77)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 98،99) حروف تہجی کی آدھی اشکال، بھاری حروف اور حرف (الف) کی پرچیاں
- پانچواں دن کے لیے: حرف (الف)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 77)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 99، 100)، تصویری فلیش کارڈ، ارکان کی پرچیاں / کارڈ (با، جا، لا، تا، را، نا، ت، دا، ن)

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- مشاہدہ کرنا
- یاد میں لانا
- منتخب کرنا
- پہچاننا
- پیشن گوئی کرنا

حرف 'ا' کی کہانی: (تیسرے دن سُنانے کے لیے)

(چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنایئے۔ کہانی سناتے ہوئے "ا" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! احمد اپنے گھر والوں کے ساتھ عید کی صفائی کر رہا تھا۔ اس کے گھر پر مکڑی نے جالے بنائے تھے۔ عید کی صفائی کے بعد وہ اپنے بابا کے ساتھ دکان سے نان لینے کے لیے چلا گیا۔ جب وہ گھر واپس آیا تو اس نے دروازے پر تالا لگایا۔ سب نے مل کر کھانا کھایا۔ اس کے بعد احمد نہانے کے لیے باتھ روم گیا۔ اس نے اچھے

طریقے سے ناک کان اور باقی جسم کے حصوں کو صاف کیا۔ پھر وہ اپنے کمرے میں رات کو سونے کے لیے آ گیا۔ اس نے کھڑکی سے آسمان کو دیکھا۔ سارا آسمان تاروں سے بھرا ہوا تھا۔ (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجایئے۔)

پہلا دن: بھاری آواز والے حروف (بھ تا جھ) کا اعادہ

- یہ دن اب تک پڑھائے گئے بھاری آواز والے حروف کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے لیے 'بھ' سے 'جھ' تک تمام بھاری آواز والے حروف سے بننے والی تصاویر کے نام ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- متعلقہ حرف بورڈ پر بھاری آواز والے حروف 'بھ' سے 'جھ' تک لکھوایئے۔ ہر حرف پڑھنے کے بعد اس حرف کے ذخیرہ الفاظ کی نشان دہی کروایئے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 74 تا صفحہ نمبر 75 تک حروف پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے حروف سے بننے والی چیزوں کے نام با آواز بلند ادا کریں۔
- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمی دی جا رہی ہے۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے تمام بھاری آواز والے حروف کا اعادہ کر سکیں گے۔
- دیئے گئے بھاری آواز والے حروف کی شناخت کر کے ان کو متعلقہ الفاظ سے ملایئے اور بھاری آواز والے حروف پر اپنی مرضی کے رنگ بھی بھریے۔
- عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 93 کھلوایئے اور بھاری آواز والے ہر حرف کی پہلی لائن پر پنسل پھیرنے کا کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں کو دیئے جانے والے سوالات پوچھیے۔

- بچوں سے سوالات پوچھیے۔

"بھ" کے بعد کونسا حرف آتا ہے؟	"تھ" میں کتنے نقطے ہوتے ہیں؟	"جھ" سے پہلے کیا آتا ہے؟
"پھ" پر کتنے نقطے ہوتے ہیں؟	"جھ" کا نقطہ کہاں لگایا جاتا ہے؟	"ٹھ" کے اوپر کیا لگتا ہے؟

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 93 پر بھاری آواز والے ہر حرف کی دوسری لائن کا کام کر کے لانے کی ہدایت دیجیے۔

دوسرا دن: بھاری آواز والے حروف (چھ تا گھ) کا اعادہ

- یہ دن اب تک پڑھائے گئے بھاری آواز والے حروف کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے لیے 'چھ' سے 'گھ' تک تمام بھاری آواز والے حروف سے بننے والی تصاویر کے نام ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- متعلقہ حرف بورڈ پر بھاری آواز والے حروف 'چھ' سے 'گھ' تک لکھوایئے۔ ہر حرف پڑھنے کے بعد اس حرف کے ذخیرہ الفاظ کی نشان دہی کروایئے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 75 تا صفحہ نمبر 76 تک حروف پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے حروف سے بننے والی چیزوں کے نام با آواز بلند ادا کریں۔
- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمی دی جا رہی ہے۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے تمام بھاری آواز والے حروف کا اعادہ کر سکیں گے۔
- دیئے گئے بھاری آواز والے حروف کی شناخت کر کے ان کو متعلقہ تصاویر سے ملایئے اور بھاری آواز والے حروف پر اپنی مرضی کے رنگ بھی بھریے۔
- عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 94 کھلوایئے اور بھاری آواز والے ہر حرف کی پہلی لائن پر پنسل پھیرنے اور صفحہ نمبر 95 پر دی گئی سرگرمی کا کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں کو دیئے جانے والے سوالات پوچھیے۔

- بچوں سے سوالات پوچھیے۔

"چھ" کے بعد کونسا حرف آتا ہے؟	"دھ" میں کتنے نقطے ہوتے ہیں؟	"کھ" سے پہلے کیا آتا ہے؟
"چھ" پر کتنے نقطے ہوتے ہیں؟	"گھ" اور "کھ" میں کیا فرق ہے؟	"ڈھ" کے اوپر کیا لگتا ہے؟

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 93 پر بھاری آواز والے ہر حرف کی دوسری لائن کا کام کر کے لانے کی ہدایت دیجیے۔

تیسرا دن: حروف کا 'ا' سے ملنا کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'حروف کا "ا" سے ملنا' کو متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں سے حرف 'ا' سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔

بچوں کو بتائیں کہ 'ا' کی چھوٹی شکل نہیں ہوتی۔ یہ حرف نٹ کھٹ حروف میں سے ہے۔ یہ حرف پہلے والے حرف سے تو مل جاتا ہے لیکن بعد والے حرف سے نہیں جڑتا ہے جیسے: باجا، جان، کے حروف الگ الگ کر کے لفظ بورڈ بنائیں۔ طلبہ کو یہ تصور اچھے سے سمجھائیں۔

- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور حرف 'ا' کی کہانی سُنائیے۔
- کہانی سناتے ہوئے درج ذیل نکات کو پیش نظر رکھیے:

پہلی بار میں طلبہ کو کہانی سنائیے اور انھیں خاموشی سے کہانی سننے کی ہدایت دیجیے۔

- دوسری مرتبہ کہانی سناتے ہوئے حرف "ا" کے استعمال پر مشتمل الفاظ بچوں کو ساتھ ساتھ دہرانے کے لیے کہیے۔
- تیسری بار کہانی سناتے ہوئے بچوں کی دل چسپی برقرار رکھنے اور متن کی تفہیم کا جائزہ لینے کے لیے ان سے کچھ مختصر سوالات بھی ساتھ ساتھ پوچھیے:

احمد اپنے گھر والوں کے ساتھ کیا کر رہا تھا؟	احمد کے گھر کس نے جالے بنائے تھے؟	احمد کس کے ساتھ بازار گیا؟
احمد بازار سے کیا چیز لینے گیا تھا؟	احمد نے نہاتے ہوئے کیا اپنے جسم کے کون سے حصے صاف کیے؟	احمد کو آسمان پر کیا چیز نظر آئی؟

- اب طلبہ کا حرف "ا" اور الفاظ پر مشتمل چارٹ دکھائیے۔ انھیں "ا" کا نام اور آواز بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ جب 'ا' کسی لفظ کے شروع میں آتا ہے تو اس کی آواز / ا / ہوتی ہے، جیسے "امرود" کی شروع کی آواز۔ جب "ا" کسی لفظ کے درمیان یا آخر میں آتا ہے تو اس کی اواز / آ / ہو جاتی ہے یعنی تھوڑی لمبی کر کے ادا کی جاتی ہے۔ جیسے تالا، باجا وغیرہ۔ یہ حرف باقی حروف سے ملتے ہوئے اپنی پوری شکل میں ہی رہتا ہے۔
- کہانی میں آنے والے 'ا' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'ا' کی آواز یعنی / ا / متعارف کروائیے۔

مثلاً: ناک، احمد، کان، نان، تارا، بابا، رات

- سب سے پہلے بچوں کو حروف تہجی اور بھاری حروف پڑھوائیے۔
- بچوں کو حرف 'ا' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتائیے۔

نوٹ: (آپ کی معاونت کے لیے حروف تہجی، ان کی آدھی اشکال اور بھاری آواز والے حروف کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- کہانی میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ا' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- پھر عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 97 کھلوائیے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی ارکان سازی کی پہلی چار لائن پر پنسل پھیرنے کی مشق کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے پڑھے گئے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے 'ا' بورڈ پر لکھوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 97 پر دی گئی ارکان سازی کیا گلی تین لائن پر پنسل پھیرنے کی مشق کا کام دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'ا' سے ارکان سازی

- سب سے پہلے بچوں سے حرف "ا" سے شروع ہونے والی کچھ چیزوں کے نام اور آواز پوچھیے۔
- طلبہ کو بتائیے کہ بھاری آوازوں والے حروف کی چھوٹی شکلیں نہیں ہوتیں۔
- طلبہ کو ایک بار نٹ کھٹ حروف کا تصور پھر سے سمجھائیے۔
- اس کے بعد بچوں کو تمام حروف کی چھوٹی اشکال اور بھاری آواز والے حروف کا چاٹ دیکھائیے۔

نوٹ:(آپ کی معاونت کے لیے حروف تہجی کی آدھی اشکال اور بھاری آواز والے حروف کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- اس کے بعد بورڈ پر حرف "س" کی چھوٹی شکل لکھیں اور پھر اس حرف کو "ا" کے ساتھ ملائیں۔ طلبہ سے یہ رکن بلند آواز میں تین مرتبہ پڑھائیے۔
- مختلف طلبہ کو ایک ایک کر کے بلائیے اور بورڈ پر ایک ایک کر کے حرف [جھ، چھ، ش، ص، پ، ب، م، ل، ن، کی چھوٹی اشکال] کے ساتھ حرف "ا" کو ملا کر لکھیے اور طلبہ سے ارکان کی بلند خوانی کروائیے۔
- سرگرمی مکمل ہو جانے کے بعد تمام طلبہ سے بلند آویزاں سے ارکان پڑھوائیں۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 77 کھلوائیے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دے گئے حرف "ا" کے ارکان کی پڑھائی کروائیے اور اس کے بعد عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 98 کھلوائیے اور اس پر دی گئی ارکان سازی کی پہلی چار لائن پر پنسل پھیرنے کی مشق کا کام اور عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 99 کی پہلی سرگرمی کا کام بھی کروائیے۔

جانچ: چند طلبہ سے حرف 'ط، ر، ت، ک، د،' کے ساتھ حرف "ا" کی پرچی جوڑیں اور طلبہ سے یہ رکن بلند آواز میں دو مرتبہ پڑھوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 98 پر دی گئی ارکان سازی کی اگلی چار لائن پر پنسل پھیرنے کی مشق کا کام دیجیے۔

پانچواں دن: حرف 'ا' سے الفاظ سازی

- جماعت میں بابا، تالا، جالا، تارا، رات، کان، نان اور ناک وغیرہ کے تصویری فلیش کارڈ لے جائیے۔ طلبہ کو فلیش کارڈ دکھاتے ہوئے ان کے نام پوچھیے۔ ان کی دلچسپی بڑھانے کے لیے تصویروں سے متعلق سوالات پوچھیں۔ جیسے تالا کہاں لگایا جاتا ہے؟ ہمیں تارے کب اور کہاں نظر آتے ہیں؟ ہم جسم کے کس عضو سے سنتے ہیں؟ ہم چیزوں کی خوشبو کیسے سونگھ سکتے ہیں؟ وغیرہ۔
- تصویروں کے نام پھر سے بچوں سے پوچھیے اور بورڈ پر لکھیے انھیں آوازیں واضح طور پر ادا کروائیے اور الفاظ تین بار پڑھائیے۔
- پھر رکن "با" کا کارڈ طلبہ کو دکھا کر بورڈ پر چسپاں کریں، اس کے بعد رکن "جا" کا کارڈ طلبہ کو دکھا کر اس کو بھی بورڈ پر چسپاں کیجیے۔
- اس کے بعد طلبہ کو دونوں رکن "با" اور "جا" کو ملا کر الفاظ "باجا" پڑھوائیے۔ اس الفاظ کو تین بار بلند آواز سے پڑھوائیے۔
- طلبہ کے چار گروپ بنائیے۔ ہر گروپ میں ارکان کے کارڈ تقسیم کیجیے۔

نوٹ:(آپ کی معاونت کے لیے الفاظ سازی کے لیے رکن کے فلیش کارڈز کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- طلبہ کو ہدایت دیجیے کہ دو دو ارکان کو آپس میں ملائیں اور لفظ بنا کر پڑھیں۔ بورڈ پر ایک اور مثال سمجھائیے: جیسے، بھاگا۔ "بھے الف بھا" ہر گز نہ پڑھائیے، بلکہ آوازیں ملا کر لفظ پڑھنے کی مشق کروائیے۔ پھر طلبہ کو گروپوں کی صورت میں ارکان سے الفاظ بنانے کی ہدایت دیجیے۔ اگر وہ بے معنی الفاظ بھی بنائیں تو انھیں بنانے دیجیے۔ باری باری ہر گروپ کے پاس جائیے اور ان کے بنائے گئے الفاظ سنیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 77 کھلوائیے۔ طلبہ کو اس صفحے پر دی گئی تصاویر اور اس کے رکن کو ملا کر الفاظ پڑھنے کی مشق کروائیے اور اس کے بعد عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 99 اور 100 کی دوسری سرگرمی کا کام بھی کروائیے۔

جانچ: طلبہ سے صفحہ نمبر طلبہ سے صفحہ نمبر 77 پر لسانی مشق کے تحت دیے گئے سوالات کے جوابات پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 100 پر دی گئی پہلی سرگرمی کے نام یاد کرنے اور اس پر پنسل پھیرنے کی مشق کا کام دیجیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)

حروف تہجی کا چاٹ (پہلے دن کے لیے)

(دیئے گئے بھاری آواز والے حروف کی شناخت کر کے ان کو متعلقہ الفاظ سے ملایئے اور رنگ بھی بھریے۔)




(پرنٹنگ کا مواد)


حروف تہجی کا چاٹ (دوسرے دن کے لیے)

(دیئے گئے بھاری آواز والے حروف کی شناخت کر کے ان کو متعلقہ تصاویر سے ملایئے اور اور رنگ بھی بھریے۔)












(پرنٹنگ کا مواد)

حروف تہجی کا چاٹ (تیسرے دن کے لیے)


(حروف تہجی کی پڑھائی اور دہرائی کروایئے)



(پرنٹنگ کا مواد)

بھاری آواز والے حروف اور حروف تہجی کی آدھی اشکال کا چاٹ (تیسرے اور چوتھے دن کے لیے)

(بھاری آواز والے حروف اور حروف تہجی کی آدھی اشکال کی پڑھائی اور دہرائی کروایئے)



(پرنٹنگ کا مواد)

حروف تہجی کا چاٹ (پانچویں دن کے لیے)

(الفاظ سازی کے لیے رکن کے فلیش کارڈز کی پڑھائی اور دہرائی کروایئے)

با	لا
جا	تا
را	کا
نا	ت
دا	ن

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

تیسری ٹرم (چھٹا ہفتہ) حروف کا "و" اور "ی" سے ملنا کی تدریسی منصوبہ بندی

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

مقاصد: اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- "و" اور "ی" حرف پر مشتمل کہانی سن کر ردِ عمل کا اظہار کر سکیں گے۔
- کہانی سمجھ کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔
- حرف "و" اور "ی" سے ارکان سازی کر سکیں گے۔
- حروف ملا کر رکن بنا سکیں گے۔
- حروف الگ الگ کر سکیں گے۔
- "و" اور "ی" سے رکن ملا کر الفاظ سازی سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 78)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 101)، حرف 'و' کی کہانی حروف تہجی کا چاٹ، حروف تہجی کی آدھی اشکال، حرف (واؤ) کی پرچی،
- دوسرے دن کے لیے: حرف (واؤ)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 78)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 103، 102)، حروف تہجی کی آدھی اشکال، بھاری حروف اور حرف (واؤ) کی پرچیاں
- تیسرے دن کے لیے: حرف (واؤ)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 78)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 103، 104)، تصویری فلیش کارڈ، ارکان کی پرچیاں / کارڈ (مو، طو، لو، سو، نو، بو، ڑو، طا، ہا، نا، ٹا، ک، جھ، چ، ٹ)
- چوتھا دن کے لیے: نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 79)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 105)، حرف 'ی' کی کہانی، حروف تہجی کا چاٹ، حروف تہجی کی آدھی اشکال، حرف (چھوٹی ی) کی پرچی
- پانچواں دن کے لیے: حرف (چھوٹی ی)، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر 79)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 106، 107)، حروف تہجی کی آدھی اشکال، بھاری حروف اور حرف (چھوٹی ی) کی پرچیاں

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- مشاہدہ کرنا
- یاد میں لانا
- منتخب کرنا
- پہچاننا
- پیشن گوئی کرنا

حرف 'و' کی کہانی: (پہلے دن سُنانے کے لیے)

(چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنایئے۔ کہانی سناتے ہوئے "و" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! عثمان نے ایک طوطا رکھا ہوا تھا۔ اس طوطے کا رنگ سبز اور اس کی چونچ عثمان کی پنسل کی نوک کی طرح تیز تھی۔ اس کا رنگ سرخ تھا۔ عثمان بہت موٹا تھا۔ اس کے پاس بہت سونا تھا۔ اس نے سوچا کیوں نہ سونا بیچ کر نوٹ کمائے جائے۔ اس نے سونا ایک صندوق میں رکھا ہوا تھا۔ یہ صندوق بہت وزنی تھا۔ عثمان نے اس صندوق سے سونا نکالا اور دوکان دار کے پاس لے گیا اور اس کو بیچ دیا۔ اس کو دکاندار نے نوٹ دیے۔ اس نے اس کے لوہے کے ڈمبل خریدے اور ورزش کرنا شروع کر دی۔ کچھ دن بعد اس کا موٹا جسم کم ہو گیا۔ اور عثمان ایک چست لڑکا بن گیا۔ (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجایئے۔)

پہلا دن: حروف کا 'و' سے ملنا کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰہِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'حروف کا "و" سے ملنا' کو متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں سے حرف 'و' سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔

بچوں کو بتائیں کہ 'و' کی چھوٹی شکل نہیں ہوتی۔ جب 'و' کسی لفظ کے شروع میں آتا ہے تو اس کی آواز / و / ہوتی ہے، جیسے "ویگن" کی شروع کی آواز۔ جب 'و' کسی لفظ کے درمیان یا آخر میں آتا ہے تو اس کی آواز / و / ہو جاتی ہے، جیسے، "طوطا"۔ اب بورڈ پر لفظ "طوطا" لکھیں اور طلبہ سے یہ لفظ دو بار پڑھوائیں۔ انھیں بتائیں کہ "و" کی چھوٹی شکل نہیں ہوتی۔۔ طلبہ کو یہ تصور اچھے سے سمجھائیں۔

- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور حرف 'و' کی کہانی سنائیے۔
- کہانی سناتے ہوئے درج ذیل نکات کو پیش نظر رکھیے:

پہلی بار میں طلبہ کو کہانی سنائیے اور انھیں خاموشی سے کہانی سننے کی ہدایت دیجیے۔

- دوسری مرتبہ کہانی سناتے ہوئے حرف "و" کے استعمال پر مشتمل الفاظ بچوں کو ساتھ ساتھ دہرانے کے لیے کہیے۔
- تیسری بار کہانی سناتے ہوئے بچوں کی دل چسپی برقرار رکھنے اور متن کی تفہیم کا جائزہ لینے کے لیے ان سے کچھ مختصر سوالات بھی ساتھ ساتھ پوچھیے:

عثمان نے کیا چیز پال رکھی تھی؟	عثمان کا طوطا کیسا تھا؟	عثمان کیسا دیکھتا تھا؟
عثمان کے پاس کیا چیز تھی اور اس نے کیا سوچا؟	عثمان نے سونا کہاں رکھا ہوا تھا؟	عثمان کیا چیز خرید کر لایا؟

- اب طلبہ کا حرف "و" اور الفاظ پر مشتمل چارٹ دکھائیے۔ انھیں "و" کا نام اور آواز بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ جب 'و' کسی لفظ کے شروع میں آتا ہے تو اس کی آواز / و / ہوتی ہے، جیسے "وردی" کی شروع کی آواز۔ جب "و" کسی لفظ کے درمیان یا آخر میں آتا ہے تو اس کی اواز / و / ہو جاتی ہے جیسے لوہا، طوطا، وغیرہ۔

یہ حرف

باقی حروف سے ملتے ہوئے اپنی پوری شکل میں ہی رہتا ہے۔

- کہانی میں آنے والے 'و' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'و' کی آواز یعنی / و / متعارف کروائیے۔

مثلاً: طوطا، موٹا، سونا، نوٹ، لوہا، پنسل، صندوق

- بچوں کو حرف 'و' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتائیے۔

نوٹ: (آپ کی معاونت کے لیے حروف تہجی، ان کی آدھی اشکال اور بھاری آواز والے حروف کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- کہانی میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'و' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- پھر عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 101 کھلوائیے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی ارکان سازی کی پہلی چار لائن پر پنسل پھیرنے کی مشق کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے پڑھے گئے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے 'و' بورڈ پر لکھوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 101 پر دی گئی ارکان سازی کیا گلی تین لائن پر پنسل پھیرنے کی مشق کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حرف 'و' سے ارکان سازی

- سب سے پہلے بچوں سے حرف "و" سے شروع ہونے والی کچھ چیزوں کے نام اور آواز پوچھیے۔
- طلبہ کو بتائیے کہ بھاری آوازوں والے حروف کی چھوٹی شکلیں نہیں ہوتیں۔
- طلبہ کو ایک بار نٹ کھٹ حروف کا تصور پھر سے سمجھائیے۔
- اس کے بعد بچوں کو تمام حروف کی چھوٹی اشکال اور بھاری آواز والے حروف کا چاٹ دیکھائیے۔

نوٹ:(آپ کی معاونت کے لیے حروف تہجی کی آدھی اشکال اور بھاری آواز والے حروف کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- اس کے بعد بورڈ پر حرف "ب" کی چھوٹی شکل لکھیں اور پھر اس حرف کو "و" کے ساتھ ملائیں۔ طلبہ سے یہ رکن بلند آواز میں تین مرتبہ پڑھائیے۔
- مختلف طلبہ کو ایک ایک کر کے بلائیے اور بورڈ پر ایک ایک کر کے حرف [ت، ش، پ، د، بھ، چھ، ل، م، کی چھوٹی اشکال] کے ساتھ حرف "و" کو ملا کر لکھیے اور طلبہ سے ارکان کی بلند خوانی کروائیے۔
- سرگرمی مکمل ہو جانے کے بعد تمام طلبہ سے بلند آویزاں سے ارکان پڑھوائیں۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 78 کھلوائیے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دے گئے حرف "و" کے ارکان کی پڑھائی کروائیے اور اس کے بعد عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 102 کھلوائیے اور اس پر دی گئی ارکان سازی کی پہلی چار لائن پر پنسل پھیرنے کی مشق کا کام اور عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 103 کی پہلی سرگرمی کا کام بھی کروائیے۔

جانچ: چند طلبہ سے حرف 'کھ، ٹ، س، ج، ص، ط، ع،' کے ساتھ حرف "و" کی پرچی جوڑیں اور طلبہ سے یہ رکن بلند آواز میں دو مرتبہ پڑھوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 102 پر دی گئی ارکان سازی کی اگلی چار لائن پر پنسل پھیرنے کی مشق کا کام دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'و' سے الفاظ سازی

- جماعت میں طوطا، لوہا، سونا، موٹا، بوجھ، نوٹ وغیرہ کے تصویری فلیش کارڈ لے جائیے۔ طلبہ کو فلیش کارڈ دکھاتے ہوئے ان کے نام پوچھیے۔ ان کی دلچسپی بڑھانے کے لیے تصویروں سے متعلق سوالات پوچھیں۔ جیسے کون سا پرندہ ٹین ٹین کرتا ہے؟ ہم کس سے لکھتے ہیں؟ ہم دوکان سے چیزیں کیسے خریدتے ہیں؟ مزدور کیا چیز اُٹھاتا ہے؟ وغیرہ۔
- تصویروں کے نام پھر سے بچوں سے پوچھیے اور بورڈ پر لکھیے انھیں آوازیں واضح طور پر ادا کروائیے اور الفاظ تین بار پڑھائیے۔
- پھر رکن "مو" کا کارڈ طلبہ کو دکھا کر بورڈ پر چسپاں کریں، اس کے بعد رکن "ڑو" کا کارڈ طلبہ کو دکھا کر اس کو بھی بورڈ پر چسپاں کیجیے۔
- اس کے بعد طلبہ کو دونوں رکن "مو" اور "ڑو" کو ملا کر الفاظ "موڑو" پڑھوائیے۔ اس الفاظ کو تین بار بلند آواز سے پڑھوائیے۔
- طلبہ کے چار گروپ بنائیے۔ ہر گروپ میں ارکان کے کارڈ تقسیم کیجیے۔

نوٹ:(آپ کی معاونت کے لیے الفاظ سازی کے لیے رکن کے فلیش کارڈز کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- طلبہ کو ہدایت دیجیے کہ دو دو ارکان کو آپس میں ملائیں اور لفظ بنا کر پڑھیں۔ پھر طلبہ کو گروپوں کی صورت میں ارکان سے الفاظ بنانے کی ہدایت دیجیے۔ اگر وہ بے معنی الفاظ بھی بنائیں تو انھیں بنانے دیجیے۔ باری باری ہر گروپ کے پاس جائیے اور ان کے بنائے گئے الفاظ سنیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 78 کھلوائیے۔ طلبہ کو اس صفحے پر دی گئی تصاویر اور اس کے رکن کو ملا کر الفاظ پڑھنے کی مشق کروائیے اور اس کے بعد عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 103 اور 104 کی دوسری سرگرمی کا کام بھی کروائیے۔

جانچ: طلبہ سے صفحہ نمبر طلبہ سے صفحہ نمبر 78 پر لسانی مشق کے تحت دیے گئے سوالات کے جوابات پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 104 پر دی گئی پہلی سرگرمی کے نام یاد کرنے اور اس پر پنسل پھیرنے کی مشق کا کام دیجیے۔

چوتھا دن: حروف کا 'ی' سے ملنا کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔

- بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسۡمِ اللّٰہِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'حروف کا "ی" سے ملنا' کو متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں سے حرف 'ی' سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔
- طلبہ کو ہاکی اور ٹافی دکھائیں اور ان کے نام پوچھیں۔ اور بورڈ میں "ہاکی" اور "ٹافی" لکھ کر "ی" کی نشاندہی کیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور حرف 'ی' کی کہانی سنائیے۔
- کہانی سناتے ہوئے درج ذیل نکات کو پیش نظر رکھیے:

پہلی بار میں طلبہ کو کہانی سنائیے اور انھیں خاموشی سے کہانی سننے کی ہدایت دیجیے۔

- دوسری مرتبہ کہانی سناتے ہوئے حرف "ی" کے استعمال پر مشتمل الفاظ بچوں کو ساتھ ساتھ دہرانے کے لیے کہیے۔

حرف 'ی' کی کہانی: (چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سنائیے۔ کہانی سناتے ہوئے "ی" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! دادی جان نے علی کو دکان سے آٹے کی بوری لانے کے لیے بھیجا۔ علی نے دادی سے گاڑی کی چابی لی اور بازار سے آٹے کی بوری لینے کے لیے چلا گیا۔ اس کی دادی نے اس کو اپنی جوتی بھی دی کہ وہ اسے موچی سے سِلوا کر لائے۔ علی بازار گیا۔ سب سے پہلے اس نے آٹے کی بوری گاڑی میں رکھی اور اس نے ایک ٹافیوں کا پیکٹ بھی خریدا۔ اس کے بعد علی موچی کے پاس گیا اور دادی کی جوتی سِلوائی۔ اس کے بعد علی گھر واپس آ گیا۔ اس کی دادی نے آٹے میں پانی ڈال کر آٹا گوندا اور روٹیاں بنا کر دیں اور پھر علی نے کھانا کھایا۔ (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے۔)

- تیسری بار کہانی سناتے ہوئے بچوں کی دل چسپی برقرار رکھنے اور متن کی تفہیم کا جائزہ لینے کے لیے ان سے کچھ مختصر سوالات بھی ساتھ ساتھ پوچھیے:

دادی نے علی کو کیا چیز لینے کے لئے بھیجا؟	علی کس میں آٹا لینے کے لیے گیا؟	دادا نے علی کو کیا چیز سلوانے کے لیے دی؟
علی نے دادی کی جوتی کس سے سلوائی؟	سب سے پہلے علی نے کیا چیز لی؟	علی جب آٹا لایا تو دادی نے کیا کیا؟

- اب طلبہ کا حرف "ی" اور الفاظ پر مشتمل چارٹ دکھائیے۔ بچوں کو بتائیں کہ جب 'ی' کسی لفظ کے شروع میں آتا ہے تو اس کی آواز / ی / ہوتی ہے، جیسے "یخنی" کی شروع کی آواز۔ جب 'ی' کسی لفظ کے درمیان یا آخر میں آتا ہے تو اس کی آواز / ای / ہو جاتی ہے، جیسے، "ہاکی"۔ اب بورڈ پر لفظ "ہاکی" اور "ٹافی" لکھیں اور طلبہ سے یہ الفاظ دو بار پڑھوائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ "ہاکی" اور "ٹافی" لفظ کے آخر میں "ی" پوری شکل میں آئی ہے مگر درمیان میں آتے ہوئے یہ اپنی چھوٹی شکل بنا لیتی ہے۔ جیسے لفظ "تین" کے درمیان میں "ی" نے اپنی چھوٹی شکل اختیار کر لی ہے۔
- کہانی میں آنے والے 'ی' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'ی' کی آواز یعنی / ی / متعارف کروائیے۔

مثلاً: بوری، پانی دادی ٹافی چابی موچی روٹی

- بچوں کو حرف 'ی' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتائیے۔

نوٹ: (آپ کی معاونت کے لیے حروف تہجی، ان کی آدھی اشکال اور بھاری آواز والے حروف کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- کہانی میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ی' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- پھر عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 105 کھلوائیے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی ارکان سازی کی پہلی چار لائن پر پنسل پھیرنے کی مشق کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے پڑھے گئے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے 'ی' بورڈ پر لکھوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 105 پر دی گئی ارکان سازی کیا گلی تین لائن پر پنسل پھیرنے کی مشق کا کام دیجیے۔

We Publish Future.. Publishers, Printers & Booksellers

پانچواں دن: حرف 'ی' سے ارکان سازی

- سب سے پہلے بچوں سے حرف "ی" سے شروع ہونے والی کچھ چیزوں کے نام اور آواز پوچھیے۔
- طلبہ کو بتائیے کہ بھاری آوازوں والے حروف کی چھوٹی شکلیں نہیں ہوتیں۔
- اس کے بعد بچوں کو تمام حروف کی چھوٹی اشکال اور بھاری آواز والے حروف کا چاٹ دیکھائیے۔

نوٹ: (آپ کی معاونت کے لیے حروف تہجی کی آدھی اشکال اور بھاری آواز والے حروف کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- اس کے بعد بورڈ پر حرف "پ" کی چھوٹی شکل لکھیں اور پھر اس حرف کو "ی" کے ساتھ ملائیں۔ طلبہ سے یہ رکن بلند آواز میں تین مرتبہ پڑھائیے۔
- مختلف طلبہ کو ایک ایک کر کے بلائیے اور بورڈ پر ایک ایک کر کے حرف [ب، ج، س، د، بھ، تھ، چ، ل، ف، م، ع، ش، کھ کی چھوٹی اشکال] کے ساتھ حرف "ی" کو ملا کر لکھیے اور طلبہ سے ارکان کی بلند خوانی کروائیے۔
- سرگرمی مکمل ہو جانے کے بعد تمام طلبہ سے بلند آویزاں سے ارکان پڑھوائیں۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 79 کھلوائیے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دے گئے حرف "ی" کے ارکان کی پڑھائی کروائیے اور اس کے بعد عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 106 کھلوائیے اور اس پر دی گئی ارکان سازی کی پہلی چار لائن پر پنسل پھیرنے کی مشق کا کام اور عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 107 کی پہلی سرگرمی کا کام بھی کروائیے۔

جانچ: چند طلبہ سے حرف 'ف، ج، ح، ش، ٹ (چھوٹی اشکال)، تھ، پھ،' کے ساتھ حرف "ی" کی پرچی جوڑیں اور طلبہ سے یہ رکن بلند آواز میں دو مرتبہ پڑھوائیے۔


گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 106 پر دی گئی ارکان سازی کی اگلی چار لائن پر پنسل پھیرنے کی مشق کا کام دیجیے۔

We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)

حروف تہجی کا چاٹ (پہلے اور چوتھے دن کے لیے)


(حروف تہجی کی پڑھائی اور دہرائی کروایئے)



(پرنٹنگ کا مواد)

بھاری آواز والے حروف اور حروف تہجی کی آدھی اشکال کا چاٹ (پہلے، دوسرے اور پانچویں دن کے لیے)

(بھاری آواز والے حروف اور حروف تہجی کی آدھی اشکال کی پڑھائی اور دہرائی کروایئے)



(پرنٹنگ کا مواد)

حروف تہجی کا چاٹ (تیسرے دن کے لیے)

(الفاظ سازی کے لیے رکن کے فلیش کارڈز کی پڑھائی اور دہرائی کروایئے)

مو			ڑو
طو			سو
نو		بو	نا
لو	چ	ہا	ٹا
ک	ٹ	جھ	طا

Aquiline
We Publish Future...
Publishers, Printers & Booksellers

حروف کا "ے" سے ملنا

کُل دن:5 پیریڈ: 40منٹ	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ■ "ے" حرف پر مشتمل کہانی سن کر ردِ عمل کا اظہار کر سکیں گے۔ ■ کہانی سمجھ کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ ■ حرف "ی" اور "ے" سے ارکان سازی کر سکیں گے۔ ■ حروف ملا کر رکن بنا سکیں گے۔ ■ حروف الگ الگ کر سکیں گے۔ ■ "ی" اور "ے" سے رکن ملا کر الفاظ سازی سکیں گے۔

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: حرف (چھوٹی ی) ، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر79)، عملی قاعدہ(صفحہ نمبر107، 108)، تصویری فلیش کارڈ، ارکان کی پرچیاں / کارڈ (بو، پا، گا، دا، ٹا، چا، رو، مو، ری، نی، ڑی، ری، دی، فی، بی، ٹی، چی)
- دوسرے دن کے لیے: نرسری قاعدہ(صفحہ نمبر80)، عملی قاعدہ(صفحہ نمبر109)، حرف 'ے' کی کہانی، حروف تہجی کا چاٹ، حروف تہجی کی آدھی اشکال، حرف (بڑی یے) کی پرچی
- تیسرے دن کے لیے: حرف (بڑی یے)، نرسری قاعدہ(صفحہ نمبر80)، عملی قاعدہ(صفحہ نمبر110، 111)، حروف تہجی کی آدھی اشکال، بھاری حروف اور حرف (بڑی یے) کی پرچیاں
- چوتھے دن کے لیے: حرف (بڑی یے) ، نرسری قاعدہ (صفحہ نمبر80)، عملی قاعدہ(صفحہ نمبر111، 112)، تصویری فلیش کارڈ، ارکان کی پرچیاں / کارڈ (طو، با، تا، جا، بھا، دا، دھا، تا، گھو، طے، جے، لے، گے، نے، رے، ڑے)
- پانچواں دن کے لیے: حروف کا('ا'تا'ے') سے ملنا، درسی قاعدہ(صفحہ نمبر77 تا80)، عملی قاعدہ(صفحہ نمبر97 تا112)

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- مشاہدہ کرنا
- یاد میں لانا
- منتخب کرنا
- پہچاننا
- پیشن گوئی کرنا

حرف 'ے' کی کہانی: (دوسرے دن سُنانے کے لیے)

(چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنایئے۔ کہانی سُناتے ہوئے "ے" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

"پیارے بچو! ہارون رات کو صحن میں سویا اور آسمان کی طرف دیکھ رہا تھا۔ آسمان تارے سے بھرا پڑا تھا۔ صبح ہارون کی امی نے دھاگے سے کپڑے سیے اس کے بعد امی نے سٹور کے تالے کھولے اور مکڑی کے تمام جالے صاف کیے۔ ہارون اور اس کے دوست بھاگے بھاگے میدان میں ہارون کے گھوڑے کے پاس گئے۔ وہاں

میدان میں گندم پکی ہوئی تھی۔ہارون کے دوستوں نے باجے بجائے اور ہارون کے گھوڑے ناچے اور دوڑنے لگے۔سب دوستوں اور ہارون نے گھوڑوں ناچنے اور دوڑنے

سے لطف اندوز ہوئے۔واپسی پر ہارون میدان سے گندم کے کچھ دانے گھر لے آیا اور ان کو سٹور میں رکھ دیے۔ (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجائیے۔)

پہلا دن: حرف 'ی' سے الفاظ سازی

- جماعت میں گاڑی، بوری، داد، چابی، روٹی، موچی وغیرہ کے تصویری فلیش کارڈ لے جائیے۔طلبہ کو فلیش کارڈ دکھاتے ہوئے ان کے نام پوچھیے۔ان کی دلچسپی بڑھانے کے لیے تصویروں سے متعلق سوالات پوچھیں۔جیسے ہم روٹی کب کھاتے ہیں؟ ہم کس پر سفر کرتے ہیں؟ ہمارے جوتے کون مرمت کرتا ہے؟ ہم تالا کس چیز کی مدد سے کھولتے ہیں؟ وغیرہ۔
- تصویروں کے نام پھر سے بچوں سے پوچھیے اور بورڈ پر لکھیے انھیں آوازیں واضح طور پر ادا کروائیے اور الفاظ تین بار پڑھائیے۔
- پھر رکن "بو" کا کارڈ طلبہ کو دکھا کر بورڈ پر چسپاں کریں، اس کے بعد رکن "ری" کا کارڈ طلبہ کو دکھا کر اس کو بھی بورڈ پر چسپاں کیجیے۔
- اس کے بعد طلبہ کو دونوں رکن "بو" اور "ری" کو ملا کر الفاظ "بوری" پڑھوائیے۔اس الفاظ کو تین بار بلند آواز سے پڑھوائیے۔
- طلبہ کے چار گروپ بنائیے۔ہر گروپ میں ارکان کے کارڈ تقسیم کیجیے۔

نوٹ:(آپ کی معاونت کے لیے الفاظ سازی کے لیے رکن کے فلیش کارڈز کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- طلبہ کو ہدایت دیجیے کہ دو دو ارکان کو آپس میں ملائیں اور لفظ بنا کر پڑھیں۔پھر طلبہ کو گروپوں کی صورت میں ارکان سے الفاظ بنانے کی ہدایت دیجیے۔اگر وہ بے معنی الفاظ بھی بنائیں تو انھیں بنانے دیجیے۔باری باری ہر گروپ کے پاس جائیے اور ان کے بنائے گئے الفاظ سنیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 79 کھلوائیے۔طلبہ کو اس صفحے پر دی گئی تصاویر اور اس کے رکن کو ملا کر الفاظ پڑھنے کی مشق کروائیے اور اس کے بعد عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 107 اور 108 کی دوسری سرگرمی کا کام بھی کروائیے۔

جانچ: طلبہ سے صفحہ نمبر طلبہ سے صفحہ نمبر 79 پر لسانی مشق کے تحت دیے گئے سوالات کے جوابات پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 108 پر دی گئی پہلی سرگرمی کے نام یاد کرنے اور اس پر پنسل پھیرنے کی مشق کا کام دیجیے۔

دوسرا دن: حروف کا 'ے' سے ملنا کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'حروف کا "ے" سے ملنا' کو متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں سے حرف 'ے' سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔
- طلبہ کو باجے اور دھاگے دکھائیں اور ان کے نام پوچھیں۔اور بورڈ میں "باجے" اور "دھاگے" لکھ کر "ے" کی نشاندہی کیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور حرف 'ے' کی کہانی سنائیے۔
- کہانی سناتے ہوئے درج ذیل نکات کو پیش نظر رکھیے:

پہلی بار میں طلبہ کو کہانی سنائیے اور انھیں خاموشی سے کہانی سننے کی ہدایت دیجیے۔

- دوسری مرتبہ کہانی سناتے ہوئے حرف "ے" کے استعمال پر مشتمل الفاظ بچوں کو ساتھ ساتھ دہرانے کے لیے کہیے۔
- تیسری بار کہانی سناتے ہوئے بچوں کی دل چسپی برقرار رکھنے اور متن کی تفہیم کا جائزہ لینے کے لیے ان سے کچھ مختصر سوالات بھی ساتھ ساتھ پوچھیے:

ہارون آسمان پر کیا دیکھ رہا تھا؟	ہارون کی امی نے کیا سیے ؟	ہارون کی امی نے کپڑے سینے کے بعد کیا کیا؟
ہارون اور اس کے دوست کیوں بھاگے ؟	ہارون اور اس کے دوست کیسے لطف اندوز ہوئے ؟	ہاورن گھر واپسی پر کیا چیز لایا؟

- اب طلبہ کا حرف "ے" اور الفاظ پر مشتمل چارٹ دکھایئے۔ بچوں کو بتائیں کہ 'ے' کسی بھی لفظ کے شروع میں نہیں آتا، یہ ہمیشہ الفاظ کے درمیان یا آخر میں آتا ہے۔ تو اس کی آواز / اے / ہوتی ہے، جیسے "چھوٹے" کی آواز۔ اب بورڈ پر لفظ "جالے" اور "بھاگے" لکھیں اور طلبہ سے یہ الفاظ دوبار پڑھوائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ "تارے" اور "جالے" لفظ کے آخر میں "ے" پوری شکل میں آیا ہے مگر درمیان میں آتے ہوئے یہ اپنی چھوٹی شکل بنالیتا ہے۔ جیسے لفظ "ریل" کے درمیان میں "ے" نے اپنی چھوٹی شکل اختیار کر لی ہے۔
- کہانی میں آنے والے 'ے' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'ے' کی آواز یعنی / ے / متعارف کروایئے۔

مثلاً: تارے، باجے جالے، تالے، بھاگے، دھاگے، گھوڑے

- بچوں کو حرف 'ے' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتایئے۔

نوٹ: (آپ کی معاونت کے لیے حروف تہجی، ان کی آدھی اشکال اور بھاری آواز والے حروف کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- کہانی میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ے' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروایئے۔
- پھر عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 109 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی ارکان سازی کی پہلی چار لائن پر پنسل پھیرنے کی مشق کا کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے پڑھے گئے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ کچھ بچوں سے 'ے' بورڈ پر لکھوایئے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 109 پر دی گئی ارکان سازی کیا گلی تین لائن پر پنسل پھیرنے کی مشق کا کام دیجیے۔

تیسرا دن: حرف 'ے' سے ارکان سازی

- سب سے پہلے بچوں سے حرف "ے" سے شروع ہونے والی کچھ چیزوں کے نام اور آواز پوچھیے۔
- طلبہ کو بتایئے کہ بھاری آوازوں والے حروف کی چھوٹی شکلیں نہیں ہوتیں۔
- اس کے بعد بچوں کو تمام حروف کی چھوٹی اشکال اور بھاری آواز والے حروف کا چاٹ دیکھایئے۔

نوٹ: (آپ کی معاونت کے لیے حروف تہجی کی آدھی اشکال اور بھاری آواز والے حروف کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- اس کے بعد بورڈ پر حرف "ل" کی چھوٹی شکل لکھیں اور پھر اس حرف کو "ے" کے ساتھ ملائیں۔ طلبہ سے یہ رکن بلند آواز میں تین مرتبہ پڑھایئے۔
- مختلف طلبہ کو ایک ایک کر کے بلایئے اور بورڈ پر ایک ایک کر کے حرف [ت، ٹ، س، ر، د، ص، ط، ک، بھ، لھ کی چھوٹی اشکال] کے ساتھ حرف "ے" کو ملا کر لکھیے اور طلبہ سے ارکان کی بلند خوانی کروایئے۔
- سرگرمی مکمل ہو جانے کے بعد تمام طلبہ سے بلند آویزاں سے ارکان پڑھوائیں۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 80 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دے گئے حرف "ے" کے ارکان کی پڑھائی کروایئے اور اس کے بعد عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 110 کھلوایئے اور اس پر دی گئی ارکان سازی کی پہلی چار لائن پر پنسل پھیرنے کی مشق کا کام اور عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 111 کی پہلی سرگرمی کا کام بھی کروایئے۔

جانچ: چند طلبہ سے حرف 'ہ، غ، ص، ف، ق (چھوٹی اشکال)، ٹھ، ڈھ، ' کے ساتھ حرف "ے" کی پرچی جوڑیں اور طلبہ سے یہ رکن بلند آواز میں دو مرتبہ پڑھوایئے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 110 پر دی گئی ارکان سازی کی اگلی چار لائن پر پنسل پھیرنے کی مشق کا کام دیجیے۔

چوتھا دن: حرف 'ے' سے الفاظ سازی

- جماعت میں باجے، تالے، دھاگے، تارے، گھوڑے وغیرہ کے تصویری فلیش کارڈ لے جائیے۔ طلبہ کو فلیش کارڈ دکھاتے ہوئے ان کے نام پوچھیے۔ ان کی دلچسپی بڑھانے کے لیے تصویروں سے متعلق سوالات پوچھیں۔ جیسے رات کو ہم آسمان پر کیا دیکھتے ہیں؟ مکڑی کیا بناتی ہے؟ ہم دروازوں کو بند کرنے کے لیے اس پر کیا لگاتے ہیں؟ وغیرہ۔
- تصویروں کے نام پھر سے بچوں سے پوچھیے اور بورڈ پر لکھیے انھیں آوازیں واضح طور پر ادا کروائیے اور الفاظ تین بار پڑھائیے۔
- پھر رکن "طو" کا کارڈ طلبہ کو دکھا کر بورڈ پر چسپاں کریں، اس کے بعد رکن "طے" کا کارڈ طلبہ کو دکھا کر اس کو بھی بورڈ پر چسپاں کیجیے۔
- اس کے بعد طلبہ کو دونوں رکن "طو" اور "طے" کو ملا کر الفاظ "طوطے" پڑھوائیے۔ اس الفاظ کو تین بار بلند آواز سے پڑھوائیے۔
- طلبہ کے چار گروپ بنائیے۔ ہر گروپ میں ارکان کے کارڈ تقسیم کیجیے۔

نوٹ: (آپ کی معاونت کے لیے الفاظ سازی کے لیے رکن کے فلیش کارڈز کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- طلبہ کو ہدایت دیجیے کہ دو دو ارکان کو آپس میں ملائیں اور لفظ بنا کر پڑھیں۔ پھر طلبہ کو گروپوں کی صورت میں ارکان سے الفاظ بنانے کی ہدایت دیجیے۔ اگر وہ بے معنی الفاظ بھی بنائیں تو انھیں بنانے دیجیے۔ باری باری ہر گروپ کے پاس جائیے اور ان کے بنائے گئے الفاظ سنیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 80 کھلوائیے۔ طلبہ کو اس صفحے پر دی گئی تصاویر اور اس کے رکن کو ملا کر الفاظ پڑھنے کی مشق کروائیے اور اس کے بعد عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 11 1 اور 112 کی دوسری سرگرمی کا کام بھی کروائیے۔

جانچ: طلبہ سے صفحہ نمبر طلبہ سے صفحہ نمبر 80 پر لسانی مشق کے تحت دیے گئے سوالات کے جوابات پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 112 پر دی گئی پہلی سرگرمی کے نام یاد کرنے اور اس پر پنسل پھیرنے کی مشق کا کام دیجیے۔

پانچواں دن: حروف کا ("ا" تا "ے") سے ملنا کا اعادہ

- یہ دن اب تک پڑھائے گئے حروف کو ملانا کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے لیے 'ا'، 'و'، 'ی' اور 'ے' حروف سے بننے والی تصاویر کے نام ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- متعلقہ حروف 'ا'، 'و'، 'ی' اور 'ے' بورڈ پر لکھوائیے۔ ہر حرف پڑھنے کے بعد اس حرف کے ذخیرہ الفاظ کی نشان دہی کروائیے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 77 تا صفحہ نمبر 80 تک حروف پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے حروف سے بننے والی چیزوں کے نام با آواز بلند ادا کریں۔
- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمی دی جا رہی ہے۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے تمام بھاری آواز والے حروف کا اعادہ کر سکیں گے۔
- دیئے گئے رکن کو پڑھیے اور درست لفظ سے ملائیے۔
- عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 93 کھلوائیے اور بھاری آواز والے ہر حرف کی پہلی لائن پر پنسل پھیرنے کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں کو دیئے جانے والے سوالات پوچھیے۔

- بچوں سے سوالات پوچھیے۔

"بھ" کے بعد کونسا حرف آتا ہے؟	"تھ" میں کتنے نقطے ہوتے ہیں؟	"جھ" سے پہلے کیا آتا ہے؟
"پھ" پر کتنے نقطے ہوتے ہیں؟	"جھ" کا نقطہ کہاں لگایا جاتا ہے؟	"ٹھ" کے اوپر کیا لگتا ہے؟

گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 93 پر بھاری آواز والے ہر حرف کی دوسری لائن کا کام کر کے لانے کی ہدایت دیجیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)

حروف تہجی کا چاٹ (پہلے دن کے لیے)

(الفاظ سازی کے لیے رکن کے فلیش کارڈز کی پڑھائی اور دہرائی کروایئے)


بو		پا	
گا		دا	
ٹا	بی	چا	ٹی
رو	چی	مو	فی
ری	نی	ڑی	دی

Aquiline
We Publish Future...
Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)

حروف تہجی کا چاٹ (دوسرے اور تیسرے دن کے لیے)


(حروف تہجی کی پڑھائی اور دہرائی کروایئے)



(پرنٹنگ کا مواد)

بھاری آواز والے حروف اور حروف تہجی کی آدھی اشکال کا چاٹ (تیسرے دن کے لیے)

(بھاری آواز والے حروف اور حروف تہجی کی آدھی اشکال کی پڑھائی اور دہرائی کروایئے)



(پرنٹنگ کا مواد)

حروف تہجی کا چاٹ (چوتھے دن کے لیے)

(الفاظ سازی کے لیے رکن کے فلیش کارڈز کی پڑھائی اور دہرائی کروایئے)


طو	بھا	تا	جا
دا	دھا	با	گے
نے	جے	ڑے	
لے	گھو		
رے	طے		

Aquiline
We Publish Future...
Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)

حروف کا('ا'تا'ے') سے ملنا (پانچویں دن کے لیے)

(دیئے گئے رکن کو پڑھیے اور درست لفظ سے ملایئے اور لفظ کی دہرائی بھی کروایئے)



تیسری ٹرم (آٹھواں ہفتہ) "اتا حروف کا "ے" سے ملنا تک مکمل اعادہ"

کُل دن: 5	**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ: ■ کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔ ■ نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔ ■ 'ا'تا'ی ے' کا نام، آواز اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام اور ان کی شناخت بتا سکیں گے۔ ■ 'ا'تا'ی ے' کے حروف کی چھوٹی اشکال کی لکھائی اور پہچان کر سکیں گے۔ ■ بھاری آواز والے سے شروع ہونے والی چیزوں کی پہچان اور بھاری حروف کی آواز درست تلفظ سے ادا کر سکیں گے۔ ■ حرف "ا"، "و"، "ی" اور "ے" سے ارکان سازی اور الفاظ سازی کر سکیں گے۔ ■ حروف الگ الگ کر سکیں اور حروف کو ملا کر رکن بنا سکیں گے۔
پیریڈ: 40 منٹ	

درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ا'تا'ژ' کی نظمیں) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 2 تا 37)، عملی قاعدہ صفحہ نمبر (53، 49، 47، 40، 37، 36، 33، 31، 16، 13، 10، 7، 28، 25، 22، 19)، ورک شیٹ
- دوسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('س'تا'ق' کی نظمیں) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 38 تا 57)، عملی قاعدہ صفحہ نمبر (60، 66، 74، 70، 67، 63)، ورک شیٹ
- تیسرے دن کے لیے: اسپیکر، سی ڈی ('ک'تا'ے' کی نظمیں) درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 58 تا 73)، عملی قاعدہ
- صفحہ نمبر (90، 88، 86، 84، 80، 78، 76)، ورک شیٹ
- چوتھے دن کے لیے: بھاری آواز والے حروف ('بھ'تا'گھ') درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 74 تا 76)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 93 تا 95)، ورک شیٹ

پانچویں دن کے لیے: حروف کا ('ا'تا'ے') سے ملنا، درسی قاعدہ (صفحہ نمبر 77 تا 80)، عملی قاعدہ (صفحہ نمبر 97 تا 112)، ورک شیٹ

مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

ذیلی مہارتیں:

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

پہلا دن: حرف (اتاژ) کا اعادہ

- یہ دن اب تک بڑھائے گئے حروف کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے لیے 'ا' سے 'ژ' تک تمام حروف کی نظمیں باری باری سنوائیے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- متعلقہ حرف بورڈ پر لکھوائیے۔ ہر نظم پڑھنے کے بعد اس میں سے حرف کے ذخیرہ الفاظ کی نشان دہی کروائیے۔
- 'ب'تا'خ' کی چھوٹی شکلیں بھی لکھوائیے۔ پھر بورڈ پر حروف 'ب'تا'خ' لکھیے اور ان کی آدھی اشکال کے سٹیکی نوٹز کو بچوں کو دیں اور درست حرف کے ساتھ لگانے کی سرگرمی کروائیے۔

Aquiline Publishers, Printers & Booksellers We Publish Future...

- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 2 تا صفحہ نمبر 37 تک حروف پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے حروف سے بننے والی چیزوں کے نام با آواز بلند ادا کریں۔
- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمیاں دی جارہی ہیں۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے تمام حروف کا اعادہ کر سکیں گے۔
- دیئے گئے حروف کے مطابق غباروں میں رنگ بھریے اور نیچے دیئے گئے حروف کے پہلے اور بعد میں آنے والے حرف لکھیے۔
- دی گئی تصاویر میں اپنی مرضی سے رنگ بھی بھریے۔
- دی گئی تصویر کے مطابق ان کے ہجوں کی دائرہ لگا کر نشاندہی کیجیے اور نیچے دیے گئے ناموں میں سے درست پر ☑ کا نشان لگائیے۔
- دیے گئے حروف تہجی کو ترتیب سے لکھیے۔
- عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 53،49،47،40،37،36،33، 31،28،25،22،19،16،13،10،7 کھلوائیے اور کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں کو (ب، پ، ت، ٹ، ث، ج، چ، ح، خ) کی پوری اور آدھی اشکال کی املا لکھوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو 'ا' سے 'ژ' تک حروف سے بننے والی چیزوں کے نام یاد کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

دوسرا دن: حرف (س تا ق) کا اعادہ

- یہ دن اب تک بڑھائے گئے حروف کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے لیے 'س' سے 'ق' تک تمام حروف کی نظمیں باری باری سنوائیے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- متعلقہ حرف بورڈ پر لکھوائیے۔ ہر نظم پڑھنے کے بعد اس میں سے حرف کے ذخیرہ الفاظ کی نشان دہی کروائیے۔
- 'س' تا 'ق' کی چھوٹی شکلیں بھی لکھوائیے۔ پھر بورڈ پر حروف 'س' تا 'ق' لکھیے اور ان کی آدھی اشکال کے سٹیکی نوٹز کو بچوں کو دیں اور درست حرف کے ساتھ لگانے کی سرگرمی کروائیے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 38 تا صفحہ نمبر 57 تک حروف پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے حروف سے بننے والی چیزوں کے نام با آواز بلند ادا کریں۔
- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمیاں دی جارہی ہیں۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے تمام حروف کا اعادہ کر سکیں گے۔
- دیئے گئے حروف کی آدھی اشکال کی پہچان کیجیے اور مکمل حرف ان کے نیچے لکھیے۔
- عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 63،67،70،74،66،60 کھلوائیے اور کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں کو (س، ش، ص، ض، ع، غ، ف، ق) کی پوری اور آدھی اشکال کی املا لکھوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو 'س' سے 'ق' تک حروف سے بننے والی چیزوں کے نام یاد کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

تیسرا دن: حرف (ک تا ے) کا اعادہ

- یہ دن اب تک بڑھائے گئے حروف کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے لیے 'ک' سے 'ے' تک تمام حروف کی نظمیں باری باری سنوائیے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- متعلقہ حرف بورڈ پر لکھوائیے۔ ہر نظم پڑھنے کے بعد اس میں سے حرف کے ذخیرہ الفاظ کی نشان دہی کروائیے۔
- 'س' تا 'ق' کی چھوٹی شکلیں بھی لکھوائیے۔ پھر بورڈ پر حروف 'ک' تا 'ے' لکھیے اور ان کی آدھی اشکال کے سٹیکی نوٹز کو بچوں کو دیں اور درست حرف کے ساتھ لگانے کی سرگرمی کروائیے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 58 تا صفحہ نمبر 73 تک حروف پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے حروف سے بننے والی چیزوں کے نام با آواز بلند ادا کریں۔
- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمیاں دی جارہی ہیں۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے تمام حروف کا اعادہ کر سکیں گے۔
- تمام "گ" میں سبز اور باقی تمام حروف میں سرخ رنگ بھریے۔

Aqsa Publishers, Printers & Booksellers

- دی گئی تصاویر میں رنگ بھریے اور اس کے شروع کا پہلا حرف کی مکمل اور آدھی اشکال بھی لکھیے ۔
- تمام "ل" کو ملا کر تصویر مکمل کریں، تصویر کے مطابق الفاظ کو درست حرف سے ملایئے اور رنگ بھریئے۔
- عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 90،88،86،84،80،78،76 کھلوایئے اور کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں کو (ک، گ، ل، م، ن، ی، ے) کی پوری اور آدھی اشکال کی املا لکھوایئے۔

- گھر کا کام: بچوں کو 'ک' سے 'ے' تک حروف سے بننے والی چیزوں کے نام یاد کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔

چوتھا دن: بھاری آواز والے حروف (بھ تا جھ) کا اعادہ

- یہ دن اب تک پڑھائے گئے بھاری آواز والے حروف کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے لیے 'بھ' سے 'گھ' تک تمام بھاری آواز والے حروف سے بننے والی تصاویر کے نام ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- متعلقہ حرف بورڈ پر بھاری آواز والے حروف 'بھ' سے 'گھ' تک لکھوایئے۔ ہر حرف پڑھنے کے بعد اس حرف کے ذخیرہ الفاظ کی نشان دہی کروایئے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 74 تا صفحہ نمبر 76 تک حروف پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے حروف سے بننے والی چیزوں کے نام با آواز بلند ادا کریں۔
- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمی دی جا رہی ہے۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے تمام بھاری آواز والے حروف کا اعادہ کر سکیں گے۔
- دیئے گئے بھاری آواز والے حروف کی شناخت کر کے ان کو متعلقہ الفاظ سے ملایئے اور بھاری آواز والے حروف پر اپنی مرضی کے رنگ بھی بھریے۔
- عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 94،93 کھلوایئے اور بھاری آواز والے ہر حرف کی پہلی لائن پر پنسل پھیرنے کا کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں کو دیئے جانے والے سوالات پوچھیے۔

- بچوں سے سوالات پوچھیے۔

"بھ" کے بعد کونسا حرف آتا ہے ؟	"تھ" میں کتنے نقطے ہوتے ہیں؟	"جھ" سے پہلے کیا آتا ہے؟
"پھ" پر کتنے نقطے ہوتے ہیں؟	"جھ" کا نقطہ کہاں لگایا جاتا ہے؟	"ٹھ" کے اوپر کیا لگتا ہے؟
"جھ" کے بعد کونسا حرف آتا ہے؟	"دھ" میں کتنے نقطے ہوتے ہیں؟	"کھ" سے پہلے کیا آتا ہے؟
"چھ" پر کتنے نقطے ہوتے ہیں؟	"گھ" اور "کھ" میں کیا فرق ہے؟	"ڈھ" کے اوپر کیا لگتا ہے؟

- گھر کا کام: بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 94،93 پر بھاری آواز والے ہر حرف کی دوسری لائن کا کام کر کے لانے کی ہدایت دیجیے۔

پانچواں دن: حروف کا ("ا" تا "ے") سے ملنا کا اعادہ

- یہ دن اب تک پڑھائے گئے حروف کو ملانا کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے لیے 'ا'، 'و'، 'ی' اور 'ے' حروف سے بننے والی تصاویر کے نام ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- متعلقہ حروف 'ا'، 'و'، 'ی' اور 'ے' بورڈ پر لکھوایئے۔ ہر حرف پڑھنے کے بعد اس حرف کے ذخیرہ الفاظ کی نشان دہی کروایئے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 77 تا صفحہ نمبر 80 تک حروف پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے حروف سے بننے والی چیزوں کے نام با آواز بلند ادا کریں۔
- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمی دی جا رہی ہے۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے تمام بھاری آواز والے حروف کا اعادہ کر سکیں گے۔
- دیئے گئے رکن کو پڑھیے اور درست لفظ سے ملایئے۔

- عملی قاعدے کا صفحہ نمبر 93 کھلوایئے اور بھاری آواز والے ہر حرف کی پہلی لائن پر پنسل پھیرنے کا کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں کو دیئے جانے والے سوالات پوچھیے۔

- بچوں سے سوالات پوچھیے۔

"بھ" کے بعد کونسا حرف آتا ہے ؟	"تھ" میں کتنے نقطے ہوتے ہیں؟	"جھ" سے پہلے کیا آتا ہے؟
"پھ" پر کتنے نقطے ہوتے ہیں؟	"جھ" کا نقطہ کہاں لگایا جاتا ہے؟	"ٹھ" کے اوپر کیا لگتا ہے؟


- **گھر کا کام:** بچوں کو عملی قاعدے کے صفحہ نمبر 93 پر بھاری آواز والے ہر حرف کی دوسری لائن کا کام کر کے لانے کی ہدایت دیجیے۔

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)

ورک شیٹ (پہلے دن کے لیے)


دیئے گئے حروف کے مطابق غباروں میں رنگ بھریے اور نیچے دیئے گئے حروف کے پہلے اور بعد میں آنے والے حرف




لکھیے۔

We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

دی گئی تصاویر میں اپنی مرضی کے رنگ بھریے۔






(پرنٹنگ کا مواد)

ورک شیٹ (پہلے دن کے لیے)

دی گئی تصویر کے مطابق ان کے ہجوں کی دائرہ لگا کر نشاندہی کیجیے اور نیچے دیے گئے ناموں میں سے درست پر ☑ کا نشان لگایئے۔



ج غ ع ث ا ل ظ
و
آ ہ ط
م
ق
ب ٹ
ی
گ خ
ا ذ
ف ت
ل
ص س ش ز
ز ک

☐ زرافہ ☐ جہاز ☐ حلوا

دیے گئے حروف تہجی کو ترتیب سے لکھیے۔

ز ژ ر ڑ چ ج خ ح ڈ

ذ د ث ت پ ٹ ب ا آ

We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

_____


_____


_____


(پرنٹنگ کا مواد)


ورک شیٹ (دوسرے دن کے لیے)

دیئے گئے حروف کی آدھی اشکال کی پہچان کیجیے اور مکمل حرف ان کے نیچے لکھیے۔










(پرنٹنگ کا مواد)

ورک شیٹ (تیسرے دن کے لیے)

تمام "گ" میں سبز اور باقی تمام حروف میں سرخ رنگ بھریے۔



دی گئی تصاویر میں رنگ بھریے اور اس کے شروع کا پہلا حرف کی مکمل اور آدھی اشکال بھی لکھیے ۔





olishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)

'اعادہ' حروف کو ملانا اور الفاظ کو درست حرف سے ملانا (تیسرے دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور ہر بچے کو حرف کو ملا کر تصویر مکمل کرنے اور تصویر کے مطابق الفاظ کو درست حرف سے ملانے اور رنگ کرنے کی ہدایت دیجیے)


تمام "ل" کو آپس میں ملاتے ہوئے تصویر کو مکمل کریں اور رنگ بھریے۔




تصاویر کے مطابق الفاظ کو درست حرف سے ملایئے اور رنگ بھریے۔


لومڑی


مچھلی


ناشپاتی


ورق

و

ن

م

ل

We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers


(پرنٹنگ کا مواد)

حروف تہجی کا چاٹ (چوتھے دن کے لیے)

(دیئے گئے بھاری آواز والے حروف کی شناخت کر کے ان کو متعلقہ الفاظ سے ملایئے اور رنگ بھی بھریے۔)





















حروف تہجی کا چاٹ (چوتھے دن کے لیے)

(دیئے گئے بھاری آواز والے حروف کی شناخت کر کے ان کو متعلقہ تصاویر سے ملایئے اور اور رنگ بھی بھریے۔)











(پرنٹنگ کا مواد)

حروف کا('ا'تا'ے') سے ملنا (پانچویں دن کے لیے)

(دیئے گئے رکن کو پڑھیے اور درست لفظ سے ملایئے اور لفظ کی دہرائی بھی کروایئے)

